اورینٹل کالج میگزین

حصہ اوّل

ایڈیٹر

محمد اقبال
پروفیسر پنجاب یونیورسٹی

اورینٹل کالج میگزین

عرضِ واجب

اغراض و مقاصد اس رسالے کے اجرا سے غرض یہ ہے۔ کہ احیاو ترویج علوم شرقیہ کی تحریک کو تا حدِ امکان تقویت دی جائے۔ اور خصوصیت کے ساتھ ان طلبہ میں شوق تحقیق پیدا کیا جائے۔ جو سنسکرت، عربی، فارسی اور دیسی زبانوں کے مطالعہ میں مصروف ہیں۔

کس قسم کے مضامین کا شایع کرنا مقصود ہے کوشش کی جائے گی۔ کہ اس سلسلہ میں ایسے مضامین شایع ہوں۔ جو مضمون نگاروں کی ذاتی تلاش اور تحقیق کا نتیجہ ہوں۔ غیر زبانوں سے مفید مضامین کا ترجمہ بھی قابل قبول ہوگا۔ اور کم ضخامت کے بعض مفید رسالے بھی باقساط شایع کئے جائیں گے۔

رسالے کے دو حصے یہ رسالہ دو حصوں میں شایع ہوتا ہے حصہ اوّل عربی، فارسی، پنجابی (بحروف فارسی) حصہ دوم سنسکرت، ہندی، پنجابی (بحروف گورمکھی)، ہر ایک حصہ الگ الگ بھی مل سکتا ہے۔

وقت اشاعت و قیمت اشتراک یہ رسالہ بالفعل سال میں چار بار یعنی نومبر، فروری، مئی، اگست[1] میں شایع ہوگا۔ سالانہ چندہ حصہ اردو کے لئے ۲ٌ، اورینٹل کالج کے طلبہ سے چندہ داخلہ کے وقت وصول ہوگا۔ کسی سہ ماہی کے رسالہ کے نہ پہنچنے کی شکایت رسالہ شایع ہونے کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے۔ ورنہ ایسی شکایت پر غور نہ ہوسکیگا۔ یہ ایک ماہ کی مدت فروری، مئی، ستمبر اور نومبر کے آخر سے شمار کرنی چاہیئے؛

خط و کتابت و ترسیل زر خرید رسالہ کے متعلق خط و کتابت اور ترسیل زر صاحب پرنسپل اورینٹل کالج کے نام ہونی چاہیئے۔ مضامین کے متعلق جملہ مراسلات ایڈیٹر کے نام بھیجنے چاہیئں؛

محلِ فروخت یہ رسالہ اورینٹل کالج کے دفتر سے خریدا جاسکتا ہے؛

قلمِ تحریر حصہ اردو کی ادارت کے فرائض پرنسپل محمد شفیع ایم اے اورینٹل کالج سے متعلق ہیں۔ اور یہ حصہ ڈاکٹر محمد اقبال ایم اے، پی ایچ ڈی کی اعانت سے مرتب ہوتا ہے؛

---

[1] چونکہ اگست میں کالج بند ہوتا ہے۔ اس لئے یہ نمبر مجبوراً جولائی یا ستمبر میں شایع ہوتا ہے؛

فہرست مضامین

جلد ۱۹ - عدد ۳ | بابت ماہ مئی سنہ ۱۹۴۳ء | عدد مسلسل ۷۳

نوٹ: ضمیمہ صرف عربک اینڈ پرشین سوسائٹی کے ممبروں اور خریداران ضمیمہ میں تقسیم ہوتا ہے

گیلانی الیکٹرک پریس ہسپتال روڈ لاہور میں باہتمام ہمۃ الیشر(؟) پرنٹر طبع ہوا۔ اور بابو صدیق احمد خان نے اورینٹل کالج لاہور سے شائع کیا۔

قدیم[۱] عربی تصانیف میں ہندوستانی[۲] الفاظ

اردو کی قدامت کا مسئلہ موجودہ زمانے میں علمائے لسانیات کا ایک بہت بڑا موضوع بحث ہے۔ جس کے متعلق ابھی تک تحقیق و تلاش جاری ہے۔ اور فیصلہ کُن اکتشافات کی توقع میں اسرارِ اللسان کے ماہر پرانی کتابوں، کتبوں اور ملکی زبانوں کے قدیم ترین نمونوں کو ڈھونڈھنے میں معروف ہیں۔ تاکہ یہ بات آخری طور پر معلوم ہو جائے کہ اُردو یا ہندوستانی کی ترکیب اور تخلیق میں سب سے پہلے اور سب سے زیادہ کِن کِن مقامی زبانوں نے حصّہ لیا۔

افسوس ہے کہ ہمارے پاس ہندی کے قدیم نمونے موجود نہیں۔ جو صحیح اور اصلی نمونے دستیاب ہوتے ہیں۔ وہ چودھویں پندرھویں صدی عیسوی سے متعلق ہیں۔ پنجابی زبان کے قدیم ترین آثار بھی اس سے پُرانے موجود نہیں۔ اور بعض جو بتلائے جاتے ہیں۔ وہ اکثر محققین کے نزدیک جعلی اور مشکوک ہیں۔

یہی سبب ہے کہ ہم زبانِ اردو کے تعمیری دور کی ابتدائی تاریخ سے ابھی تک تقریباً ناواقف ہیں۔ اور اسی بے خبری اور بے بصری کے عالم

۱؎ یہ مقالہ یونیورسٹی لیکچر کے طور پر ۲۶ مارچ ۱۹۳۳ء کو پڑھا گیا تھا۔ ۲؎ میں نے یہ لفظ خاص مصلحت سے اختیار کیا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ میری فہرست الفاظ میں ہندوستان کی بیشتر زبانوں کے الفاظ آگئے ہیں جن پر اطلاق کرنے کے لئے "ہندوستانی" سے زیادہ وسیع اصطلاح مجھے نہیں مل سکی۔

میں بعض اوقات محض افسانہ طرازیاں کرتے ہیں۔ اور پھر اس افسانے کو حقیقت کے لباس میں دنیا کے سامنے پیش کیا جاتا ہے ع

چو ندید ند حقیقت رہ افسانہ زدند

اندریں حالات ہمیں ہندوستان کی قدیم ورنیکلرز کے جتنے الفاظ اور جملے جہاں بھی مل جائیں۔ بے حد غنیمت ہیں۔ کیونکہ وہ ہمارے مطالعہ لسانی کے سلسلے میں بے حد مفید اور نفع بخش ہیں۔ اس مواد کی مدد سے ہم آہستہ آہستہ یہ جان سکیں گے۔ کہ مسلمان جب ہندوستان میں وارد ہو تو وہ کون سی وسیع ورنیکلر یا ورنیکلرز تھیں۔ جن کا سنسکرت کے زوال کے بعد شمالی ہندوستان پر عام تسلط تھا اور جن کے ساتھ عربی و فارسی کی آمیزش سے ایک نئی زبان وجود میں آئی۔ ہندی اور پنجابی کے قدیم ترین نمونوں کی عدم موجودگی سے ہمیں جو مایوسی ہوتی ہے خوش قسمتی کی بات ہے کہ اس کی کس قدر تلافی عربی اور فارسی کی ان قدیم کتابوں سے ہو جاتی ہے۔ جو ہندوستان میں یا ہندوستان کے متعلق تصنیف ہوئی ہیں۔ ان کتابوں میں حسن اتفاق سے کچھ ہندی الفاظ ایسے موجود ہیں۔ جو خالص مسلمانی ماحول کی یادگار ہیں۔ اور جن کا مسلمان اہل علم کی تحریر و تقریر میں آنا اس بات کا ثبوت ہے کہ فارسی عربی کے علاوہ ایک خاص ملکی زبان ایسی بھی تھی۔ جس میں یہ مسلمان علما و فضلا بول چال کیا کرتے تھے۔

اس خاص نقطۂ نظر سے اسلامی لٹریچر کے مطالعہ کا آغاز ہمارے مخدوم پروفیسر شیرانی صاحب[1] نے کیا تھا۔ عرصہ ہوا انہوں نے قدیم فارسی کتابوں سے اردو الفاظ اور جملوں کا سراغ لگا کر اردو کی قدامت اور وسعت کا ثبوت پیش کیا

---

[1] اورینٹل کالج میگزین نومبر ۱۹۲۹ء و اگست ۱۹۳۰ء

تھا۔ان کی جستجو کا نقطۂ آغاز غزنوی دور تھا۔چنانچہ شاہنامہ فردوسی سے لے کر مغلیہ دور کے درمیانی حصے تک جس قدر فارسی کتابیں اس سلسلے میں کارآمد تھیں۔انہوں نے سب کی ورق گردانی کی اور ہندی کے مسلمانی الفاظ اور تلفظات کی ایک طویل فہرست مرتب کی[1]۔

فارسی تصانیف کے اس متلاشیانہ اور محققانہ مطالعہ کے بعد ضروری تھا۔کہ غزنوی عہد سے پہلے کی عربی تصانیف کو بھی اسی مقصد کے ساتھ دیکھا جائے۔چنانچہ گذشتہ سال پرنسپل محمد شفیع صاحب کے ارشاد سے میں نے عربی کتابوں کا مطالعہ شروع کیا۔علی الخصوص مشہور فاضل سنسکرت علامہ البیرونی کی تصانیف کے بحر زخار کی غواصی کرنے کی کوشش کی۔اس تلاش و جستجو سے جو کچھ ہاتھ آیا ہے۔اُسے میں آج آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔

بطور تمہید یہ اشارہ کرنا ضروری ہے۔کہ ہندوستان کے ساتھ عربوں کے تعلقات بہت پرانے ہیں[2]۔اسلام سے قبل عربوں اور ہندوستانیوں کے درمیان تجارتی تعلقات موجود تھے۔جس کے آثار ان دونوں ملکوں کی زبانوں میں موجود ہیں۔بلکہ خود قرآن مجید مین اس باہمی تعلق کے کچھ نشانات دوتین الفاظ کی شکل میں محفوظ ہیں۔اور مولانا سید سلیمان ندوی کے بقول "ہم ہندیوں کو بھی فخر ہے کہ ہمارے دیس کے بھی چند لفظ ایسے خوش نصیب ہیں۔جو اس پاک اور مقدس کتاب میں جگہ پا سکے" (عرب و ہند کے تعلقات ص ۱۸)

میں اس موقعہ پر ضروری سمجھتا ہوں۔کہ عرب و ہند کے تعلقات کی طویل داستان کو نظر انداز کرتے ہوئے۔صرف اس قدر گزارش کروں ۔ کہ

---

[1] پنجاب میں اردو" ص ۱۰ و مابعدہٗ

[2] اس کی تفصیلات کے لئے دیکھو عرب و ہند کے تعلقات از مولانا سید سلیمان ندوی۔

محمد بن قاسم کے حملہ سندھ کے بعد عربوں نے سندھ پنجاب اور گجرات کے بعض حصوں پر ایک حکومت قایم کر لی۔ جو کم وبیش تین سو سال تک قایم رہی۔ تاآنکہ پہلے صفاریوں نے مکران اور بلوچستان پر قبضہ کرتے ہوئے۔ اور پھر خاندان غزنویہ نے پنجاب ملتان اور سندھ کو زیر نگین بنا کر عربی حکومت کے آخری نقوش کو بھی مٹا دیا اور ہندوستان پر شمال سے ترکی ایرانی اثرات کا دروازہ کھول دیا۔

سندھ اور پنجاب پر عربوں کی حکومت کے سلسلے میں یہ بات یاد رکھنے کے لایق ہے۔ کہ ان کے حملے کے وقت ملتان کو تمام شمالی ہندوستان میں کئی وجوہ سے بہت بڑی اہمیت حاصل تھی۔ فوجی مرکز تجارتی منڈی اور مذہبی تیرتھ ہونے کے لحاظ سے اس شہر کو ایک مرکز خیال کیا جاتا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ ہر عرب فاتح نے ملتان کی اس اہمیت کو محسوس کیا۔ اور اس پر قبضہ رکھنے کی انتہائی کوشش کی۔ جس کے لیے ضروری تھا کہ اس مقام کو زبردست فوجی اڈا بنایا جائے۔ اور اس میں زیادہ سے زیادہ مسلمانی آبادی کو لانے اور آباد کرنے کا انتظام کیا جائے۔ آپ جان سکتے ہیں، کہ یہ فوجی تدبیر ملتان میں ایک مخلوط زبان کی پیداوار اور ترقی کی کس قدر ذمہ دار ہوئی ہوگی۔

ان تمہیدی اشارات کے بعد میں اپنے اصلی موضوع یعنی "عربی تصانیف میں ہندوستانی الفاظ" کی طرف توجہ کرتا ہوں۔ اور ان مآخذ کا ذکر کرتا ہوں۔ جن سے ہمیں اپنی اس تحقیق میں مدد ملے گی۔ غالباً یہ بات محتاج تفصیل [۱] نہ سمجھی جائے گی۔ کہ ہندوستانی موضوعوں پر لکھنے کا ذوق، عباسیوں کے

---

[۱] اس کے لیے دیکھو عرب وہند کے تعلقات' البرامکہ از مولانا عبدالرزاق کانپوری' برسالہ اسعد جلالی مئی ۱۹۳۲ء

زمانے میں ہی پیدا ہو چکا تھا۔ جس کا سلسلہ خلیفہ ابو جعفر منصور عباسی (۱۳۶ - ۱۵۸ھ) کے زمانے میں شروع ہوا۔ جس کے دربار میں ہندو علما وفضلا موجود تھے۔ ان میں طبیب بھی تھے۔ منجم بھی' فاضل مذہبیات بھی تھے۔ اور ریاضی دان بھی' ان حضرات کی مدد سے عربی میں سنسکرت علوم وفنون کے ترجمے ہوئے۔ اور بعض مسلمان عالموں نے اس ذوق کو اس درجہ ترقی دی۔ کہ ہندو علوم وفنون کے متعلق مستقل کتابیں لکھیں البیرونی سے پہلے جن لوگوں نے اس سلسلے میں کچھ کام کیا۔ ان میں الاہوازی تنوخی اور الایرانشہری کا نام خاص طور پر لیا جا سکتا ہے۔

افسوس ہے کہ متذکرہ بالا فضلا کی کتابوں سے ہم استفادہ نہیں کر سکتے اور ہمارے موجودہ موضوع کے اعتبار سے ان کا مطالعہ شاید ہمارے لئے چنداں فائدہ بخش بھی نہ ہو۔ اس لئے کہ ان کی کتابوں میں ورنیکلرز کی بجائے شاید سنسکرت الفاظ کا ذخیرہ (اور وہ بھی نہایت بگڑی ہوئی صورت میں) ہوگا۔ جس سے ہمیں اس وقت چنداں دلچسپی نہیں۔

بنا بریں ہمارے لئے مفید ترین سرچشمے ہندیات یا Indology کی وہ کتابیں ہیں جو ہندوستان میں یا ہندوستان کے متعلق قریب ترین ماخذ کی مدد سے لکھی گئی تھیں۔ ہندیات میں سب سے زیادہ البیرونی کی کتابوں کو شرف امتیاز حاصل ہے۔ جن کا تذکرہ اگرچہ سب سے آخر میں آئے گا۔ لیکن اہمیت کے اعتبار سے انہیں اولیت حاصل ہے۔ اس کے بعد عرب سیاحوں اور جہازیوں کے سفرنامے ہیں۔ جن میں ہندی الفاظ کی آمیزش ہے۔

اسلام کے ابتدائی دور میں علمی سیاحتوں[1] کا رواج عام تھا۔ بہت سے سیاح

---

[1] مسلمان سیاحوں کے محرکاتِ سفر کیلئے دیکھو' Newton - Travel & Travellers of the Middle Ages - Chapter V, PP. 89 - 99.

ایسے ہو گزرے ہیں۔ جنہوں نے اسی جذبے کے ماتحت برّ و بحر کی سیاحت کی۔ ممالک کو دیکھا اور مسالک کو ناپا۔ قوموں اور ملکوں کے خصائص دریافت کئے۔ اور ان کے علوم و فنون پر نظر ڈالی۔ یہ سیاحتین اس زمانے کی دلپسند تفریحات تھیں۔ جن کے حالات کتابوں میں موجود ہیں۔ اور ان کے سلسلے میں مقامی اشیا اور اسما کا ذکر آگیا ہے۔

سفرناموں کے علاوہ جغرافیہ[1] و تاریخ کی کتابوں میں بھی ہندوستان کے حالات کے ضمن میں ہندوستانی الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔

ہمارے مآخذ کی فہرست یہ ہے:-

۱۔ **سلیمان تاجر**۔ یہ سب سے پہلا عرب سیاح ہے۔ جس کا سفرنامہ ہم تک پہنچا ہے ۱۸۴۵ء میں سلسلۃ التواریخ کے نام سے شائع ہوا تھا۔ یہ تاجر عراق کی بندرگاہ سے چین تک سفر کیا کرتا تھا۔ یہ سفرنامہ ۲۳۷ھ میں لکھا گیا تھا۔ اس میں سلیمان تاجر نے ہندوستان کے ساحلی علاقوں کے حالات لکھے ہیں[2]۔

۲۔ **ابوزید حسن السیرافی**۔ سیراف خلیج فارس کی ایک بندرگاہ تھی۔ ابوزید یہیں کا رہنے والا تھا۔ یہ بھی سیاح تھا۔ ۲۶۴ھ کا سال اس کے سفرنامے میں ملتا ہے۔ اور مسعودی سیاح ۳۰۳ھ میں اس سے ملا تھا۔ ابوزید نے سلیمان تاجر کے سفرنامے

[1] جغرافیے کی کتابوں کے متعلق دیکھو حدود العالم۔ دیباچہ از بارٹولڈ،

[2] ایلیٹ: تاریخ ہندوستان ج ۱ ص ۳ : عرب و ہند کے تعلقات ص ۲۵،

کا تکملہ ہے۔ اور اس میں اپنے سفر کے تجربات کا
اضافہ کیا ہے۔[1]

۳۔ فتوح البلدان بلاذری۔ ۲۷۹ھ، یہ کتاب ابتدائی عہد عباسیہ میں
لکھی گئی تھی۔ یہ عراق اور ایران کی فتوحات پر ختم ہو جاتی ہے

۴۔ ابن خورداد بہ۔ (متوفی ۳۰۰ھ) یہ صاحب خلیفہ معتمد عباسی کے
زمانے میں محکمہ ڈاک کے افسر اعلیٰ تھے۔ انہوں نے
خود ہندوستان کی سیاحت نہیں کی۔ مگر ڈاک کے محکمہ
کے رئیس ہونے کی وجہ سے انہوں نے بغداد سے مختلف
ملکوں کی مسافتوں اور آمد و رفت کے راستوں کی تشریح
کی ہے۔ ان کی کتاب کا نام کتاب المسالک والممالک ہے[2]

ابو دلف مسعر بن مہلہل ینبوعی۔ اس عرب سیاح کا زمانہ ۳۳۱ھ اور ۳۷۷ھ
کے درمیان ثابت ہے[3]

بزرگ بن شہریار۔ یہ ایک جہاز ران تھا۔ جو عراق سے چین تک جہاز رانی
کیا کرتا تھا۔ اس نے اپنے مشاہدات سفر عجائب الہند کے
نام سے مرتب کئے ہیں۔ اس کا زمانہ ۳۰۰ھ کے قریب
قریب ہے[4]

مسعودی۔ ابو الحسن علی، ایک نامور مورخ، جغرافیہ نویس اور سیاح تھا
اس نے بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔ ان میں سے مروج
الذہب و معادن الجوہر نہایت بلند پایہ کتاب ہے۔

---

[1] ایلیٹ ۔ج ۱ ص ۱، عرب و ہند کے تعلقات، ص ۳۱، [2] ایلیٹ ج ۱ ص ۱۲، عرب و
ہند کے تعلقات ص ۳۲، [3] عرب و ہند ص ۳۴، [4] عرب و ہند ص ۳۵،

یہ دراصل تمام دنیا کی اقوام کی تاریخ ہے۔ جس میں ہندوستان کے حالات بھی ہیں۔ یہ کتاب ۳۳۲ اور ۳۳۲ کے درمیان لکھی گئی تھی۔ مسعودی کی وفات ۳۴۵ھ / ۹۵۶ء میں ہوئی۔[1]

اصطخری ۔ ابو اسحاق ابراہیم بن محمد الفارسی (اس نے ایشیا کے اکثر ممالک کی سیاحت کی۔ جغرافیہ میں اس کی دو کتابیں ہیں۔ کتاب الاقالیم اور مسالک الممالک۔ وہ قریباً ۳۴۰ھ میں ہندوستان آیا تھا۔ ابن حوقل (جس کا ذکر آگے آتا ہے) سے اس کی ملاقات وادی سندھ میں ہوئی تھی[2]

ابن حوقل (محمد ابو القاسم) یہ بغداد کا تاجر تھا۔ ۳۳۱ھ میں بغداد سے سیاحت کے لئے نکلا اور ۳۵۸ھ میں واپس آیا۔ اصطخری سے اس کی ملاقات وادی سندھ میں ہوئی تھی۔ یہاں ان دونو سیاحوں نے ایک دوسرے کی یادداشتوں کا مطالعہ کیا اور ان سے فائدہ اٹھایا۔ اس کی کتاب اشکال البلاد یا کتاب المسالک والممالک شاید ۳۶۶ھ میں مرتب ہوئی۔ اس نے سپین سے لے کر ہندوستان تک کی سیاحت کی۔

بشاری مقدسی ۔ شمس الدین محمد بن احمد المقدسی اس نے تمام دنیائے اسلام کی ساحت کی۔ ہندوستان میں سندھ تک آیا۔ اس کی کتاب احسن التقاسیم فی معرفۃ الاقالیم ہے۔ جو ۳۷۵ھ میں

---

[1] عرب و ہند ص ۳۶ ایلیٹ ج ۱۔ ص ۱۸، [2] عرب و ہند ص ۳۸ ایلیٹ ج ۱۔ ص ۲۶، [3] عرب و ہند ص ۳۹ ایلیٹ ۔ ج ۱ ص ۳۱،

خوارزم میں ابوالعباس مامون کے دربار سے متعلق رہا۔ پھر جب زمانے نے اس خاندان کی بساطِ سلطنت الٹ دی۔ اور خوارزم سلطان محمود غزنوی کے قبضے میں آگیا۔ تو ۴۰۷ھ میں وہ (البیرونی) چند اُمرا کے ساتھ اسیر ہو کر غزنی پہنچا۔ ۴۰۸ھ اور ۴۲۱ھ کے درمیان اس نے ہندوستان کی سیاحت کی۔ اور بالآخر بتاریخ ۲ رجب ۴۴۰ھ (مطابق ۱۱ ستمبر ۱۰۴۸ء)[1] بروز جمعہ رہگرائے عالم جاودانی ہوگیا۔ محمودی دربار سے اس کا کس حد تک تعلق تھا۔ اس کا کچھ پتہ نہیں چلتا۔ لیکن محمود کے جانشینوں یعنی مسعود اور مودود کے زمانے میں دربار سے اس کا تعلق ثابت ہوتا ہے۔

ہمارے موجودہ مضمون کی مناسبت سے البیرونی کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے۔ کہ اس نے بعض عرب سیاحوں کی طرح خود ہندوستان میں پھر کر یہاں کے حالات دریافت کیے۔ اور ہندو علوم و فنون پر بہت سی مستند کتابیں لکھیں جن سے اُس وقت کی عام علمی زندگی کے علاوہ اس عہد کی زبان پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ چنانچہ آگے چل کر اس پر بحث کی جائے گی۔

اس سے پہلے عرض کیا جا چکا ہے۔ کہ البیرونی ہی پہلا مسلمان فاضل نہ تھا۔ جس نے ہندوؤں کے علوم کے متعلق تحقیق و تدقیق سے کام لیا۔ بلکہ خلافتِ عباسیہ کے زمانے میں ہندیات کا ذوق کافی نشو و نما پا چکا تھا۔ پس یہ امر موجب تعجب نہ ہوگا۔ کہ البیرونی نے جرجان اور خوارزم کے

---

[1] لیکن پروفیسر زکی ولیدی کے بیان کے مطابق البیرونی ۴۴۲ھ تک زندہ رہا کیونکہ اس سن میں اس نے اپنے ایک دوست کے ساتھ مل کر کتاب الصیدنہ کو ترتیب دیا (ملاحظہ ہو (Biruni's Picture of the World ed. by Zaki Validi Toghan, p. XV.)

قیام کے دوران میں "ہندیات" Indology کے متعلق کام شروع کر دیا تھا۔ پھر جب وہ اتفاقاتِ زمانہ سے غزنی میں پہنچا تو غزنی میں ہندو علماء کی بکثرت موجودگی سے اس کے ذوق کو اور بھی ترقی ہوئی۔ وہ ۴۰۸ھ میں غزنی میں آیا۔ اس وقت سے لے کر ہندوستان کی سیاحت سے واپسی تک (۴۲۰ھ) اس نے کئی سنسکرت کتابوں کے عربی میں اور عربی کتابوں کے سنسکرت میں ترجمے کیے۔[1] ۴۲۲ھ میں سلطان محمود کے انتقال کے ۲ سال بعد اُس نے "ہندیات" کے سلسلے میں اپنے شاہکار یعنی تحقیق ماللہند کو مکمل کیا۔ جو البیرونی کے کارناموں میں بلند ترین درجہ رکھتا ہے۔

البیرونی کی تصانیف کی مجموعی تعداد ڈیڑھ سو سے کم نہ ہوگی۔ ان میں سے وہ کتابیں جو خاص ہندوستان سے متعلق ہیں، ان کی تعداد بھی بیس[2] اور پچیس کے درمیان ہوگی۔

میں اس موقعہ پر البیرونی کی باقی "ہندیاتی" تصانیف سے قطع نظر کرتے ہوئے۔ اس کی صرف دو کتابوں کے متعلق کچھ اشارات کروں گا۔

پہلی کتاب الصیدنہ (جس کا مفصل ذکر آئے گا) الفاظ الادویہ سے متعلق ہے۔ دوسری کتاب تحقیق ماللہند ہے۔ جس میں سنسکرت اور دیگر دونوں طرح کے الفاظ کثرت سے ہیں۔

میں سب سے پہلے تحقیق ماللہند کا ذکر کرتا ہوں۔ اس کا پورا نام تحقیق ماللہند من مقالۃٍ مقبولۃٍ فی العقل او مرذولۃٍ ہے۔ اس کا نہایت عمدہ ایڈیشن پروفیسر زخاؤ نے ۱۸۸۷ء میں لندن سے شائع کیا۔ اور ۱۸۸۸ء میں اسی

---

[1] البیرونی حسن برنی ص ۵۷؛　[2] ایضاً ص ۸۱ : زخاؤ: آثار الباقیہ دیباچہ ص xx؛

فاضل نے اس کا ترجمہ مع حواشی دنیا کے سامنے پیش کیا۔ جس کے لئے ہمیں ان کا ممنون ہونا چاہیئے۔

تحقیق ماللہند کے زمانۂ تصنیف کے متعلق صرف اتنا کہا جا سکتا ہے۔ کہ وہ ۴۲۱ھ اور ۴۲۲ھ کے درمیان لکھی گئی اور ۳۰ اپریل اور ۳۰ ستمبر ۱۰۳۰ء کے درمیان پایۂ تکمیل کو پہنچی[1]۔ یہ کتاب کہاں بیٹھ کر لکھی۔ اس کا کتاب سے کچھ پتہ نہیں چلتا۔ ممکن ہے کہ غزنی میں لکھی گئی ہو۔ درحقیقت یہ کتاب البیرونی کے تجربات و تاثرات متعلقہ ہند کا خلاصہ ہے۔

افسوس ہے کہ بہت سی دوسری باتوں کی طرح البیرونی کے سفر ہند کے حالات بھی تاریکیوں میں چھپے ہوئے ہیں۔ بعض مؤرخوں کا قیاس ہے۔ کہ وہ محمود کی سپاہ کے ساتھ ہندوستان پہنچا۔ لیکن اس کے لئے ہمارے پاس کافی ثبوت موجود نہیں۔ اسی طرح ٹھیک طور پر یہ بھی معلوم نہیں۔ کہ وہ کس سن میں ہندوستان آیا! اور کب واپس گیا؟ سنسکرت علوم کی تحصیل کے لئے اس نے کیا کیا ذرائع اختیار کئے۔ اس کی سیاحت کی انتہائی حدود کیا تھیں؟ وغیرہ وغیرہ، تاہم خوش قسمتی کی بات ہے کہ کتاب الہند کے بعض ضمنی اشارات سے، اس کے بعض حالات دستیاب ہوتے ہیں۔ جن کو فاضل مستشرق زخاؤ نے بڑی عمدگی کے ساتھ اپنے دیباچے میں جمع کر دیا ہے۔

سیاحت ہند کے سلسلے میں یہ جاننا ہمارے لئے بہت ضروری ہے کہ البیرونی اپنے سفر کے دوران میں کہاں کہاں گیا؟ تاکہ ان مقامات کے ضمن میں البیرونی کے ہندوستانی الفاظ کی کوئی تعبیر و توجیہ کی جا سکے۔

گیارھویں صدی عیسوی میں ہندو علوم کے مرکز کشمیر اور بنارس تھے

---

[1] تحقیق ماللہند، مرتبہ زخاؤ۔ دیباچہ X

لیکن یہاں کسی اجنبی کا تحصیل علم کی غرض سے پہنچنا ممکن نہ تھا۔ لہذا مجبوراً البیرونی نے پنجاب کی حدود میں رہ کر تحصیل علم کی ہوگی۔ کیونکہ اس سے آگے جانا ممکن نہ تھا۔

کتاب الہند میں جن مقامات کی سیر کا خود ذکر کرتا ہے۔ وہ یہ ہیں:۔

لاہور، ویہند، قلعہ نندنا، ملتان، سیالکوٹ، مندگورا، گندی، دنپور (جلال آباد)، لمغان، پشاور، اٹک، جہلم .... کتاب الہند میں وہ خود کہتا ہے۔ "ہم ان مواضع مذکورہ سے آگے نہیں گئے" کتاب الہند ص۱۶۳[1]

پس البیرونی نے اگرچہ قانون مسعودی میں ہند اور سندھ کے بہت سے شہروں کے اطوال و عروض دیے ہیں۔ یہاں تک کہ دکن کے ایک مقام تنجور کا حال بھی لکھا ہے۔ مگر پروفیسر زخاؤ کے قول کے مطابق اس کا دائرہ سفر دریائے کابل کی وادی اور پنجاب تھا[2]

---

[1] برنی ص۵۵، زخاؤ تحقیق ماللہند xiii ؛ [2] البیرونی نے ہندوستان کا سفر تنہا کیا یا وہ محمودی فوج کے ساتھ آیا۔ اور ان کی حفاظت میں دور دراز مقامات کی سیر کی۔ ان میں سے کوئی بات ثابت شدہ نہیں۔ لیکن اگر محمودی فوجوں کی ہمرکابی کا مفروضہ مان لیا جائے۔ تو اس صورت میں ہم اس کی سیاحت کی حدود کو محمود کی فتوحات کی حدود کے ذریعے متعین کر سکیں گے۔ سلطان محمود کی ہندوستانی سلطنت کی مغربی حدود ملتان اور سومنات شمال مشرق میں بھنبھر (جموں کشمیر۔ لوہکوٹ) جنوب میں کالنجر اور گوالیر اور مشرق میں قنوج۔ متھرا۔ نگرکوٹ۔ اگر ان حدود کے ساتھ البیرونی کے سفر کو متعلق کیا جائے۔ تو اس کی سیاحت کا رقبہ یقیناً زیادہ ہو جاتا ہے۔ (دیکھو ڈاکٹر ناظم "محمود آف غزنہ")، سید سلیمان "عرب و ہند..." میں کہتے ہیں "جب وہ ہندوستان آیا تو محمود کے حملے ابھی شروع نہیں ہوئے تھے (ص۱۲۴)، پروفیسر شیرانی "پنجاب میں اردو" میں لکھتے ہیں "البیرونی محمود کی غزوات میں شریک رہا ہے" (ص۳۵) اور اس کا زیادہ تر

کتاب الہند میں ملتان کے حال کو بڑی اہمیت دی گئی ہے۔ جس سے یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ شاید ملتان میں اس کا قیام کچھ زیادہ رہا۔ وہ ملتان کی مقامی تاریخ، آب و ہوا اور اہل شہر سے بخوبی واقف معلوم ہوتا ہے۔
اب میں تحقیق ماللہند کے عام فہم الفاظ کی فہرست پیش کرتا ہوں۔ سنسکرت کے ٹھیٹھ علمی الفاظ اس فہرست میں شامل نہیں کیئے گئے۔
[اس فہرست میں صفحات کا حوالہ زخاؤ کے ترجمے سے دیا گیا ہے]
گھڑیان۔ گھڑی۔ (ج ۱۔ ص ۲۱۷) دن کی گھڑیاں۔
مُہورت (" " ")
مہینوں کے نام۔ چیتر (ج ۱۔ ص ۲۱۹)، بیشاک، جیرت، آشاڑ، شراہن، بہادرو، اشوج، کاتک، منگھر، پوش، ماگ، پاگن،
نگر (ج ۱۔ ص ۲۱۹: ج ۲۔ ص ۱۹۳)، کینڈ (ج ۱۔ ص ۲۲۰)، رَس (ج ۱۔ ص ۱۴۲) جو چیز چکھی جائے، ناگ (ج ۱۔ ص ۱۴۲)، تولا (ج ۱۔ ص ۱۶۰)، ماش (ج ۱۔ ص ۱۶۰)، چنا (= ماشہ) (ج ۱۔ ص ۱۶۳)، پل (وقت کا ایک جزو) (ج ۱۔ ص ۱۶۵)، بُھار (ایک وزن) (ج ۱۔ ص ۱۶۵)، بیسی۔ غالباً ۲۰ من کا پیمانہ (ج ۱۔ ص ۱۶۶)، کُرَنکا = کُرتا (ج ۱۔ ص ۱۸۰)، تھوہر، ایک نباتات (ج ۱۔ ص ۱۹۲)، گنڈا = گینڈا (ج ۱۔ ص ۲۰۳)، تیندوا، کٹ کھٹ (ج ۱۔ ص ۲۰۶)، دَوار (ج ۱۔ ص ۲۰۷)، بوارج = بیڑہ (ج ۱۔ ص ۲۰۸)، کوڈہ = کوڑی (ج ۱۔ ص ۲۱۰)، برہم انڈا = Egg of Brahma (ج ۱۔ ص ۲۲۱)، وار (وہ لاحقہ جو دنوں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً سوم وار، ایت وار) (ج ۱۔ ص ۲۱۳)، تھاتو = تان = جگہ (ج ۱۔ ص ۲۹۸)، مَن۔ وزن (ج ۱۔ ص ۱۶۲)، دیمس = دن، راتری = رات، ماسا = ماہ۔ مہینہ، برَہ = وَرہہ = برکھ

برش = برس (ج ۱- ص ۳۵۹)، رتھ (ج ۱- ص ۴۰۷)، تارا = ستارہ (ج ۱- ص ۴۲۳)،
شرد = موسم خزاں (اس وقت بھی پنجاب اور ہزارہ میں مستعمل ہے) دیکھو
Platts . (ج ۲- ص ۹۲)، کہیر = ایک درخت کا نام (ج ۲- ص ۹۹)، پنڈاہ
(ج ۲- ص ۱۰۴)، پاتال (ج ۲- ص ۱۴۰)، گنڈا = گینڈا (ج ۲- ص ۱۵۱)،
وسنت = چیتر میں ایک تہوار عورتوں کا۔ (ج ۲- ص ۱۷۸-۱۷۹)، ترنجاہی =
تریونجاہی = جہاں ۵۳ وادیاں ملتی ہیں۔ (ج ۲- ص ۱۸۲)، دیبالی = دیوالی
(ج ۲- ص ۱۸۲)، ناؤ (ج ۲- ص ۲۲۰)، چتر (ج ۲- ص ۲۲۰)، کٹو (ستارہ ں
کا مجموعہ) (ج ۲- ص ۲۳۴)، منہ (ج ۲- ص ۳۲۰)، (تحقیق ماللہند ص ۲۹)

اعداد۔ برقہ = ایک - شمالی پنجاب میں اب بھی برکت کہہ کر گنتی
شروع کرتے ہیں۔ بیہ = دو، تریہ = تین، چوت = چار، پنجی - پنج،
ست = چھ، ستیں = سات، اٹین = آٹھ، نون = نو، دھین = دس،
یاہی = گیارہ، دواہی = بارہ، ترواہی = تیرہ، چودھی = چودہ، پنچیاہی =
پندرہ،

دوسری کتاب کتاب الصیدنہ ہے۔ جو الفاظ الادویہ سے تعلق رکھتی ہے
یہ ۱۰۵۰ء میں تصنیف ہوئی۔ اور البیرونی کی ان تصانیف میں سے ہے جن
کا ذکر کشف الظنون میں ہے۔ دنیا ایک عرصے تک اس کتاب کے نام
سے بے خبر تھی۔ اس کے کچھ اجزا ۱۹۳۲ء[1] میں جرمنی میں شائع ہوئے تھے
خوش قسمتی سے ۱۹۳۴ء میں استامبول کے پروفیسر تاریخ اے۔ زکی ولیدی طوغان

---

[1] Das Vorwort Zur Drogenkunde des Beruni ... Von. Max Meyerhof. Berlin 1932 (in Quellen und Studien ....)

نے البیرونی کی چند دوسری کتابوں کے اقتباسات کے ساتھ اس کو بھی ایڈٹ کیا ہے۔ جو محکمۂ آثار قدیمۂ ہند کی طرف سے (شمارہ ۵۳) "Biruni's Picture of the World" کے نام سے شائع ہوئی ہے۔

اس کتاب کے ترجمۂ فارسی کے نسخے کئی جگہ موجود ہیں۔ برٹش میوزیم لنڈن اور لٹن لائبریری علیگڈھ کے علاوہ اس کا ایک نسخہ خان بہادر مولوی محمد شفیع صاحب کے پاس بھی ہے۔ مترجم کا نام ابوبکر بن علی الکاشانی ہے جس نے ۷۰۰ھ کے بعد کسی وقت التمش کے لئے ایک کتاب الادویہ لکھی اور کتاب الصیدنہ کو اس میں استعمال کیا۔

کتاب کی ترتیب یہ ہے کہ مصنف پہلے مفرد ادویہ کا وہ نام لیتا ہے۔ جو عام طور پر مشہور ہوتا ہے۔ اس کے بعد عربی، یونانی، سریانی، جرجانی، خوارزمی، فارسی، عراقی، ہندی، سندھی وغیرہ زبانوں کے ہم معنی الفاظ کا ذکر کرتا ہے۔ اور پھر اس کی خاصیت بیان کرتا ہے۔ اس ترتیب سے بہت سے ہندی الفاظ جمع ہوگئے ہیں۔

کتاب الصیدنہ میں استعمال شدہ ہندی الفاظ کی فہرست ذیل میں پیش کی جاتی ہے۔ جس کے ساتھ کسی قدر لفظی تحقیق بھی کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

[جہاں جہاں لفظ فق لکھا گیا ہے۔ اس سے مراد صیدنہ کا وہ فارسی نسخہ ہے۔ جو زکی ولیدی طوغان کے پیش نظر تھا]

شیستف ۔ [آبنوس] "ولا یتخلف عنہ شیستف الذی تنحت المنودمنہ قوایم نعو منتھم" (ص۲ کتاب الصیدنہ)

محیط اعظم (ج ۱۔ ص ۹۳) میں لفظ 'آبنوس' کے ذیل میں لکھا ہے :-

آبنوس، بمدّ الف وکسر بای موحدہ، وضم نون وسکون واو وسین، معرب اباتس یونانی است وگویند بیونانی سیفافیولس، ونزد بعضی ساتم وساسب، وبرومی ایکسلین نامند وبفارسی وہندی آبنوس بسکون بای موحدہ، .... ودو قسم می باشد حبشی وہندی، وحبشی بہتر وقوی تر می باشد ودر اں سفیدی اصلا یافتہ نمی شود، ودر ہندی سیاہی یافتہ می شود، اہل زنگبار آنرا اسیکوا (صیدنہ۔ منگیوم) گویند .... وبعضی چوب شیشم را نوعی از آبنوس ہندی دانستہ اند وبعضی گویند کہ درخت او را در ہندی تمال گویند .....

اس موقعہ پر ہمیں اس بحث سے صرف اس قدر مقصود ہے۔ کہ بعض اطبا کے نزدیک، آبنوس[1] شیشم کی ایک قسم ہے۔ البیرونی کے بیان میں شیستف کا تلفظ ممکن ہے۔ کسی قدر تصرف کے ساتھ ہم تک پہنچا ہو۔ اس لئے کہ ہابسن جابسن کی تحقیق کے مطابق ہندوستان کے مختلف حصوں میں اس کا مختلف تلفظ ہے۔ مثلاً

ہندی (موجودہ) میں سیسو۔ سیسُون اور شیشم (اصل سنسکرت میں سیم)

تلگو میں سیسو (ملاحظہ ہو Drury's useful Plants of India P. 176.)

بنگالی۔ شیت سال[2]

پنجابی۔ سسو، سفیدہ، شیشائی، شیشم[3]۔ ٹاہلی

ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ مصنف مذکور کو بنگالی کے کیندو یا کنو ہندی کے نیندو، تامل کے تمبلی وغیرہ سے آبنوس کے سلسلے میں التباس ہوگیا ہے

---

[1] آبنوس کی مختلف اقسام کے متعلق ملاحظہ ہو۔ Sir E. Tennet کی کتاب Ceylon, i, 184

[2] اس کا علمی نام 'Dalbergia Sisso' ہے۔ [3] 'Punjab Plants, 65.'

بابر بھی توزک میں آبنوس کے سلسلے میں لکھتا ہے "اہل ہند آنرا تیندو می گویند" (بابرنامہ ص۲۴۶) ایک عرب ہندوستانی ابو ضلع سندھی کے وطنی گیت کے چند اشعار سید سلیمان صاحب نے آثار البلاد سے نقل کئے ہیں۔ ان میں ایک شعر میں ساسم کا لفظ آتا ہے :۔

ومنها الکوک والببغاء والطاؤس والجوزل
ومنها شجر الرانج والساسم والقلفل

(عرب و ہند کے تعلقات ص۹۶)

کوتیا جن ۔ (صیدنہ ص۱۹) "الاثمد هو حجر الکحل و بالفارسیة سرمه وبالهندیة کوتیاجن ....." (حاشیہ: تف: کردیا جن)

اس لفظ کے متعلق بھی کچھ غلطی معلوم ہوتی ہے ۔ غالباً یہ لفظ کیونت انجن جو سرمے کی ایک قسم ہے[1]

۳۔ دَھَک ۔ (صیدنہ ص۱۱) ذکر مقام: وبوشاور من ارض الهند

۴۔ آملہ ۔ (صیدنہ ص۱۱) اُمْلَج (حاشیہ: تف: وابو ریحان گوید: درخت بلیلہ و آملہ در کوہ ہای کشمیر بسیار دیدیم در وقتی کہ بلیلہ و آملہ تمام نرسیدہ بود۔

محیط اعظم (ج ۱ - ص۱۱۱) میں آملہ کے ذیل میں لکھا ہے: "اسم فارسی و معرب آن املج و بہندی آنولہ گویند" پھر ص۱۲ پر لکھتے ہیں "و آنولہ را در سنسکرت وبہشاد و آنوتک بمعنی ترش۔ ولیم کی انگلش سنسکرت ڈکشنری میں اَملک کو سنسکرت قرار دیا ہے۔ پنجاب میں اس کا موجودہ تلفظ آنولا ہے۔ اگرچہ تعلیم یافتہ حضرات آملہ ہی بولتے ہیں[2]

---

[1] آپٹے کی سنسکرت انگلش ڈکشنری نیز Khorey's Bombay Materia Medica P. 36

[2] پنجاب پلانٹس ص۷، ۱۸، ۱۹۳ (ملاحظہ ہو آنولہ)

کلّہ [حاشیہ صیدنہ ط۱۱۱ بضمن انجیر آدم [حاشیہ تف: جرم او مدقد باشد ... وبلغت ہندی او را کلّہ گویند و در کوہ ہای کابل بسیار بود .... "
غالباً یہ وہ چیز ہے۔ جس کو انگریزی میں (Wild fig) کہتے ہیں۔ اور اس کا علمی نام (Ficus glomerata) ہے۔ یہ تحقیق نہ معلوم ہو سکا۔ کہ البیرونی کی اس سے کیا مراد ہے۔ انجیر آدم کو ہندی میں ڈمر کہتے ہیں جو سنسکرت اُدمبرا سے بگڑا ہوا ہے۔ ایک اور چیز جسے محیط اعظم میں انجیر احمق قرار دیا ہے۔ ہندی میں گلر۔ گولر یا گلڑ کہلاتی ہے[1]۔ دکنی اور بنگالی میں گلرا۔ اس کے علاوہ پیپل کے پھل کو بھی گوُل کہتے ہیں۔ پنجاب میں ایک میوہ ہے۔ جس کا نام گولڑ ہے[2]
بہر صورت کلّہ انہی الفاظ میں سے کسی ایک کی بگڑی ہوئی صورت ہے۔ ممکن ہے کلّہ دیعنی گلر یا گولر) ہو۔

اوسپید (صیدنہ ط۱۱۱) "ضربٌ من النیلوفر الھندی ...."
حاشیے میں کاشانی کے فارسی نسخے کی مدد سے یہ عبارت درج ہے۔ "وبلون نیلی در زمین ہند نیلوفر نیست مگر در اطراف جرم و بدخشان"۔
محیط اعظم میں ہے[3]:- اُوسپید۔ اسم فارسی وآن قسمی از نیلوفر ہندی است" اسی مصنف کے نزدیک اس کی اصل نیلوپتر ہے۔ اگرچہ بمبئی میٹریا میڈیکا نے "نیلوُاُتپل" لکھا ہے۔ یعنی نیلا کنول۔ فارسی میں یہ لفظ بڑی کثرت سے اور بطور لفظ اصلی کے استعمال ہو رہا ہے۔ لیکن اس کی اصل شاید سنسکرت ہے۔

پودنہ (صیدنہ ط۱۱۱) برُدی کے ضمن میں۔ [تف:

[1] پلٹس ڈکشنری و محیط اعظم، [2] پنجاب پلانٹس، [3] ج ۱، ص ۲۳۰،

یہ لفظ ہندوستان کی سب بولیوں میں بولا جاتا ہے، فارسی میں پودنگ اور معرب فوذنج، جنق بھی کہتے ہیں۔ شمالی ہند اور پنجاب میں پودنہ ہی مستعمل ہے۔

ابرسنا روا۔ (صیدنہ ص ۱۱) بیباس .... فزاری گوید بیباس را اہل ہند وسند مادو بوی گویند .... وبعضی گفتند ۔ بلغت ہندی ابرسنا روا ویند۔ اس کی تحقیق نہ ہو سکی۔

تُل ۔ (صیدنہ ص ۱۱) اور ماشجہ (صیدنہ ص ۱۱) بقم کے ذیل میں۔ یہ مشہور اوزان کے نام ہیں۔ تحقیق ماللہند میں بھی آ چکے ہیں۔ "فی الہند۔ ماشہ" سرِس (صیدنہ ص ۱۱) ۔ بھرآمج کے ذیل میں " .... وبالسندیۃ سرس وہو البہرامج" البیرونی نے اس کو سندھی قرار دیا ہے۔

بیش (صیدنہ ص ۱۱)، بالھندیۃ بش منبتہ بارض الھند فی جبال کشمیر واسم الجبل الذی ینبت علیہ شنکرستاجن جبلٌ فی کشمیر فی حدود کرناوہ...." (نوع یسمی سرنک۔ منبتہ فی جبل کالیھار فی حدود کشمیر بوبھند) محیط اعظم میں لکھا ہے: بیش ۔ بش، وآن بیخ است ہندی، بسیار سمی قتال کہ در اکثر جبال ہند ونواح ہند می شود، وبہندی بس، بچھناگ، ومیٹھا نامند (ج ۱ ۔ ص ۲۷۵) لیکن یہاں شاید یہ لفظ مراد نہیں۔ بلکہ وہ درخت جس کو پنجاب میں بِس یا بیئس کہا جاتا ہے ۔ جو بید مجنون کے خاندان میں سے ہوتا ہے (Salix alba) ہندوستان کی باقی زبانوں میں مندرجہ ذیل نام ہیں:۔

کشمیری ۔ وویر، پنجابی بِیس ۔ یُر، چنگما ۔ ماچنگ، یمّا وغیرہ ۔ افغانی بیدسیاہ، سندھ پار ۔ کھروالہ (ملاحظہ ہو پنجاب پلانٹس، واٹڈین میڈیکل

پلانٹس ج ۲، ص ۱۲۲)

اگر پہلی صورت کو تسلیم کیا جائے۔ تو پنجابی اور ہندوستانی میں بس بمعنی زہر ہے۔ اگر دوسری صورت ہو تو شمالی پنجاب کا بیِنش۔

دیودار (صیدنہ ۱۴۴) العشر دیودار .... وسمیتہ اہل عج کہ کرک

یہ وہی لفظ ہے جسے پنجابی میں دیار کہتے ہیں۔ اس کی بہت سی اقسام ہیں۔ ان میں پُدرّ۔ دیار۔ کیلو۔ کیولی۔ کینول۔ کیولی بھی شامل ہیں۔ دیودار فارسی میں "دارو" مستعمل ہے۔ لیکن سنسکرت والے اس کو اپنا لفظ قرار دیتے ہیں۔ (دیودارو) انڈین میڈیسنل پلانٹس (ج ۲، ص ۱۲۲۳) کے مصنف نے دیودار اس کی ہندی بتائی ہے (ملاحظہ ہو آپٹے سنسکرت ڈکشنری و ہابسن جابسن "بذیل دیودار)۔ نیز ملاحظہ ہو بمبئی میٹریا میڈیکا ص ۲۱۲ ۵۔

ترنج (صیدنہ ۱۱۴) ترید۔ بالفارسیہ تربل وبالہندیتہ ترنج ..... یجلب من نھلوار ہ من بلاد السند

تودری (حاشیہ صیدنہ ۱۱۴ [تودریج و تودری] تودرک فی الاصل

محیط اعظم کے بیان کے مطابق اس کا ہندی نام تُودری ہے (ج ۲، ص ۱۰۱)

چاء۔ (صیدنہ ۱۱۴) اگرچہ ہندوستانی لفظ نہیں۔ لیکن صیدنہ کے فارسی ترجمے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اہل ہند التمش کے زمانے میں اس "بادۂ حلال" سے خوب واقف تھے۔ اور اس کی بڑی قدر تھی۔ اور اس کا بیع وشرا ناجائز تھا۔

الروبجہ۔ (صیدنہ ۱۱۱) [ھی الدراھم السندیۃ وھی القصریات عند الہند]

۱؎ پنجاب پلانٹس۔ ۲۲۰،

ہابسن جابسن کے بیان کے مطابق روپیہ کا لفظ سنسکرت "Rupya" ہے

تاتگی ۔ داذی : بالہندیۃ تاتگی .....

عربی داذی کا نام فارسی میں جوجاذو ہے (محیط اعظم ۔ ج ۲ ص ۹۹ ؛ پنجابی اور ہندی میں بلنت ۔ ویند لو بلسنت ہے (ملاحظہ ہو پنجاب پلانٹس ص ۳۰۰ : انڈین میڈیکل پلانٹس ج ۱ ۔ ص ۱۴۶ : انڈین میٹریا میڈیکا ص ۴۶) تاتگی کے متعلق تحقیق نہ ہو سکی ۔

تج ۔ (صیدنہ ص ۱۲) " دار صینی .... وھو بالھندیۃ تج " ۔

آج کل پنجاب اور دوسرے صوبوں میں تج کے مقابلے میں دارچینی کا لفظ زیادہ مستعمل ہے ۔ تاہم ہندی ۔ بنگالی اور دکنی میں اب بھی تج کا لفظ موجود ہے (ملاحظہ ہو بمبئی میٹریا میڈیکا ۔ ص ۴۷۲ اور انڈین میٹریا میڈیکا ۔ ص ۲۰۰) تج پتر یعنی جنگلی دارچینی ؛

پانڈورت ۔ (صیدنہ ص ۱۲) " دم الاخوین .... بالسندیۃ باتورت وبالفارسیۃ خون سیاوشان وقیل کاخون وبالہندیۃ پاندورت یعنی دم پاندو وھولحد الکبار عندھم بازاء سیاوش عند الفرس الخ

دم الاخوین کے ذیل میں محیط اعظم میں ہے " ہندی ہیرادکھی ورنگ برت رتت ۔ لہو ؛

ریوند : صیدنہ ص ۱۳ ، [تعت]

ریوند چینی اس وقت ہندوستان کی بہت سی زبانوں میں مستعمل ہے ۔ مثلاً ہندی ، بنگالی ، پنجابی وغیرہ ، فارسی میں اس کو ترسک اور سنسکرت میں املاوتسا (Amla Vetasa) کہتے ہیں ۔ (ملاحظہ ہو انڈین میٹریا

میڈیکا ۱۴۱۷ اور انڈین میڈیسینل پلانٹس ج ۲-ص ۸۰ - ۱۰۷۹،

سُمدر پھین (صیدنہ ص۱۲) "زبد البحر بالہندیۃ سمدر پین ....."

صیدنہ میں یہ لفظ کچھ غلط لکھا گیا ہے ... یعنی سمدر پین - اصل لفظ سنسکرت ہے - اور اس وقت گجراتی وغیرہ میں استعمال ہو رہا ہے - پنجاب میں سُمندر جھگ کہتے ہیں - (انڈین میٹریا میڈیکا ۱۱۲۷)

توتیا نجی - (صیدنہ ص۱۲) "زرنب" و زرقفت ... ویسمی بالھندیۃ **توتیا نجی**"

اس لفظ کی کما حقہ تحقیق نہ ہو سکی - محیط اعظم میں زرنب کو برہمی، تالیس اور تالیس پترا کے مرادف قرار دیا ہے - کوئی تعجب نہیں کہ یہ لفظ سنسکرت کا توتھا نجن ہو جو ہندی کے ہرن توتیا کا ہم معنی ہے (انڈین میٹریا میڈیکا ص ۲۲۷)

کتورہ (صیدنہ ص۱۲۲) "**زھم بالھندیۃ کتورہ یجلب من السند والدیبل** .... ولا یعرفہ العرب"

تحقیق نہیں ہو سکی -

کوہ (صیدنہ ص۱۲۲) "زیتون .... **والمولتانیون یسمونہ کوہ**"

یہ زیتون کا ہم معنی ہے - اور بہت سی اقسام رکھتا ہے - پنجاب میں اس خاندان کے درخت بہت ہیں - پنجاب پلانٹس میں اس کو Kau، Koha، Ko، Khau لکھا گیا ہے - پنجاب اور ضلع ہزارہ میں بہ کثرت ہوتا ہے - ہزارہ میں کہو کہتے ہیں -

نوشادر (صیدنہ ص۱۲۳) السبج کے ذیل میں -

اس کی اصل شاید فارسی ہے - لیکن اس وقت ہندوستانی کا جزو بن چکا ہے -

مُشت (صیدنہ ص ۱۳۳) "سعد ... بالھندیۃ مت، بالزبلیۃ مست ..."

محیط اعظم میں ہے "سعد" وآن بیخ نباتی است برگ او شبیہ برگ گندنا الّا ازان باریک تر نوعی بستانی است بہ ہندی "موہتہ" گویند۔ (ج ۳ ص ۲۴۴)

سعد کوفی اس کی عمدہ ترین قسم ہے۔ ہندی میں اس کے مختلف نام یہ ہیں۔ موتھہ۔ تمیر۔ ثمرو۔ چمر۔ پنجابی میں مرآڑا، ڈودمیر وغیرہ کہتے ہیں۔ (انڈین میڈیسنل پلانٹس ج ۱، ۱۴۲۸) تلگو میں موہودو، موردو کہتے ہیں (انڈین میٹریا میڈیکا۔ ۳۰۳) کشمیری میں چمکت اور وادی ستلج میں مورت (پنجاب پلانٹس ۶۷)

جوتا = چوٹا۔ (حاشیہ صیدنہ ص ۱۳۳) سفرجل کے ذیل میں حاشیہ تف = "و اہل کشمیر جوتا گویند ..."

ہزارہ، جموں اور پنجاب کے شمالی اضلاع میں سیب کو چوٹا کہتے ہیں۔

رال (صیدنہ ص ۱۲۵) "سندروس: بالھندیۃ رال، وقیل ایضاً مزیمہو وقیل میتو ....."

(نیز ملاحظہ ہو "الجماہر فی الجواہر")۔

محیط اعظم میں چندرس اس کی ہندی بتائی ہے۔ اور کہا ہے۔ کہ یہ کہربا کی طرح کی چیز ہوتی ہے، زرد اور سرخ، پنجابی میں رال یا رالی کہتے ہیں۔ جو سنسکرت کے رال آرلو سے ماخوذ ہے۔ ہندی میں کنگلی بھی کہتے ہیں۔ گجراتی میں چندرسا اور بمبئی کے بعض حصوں میں جن اردھو مدھا کہتے ہیں جو مزیدہون کے قریب قریب ہے۔ انگریزی میں علمی نام *Mimosa Rubricaulus.* ہے۔ جو میو کی

اصل معلوم ہوتی ہے (ملاحظہ ہو انڈین میٹیریا میڈیکا ۵۵۲، محیطِ اعظم ج ۴
ص ۲۴۶، بمبئی میٹیریا میڈیکا ص ۵۱۱)

مُہلت = مُلَتِّھ (صیدنہ ص ۱۲۵) "سُوس - بالھندیۃ مُہلت .. وبالزنگلیۃ
قلنج"

ہندی میں مُلہٹی یا میٹھی لکڑی ہے۔ سنسکرت میں مدھوک یا یشٹی مدھ
لیکن اس کا عام فہم اور عوام پسند تلفظ مُلٹھی یا مُلَٹھی ہے (بمبئی میٹیریا میڈیکا
۲۵۴، انڈین میٹیریا میڈیکا ۳۹۶)

کبیر کاکول - (صیدنہ ص ۱۲۵) "شقاقل" "بیخ گزر دشتی را گویند و ذو قو تخم
اور اگویند و او را از سمرقند باطراف برند و بھندی آنرا کبیر کاکول گویند"

[تف]

محیطِ اعظم میں ہے "شقاقل .... و بھندی دود ہالی بمعنی شیر دار، ستالی
بسیار اولاد پیدا کنندہ، سوالی - آرام دہندہ، کاکول - امید زیادہ کنندہ ...
وبقول بعضی کاکول اسم فارسی است و آن بیخ است معروف (ج ۳ ص ۱۲۳)

رخت چندن = رت چنن (صیدنہ ص ۱۲۶) "صندل - وبالزنجیۃ جندل
.... والمقامری سہ سوگند ای قطاع جیلۃ والاحمر منہ
رخت جندن ...."

مندرجہ بالا عبارت میں سہ سوگند غالباً Shohugandh ہے۔
(ملاحظہ ہو انڈین میڈیسنل پلانٹس ج ۱ - ص ۴۵۷) سنسکرت، بنگالی
اور کناری میں رکت چندن کہتے ہیں (انڈین میٹیریا میڈیکا ۱۸)
اس کو پنجاب میں رت چنن کہتے ہیں۔

تالک - (صیدنہ ص ۱۲۷) "طلق، بالھندیۃ تالک ...."

محیط اعظم میں ہے "طلق ۔ معرب از تالک فارسی، بعربی کوکب الارض و بفارسی ابرک و بہندی ابھرک و بھوڈل نامند ....." انڈین میٹریا میڈیکا کے مطابق ابھرک سنسکرت، تلک فارسی اور دکنی، اَوْرک ہندی۔ گجراتی ہے (ص ۱۰۰)۔ بمبئی میٹریا میڈیکا (ص ۶۵) ابھرک سنسکرت، اورک ہندی اور فارسی ہے۔ فارسی لغات تے تلک اور تالک کو فارسی لفظ قرار دیا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ البیرونی کے زمانے میں تالک پنجاب اور اس کے مضافات کے ذخیرۂ زبان میں جذب ہو چکا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ بیرونی اس کو ہندی لفظ قرار دیتا ہے۔

جوک (صیدنہ ص ۱۲۷) "پارسیاں دیوجہ گویند و بہ ہندی جوک گویند ... (تف)

مَرِچ (صیدنہ ص ۱۲۹) "فِلفِل ... والفلفل الاسود بالهندیة مَرِچ و بالسغدیة ایضاً مَرِچ"

انڈین میٹریا میڈیکا (ص ۱۶۳) کے بیان کے مطابق سنسکرت میں مَرِچ پھلم یا کتوویرا اور ہندی لال مرچ کہتے ہیں۔ بمبئی میٹریا میڈیکا (ص ۴۹۵) میں اس کی سنسکرت اُشنا مَرِشا، بنگالی گول مَرِچ اور ہندی کالی مرچ لکھا ہے۔

پنجاب کے شمالی اضلاع میں جہاں ٹھیٹھ اردو یا ہندی تلفظ نہیں پہنچا۔ ابھی تک لوگ اس کو مَرِچ یا مَرچ میم مفتوح کے ساتھ بولتے ہیں۔

مَنِت [ـ مَنِیت یا مَنجِیت] (صیدنہ ص ۱۲۹) "فوّة الصاغین، بالهندیة مَنِت و بالفارسیة روین ....."

بمبئی میٹیریا میڈیکا کے بیان کے مطابق (ص۳۵) اسے ہندی میں مجیٹھ یا مانجیٹھ مہاراشٹر میں مانجیشتہ دکنی اور بنگالی میں ماجیت کہتے ہیں۔ انڈین میٹیریا میڈیکا (ص۵۵) مختلف زبانوں میں اس کا یہ تلفظ ہے: سنسکرت کناری بمبئی اور مہاراشٹر میں منجیت۔ ہندی اور بنگالی میں منجت۔ تامل میں منڈتی ہے۔ اس سے معلوم ہوگا کہ البیرونی کا تلفظ ان سب سے قدرے مختلف تو ضرور ہے۔ لیکن ہندی سے اقرب ہے گو کسی حد تک بگڑا ہوا ہے۔

ایلانجی ایل گکولا وتلا۔ (صیدنہ ص۲۹) "قاقلہ هی من ارض الزهب بالهندیه ککولا وتلا نوعان کبار و صغار . . . . ویسمی الهند صغارا اذا کان منثورا ایل واذا کان مغلقا ایلانجی . . . ."

(اس کے لئے دیکھو "عرب و ہند کے تعلقات" ص۷۶) ہیل

لونگ ولونگل (صیدنہ ص۳۱) "قرنفل بالهندیة لونگ او لونگل . . . ." لونگ اس وقت ہندوستان کی زبانوں کا ایک عام لفظ ہے۔ لونگل شاید لونگھل ہے (صیدنہ کا حاشیہ نمبر۲ ملاحظہ ہو)

کُٹ (صیدنہ ص۳۱) "قسط۔ بالهندیة کت و بالرومیة قسطوس . . . ومنه نوع ابیض مرّ وهو الهندی یسمی البنفجی (؟) لان رایحته یشبهه". سنسکرت میں کُشت یا پشکر ہندی میں کُست کُٹ وغیرہ پنجاب میں کُٹ۔ کوت یا کوٹھ تلگو میں کُستم گجراتی میں پشکرمُل وغیرہ کہتے ہیں (انڈین میٹیریا میڈیکا ۷۷۶، ۲۴۸ "بمبئی میٹیریا میڈیکا ۴۷، ۳ پنجاب پلانٹس ص۱۲) کشمیر اور اس کے نواحی پہاڑوں پر بکثرت ہوتی ہے۔ اور بڑی خوشبودار چیز ہے۔ محیط اعظم (ج۲۔ ص۹۹۹)

میں ہے: قُسط، بضم قاف وسکونِ سین وطاء مہملہ' گویند معرب از کُٹ ہندی است و بیونانی قرسطوس' و بفارسی کوشتہ' و بفرنگی کست و بہندی کٹ و کوٹھ نیز گویند'

اسبغول ۔ (صیدنہ ۱۳) ''قطونا' در پارسی اسبغول و خرغول .... و واسبغول ہندی و جرجان بمنفعت زیادہ بود از انواعِ دیگر'' [تعقیب] یہ لفظ غالباً فارسی الاصل ہے۔ لیکن اس وقت بنگالی ہندی پنجابی وغیرہ میں جذب ہو چکا ہے۔ کاشانی کے زمانے میں ہندی بن چکا تھا۔

رال (صیدنہ ط ۱۳) ''قیر۔ واو را از قعر دجلۂ بغداد بیرون آرند... یکنوع را از و در زمین ہند او را (کذا) رال می گویند و در صیدنہ چنین دیدم کہ اہل ہند او را بسہ گویند ...''

بسہ کی تحقیق نہ ہو سکی۔ محیط اعظم میں لکھا ہے (ج ۲۔ ص ۴۶)' ''رال۔ اسم ہندی قیقہر است و ہندیاں آنرا گگلم گویند و بسنسکرت بھلنکش (یعنی دافعِ کرم) گویند' درخت آن سیاہ باشد و صمغ آن زرد است۔ و امراضِ جلدیہ را نافع''

کیوڑہ (صیدنہ ط ۱۳) ''کاذی ... و کیہانی گوید: ... اہل زمین ہند کاذی را گل کیوڑہ گویند''

محیط اعظم میں ہے (ج ۴ ص ۴۴): کَدر اسم عربی است و بلغت اہل یمن' و بقول بعضی بہ لغت ہندی کاذی نامند و نیز بہندی کیوڑہ گویند و نوع کوچک آن را کیتکی خوانند' صاحب جامع بغدادی می گوید کہ در یمن بسیار است و معروف بہ کاذی است۔ دینوری

می گوید - کہ نبات کادی ببلاد عرب در نواحی عمان بسیار می شود وغیرہ'
وصاحب جوامع ادویہ مفردہ مرکبہ گفتہ کہ آنرا کادی گویند - درختی
است کہ در زمین ہند' و سند و مکران می روید"

انڈین میٹیریا میڈیکا (۶۳۱) کے بیان کے مطابق سنسکرت میں
کیتکی' بنگالی میں کیوڑا' بمبئی اور مہاراشٹر میں کیوڈا - تامل میں کیتھا'
کناری وغیرہ میں کیدگی کہتے ہیں - اس لحاظ سے کادی (کاذی)
بھی ہندی لفظ کے قریب ہے (نیز عرب وہند کے تعلقات)

آلسی (صیدنہ ط۱۳۲) "کتان - تخم اورا بہ سُغد و سمرقند و فرغانہ زغیر گویند -
وزغیرہ نیز گویند و بہندی آلسی گویند" -
محیط اعظم میں ہے"..... بہندی آلسی وتیسی گویند (ج ۴ - ص ۳۴) -
"بمبئی میٹیریا میڈیکا (ص۱۹۱) میں ہے کہ آلسی تخم کتان کو کہتے ہیں - ہندی
میں آلسی اور تِسی' سنسکرت میں اَتسِی اور بمبئی میں اَلشی یا آلشی کہتے
ہیں -

جیروا = زِیرہ (صیدنہ ط۱۳۲) "کمونا - بالفارسیۃ زیرہ ..... بالہندیۃ اجاجی
وبالسندیۃ جیروا -

انڈین میٹیریا میڈیکا (۲۶۹) میں ہے سنسکرت میں جیرکا - اجمود -
جیرا وغیرہ کہتے ہیں - ہندی اور بنگالی میں سفید جیرا اور فارسی میں
زیرہ کہتے ہیں - گجراتی میں سفید جیرم تلگو میں جِیل کرا - کنڑی میں
جِیرج - مہاراشٹری وغیرہ میں جیرہ کہتے ہیں - البیرونی زیرہ کے
لئے ہندی لفظ اجاجی بتایا ہے - اس کے معنے سنسکرت میں " وہ
جسے بکریاں چھوڑ جائیں " زیرہ کو بکریاں پسند نہیں کرتیں - اس سے لئے

اس کا یہ نام رکھا گیا (ملاحظہ ہو ولیم سنسکرت ڈکشنری) اس موقعہ پر البیرونی نے ہندی سے سنسکرت مراد لی ہے۔ بایں ہمہ اس کے بعد لفظ زیرہ ہی ہندوستانی زبانوں میں جگہ پکڑ گیا ہے۔ چنانچہ محولہ بالا بیان کے مطابق ہندوستان کی سب بولیوں میں موجود ہے۔

لیمو (صیدنہ ۱۳۵) "یعمل من قصدار یشبہ النارنج وفیہ ازانۃ وملاسۃ لایبق علیہ و یعل شبیہ بلیب النارنج ...."

سنسکرت میں Jambeeram Jambha. کہتے ہیں۔ اس وقت یہ لفظ ہندی، دکنی، بنگالی، کشمیری، پنجابی اور گجراتی میں ادنیٰ اختلاف موجود ہے۔

کستری۔ کتوری (صیدنہ ط ۱۳۶) "مسک: بالھندیۃ کستری کتوری .... واما الھندی فاجودہ النیبالی ... ومن الھندی [نوع] یسمی حرسری (؟) و بعدہ النیبالی والکشمیری ....."

انڈیا میٹیریا میڈیکا میں ہے (۱۱۱۹): - کہ مشک کو سنسکرت، ہندی، بنگالی، گجراتی، کونکنی، کناری، تامل، تلگو، ملیالم میں کستری یا کستوری کہتے ہیں۔ اسی مصنف کے بیان کے مطابق اس کی مختلف ہندی اقسام کا مروپی، نیپالی اور کشمیری ہیں۔ لفظ حترسری کی تحقیق نہ ہو سکی (نیز ملاحظہ ہو بمبئی میٹیریا میڈیکا ۹۸)

کلکل۔ کرکر = گوگل (صیدنہ ط ۱۳۶) "المقل .... بالرومیۃ بدلیون وایضاً بدالیون وبالسریانیۃ مقلاً وبالفارسیۃ بوے جهودان ....، بالھندیۃ کلکل وقیل کرکر ...... الخ

محیط اعظم میں ہے (ج ۴ ص ۹۶): بہندی آنرا گوگل نامند و آن

صمغ درختی است بقدر درختِ کندر و بسیار عظیم و در سواحل بحر
عمان ..... الخ"

انڈین میٹیریا میڈیکا (ص ۹۸، ۱۲۶) میں ہے۔ کہ یہ چیز سنسکرت میں
گگل یا کوشیکا کہلاتی ہے۔ ہندی، دکنی، تلگو، مرہٹی میں گگل، بنگالی
میں گگل یا مُقل، تامل میں گگل اور گجراتی میں گگر اور کناری میں
گگل کہلاتی ہے۔ البیرونی کا تلفظ کسی قدر بدلا ہوا ہے۔

ناریل (صیدنہ ص ۱۳۸) "نارجیل، بالہندیۃ ناریل ....."
سنسکرت میں Tranaraj. اور نری کیل ہے۔ بنگالی میں بھی
یہی ہے۔ یہ ہندوستانی زبانوں کا ایک عام لفظ ہے۔

پَدُم۔ (صیدنہ ص ۱۳۹) "نیروفل، و بارض الھند لا یکون منہ غیر الاحمر
والابیض ویسمونہ، پدم ....."

بمبئی میٹیریا میڈیکا (ص ۱۴۳) میں ہے: کہ ہندی میں اسے کنول یا
کمل پھول، سنسکرت میں کنول یا پدم، اور باقی زبانوں میں بھی کم و
بیش کنول یا کمل کہتے ہیں۔ اس لفظ کے سلسلے میں عام مقامی بولیو
کی بجائے سنسکرت کو مأخذ بنایا ہے۔

کورکو [کوڑی] (صیدنہ ص ۱۴۰) "الودع بالھندیۃ کورکو وایضاً
کج ....." ..... الکبار المسماۃ شنک فی غایۃ البیاض"

محیط اعظم میں ہے (ج ۴۔ ص ۱۸۸): "بفارسی آنرا کچک و در دیلم
کلاچک ..... و بہندی کوڑی گویند و قسم بزرگ آنرا بہ فارسی سفید مہرہ
و باد مہرہ و بہندی سنکھ نامند، و نوع کوچک آنرا بشیرازی گوش
ماہی و بہندی گھونگا خوانند" اس بیان کے مطابق کج یا کچک

فارسی ہے۔ شنک اور سنکھ ایک ہی لفظ ہے۔

ہَرْتِیْن زہریرہ] دصیدنہ ط ۱۴۱ " ھلیلج وقیل انہ' بالھندیۃ ھوزبل وایضاً ھَرْتِیْن ....."

انڈین میٹیریا میڈیکا (۶۴۴) میں ہے۔ کہ اسے سنسکرت میں ہریتکی ہندی اور دکنی میں پیلی ہرڑ' ہرڈ' پنجابی اور کشمیری میں زرد ہلیلہ نیز بمبئی میٹیریا میڈیکا (۲۹۵) کے مطابق ہندی میں ہَرْج' پیلی ہَرْ اور ہرڈ کہتے ہیں۔ کوئی تعجب نہیں کہ اس کا اصل تلفظ ہَرْتِین ہو۔

فقط

میں یہ پہلے عرض کر چکا ہوں۔ کہ البیرونی کی سیاحت کا محور اور دائرہ وادی کابل پنجاب اور سندھ تک محدود تھا۔ جب یہ ثابت ہوگیا تو ہمیں یہ دیکھنا ہے۔ کہ البیرونی نے جو ہندوستانی الفاظ اپنی کتابوں میں لکھے ہیں اُن کی ماہیت کیا ہے؟

البیرونی کی کتاب الجماہر فی معرفۃ الجواہر حیدر آباد (دائرۃ المعارف) سے ۱۳۵۵ھ میں شائع ہوئی ہے۔ زکی ولیدی طوغان نے بھی اس کے اقتباسات شائع کئے ہیں۔ یہ کتاب موودود کیلئے سنہ ۱۴۳۰ھ میں لکھی گئی تھی (ملاحظہ ہو زکی ولیدی' دیباچہ ص ۱۷)

اس میں جو ہندوستانی الفاظ آئے ہیں۔ ان کی فہرست یہ ہے:۔ (جغرافیائی نام خارج ہیں) اوت (ص ۹۹)' بھلر (ص ۱۵۸)' پاندورت (ص ۳۷)' پتنک (ص ۱۸۲)' پدم راگ (ص ۳۷)' تل۔ تولہ (ص ۳۶)' چندکاند (ص ۷۹)' واریدم (ص ۱۷۶)' دیب (ص ۴۳)' رتو (ص ۹۹)' سپ (ص ۲۴۲)' سورن (ص ۲۳۲)' شنک و شنکر دا۔ دا' کلت (ص ۴۶)' کسنب (ص ۳۵)' کندبیر (ص ۳۵)' ستی (ص ۴۵)' مریدھون (ص ۲۳)' منک (ص ۹۱) نیل (ص ۳۳)' ہرباچ (ص ۲۱۳)' ھیرا (ص ۹۲)'

یہ الفاظ فہارس میں "اجناس الجواہر" سے لئے گئے ہیں

پروفیسر زخاؤ کا بیان ہے کہ البیرونی سنسکرت اور ورنیکلرز کے Phonetic System کا بڑا ماہر معلوم ہوتا ہے۔ اسے سنسکرت کی علمی اصطلاحوں سے کامل واقفیت تھی۔ اور ادبی روایات و اصول کا پورا شناسا تھا۔ اس کی سنسکرت دانی مسلم تھی۔ یہاں تک کہ بعض اوقات بڑے بڑے پنڈت اور ودّیادان بھی اس کی محیر العقول علمی قابلیت کو دیکھ کر دنگ رہ جاتے تھے۔

عجیب بات ہے کہ البیرونی اصطلاحات علمیہ سے واقف ہونے کے باوجود سنسکرت اور پراکرت کا لفظ کہیں استعمال نہیں کرتا۔ بلکہ جب کبھی وہ کوئی ہندوستانی لفظ استعمال کرتا ہے۔ تو محض "الہندیہ" کہہ کر اس کا ذکر کرتا ہے[1]۔ مثلاً تحقیق ما للہند میں (ص ۷۶؛ س ۸) ایک جگہ کہتا ہے: "و ھو المعروف عندنا بکتاب کلیلہ و دمنہ فانہ تردد بین الفارسیۃ و الھندیۃ ثم العربیۃ والفارسیۃ ....." اسی طرح ص۱۰۵ پر کواکب کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے "اسماؤھا بالھندیۃ"۔

مگر باوجود اس کے وہ کتابی علمی زبان اور بولی کے فرق کو بخوبی جانتا ہے۔ اور کلاسیکل زبان اور عوام کی زبان میں امتیاز کرتا ہے۔ مثلاً تحقیق ما للہند میں (ص۱۱۲؛ س ۱۷؛ ۱۹) میں ادھ ماسہ کے ذکر میں کتابی اور مبتذل زبان کے فرق کو واضح کرتا ہے۔ پھر بھی یہ ضرور ماننا پڑے گا۔ کہ وہ بعض اوقات

---

[1] زخاؤ۔ دیباچہ الہند XXII: نیز اس بحث پر دیکھو زخاؤ کا جرمن رسالہ۔ Indo-Arabischen Studien Zur Aus-Sprache und Geschichte des Indischen in Der Ersten Hälfte des XI Jahrhunderts- Berlin 1888.

سنسکرت اور ورنیکلر عامی اور فصیح کے درمیان امتیاز نہیں کرتا[1]۔ مثلاً تحقیق ماللہند (ص ۱۰۵) میں ہندی بہنوں کے نام لیتے ہوئے کہتا ہے کہ یہ کلاسیکل زبان سے تعلق رکھتے ہیں۔ حالانکہ وہ سنسکرت کی صورتیں نہیں ہیں[2]۔

تحقیق ماللہند میں غیر سنسکرت (یا ورنیکلر) الفاظ دو قسم کے ہیں۔ اوّل وہ جو پراکرت کے مرحلے سے آگے گذر چکے ہیں۔ دوم وہ جو پراکرت کے مرحلے سے نہیں گذرے۔ لیکن براہ راست سنسکرت سے مشتق ہیں[3]۔

سچ یہ ہے کہ تحقیق ماللہند کے ورنیکلر الفاظ کا مسلۂ نہایت پیچیدہ اور مشکل ہے۔ موجودہ لسانیاتی مطالعہ کی روشنی میں یہ بات متعین نہیں کی جا سکتی۔ کہ البیرونی کسی خاص ورنیکلر کے الفاظ لاتا ہے۔ پروفیسر زخاؤ فرماتے ہیں کہ "تحقیق ماللہند میں جو ورنیکلر الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ میں موجودہ ہندوستانی ورنیکلرز میں کسی کے ساتھ ان کو متعلق نہیں کہہ سکتا۔ شاید یہ کسی ایسی زبان کے الفاظ ہیں — جو گیارہویں صدی میں وادی کابل اور اس کے نواحی علاقوں میں بولی جاتی تھی اور یہ ایسی زبان تھی۔ جس کے تحریری نمونے کسی کتاب، یا کتبے کی صورت میں ہم تک نہیں پہنچے" کچھ آگے چل کر یہی فاضل لکھتا ہے۔ کہ البیرونی نے گنتی کے جو اعداد دئے ہیں۔ ان کو دیکھنے نیز بہت سے اور الفاظ کا مقابلہ کرنے سے میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں۔ کہ البیرونی کی ورنیکلر ہندوستان کی باقی سب

---

[1] زخاؤ دیباچہ تحقیق ماللہند XXXIII، [2] ان مباحث کے لئے دیکھو Hoernle, Comp. Grammar, P. 72 اور زخاؤ، [3] بیمز کا مضمون رائل ایشیاٹک سوسائٹی ۱۸۷۱، ص ۱۴۹،

نیو آرین زبانوں کے مقابلے میں، سندھی سے قریبی علاقہ رکھتی ہے"۔

(دیباچہ الہند (XXIV))

بد قسمتی سے البیرونی کے بعض ہندوستانی الفاظ نہایت بگڑی ہوئی شکل میں ہم تک پہنچے ہیں۔ یہاں تک کہ فاضل پروفیسر زخاؤ نے تحقیق ماللہند کے ایڈیشن میں اس دقت کو سخت محسوس کیا ہے۔ لہذا بہت سے ورنیکلر الفاظ کی اصل محض اس لئے معلوم نہیں ہو سکتی۔ کہ وہ اپنی اصلی صورت میں نہیں۔

ہمارے پاس پنجابی اور ہندی کا کوئی قدیم نمونہ ایسا موجود نہیں۔ جسے اس وقت سے متعلق کیا جا سکے۔ ہندی کے قدیم ترین نمونے جو ہمیں دستیاب ہو رہے ہیں۔ وہ گریرسنؔ کے بقول مشکوک ہیں۔ شبو سنگھ سروج کے مطابق ہندی کا قدیم ترین شاعر Punya پُسیَہ یا پُنّیہ یا پنڈ؟ تھا۔ جو اُجین کا رہنے والا تھا۔ یہ شاعر سنسکرت اور ہندی دونوں زبانوں میں لکھتا تھا۔ اس کا زمانہ ۷۱۵ء کے لگ بھگ بتایا جاتا ہے۔ اسی طرح کھمن سنگھ ایک اور شاعر تھا۔ جس کا زمانہ ۸۳۰ء بتایا جاتا ہے۔ کیدار د (۱۱۵۰ء) علاء الدین غوری کے زمانے کا شاعر تھا۔ چاند کوی کی شہرت سب سے زیادہ ہے۔ جس کی کتاب پرتھوی راج رایسا بڑی مشہور کتاب ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ یہ سب مشکوک ہیں۔ علی الخصوص چاند کوی کی پرتھی راج رایسا تو پروفیسر شیرانی صاحب کے بیان اور تنقید کے مطابق بالکل جعلی تصنیف ہے۔ اس لحاظ سے ہندی کے قدیم ترین مستند نمونے چودھویں

ے The Modern Literary History of Hindustan, Grierson Chap. I & II.

پندرہویں صدی عیسوی سے متعلق مل سکتے ہیں۔

پنجابی زبان کے متعلق بھی یہی بیان دیا جاسکتا ہے۔ بقول ایک مصنفؒ کے "پنجابی کے قدیم ترین تحریری نمونے آدگرنتھ میں محفوظ ہیں"۔ یہی نمونے ہر لحاظ سے مستند ہیں۔ گورکھ ناتھ اور گوپی چند کے شبد اس سے پہلے کے ہیں۔ (۱۴ ویں صدی ع) لیکن یہ بھی مشکوک سمجھے جاتے ہیں۔

ان حالات میں البیرونی کے الفاظ کے متعلق کوئی رائے قایم کرنا خطرے سے خالی نہیں۔ تاہم یہ ضرور کہا جاسکتا ہے۔ کہ اس کے وہ الفاظ جو کتاب الصیدنہ میں ہیں۔ شمالی ہندوستان کی اس وسیع رائج الوقت ورنیکلر سے تعلق رکھتے ہیں۔ جو عہد گپت (۸ ویں صدی ع) کے بعد شمالی ہندوستان میں مختلف عناصر سے مل کر ظہور میں آچکی تھی۔ اور اس کی ترکیب سنسکرت، پالی، فارسی، چینی، یونانی اور ترکی سے عمل میں آئی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گیارہویں صدی ع میں جب البیرونی نے ہندوستان کا سفر کیا۔ تو یہی ورنیکلر یہاں کی وسیع ترین زبان تھی۔ جس کو البیرونی جیسا فاضل سنسکرت، الہندیہ کے نام سے یاد کرتا ہے حالانکہ اگر وہ چاہتا تو سہسکرتی، پراکرت یا کسی اور نام سے اس کو تعبیر کرسکتا تھا۔ ملتان میں البیرونی کا قیام کچھ زیادہ رہا۔ اس سے بھی یہ نتیجہ نکالا جاسکتا ہے۔ کہ شاید اُس ورنیکلر کا اہم ترین مرکز ملتان ہی ہوگا۔ کتاب الصیدنہ کے الفاظ تحقیق ماللہند کے مقابلے میں ورنیکلر سے زیادہ متعلق ہیں۔ اور آج بھی ہمارے لئے قابل فہم ہیں۔ بلکہ بعض ایسے الفاظ ہیں۔ جو اس وقت بھی پنجابی میں بولے جاتے ہیں۔ بہرصورت، ان الفاظ کے متعلق کوئی قطعی اور آخری رائے نہیں

ؒ A Phonology of Punjabi - Banarsi Dass, pp. 2-3.

دی جا سکتی۔ پروفیسر زنماؤ کا یہ خیال کہ یہ الفاظ سندھی سے قریب تر ہیں۔
اس ترمیم و اضافہ کے ساتھ قبول کیا جا سکتا ہے۔ کہ اس زمانے میں کوئی
ایسی بلند پایہ ورنیکر پنجاب اور سندھ میں موجود تھی۔ جس کی حیثیت محض
بازاری زبان کی نہ تھی۔ بلکہ اس کی مقبولیت سنسکرت کے قریب قریب تھی
قدرتاً اس کا مرکز ملتان اور سندھ کا مشرقی حصہ ہوگا۔ لیکن اس کا دائرہ اثر
ملتان سے لے کر کشمیر کی سرحدوں تک ممتد ہوگا۔

غالباً یہی وہ زبان تھی۔ جو بعد میں تمام نو آرین زبانوں پر اثر انداز
ہوتی ہے۔ اور اس قدر اہمیت اختیار کرتی ہے۔ کہ اس کے الفاظ مسلمانو
کی سپاہ کے ساتھ ساتھ ہندوستان کے باقی حصوں میں پہنچتے ہیں۔ اور
ان علاقوں کی مقامی بولیوں کا جزو بن جاتے ہیں۔

البیرونی کی کتابوں کے ذریعے اور خصوصاً صیدنہ کے شائع ہو
جانے سے آج سے ہزار سال قبل کی رائج الوقت زبان کے متعلق یقیناً
ہماری معلومات میں اضافہ ہوا ہے۔

سید عبد اللہ

خلاصۃ التواریخ کا مصنف

اورینٹل کالج میگزین بابت ماہ اگست ۱۹۳۴ء میں خط و خطاطان کے تحت آغاز و انجام خط کے عنوان سے ایک اقتباس خلاصۃ التواریخ سے نقل ہوا اور اس کو نامعلوم الاسم مصنف کی کتاب بتایا ہے۔ میری رائے میں یہ تاریخ قاضی میر احمد بن میر محمد قمی کی تصنیف ہے۔ جو شاہ طہماسپ صفوی کا میر منشی۔ سلطان ابراہیم میرزا والی خراسان کا وزیر اور مرزا اسکندر بیگ مصنف عالم آرای عباسی کا استاد ہے۔ اور شاہ عباس ماضی کے عہد میں وفات پائی ہے۔

قاضی میر احمد نے خلاصۃ التواریخ کے نام سے پانچ جلدوں میں ایک عمومی تاریخ لکھی ہے اس کی پہلی چار جلدیں نہایت کم یاب ہیں پانچویں جلد جس میں سلاطین صفویہ کے حالات ہیں۔ اور جو ۱۰۰۱ھ میں تمام ہوئی ہے۔ ایران کے بعض کتاب خانوں میں موجود ہے۔ قاضی میر احمد نے اس کے علاوہ دو تذکرے بھی لکھے ہیں۔ ان میں سے ایک شعرا کا تذکرہ ہے جس کا نام مجمع الشعراء ہے دوسرے تذکرے میں جس کا نام گلستان ہنر ہے۔ خطاطوں اور نقاشوں کے حالات لکھے ہیں۔ یہ آخر الذکر تذکرہ ۱۰۱۶ھ میں تصنیف ہوا ہے۔ اور اس کو میں نے دیکھا ہے۔ اس میں قاضی میر احمد نے اپنی تصنیف کی حیثیت سے کئی جگہ خلاصۃ التواریخ کے حوالے دئے ہیں۔

ان مقامات کو اور خاص کر قاسم شاہ دلشاد اور محمد حسین باخرزی کے
حالات کو آپ کے شایع کردہ متن سے مقابلہ کیا جائے تو ثابت ہوجاتا
ہے کہ خلاصۃ التواریخ اور گلستان ہند دونوں ایک مصنف کی تصنیف ہیں
اگر زحمت نہ ہو تو آپ میری طرف سے جناب شیرانی صاحب کو مبارکباد
دیجئے کہ اُن کے کتاب خانہ میں ایران کے ایک ممتاز مصنف کی
نہایت نادر و کمیاب کتاب موجود ہے ۔

حکیم سید شمس اللہ قادری

نوٹ :۔ حکیم صاحب کا مکتوب شکریے کے ساتھ اوپر درج کیا جاتا ہے ۔ قاضی
میر احمد بن میر محمد منشی حسینی قمی اور ان کی تینوں تصنیفوں یعنی مجمع الشعراء، خلاصۃ التواریخ
اور تذکرہ خوشنویساں و نقاشان کا حال کسی قدر تفصیل کے ساتھ جناب سہیلی خوانساری
نے تہران کے ادبی رسالے ارمغان سال نوزدہم شمارہ ۷ (ص ۴۳۷ تا ۴۴۰) میں
شائع کیا ہے ۔ قارئین کرام اس کو بھی ملاحظہ فرمائیں ۔

محمد شفیع

(ورق ۱۴)

تصور کیا یہ کہ بہرام ہے | میری جانِ غمگین کا آرام ہے
یہ دی اس کو آواز اے بے وفا | ہوئی کیا ہے اب مجھ سے ایسی خطا
کہ اس بیکسی سے ہمیں چھوڑ کر | گیا رشتۂ اُنس کو توڑ کر
سنا اوسنے جس وقت یہ سوز و آہ | تو مونہہ موڑ کر اپنی پھیری نگاہ
بہت خوش تھی زہرہ کہ اب یار سے | گلے لگ کے چھوٹوں گی آزار سے
نظر اس کے چہرہ پہ جس دم پڑی | خجالت سے گویا زمین مین گڑی
بہت سی ندامت وہاں سے اٹھا | لگی رونی چلا کے [گو] شہ مین جا
چنان اشک بارید آن نازنین | کہ سبزہ بر آورد روئی زمین
یہان شاہ بہرام چشمہ پہ آ | اوسے ڈھونڈہ کر چاہ غم میں پھنسا
جسے زہرہ سمجھی تھی بہرام شاہ | یکایک پڑی اوسکے اوپر نگاہ
اودھر اسپ کو پھر کیا تیز گام | دیا تازیانہ اوٹھائی لجام
نہیں مجھ کو آگے ہے اب آگہی | گیا کس طرف کو وہ سروِ سہی
و لے اب کہوں اس صنوبر کا حال | جو اس ہجر میں اوسپہ گذرا ملال
پیا اے میرے ساقی نوجوان | کیا ہجر نے بس ہمین ناتوان
تو اس وقت میں ہو میرا غمگسار | کہ ہے مجھسے برعکس یہ روزگار

چلی پھر جو گوشہ سین وہ نازنین | جدائی میں ہو اس کی اندوہگین
گریبان کیا چاک دامان تلک | بہے اشک اس کے زنخدان تلک
یہان تک ہوا زار زہرہ کا حال | ہر یک موئے تن ہو گیا تھا وبال
گران اس کے موتی ہوئے کان کے | کیئے ٹکڑے ٹکڑے گریبان کے
بدن تھا جو مثلِ گل ارغوان | تپ ہجر سے ہو گیا زعفران

کف پا جو نازک تھے جون برگ گل — تشبک ہوئے خار صحرا سے گل
کبھی اپنی آنکھوں سے وہ ٹپکے خون — طمانچوں سے عارض کرے نیلگون
شب تار میں یہ گذرتا تھا غم — نہ دشمن پہ ہو اے خدا وہ ستم
نہ کوئی وہان اس کا غمخوار تھا — نہ مشفق نہ ہمدم نہ دلدار تھا
جو شاید وہ دیکھے کوئی جانور — بہت سا اوسے پیدا ہووے خطر
کبھی کہتی گھبرا کے یہ اے صبا — نشان اس گل تر کا مجھ کو بتا

(ورق ۱۸)

کہان کس گلستان میں ہے گل میرا — بہت مجھ پہ ہووے گا احسان تیرا
جہان اوس کے پاؤن نشانِ قدم — ملوں جا کے میں اپنی وہان چشم نم
اگر اس صنم سے ملاوے مجھے — نئے سر سے گویا جلاوے مجھے
کبھی خاک بھرتی تھی دامان کے بیچ — کبھی ہاتھ رکھتی گریبان کے بیچ
کبھی کھول چوٹی سے اپنی موباف — بناتی کمند دل زار صاف
کبھی غم سے اپنے فراموش ہو — کبھی آہ و نالہ سے خاموش ہو
کبھی غم سے ہو کر نپٹ بیقرار — کرے اس طرح شکوۂ روزگار
ہوا مجھ سین کیونکر میرا یار دور — کبھی کچھ نہ اس کا کیا تھا قصور
نہ جھوٹی ہوئی عہد و پیمان میں — ہمیشہ رہی اس کے فرمان میں
نہ باہر ہوئی میں کسی بات سے — نہ چھوڑی محبت دلی ہاتھ سے
کہا اوس ستمگار سے ہائے مل — چھوڑایا پدر اور مادر سے دل
کہاں سے ہوئی ہائے الفت مجھے — کہ حاصل ہوئی اوسے کلفت مجھے
اگر جانتی میں کہ وہ بے وفا — کرے گا میرے ساتھ ایسی دغا
تو اس طرح سے دل لگاتی نہ میں — کبھی اس کے پھندے میں آتی نہ میں
نہ آگے سے آیا مجھین یہ شعور — کہ رہتی میں اس شوخ سے دور دور

کروں ہائے اب کیا میں پروردگار گیا ہاتھ سیں رشتۂ اختیار

اسی طور سے روز کرتی تھی غم میسر نہ ہوتا تھا وصل صنم

جدائی سے اس طرح محزون ہوئی کہے تو کہ لیلی سے مجنوں ہوئی

پھری جب بہت گردش دہر میں کہیں جا کے پہنچی کسی شہر میں

قضاکار شہزادۂ آن دیار شدہ ناگہاں زاں پریرو دوچار

اسی وقت پوچھا کہ اے گلبدن تیرا نام کیا اور کہاں ہے وطن

وہ ہے کونسا تجھکو درپیش کام کہ جاتا ہے اس طرح جلدی تمام

یہ سن کر ہوئی غم سے بیہوش وہ رہی مثل تصویر خاموش وہ

کہ یارب بچے کس طرح نام و ننگ پھنسی آکے میں دام دشمن میں تنگ

کہاں سے میں آئی یہاں پر خدا کہاں سے ہوئی اس صنم سے جدا

چرا مرکبم را نیفتاد سم چرا پی نکردم درین راہ گم (ورق ۱۹)

نہ جب اوس نے کچھ اوسے گفتار کی بہت شاہزادہ نے تکرار کی

غرض چار ناچار کھولی زبان کہ ہے دور میرا یہاں سے مکان

بڑا ایک عجب طور کا اتفاق ہوا جس میں اپنے وطن سے نفاق

کہ یکدن ہوئی بس تپ آفتاب نہ آئی میرے جی کو گرمی کی تاب

چلا شہر سے سیر گلزار کو ہوا رنج حاصل دل زار کو

کہ یک مست آہو چراگاہ میں نظر مجھکو آیا کہیں راہ میں

اودھر میں نے گھوڑے کی پھیری لگام کہ تدبیر سے میں کروں اوسکو رام

پھری اس طرح چوکڑی بید رنگ اوڑے روے بیمار سے جیسے رنگ

مجھیں شوق آگے سے نخچیر پر بہت سا تھا اے شاہ عالی گہر

گیا تند گھوڑا جو میدان میں چھپا جا کے آہو بیابان میں

رہی کچھ نہ منزل سے مجھکو خبر ہوا رفتہ رفتہ یہان پر گذر
تصور یہی رات و دن ہے میرا کہ پھر اپنے دیکھوں وطن کو ذرا
کہا شاہزادہ نے اے سیم بر تردد سے کچھ روز آرام کر
غبار کدورت کو خاطر سین دہو میری بزم اقبال کی شمع ہو
کیا آخرش اوس پری نے خیال کہ ظالم سے اب چھوٹنا ہے محال
جو کچھ اور کرتی ہون انکار میں رہون گی ہمیشہ گرفتار میں
یہ ہی ایتے بہتر ہے دو چار روز رہون شاہزادہ کی محفل فروز
گئی گھر میں اس کے جو وہ دلربا خوشی سین وہ پھولا سمائا نہ تھا
زبس تھا دل و جان سے پابند ناز کیا ہر طرح سے اوسے سرفراز
ہوا جب کہ دعوت سے فارغ تمام تسلی سے پوچھا تیرا کیا ہے نام
کہا اوس نے میں بیخرد ہوں تمام ولیکن خردمند کہتے ہیں نام
یہ سُن کر اٹھا بزم اقبال سے کیا دایہ کو محرم اس حال سے
کہ یک نازنین ہے خردمند نام جسے ہو خجل دیکھ ماہ تمام
کہین راہ غربت سے آیا یہان مگر ایک مجھ کو ہوا ہے گمان
کہ ہین مثل عورت کے اسکے نشان نہ معلوم اسرار کیا ہے نہان
(ورق ۴) اگر اوسکی پاؤن حقیقت ذری کرون اس سے ایک رات ہمبستری
کہا دایہ نے اے شہِ نیک فال نہ لا جی میں اپنے تو ایسا خیال
نصیحت مری تو ذرا مان لے سوار اور پیادے کو پہچان لے
نہووے کہین گنج میں اژدہا سمجھ کر تو رکھیو قدم کو ذرا
بہت مرد ہوتے ہیں صاحب جمال کہ ہون ان کے عورت کے سے خال
نہو بدگمان مرد مہمان سین تسلی کر اوس کی ہر ایک آن سین

کہ جس میں تیرا وہ ثناخوان رہے — دل و جان سے ممنونِ احسان رہے
کتابیں نصیحت کی دیکھی ذرا — کہ سعدی نے کیا بوستاں میں کہا
بزرگان مسافر بجان پرورند — کہ نام نکو شان بعالم برند
تبہ گردد آں مملکت عنقریب — کزو خاطر آزردہ گردد غریب
کہا شاہزادہ نے دایہ سیں ہاں — تیری بات ہے گرچہ آرام جاں
ولیکن کروں کیا کہ چارہ نہیں — میرا اوس کے بن اب گذارہ نہیں
نظر جب سے آیا ہے وہ نازنیں — مجھیں صبر و طاقت ذرا بھی نہیں
کہا پھر یہ دایہ نے اے شہریار — ابھی سیں نہ ہو اس طرح بیقرار
بھلا پہلے تو یہ تو معلوم کر — کہ عورت ہے یا مرد یہ سیم بر
نہ یہ جان ظاہر ہیں ہے خاکسار — چھپا شاید اس گرد میں ہو سوار
صبوری کنی گر ترا دیں بود — کہ تعجیل کار شیاطیں بود
نصیحت اگرچہ سُنی بے شمار — ولیکن نہ آیا اوسے کچھ قرار
بولا ایک پری پیکر دلربا — کہا مہرباں ہو کے زہرہ سے جا
کہ آپ اوسے حاصل کریں کام دل — نہ بیٹھے رہو اس طرح منفعل
ہم آغوش اس سے رہو رات بھر — کرو چین سیں رات ساری بسر
بہت طرح سے جبکہ تکلیف دی — خردمند نے شاہ سے عرض کی
خدا سے ہمیں عہد و پیماں سے ہے — کہ جب تک بدن میں مری جان ہے
گناہوں سے دامن بھرونگا نہیں — خطا میں دلیری کروں گا نہیں
کھلا جب نہ یہ شاہ کے دل پہ راز — مہیا کیا جب نہانے کا ساز
کہ کھولیگا جب پیرہن اپنا گل — تو اوس وقت بھید اوسکا جاویگا کھل
غرض شوق سے پاس زہرہ کے جا — کہا اس طرح اوس سے اے دلربا

یہاں باغ میں ایک تالاب ہے — بہت خوب اُس کا صفا آب ہے
وہاں آپ چل کر نہائین ذرا — حرارت سے آرام پاوین[۱] ذرا
ہوئی سن کے وہ اپنے جی میں کباب — دیا شاہزادے کو اوس دم جواب
نہ تکلیف دو مجھ کو بیمار ہون — سفر کی حرارت سے مین زار ہون
نہائین جو تالاب مین آج چل — تو گرمی و سردی کا ہووے خلل
کیا اس طرح سے جو پھر رد قبول — گیا شاہ اپنے تئیں غم سے بھول
ہوا بیخودی مین جو پھر ہوشیار — کیا اپنی خاطر مین یہ اختیار
کہ اب کچھ نہیں ہوگا تدبیر سے — کرون حال معلوم نخچیر سے
خردمند کو جب ہوئی یہ خبر — کہ ہے آرزو اوس کی نخچیر پر
اوسی وقت پس قصد صحرا کیا — کسی کو نہین ساتھ اپنے لیا
شہنشاہ کے جو کہ صیاد تھے — بشیر افگنی خوب اوستاد تھے
اونہین مال و گوہر بہت سا دیا — کہ مرہون منت کا سب کو کیا
خوشی ہو کے دل میں شکاری تمام — ہوئے مہربانی سے اوسکے غلام
اوسی وقت کہنے سے اوس ماہ کے — پکڑ شیر کو مثل روباہ کے
لئے کاٹ دونو وہین کان کو — کیا شاد زہرہ کی بس جان کو
چلی شادمانی سے وُہ دلربا — کہا شاہ سے آکے یون برملا
فلان جو کہ دشتِ میدان ہے — خطرناک سارا بیابان ہے
ہوا آج میرا جو وان پر گذر — تو ایک شیر آیا یکایک نظر
اوٹھا دیکھتے ہین مجھین بیگمان — ڈرے جس کی ہیبت سے پیل دمان
ڈپٹ کر کے غصہ سے ماری ذقند — کیا سامنے میرے پنجہ بلند

۱؎ پائیں،

اوسی دم مین کھینچ اپنی تلوار کو　　کیا وو قلم اوس تبہ کار کو
نہوتا اگر فضل رحمان پاک　　تو آج اوسکے ہاتھونسے ہوتا ہلاک
یہ کی تیرے اقبال نے یاوری　　نہین مجھکو طاقت کہان تھی فدی
غرض یہ بہا تا بتایا اوسے　　نشانی کو لا پھر دیکھایا اوسے
اوسی وقت صیاد بیداد کار　　کہ تھے سب خردمند کے اختیار
ہوئے شاہزادہ سے اوسکے گواہ　　کہ ہان سچ ہے یہ بات اے بادشاہ
یہ احوال سن سب کو حیرت ہوئی　　بہت شاہزادے کو غیرت ہوئی
ہوے منتشر اوس کے غم سے حواس　　گیا بیقراری سے دایہ کے پاس
کیا ہاتھ مل مل کے سارا بیان　　لیا مین نے ہر رنگ سے امتحان
ولیکن ہوا کچھ نہ معلوم حال　　میرے حکم کی[ل] دین بہانے سے ٹال
کہا اوسنے اے بادشاہ جہان　　نیکو ہست آئین شاہنشہان
رعایت ہر یک پر کرین ہین مدام　　کہ دنیا میں مشہور ہون نیکنام
نہ کچھ چھیڑیو اب خردمند کو　　ذرا یاد رکھیو میری پند کو
اگر اور تجھ کو رہا ہو گمان　　پلا کر میٔ لعل لے امتحان
میٔ ارغوانی کا سنتے ہین نام　　ہوئی اوس کو مجلس سے خواہش تمام
وہان سے خردمند کے پاس جا　　کہا اس طرح سے کہ اے آشنا
میرے دل مین ہے آج یہ آرزو　　پئین بیٹھ کر جام مے دو بدو
کہا اے شہنشاہ عالی دماغ　　رہے تیری محفل کا روشن چراغ
وہاں مے کے پینے کی ہووے بہا[ر]　　جہان ہو کہین ساحل جوئبار
نہیت اوسکو یہ بات آئی پسند　　سر اپنا کیا بس خوشی سے بلند

ل بھیجا ۱

نہ معلوم اوس کو ہوا اب تلک　　کہ کس طور بازی کرے گا فلک
مہیا کیا سازِ عشرت تمام　　مئے لالہ گون اور زمرد کے جام
ہوائے خوش و ساحل جوئبار　　شراب و کباب و رخِ گلعذار
شب ماہتاب اور آب روان　　مئے لعل اور ساقیٔ نوجوان
دمادم مئے سرخ سین بھر کے جام　　پلاتا تھا ساقی سبھون کو تمام
خردمند کو جب وُہ دیتا شراب　　بہانے سے گِرتا زمین پر خراب
جہان تک کہ تھے اور میخوار سب　　ہوئے مے کے پینے سے سرشار سب
کوئی خاک پر مست سونے لگا　　کوئی نقد ہوش اپنا کھونے لگا
نشے سے گیا جبکہ ساقی کا ہوش　　ہوا بانگ قلقل سے مینا خموش
گرا غالباً پر شاہزادہ وہان　　کہ تھا نشۂ مے سے بس سرگران
خردمند مدت سے تھا گھات مین　　نہ پاتا تھا قابو کسی بات مین
جو دیکھا کہ سب مست و سرشار ہین　　نہ ہین ہوش مین اور نہ بیدار ہین
جدا کر کے خنجر سے اپنی میان　　کیا دور بینی کا رُخ سے نشان
نہ غفلت سے واقف ہوا بادشاہ　　نہ اورون کی اوسپر پڑی کچھ نگاہ
اوسی وقت گھوڑے پہ ہوکر سوار　　چلا وہاں سے یکبارگی بیقرار
قلمرو سے جب شہ کی باہر ہوا　　تو اوس وقت فتنہ سے بیڈر ہوا
پلا مجھکو ساقی مئے سرخ رنگ　　کہ غیرت سے ہو جاں دشمن کا تنگ

ورق ۱۲۳

کرون کیا حقیقت اونہون کی بیان　　ہوئی صبح جس دم جہانمین عیان
ہوئے خواب غفلت سے بیدار سب　　ہوئے نشۂ مے سے ہشیار سب
خردمند کا جو نہ پایا نشان　　رہے دیر تک سارے حیران وہان

پڑی شاہزادہ پہ جسدم نگاہ　　اوٹھی دل سے ایکبارگی بسکے آہ
کہا کیا ستم کرگیا ہائے ہائے　　کوئی اوسکو جس جا پہ ہو ڈہونڈ لائے
اگر اوسکو اس وقت پاویں کہیں　　خدا کی قسم مار ڈالیں وہیں
نہ کچھ پوچھو اب شاہزادیکا حال　　کہ تھی زندگی اوسکو اپنی وبال
کہا ہائے وُہ ظالم بے وفا　　بڈی[1] مجھ سے یہ کرگیا ہے دغا
کہاں سے ہوئی ہائے یہ آرزو　　طمع نے کیا مجھ کو بے آبرو
کیا ہر طرف قاصدونکو رواں　　خبر لاؤ اوسکی وہ ہووے جہاں
ملے جس جگہ تم کو وہ ہوشمند　　جدا تیغ سے کیجیو بند بند
ذرا کام کی اپنے پاوے سزا　　نہ کوئی کرے پھر کسی سے دغا
ہوئے ہر طرف گرچہ قاصد رواں　　نہ پایا کہیں اوسکا نام و نشاں
حریفوں کا پانا بہت دور ہے　　مثل سچ یہ دانا کی مشہور ہے
کہ جو دام سے مرغ آزاد ہو　　کہاں پھر وُہ تسخیر صیاد ہو
سنی جب کہ دایہ نے یہ غم کی بات　　لگی مارنے اپنے زانو پہ ہات
کہا شاہزادہ سے اے خود فروش　　نہ آیا نصیحت سے کچھ تجھکو ہوش
اوسی فکر میں رات دن تو رہا　　نظامی نے کیا یہ سخن سچ کہا
ز پند بزرگان نباید گذشت　　سخن را ورق در نباید نوشت
سنے جو کہ دل سے بزرگون کی پند　　نپاوے کبھی دشمنوں سے گزند　　(ورق ۲۴)
خردمند کو یہ ہے لازم تمام　　کہ بے خوض ہرگز کرے کچھ نہ کام
رہے جس کی ہر دم[؟] بدی پر نگاہ　　تو ہوتا ہے پھر عاقبت وُہ تباہ
بناموس کس رخنہ انداختن　　بمال دگر دست افراختن

---

[1] بڑی،

یہیں فرض بدکار و بدراہ کو — خصوصاً نہیں چاہیے شاہ کو
کند جہد آسایش خاص و عام — کہ تا ازنکوئی برآرند نام
رعیت نہ بیزار رکھیں کبھیں — کہ ہے باعث امن تاج و نگیں
اگر شاد ہو شہ سے خلق و سپاہ — رہے بادشاہی میں اوسکی پناہ
نہ ہو ہاتھ فتنہ کا ہرگز دراز — کہ ظالم رہے ظلم سے اپنے باز
نہ رکھے کسی جا پہ بنیاد جور — کرے دمبدم حال مسکیں پہ غور
ہمہ روز مہمان نوازی کند — بہ بیچارگان چارہ سازی کند
کوئی دم جہان سے نہ غافل رہے — شب و روز ہشیار و عاقل رہے
کتابیں نصیحت کی دیکھے تمام — رکھے بادشاہی کی فطرت سے کام
نہ ہر روز ہو مست جام شراب — نہ ہرگز کرے دن کو غفلت سے خواب
رہے بخت بیدار و ہشیار کار — نہ لازم کہ غفلت کرے شہریار
کرے مرد دانا کو اپنا وزیر — بھرا مصلحت سے ہو جس کا ضمیر
خدا ترس ہو اور کم آزار ہو — نکوکوی[1] و خوش خلق ہشیار ہو
کہ اوس سے نہ آوے کسی پر گزند — رہے شاہ دشمن پہ فیروزمند
خبر دین و دنیا سے رکھے مدام — نہ مشغول عشرت رہے صبح و شام
نہ پہونچے رعیت پہ ہرگز ستم — نہ ظالم سے مظلوم پاوے الم
نہ رستم کرے زال پہ ظلم و زور — سُنے ناتوانوں کا فریاد و شور
رعیت جو ہو شاہ سے شادمان — رہے ملک اوس کے میں سب پہ امان
نہ آوے کبھیں سلطنت میں زوال — فزوں دمبدم ہووے مال و منال
نہ ہو رات و دن عیش میں بادشاہ — کہ عاجز رہے اوس سے ہر دادخواہ

---

[1] ن زاید ہے،

نہ دہقان سے لیوے جا افزون خراج   ہمیشہ رہے رونق تخت و تاج
جو سفلہ کا افزون کرے مرتبہ   دغا اوس سے کھاوے گا ہر مرتبہ
شہنشاہ وہ جو کہ دا دوست ہو   حلیم و رحیم و خدا دوست ہو   (ورق ۲۵)
خرد جو ہو مرد خرد سنج سے   کہ بہتر خردمند ہے گنج سے
اگر صلح خواہد عدو سر مپیچ   وگر جنگ جوید عنان بر مپیچ
نداری کنون خاطر خویش ریش   ترا کردۂ خویشتن آمد بہ پیش
کرے جو کہ جیسے جہان میں عمل   دیکھاوے خدا ویسے ہی اوسکو پھل
یہ ہے جب تلک گردش آسمان   رہا نام تیرا بدی میں عیان
ہوئی گرچہ دایہ بہت طعنہ زن   نہ آیا اوسے کچھ جواب سخن
خوشی سے پلا ساقیا جام مُل   کہ جی خوف دشمن سے فارغ ہو کل

سنو اب ذرا اوس پریرو کا حال   ہوئی جب کہ دہشت سے فارغ کمال
پھر ایک شہر اوس گل کے آیا نظر   لطافت میں گلزار سے خوب تر
بنے سنگ مرمر کے سارے مکان   جنہیں دیکھ حاصل ہو آرام جان
منقش تھے سب اوسکے دیوار و در   رہے دیکھ کر جن کو حیران نظر
مکلف چھتین سب سنہری تھا کام   اور اوس مین زری کے تھے پردہ تمام
بچھے تھے تمامی تمامی کے فرش   منور تھے اوس سین زمین تا بعرش
مصفا یہ تھے اوس کے صحن مکان   رہے دیکھ آئینہ حیران جہان
عجب دلکشا وہاں[۱] کا بازار تھا   نہ بازار تھا بلکہ گلزار تھا
دو دو یہ قرینے بنی تھی دُو کان[۲]   مقابل ہوں جیون ابروئین گلرخان

---

[۱] وان، [۲] یہ اسلوب بیان بالکل انوکھا ہے،

ہریک وہاں[1] پہ خجلت وہ حور تھا ۔۔۔ نہ تھا شہر وہ عالم نور تھا

پریرو تھے ایسے وہاں جلوہ گر ۔۔۔ فرشتہ جنہیں دیکھ ہوں بے خبر

سدا اونکی خوبی سے خوبانِ چین ۔۔۔ رہیں مارے غیرت کے سب شرمگین

رہے رشک میں اوس سے کنعان مدام ۔۔۔ کہ تھے جس میں یوسف سے لاکھوں غلام

نہ غمگین کوئی اور نہ بیمار تھا ۔۔۔ فقط ایک محبت کا آزار تھا

ہر ایک باغ اوسکا تھا رشک ارم ۔۔۔ نہ تھا کوئی گلزار رضوان سے کم

بھرے آب شیریں سے چشمہ تمام ۔۔۔ خجل جس سے رہتا تھا کوثر مدام

کسی باغبان کا وہاں تھا مکان ۔۔۔ کیا جا کے اوس گل نے مسکن وہاں

(ورق ۲۶)

کہا باغبان نے کہ اے خوشجمال ۔۔۔ تجھے دیکھ برہم ہوا میرا حال

بتا مجھکو اپنی حقیقت ذری ۔۔۔ فرشتہ ہے یا حور ہے یا پری

سہی سرو کس بوستان کا ہے تو ۔۔۔ گل تازہ کس گلستان کا ہے تو

وہ ہے کونسا شہر رشک ارم ۔۔۔ جہان تیرے رہتے ہیں ہر دم قدم

مفصل بتا کیا ہے اسم شریف ۔۔۔ کہان کس جگہ ہے مکان لطیف

کہا یہاں سے ہے دور میرا مقام ۔۔۔ خردمند عاجز کا کہتے ہیں نام

تجارت کو تھا اپنے گھر میں چلا ۔۔۔ گیا چھوٹ مجھ سے میرا قافلہ

یکی رفت مال و متالم بباد ۔۔۔ دوم گشت رنج سفر مستزاد

اگر تو کرے مہربانی کا کام ۔۔۔ تو دے اپنی منزل میں مجھکو مقام

سفر سے جو آرام پاؤن ذری ۔۔۔ بہت سی اوٹھاؤن گا منت تیری

یہ کہکر اوسے نقد بھی کچھ دیا ۔۔۔ غرض اپنے قابو میں اوسکو لیا

ہوا تازہ تر مثل گل باغبان ۔۔۔ کہا اوس سے اے میرے آرام جان

---

[1] وان،

قدم جو سر آنکھون پہ لاوے کہین
قسم ہے گرانی نہ آوے کہین

غرض اوس نے مسکن وہان پر کیا
کچھ اسباب سوداگری کا لیا

بنائین کئی وہان پہ بازار مین
دوکانین تمنا ے دلدار مین

کہ شاید کسی روز آوے صنم
اسی طرح قسمت ملاوے صنم

وہین یاد مین اوس کی بیٹھا کرے
دو چند اور رو رو کے سودا کرے

نہ کھانے سے مطلب نہ پینے سے کام
نہ پروائے خاص و نہ پروائے عالم

یونہین زندگانی وُہ کرتی رہی
معیبت کے جو دن تھے بھرتی رہی

خوشی سے پلا ساقیا مے ذری
کہ ہوتا ہے وصل پری با پری

گئے جب کئی روز اس مین گذر
جمال اوس کا روشن ہوا تھا ہر پر

ہر یک شخص کو عشق پیدا ہوا
جہان دیکھ کر اوسکو شیدا ہوا

کوئی شوق مین اوسکے مرنے لگا
کوئی جان قربان کرنے لگا

ہوئے اوسکے مشتاق پیر و جوان
گیا دل سے ہر ایک کے تاب و توان

قضا کار اوس شہر کا بادشاہ
کہ برج خلافت مین رکھتا تھا ماہ

صنوبر قد و گلرخ و لالہ فام
جہان مین پری پیکر اوس کا تھا نام

کھڑی ہو کسی کے جو وہ روبرو
یہ معلوم ہو ہے پری ہو بہو

سُنا شہرۂ حسن زہرہ جو ہین
ہوئی مشتری نقد جان سے وہین

تپ عشق سے اوسکے جلنے لگی
بہانہ سے باہر نکلنے لگی

غرض چھپ کے ہر وقت اغیار سے
اوٹھاتی مزہ اوس کے دیدار سے

قضا کار ایک دن کہین شہریار
گیا متصل کھیلنے کو شکار

خردمند بھی اتفاقاً اودہر
ہوا ماہ کی طرح سے جلوہ گر

(ورق ۲۷)

شہنشاہ دیکھ اوس کا حسن وجمال ہوا بے خود و مست حیران کمال
اوسی وقت دل دے کے بے اختیار ہوا تیر مژگان کا اوس کے شکار
ندیمون کو بلوا کے پوچھا وہین کہان پر یہ رہتا ہے ماہ جبین
کہا ایک نے اے شاہ عادل زمان نہ معلوم اس کا وطن ہے کہان
کئی روز سے اسنے آکر یہان بنائی ہے سوداگری کی دوکان
فلانا جو ہے شہر مین باغبان یہ سرو سہی ہے فروکش وہان
مگر شہر مین آپ کے اب کہین کوئی اسکا خوبی مین ثانی نہین
دیا حکم جلد اوس کو حاضر کرو گل حسن سے دامن دل بھرو
گیا آدم شاہ زہرہ کے پاس کہا یہ کہ پہنئے جلد اپنا لباس
تجھے شاہ نے یاد اسدم کیا مجھے تیرے لانے کو فرمان دیا
یہ سن کر ہوئی وہ پری بے قرار کہ ہے میری کس فکر مین شہریار
نہ دیکھا جو فرمان شہ سے عدول کیا اوس نے لاچار چلنا قبول
گیا دور خاطر سے اپنی ہراس پہن کر چلی گل سا رنگین لباس
مودب شہنشاہ کے پاس جا گئی بیٹھ مجلس مین وہ دلربا
ابھین تک نہین کچھ ہوا تھا کلام فقط ایک ہوا تھا علیک السلام
اوسی دم کہین دختر شاہ بھی کہ مدت سے عاشق تھی اوس ماہ کی
وہین اوس کی اوڑتی سی پاکر خبر نکالا محل کے جھروکے سے سر
اوسی وقت بیتاب ہو بر محل لگی پڑھنے اس طور سے یہ غزل
تو اس طرح ظالم ستایا نہ کر غم ہجر اپنا دیکھایا نہ کر
جو ہے مجھکو منظور خاطر میری کبھین پاس غیرون کے جایا نہ کر
خدا کے تئین اے بت جنگجو رقیبون سے آنکھین لڑایا نہ کر

(ورق ۲۸)

شب ہجر میں اپنے اے گلبدن مجھے مثل شبنم رولایا نہ کر
فدا مثل پروانہ اے شمع رو تپ غم سے اپنے جلایا نہ کر
بھلا شربت وصل یک دن پلا بہانے ہمیشہ بتایا نہ کر
دے اب مجھکو راحت ملاقات سے
میرے جی کو ہر دم ستایا نہ کر

پڑھی اوس نے جب یہ غزل بیحجاب ہوا شرم سے شاہ بس غرق آب
اوسی وقت زہرہ کو رخصت کیا مشیروں سے احوال دختر کہا
وزیروں نے کی عرض اے بادشاہ ابھین تک نہیں کچھ ہوا ہے گناہ
نصیحت ہماری اگر گوش کر پری کو پری سے ہم آغوش کر
اگر فتنۂ عشق بیدار ہو سنبھلنا پھر اوس وقت دشوار ہو
پس و پیش اس مین مناسب نہین نہ پڑ جائے عزت میں رخنہ کہین
یقین ہے ہمارے تئین یہ مگر کہ ہے یہ جوان بھی گرامی گہر
ہوئی مصلحت شاہ کو یہ پسند مناسب وُہ سمجھا وزیرونکی پند
کہا تم خردمند کے پاس جا کہو اوس سے یہ مژدۂ دلکشا
خردمند سنتے ہی پیغام کو گیا بھول سب عیش آرام کو
کہا درمیانے سے یہ صاف صاف کہ اس امر سے تو مجھے رکھ معاف
تعجب کیا شہ نے یہ سن کے حال کہ کیا اوس کے جی مین سمایا خیال
عجب طور کا مرد معصوم ہے کہ دنیا کی لذت سے محروم ہے
مکرر کہا پھر یہ پیغام میں سعادت تری ہے اسی کام میں
مجھے ایسا بتلا تو کیا کار ہے کہ اس امر بہتر سے انکار ہے

دیا اوسکو زہرہ نے پھر یہ جواب مجھے اس سے ہرگز نہین اجتناب
ولے ایک ایسا ہے درپیش کام فراموش ہے اوسے آب و طعام
نہین لایق اسکے کسی سے کہون جو محرم ہو اپنا اوسی سے کہوں
برآویگی جب تک نہ میری مراد نہیں ہونگا میں وصل سے اوسکے شاد (ورق ۲۹)
کرون یک طرح سے مین شادی قبول جو ہو سال کی مجھکو فرصت حصول
سُنا شاہ نے جب کہ یہ ماجرا خواصون سے اپنی بولا کر کہا
کہ بالفعال[1] آگے کی اُمیدین کرو مہ کو پیوند خورشید سین
یہہ خوش پری پیکر اس راہ سے خموشی کرے نالہ و آہ سے
خواصون نے یہ سن کے بے اختیار پری کو پری سے کیا ہمکنار
خردمند نے جی میں اپنے کہا عجب طرح کا یہ ہوا ماجرا
کہ عورت کی عورت سے شادی کہین سلف سے کسی نے سُنی ہو نہین
گذر جائے محنت سے جو سال بھر تو ناموس پر اپنے آوے خطر
خدا سے یہ ہی مجھکو ہے آرزو کہ جانے نہ پاوے میری آبرو
پری پیکر عشرت سے رہنے لگی جو کچھ حال دل تھا وہ کہنے لگی
بآرام صحبت میں اوس کی تمام سدا نوش کرتی محبت کا جام
غرض شوق مین رات دن وہ پری مناتی تھی بس سال کی آخری
اگر شاہ بہرام آوے ایدھر کرے کچھ میرا نا ئیۂ شب اثر
اوسی وقت لے مرغ شیرین زبان مرصع بناؤن تیرا آشیان
کرون لا کے موجود میوہ تمام رہے جس سے پھر روح تازہ مدام
یہی گفتگو تھی کہ بہرام شاہ یکایک ہویدا ہوا مثل ماہ

---

[1] بالفعل،

پریشان فقیرونکا ایسا لباس　　چلا آیا آہستہ زہرہ کے پاس
کہا دیکھ کر اپنے جی میں کہ آہ　　مگر ہے وُہی زہرۂ رشک ماہ
ولے فرشاہی جو غالب ہُوا　　نہ وُہ گفتگو اوسنے کچھ کر سکا
نہ پہچانا زہرہ نے بھی اوسکو جی　　کہ تھی گرد چہرہ پہ اوسکے پڑی
جدائی سے ازبسکہ دل تنگ تھا　　نہ وُہ رخ کا عالم نہ وُہ رنگ تھا
لڑی اوسسے جس دم بخوبی نگاہ　　تو ششدر ہوئی دیکھ وہ رشکماہ
الگ ہوکے اوسسے کہا اے جوان　　کہ دے نام کا اپنے مجھکو نشان
تیرے دیکھنے سے سن اے نوجوان　　گیا ہے دل و جان سے تاب و توان
سُنا جبکہ بہرام نے یہ کلام　　کہا یار جانی کو میرا سلام
جدائی میں کیا کیا مجھے دُکھ دیا　　کہ آوارۂ کوہ و صحرا کیا
خدا کی قسم مجھکو اے دل رُبا　　نہیں مَیں نے دی تجھکو واں پر دغا
میں جاگا سحر کو جو اے گلعذار　　میرے سامنے آگیا یک سوار
اوسے دیکھ کر جی میں آیا خطر　　کہیں اس سے فتنہ اوٹھا وے نہ سر
تجھے اے پری خواب میں چھوڑ کر　　رواں اپنا گھوڑا کیا میں اودھر
وُہ تھا اتفاقاً سوار[1] سے وزیر　　بھرا تھا کدورت سے اوسکا ضمیر
مقابل میرے وُہ عدو آن کر　　کہا مجھ سے زہرہ کی بتلا خبر
تیرے حق میں واللہ بہتر نہیں　　وہ جانی رہی تو تیرا سر نہیں
زباں عدو سے یہ سن کر کلام　　لیا طیش نے تیغ کا مجھ سے کام
کنایا اوسی وقت گھوڑے کے وے　　کیا اوسکو چورنگ[2] شمشیر سے

(ورق ۱۳)

[1] کسرۂ اضافت کی جگہ ی استعمال کی ہے۔　[2] تلوار کے ایک وار سے کسی چوپائے کی چاروں ٹانگیں کاٹ دینا۔

وہاں سے جو مین پھر اید ہر کو پھرا — ملا مجھکو ہرگز نہ تیرا پتا
اوٹھایا جو غم تیری خاطر حبیب — نہ دشمن کو بھی ہووے ہرگز نصیب
سدا ابر کی طرح روتا رہا — جدائی میں جی اپنا کھوتا رہا
نہ خواب آیا تجھ بن کبھین رات کو — میں سینہ پہ مارا کیا ہات کو
رہے چشم سے اشک خونین روان — جگر سے نکلتی تھی آہ و فغان
تیرے ہجر نے یہ ستایا مجھے — کہ مجنوں کا ثانی بنایا مجھے
رہا مثل سیماب بیتاب مین — بنا غم سے ماہئے بے آب مین
ہمیشہ رہی تیرے بن بے کلی — کھلی ایکدن بھی نہ دل کی کلی
ہے یہ شکر چھوٹا اب آزار سے — ہوا سیر پھر تیرے دیدار سے
دیا اوسکو زہرہ نے ہنسکر جواب — کہ اے برج اقبال کے آفتاب
میرے غم کی ہے طرفہ داستان — کرون گی اکیلے میں اوسکو بیان
فلک کی نہیں اس مین تقصیر تھی — اسی طور سے میں تقدیر تھی
یہ کہ کر ہوئی یار سین ہمکنار — کہ بچھڑی تھی مدت سے اور بیقرار
گلے لگ کے آپسمین رونے لگے — دلون کا غبار اپنے دھونے لگے
ہوئی خوب سی بوسہ بازی وہان — ملے شادمانی سے دونو وہاں
پھر یکبار ہو کر جدا وہ نگار — کیا تاج شاہی کو اوس پہ نثار (ورق ۳۲)
پلا ساقیا مجھکو عشرت سے جام — کدورت کے دن ہو گئے سب تمام

غرض شہ نشین میں گئی وہ پری — خوشی ہو کے پہنا لباس پری
سلائی سے آنکھوں میں سرمہ دیا — نئی طرز سے زلف کو خم کیا
گوندہی ایسی چوٹی کجوری کی ہائے — کہ ہر پیچ پر مار تھے پیچ کھائے

وُہ چونٹی پہ تعویز تھا خوشنما ۔ کہ ہون ماہ و خورشید اوسپر فدا
مسی اپنے ہونٹوں میں ایسی ملی ۔ کہ سوسن کو جسے ہوئے بے کلی
اور اوسپر قیامت تھی سرخی پان ۔ کہ دیتا تھا لالے کا رنگ اپنی جان
نیا جھاو نلی کا وُہ انداز تھا ۔ ہر یک شخص بس کشتۂ ناز تھا
غضب کان میں وہ کرن پھول تھا ۔ کہ شرمندہ گلشنین ہر پھول تھا
یہ جھومر کی تھی اوس پری کے بہا ۔ چمک پر ہو جس کی ثریا نثار
ستارے کی تھی ناک میں وہ دمک ۔ ستاروں مین ہرگز نہ ہو وہ چمک
گلے میں وہ پہنے تھی چنپا کلی ۔ کہ جنبہ کو ہو دیکھ کر بے کلی
اور اوسپر وُہ طوق طلائی غضب ۔ مہ نو سمجھتے تھے بس اوسکو سب
وہ تھی تنگ محرم کی اوسکے بہار ۔ حباب اپنا جی جس پہ کردے نثار
اور او بھری پھین کیا نمودار تھیں ۔ کہ آزار دہ ہر دل زار تھین
وُہ کرتی تھی جالی کی کیا پھولدار ۔ سمجھتا تھا دام اوسکو ہر گلعذار
غضب اوسپہ ترچھے دوپٹے کا طور ۔ کہ جو دیکھے یکدم میں ہو حال اور
کناری کے دامن میں تھی وُہ بہار ۔ جسے دیکھ کر برق ہو بے قرار
بندھی اوسکے بازو پہ وہ نورتن ۔ فدا جسپہ عاشق کا ہو جان و تن
نہ آتا تھا جوشن کا ہرگز خیال ۔ بندھے بازوں پر تھے گویا ہلال
پری بند اوسکی جو دیکھے پری ۔ تو پھر رشک سے زہر کھاوے پری
کھنچا تھا وہ پاجامہ گلبدن ۔ کہ تھا تنگ اوسے ہر یک گلبدن
وُہ نیفے کی سرخی قیامت تھی بس ۔ کہ وا کرنے کی دلکو ہووے ہوس
وُہ شلوار بند اوسکا مقیشی تھا ۔ کہ دربان تھا وُہ در عیش کا

ؔ چمپا،

(ورق ۳۴)

نہ تھا پاپچوں میں وہ لچکا ٹنکا — مگر کہکشاں کا تھا گچھا لگا
چھڑوں میں یہ آواز تھی دمبدم — کہ ہے ناک میں حسین عاشق کا دم
وہ چھلے انگوٹھوں میں اوسکے جڑے — جسے دیکھ کے ہالہ پانون پڑے
نہ تھا وہ کفِ پا میں رنگ حنا — کسی بے گنہ کا ملا خون تھا
وہ پاپوش تھی بی تلہ زرنگار — ستاروں پہ جس کے ہون انجم نثار
چلی جبکہ انچل سے مُنہ کو چھپا — لگے ہونے سب دل سے اوسپر فدا
عجب اوسکی اوسوقت رفتار تھی — زمین پر قیامت نمودار تھی
خراماں ہوئی صحن میں جس گھڑی — پری پیکر اس غم سے بس گر پڑی
کہا ہائے کیا فتنہ برپا ہوا — میرے شاہ کو آج یہ کیا ہوا
کیا کس نے یہ جادوئی سامری — فرشتہ ہوا کس طرح سے پری
غرض اوسکو زہرہ نے جلدی اوٹھا — کہا اے پری پیکر دل رُبا
ہوئی اپنی حالت سے کیوں بیخبر — کہ اس طور سے گر پڑی خاک پر
نہ میں مرد ہوں اور نہ میں شہریار — میرا نام ہے زہرہ اے گلعذار
فلاں جو شہ ہند کا ہے وزیر — اوسی کی میں ہوں دختر بے نظیر
ہوا مجھ سے بہرام سے اختلاط — بڑھا رفتہ رفتہ یوہیں ارتباط
یہاں تک کہ سب پر ہُوا یہ عیاں — کہ ہین دونو آپس مین آرام جاں
کسی نے پدر سے میرے یہ کہا — کہ بہرام زہرہ پہ عاشق ہوا
مجھے اوس نے قیدی زندان کیا — جُدا وہ میرا راحت جاں کیا
سوا اس کے جا کر شہنشاہ پاس — کیا یک بیک حال سب التماس
ہوا سن کے یہ شہ کو غصہ کمال — دیا حکم دو اوسکو گھر سے نکال
نہ دیکھی جو بہرام نے کچھ پناہ — تو لی پھر اوسی وقت صحرا کی راہ

وہان سے مجھے خط لکھا اے صنم   تیرے ہجر سے ناک مین اب ہے دم

اگر مجھ سے کرتی ملاقات پھر   تو مَین تجھ سے کہتا کوئی بات پھر

تجھے خوب معلوم ہے میری جان   کہ چھوٹا محبت سے شہر و مکان

پڑہا خط کو مین جس گھڑی کھولکر   اوٹھا آتش غم سے دل مین شرر

نہ آئی مجھے پھر جدائی کی تاب   چڑھی اپنے گھوڑے کے اوپر شتاب

سوارون کی سی اپنی وضع بنا   چلی شاہ بہرام کو جلد جا   (ورق ۱۳۴)

ہوئی کشمکش سے وُہ منزل تمام   سرِ شام دریا پہ ٹھہرا مقام

گئی شادمانی سے سب شب گذر   سحر کو ہویدا ہوا یک خطر

ہوا شاہ جب خواب سے ہوشیار   نمودار اوسکو ہوا یک سوار

مجھین خواب مین پس وہین چھوڑکر   چلایا اودہر بادپا تند تر

اوٹھی بعد یکدم جو مین خواب سے   نہ دیکھا اوسے چشم پر آب سے

رہی دیر تک مضطرب مین وہان   ہوئی رو کے آخر وہانسے روان

اکیلی بیابان مین روتی رہی   غم یار مین جان کھوتی رہی

کئی دن کے بعد آخر اے سیم بر   ہوا یک مکان پر جو میرا گذر

قضاکار وہان کا جو تھا شہریار   یکایک ہوا راستہ مین دوچار

بہت مہربانی سے نزدیک آ   کہا مجھ سے آہستہ کائے دلربا

تجھے بیقراری ہے کیا اس قدر   کہ جاتا ہے دامن کشان تند تر

ذرا شہر مین میرے آرام کر   تردد سے کچھ روز اب درگذر

ہوا آتش خوف سے دل کباب   دیا مین نے اوسکو نہ پھر کچھ جواب

غرض جب کہ اوس نے بہت سا کہا   تو لاچار ہو میرا جانا ہوا

ہوئی اوسکی آخر بدی پر نگاہ   لگاوٹ لگا کرنے وہ خواہ مخواہ

کئی بار اوس نے لیا امتحان ۔ ہوا کچھ نہ احوال میرا عیان
کہا ایک دن مجھ سے اے ماہ رُو ۔ ہوئی ہے میرے دل مین یہ آرزو
پئین بیٹھ کر آج ہم تم شراب ۔ ملے تا کہ لطف شراب و کباب
کہا مین نے اوسوقت اے شہریار ۔ کہ ہے اسکی دریا کے اوپر بہار
میری بات سن کر خوش آئی اوسے ۔ لب جو پہ یہ بزم بہائی اوسے
مہیا کیا ساز عشرت تمام ۔ مئے لالہ گون اور زمرد کے جام
خوش آواز ایسی تھی طبلہ کی تہاپ ۔ کہ پھنستا تھا جی اوسپہ ہر یک کا آپ
دو چند اور اوسپر مجرے کی چوٹ ۔ سب آواز پر اونکی جاتے تھے لوٹ
عجب سیر تھی چاندنی رات مین ۔ مگر مین تھی وہاں اور ہی گھات مین
دیا جو پیالہ مجھے مے سے بھر ۔ بہانہ سے پھینکا اوسے خاک پر
لبوں پر ہی تھا جام رکھنا مجھے ۔ گزک[1] مفت ساتھ اوسکے چکھنا مجھے

(ورق ۳۵)

کسی کو نہ میری ہوئی کچھ خبر ۔ میں باہوش ہرگز نہ آئی نظر
ہوئی بیہشی شاہ کو بھی کمال ۔ رہا کچھ نہ اوسکو بدن کا خیال
سدا اوسکی رہتی تھی بس گھات مین ۔ نہ سوتی تھی دہشت سے دن راتمین
اوسی وقت چپکے سے جلدی اوٹھ کے ۔ کیا خط بینی کا چہرہ سے حک
نہ مستی سے واقف ہوا شاہ کچھ ۔ نہ دربان ہوئے اس سے آگاہ کچھ
شبا شب وہاں سے ہوئی پھر روان ۔ بہت بیقراری سے آئی یہان
شب و روز سودا مجھے دلدار سے ۔ تعلق میں رکھتی تھی بازار سے
نہ تھی مجھکو پروائے سود و زیان ۔ کہ قالب میں اپنے نہ رکھتی تھی جان
دو کانون سے مطلب تھا اپنا یہی ۔ کہ پاوے خبر میری سرو سہی

---

[1] گزک ،

ملے آکے یوسف میرا مجھ سے آ یہی چاہ رکھتی تھی اے دلربا
سدا مثل یعقوب روتی تھی میں زلیخا صفت جی کو کھوتی تھی مین
خدا نے کیا پھر یہ اپنا کرم میسر ہوا مجھکو وصل صنم
تجھے یاد ہے کیا شہنشاہ سے بہانا کیا تھا میں اس راہ سے
کہ ہے آج کل مجھکو درپیش کام نہ دے مجھ سے شادی کا ہرگز پیام
یہی شوق دیدار بہرام تھا مجھین اور کچھ تو نہین کام تھا
غرض اوس نے جو کچھ کہ احوال تھا سب اول سے آخر تلک کہ دیا
پھر آخر کو بہرام کے پاس لا کیا اوس نے جو طور شادی کا تھا
پری پیکر اوس کی ملاقات سے چھوٹی روز کے رنج وہیہات سے
غنیمت اور سے بھی وہ خوشخرام کہ تھا اوسکی خوبی کا یوسف غلام
زلیخا کی مانند مفتون ہوئی دل وجان سے زہرہ کی ممنون ہوئی
ہمیشہ شب و روز باہم رہین جدا اوس سے ہرگز نہ یکدم رہین
خوشی سے کہوں کیا مین زہرہ کا حال ہوئی سرخ مانند گل اوسکے گال
رہی شاد وصل دل آرام سے نہ رکھتی تھی کچھ غم کسی کام سے
کسی ڈھب کا اوسکو رہا کچھ نہ رنج کہ تھی سب طرح مالا مال و گنج
مئے لعل دے ساقیا سبز رنگ اوٹھی ہے جہان میں خوشی کی ترنگ

کرون کیا سمان اوسگھڑی کا بیان گیا تخت پر جب وہ شاہ جہان (ورق ۳۶)
ہوئی شہر میں ہر طرف دھوم دھام جہان میں نہ باقی رہا غم کا نام
ہوئے شادمانی سے ہر خاص وعام ہوئے مست و مخمور بیغم تمام
ہوئے بسکہ لولو و گوہر نثار ہوا شہر میں ہر گدا مالدار

اوٹھا ملک میں ہر طرف رقص و رنگ ‏ لگے بجنے ہر جا پہ مردنگ و چنگ
خوشی کا کہان تک کرون مین بیان ‏ ہوئی رقص میں زہرۂ آسمان
نہ بہرام کو کچھ رہا درد و غم ‏ خدا نے دئے ایک سے دو صنم
اوٹھایا دل اپنے پہ جیسا وبال ‏ ہوا ویسے ہین مالک ملک و مال
نہین پھر کیا قصد سوئے وطن ‏ ہوا شہر وُہ اوس سے رشک چمن
رہا جب ملک تخت پر کامگار ‏ نہ پہونچا کسی پر الم زینہار
نہ رکھی کسی شہر میں رسم جور ‏ سدا حال مسکین پہ کرتا تھا غور
سخاوت میں اس طرح رکھتا تھا ڈول ‏ کہ تھا درفشانی مین نیسان خجل
کہان تک کرون وصف اوسکا بیان ‏ کہ ہے طول اس کی بہت داستان
پلا ساقیا خوب سا بھر کے جام ‏ کہ ہوتی ہے اب داستان یہ تمام

کرون اب ادا شکر پروردگار ‏ کہ ہے نام غفار و آمرزگار
مجھے مثنوی کا نہ کچھ شوق تھا ‏ غزل گوئی کا تھوڑا سا ذوق تھا
میرے اک شفیقو نمین ہین شیو غلام ‏ سخن فہم و رنگین ادا خوش کلام
یہ فرمایا مجھ سے کہ اے مہربان ‏ کرو داستان کوئی رنگین بیان
عزیز اونکی خاطر تھی مجھکو کمال ‏ اوسی دم بندھا مثنوی کا خیال
غرض تھوڑے عرصے میں کر فکر و غور ‏ کیا میں نے اس داستان کا یہ طور
جو یہ حال سب عشق کا لکھ چکا ‏ خیال آیا پھر مجھکو تاریخ کا
تو یہ ہاتف غیب نے اوس زمان ‏ کہا "کیا ہی ہے خوب تو داستان"

۱۲۴۱ھ

ہین ایک لالۂ بے بدل رام دین تخلص فرخ شاعر نکتہ چین
سُنی جبکہ یہ داستان نگار خوشی سے کہا "ہے یہ باغ بہار"

سنہ ۱۲۴۱

مصنف چنین تازہ مثنوی کہ بھگونت رای است کاکوروی (ورق ۱۴۷)
مگر اوسکو راحت سبھی خاص و عام تخلص میں مشہور کرتے ہین نام
یہ ہے نکتہ چینوں سے اب التجا جہان جس جگہ پر ہوئی ہو خطا
کریں اپنی بخشش کی اوسپر نظر نہ کچھ عیب جوئی پہ باندہین کمر
پڑھے جو کہ یہ مثنوی شوق سین جہان مین رہے وہ سدا ذوق مین
الٰہی یہ ہے جب تلک روزگار
رہے مجھ سے یہ داستان یادگار

تنقید و تبصرہ

ادارۂ ادبیات اردو ۱۹۴۲ء میں

حیدرآباد میں زبانِ اردو کی توسیع و ترقی کے لئے جو کوششیں جاری ہیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ منجملہ اُن اداروں کے جو وہاں اردو کی خدمت میں مصروف ہیں۔ ایک ادارۂ ادبیات اردو ہے۔ جو عرصہ بارہ سال سے اردو ادب کی نشر و اشاعت کا کام کر رہا ہے۔ ۱۹۳۱ء میں یہ ادارہ ڈاکٹر سید مُحی الدین زورؔ اور ان کے رفقا کی تحریک سے قائم کیا گیا۔ اس قلیل عرصے میں نوّے کے قریب اردو کی کتابیں کارکنانِ ادارہ کی کوشش سے شائع ہو چکی ہیں۔

کتاب زیرِ تبصرہ ادارۂ ادبیات اردو کی اُن خدمات کا تذکرہ ہے۔ جو اُس نے ۱۹۴۲ء کے دوران میں انجام دیں۔ حدودِ ریاست حیدرآباد کے اندر مختلف شہروں اور قصبوں میں ادارہ کی چالیس شاخیں کُھل چکی ہیں۔

منجملہ دیگر خدمات کے جو ادارہ انجام دے رہا ہے۔ سب سے زیادہ مفید اور نمایاں کام یہ ہے کہ وہ اس وقت اردو انسائیکلوپیڈیا کی ترتیب و تکمیل میں مصروف ہے۔ ہمیں سب سے بڑی خوشی اس بات کی ہے کہ کارکنانِ ادارہ میں ہر مذہب و ملت کے لوگ شریک ہیں۔ اور اپنے

ملک کی زبان کو ترقی دینے میں یکساں سرگرم ہیں۔
ادارہ کے صدر نواب مہدی یار جنگ بہادر اور معتمد ڈاکٹر سید محی الدین زورؔ ہیں۔ ان علم نواز بزرگوں کے نام ہمیں یقین دلاتے ہیں کہ ادارہ کا مستقبل شاندار ہوگا۔

شاد اقبال ادارۂ ادبیات اردو کے سلسلۂ مطبوعات میں اس کا نمبر ۹۶ ہے۔ یہ اُن خطوط کا مجموعہ ہے جو علامہ اقبال مرحوم اور مہاراجہ سرکرشن پرشاد آنجہانی مدارالمہام دولت آصفیہ المتخلص بہ شادؔ نے ۱۹۱۶ء اور ۱۹۲۷ء کے درمیان ایک دوسرے کو لکھے۔

ہم ان خطوط کو بے حد قابلِ احترام سمجھتے ہیں۔ نہ صرف اس لئے کہ وہ ہندوستان کی دو بہت بڑی ہستیوں کے باہمی تعلقات کا مرقع ہیں بلکہ اس لئے بھی کہ وہ موجودہ نسل کے لئے درسِ عبرت ہیں۔ خطوط کے مطالعہ سے پڑھنے والے پر اُس پاک محبت اور دلی عقیدت کا گہرا اثر ہوتا ہے جو ان دو بزرگوں کو ایک دوسرے کے ساتھ تھی۔ یہ عقیدت اور محبت اُن باہمی تعلقات کا ایک نمونہ ہے جو پرانے بزرگوں میں بلا امتیاز مذہب دیکھنے میں آتے تھے اور جن کا موجودہ نسل کی سوسائٹی میں ڈھونڈنا بے سود ہے۔

ذاتی حالات کے علاوہ ان خطوں میں ادبی تبادلۂ خیالات بھی ہے۔ ادارۂ ادبیات اردو نے اس کتاب کی اشاعت سے بہت عمدہ خدمت انجام دی ہے۔ شروع میں چالیس صفحے کا ایک مقدمہ ڈاکٹر سید محی الدین قادری زورؔ کا لکھا ہوا ہے۔ جس میں بہت سی مفید اطلاعات درج ہیں۔

تعداد صفحات: ۲۰+۴۵۰+۱۷، قیمت ۶ ملنے کا پتہ: ـ سب رس کتاب گھر، رفعت منزل ـ خیریت آباد ـ حیدر آباد دکن،

Caliphate and kingship in Medieval Persia. یعنی "خلافت و سلطنت در ایران بعہد قرون وسطیٰ" (بزبان انگریزی، مؤلفہ ڈاکٹر امیر حسن صدیقی لیکچرر مسلم یونیورسٹی علیگڑھ،

تیسری صدی ہجری میں خلافت عباسیہ کے زوال پذیر ہونے پر ایران بالخصوص خراسان میں خود مختار سلطنتیں پیدا ہونی شروع ہو گئیں ـ چنانچہ اس وقت سے لے کر تاتاریوں کے ہاتھوں خلافت کے خاتمے کے وقت تک طاہری، صفاری، سامانی، غزنوی، سلجوقی اور خوارزمشاہی خاندان مشرقی ایران میں اور بنو بویہ مغربی ایران میں برسر حکومت آئے۔ خلافت عباسیہ اور ان خاندانوں کے درمیان صلح و جنگ کے جو تعلقات رہے ـ یہ کتاب ان کی ایک مختصر لیکن دلچسپ تاریخ ہے ـ

اسلام میں خلافت ایک مرکزی ادارہ تھا۔ اور جب تک وہ قائم رہا اپنے عروج کے زمانے میں بھی اور زوال کے زمانے میں بھی دنیائے اسلام کی یکرنگی اور یگانگت کا باعث رہا۔ خلافت کا انتہائی زوال اور بالآخر خاتمہ اُس طویل کشمکش کا نتیجہ تھا جو بنو عباس اور ان خود مختار خاندانوں کے درمیان جاری تھی ـ اس کا خاتمہ گویا تمدنِ اسلام کا خاتمہ تھا ـ

خلافت عباسیہ اور ایران کی ان خود مختار سلطنتوں کے درمیان سیاسی اور مذہبی روابط کیا تھے ـ اور ان سے کیا نتیجے پیدا ہوئے ـ کتاب زیر تبصرہ کا یہ موضوع ہے ـ اور یہ ایک اچھوتا مضمون ہے ـ جو بالخصوص ایک مسلمان مصنف کے قلم سے پہلی مرتبہ لکھا گیا ہے ـ سر ٹامس آرنلڈ کی کتاب "خلافت" اگرچہ ایک حد تک اسی

موضوع پر ہے۔ لیکن وہ سیاسی پروپاگنڈا کی خاطر لکھی گئی تھی۔ اور اس کا مقصد مسلمانوں کے دلوں سے خلافت کی عظمت کا مٹانا تھا۔ برخلاف اس کے کتاب حاضر محض علمی تحقیقات کے مقصد سے لکھی گئی ہے۔

تین چار سال ہوئے اس کتاب کا اردو ترجمہ "خلافت و سلطنت" کے نام سے دار المصنفین اعظم گڈھ نے شائع کیا تھا۔ ہمیں خوشی ہے کہ اب یہ کتاب اصل انگریزی میں طبع ہو کر شائقین کے ہاتھوں میں آگئی ہے۔

شیخ محمد اشرف تاجر کتب کشمیری بازار لاہور نے اس کو گذشتہ سال (۱۹۴۲ء) میں شائع کیا ہے۔ تعداد صفحات ۱۸۰، قیمت چار روپے۔

The Administration of the Sultanate of Delhi. مؤلفہ ڈاکٹر اشتیاق حسین صاحب قریشی تعداد صفحات ۲۰۸، مقام اشاعت لاہور ۱۹۴۲ء، قیمت آٹھ روپے۔

ہندوستان میں اس وقت تک تاریخ نویسی سے صرف واقعہ نگاری مراد لی جاتی تھی۔ یعنی فقط یہ بیان کرنا کہ کونسے بادشاہ کے عہد میں کیا کیا واقعات پیش آئے۔ اُس نے کب سے کب تک سلطنت کی۔ یا فلاں خاندان کب اور کیونکر نابود ہوا۔ اور اس کی جگہ کس خاندان نے لی، فلاں لڑائی کب اور کہاں اور کس کس کے درمیان ہوئی۔ کون فتح یاب ہوا۔ اور کس کو شکست ہوئی وغیرہ۔ لیکن موجودہ دور میں تاریخ نویسی کا مفہوم بہت زیادہ وسیع ہو گیا ہے اور واقعہ نگاری سے گزر کر ارتقائے تمدن کا مطالعہ ایک مؤرخ کا سب سے پہلا فرض قرار دیا گیا ہے۔ گذشتہ چند سال کے عرصے میں انگریزی زبان میں متعدد کتابیں ہندوستان میں عہد اسلامی کی تمدنی تاریخ پر لکھی گئی ہیں، کتاب حاضر انہی میں سے ایک ہے، ۱۲۰۶ء سے ۱۵۲۶ء تک ہندوستان کی اسلامی سلطنت

کا جو نظام حکومت تھا۔ اس کی تشکیل اور ترکیب پر اس کتاب میں عالمانہ بحث کی گئی ہے
مختلف ابواب کے عنوانوں سے کتاب کا موضوع اچھی طرح واضح ہو جاتا ہے' وہ یہ ہیں: سلطان شرعی
سلطانِ حقیقی' شاہی گھرانا' وزارۂ مالیات' فوج' محکمۂ عدالت اور پولیس' امور مذہبی تعلیم
اور امور رفاہ عام' صوبجاتی اور مقامی حکومت' وغیرہ'

ڈاکٹر قریشی نے یہ کتاب لکھکر علمی دنیا کو اور بالخصوص مسلمانوں کو احسانمند کیا ہے۔ انہوں نے یہ دکھایا ہے کہ مغلوں سے پہلے سلطنت دہلی صحیح معنوں میں اسلامی سلطنت تھی۔ جس کا اصولِ حکومت شریعت کے قواعد پر مبنی تھا۔ پندرہویں صدی میں جب ہندوستان کے طول وعرض میں چھوٹی چھوٹی سلطنتیں قایم ہوگئیں تو یہی روایات دہلی سے منتقل ہوکر مالوہ' گجرات' بنگال' جونپور اور بہمنی سلطنتوں میں سرایت کر گئیں۔ گویا دوسرے لفظوں میں سلطنت دہلی ہندوستان میں اسلامی تمدن کی پرورشگاہ تھی' یہیں یہ پودا پروان چڑھا۔ اور اسی کی شاخیں ملک کے طول وعرض میں پھیل کر سرسبز ہوئیں۔

ڈاکٹر قریشی نے جو کام سرانجام دیا وہ کچھ آسان نہیں تھا۔ مغلوں کے زمانے سے پہلے کی تاریخ کے مآخذ بہت کم یاب ہیں۔ اور اس قسم کی تفاصیل جو انہوں نے جمع کی ہیں۔ بہت تلاش سے دستیاب ہوئی ہیں۔

شیخ محمد اشرف تاجر کتب کشمیری بازار لاہور ہمارے خاص شکریے کے مستحق ہیں۔ کہ انہوں نے اس کتاب کو نہایت عمدہ طباعت کے ساتھ اور اعلے درجے کے کاغذ پر شائع کیا ہے خصوصاً ایسے زمانے میں جب کہ کاغذ بالکل نایاب ہے۔ تاریخ و تمدن اسلام پر انہوں نے اسی زمانے میں چند نہایت عمدہ کتابیں۔ شائع کی ہیں۔

Minhaj ... | بزبان انگریزی' مؤلفہ ڈاکٹر غلام محی الدین صوفی ایم اے۔ ڈی لٹ

تعداد صفحات ۳۰۲ قیمت چار روپے، شیخ محمد اشرف تاجر کتب کشمیری بازار لاہور نے شائع کی (۱۹۴۲ء)

کتاب زیر تبصرہ میں ابتدائے زمانۂ اسلام سے لے کر آج تک ہندوستان میں مسلمانوں کے تعلیمی اداروں کے نصاب پر بحث ہے۔ کتاب میں چار باب ہیں۔ پہلے باب میں ترک اور افغان بادشاہوں کے زمانے کا نصابِ تعلیم بیان کیا گیا ہے۔ دوسرے باب میں عہدِ مغلیہ کے نظامِ تعلیم پر بحث ہے۔ تیسرے باب میں انگریزی دورِ حکومت کے اسلامی مدارس (قدیم اور جدید) کا تعلیمی نصاب مذکور ہے اور چوتھے باب میں آزاد ہندوستان یعنی زمانۂ آیندہ کی تعلیمی اسکیم پر اظہارِ خیالات کیا گیا ہے۔

شروع کے دو بابوں میں فاضل مصنف نے بالعموم عربی اور فارسی کی اُن متداول کتابوں کا ذکر کرنے پر اکتفا کی ہے۔ جو اسلامی ممالک میں عام طور پر رائج تھیں۔ اور جن کا مطالعہ تکمیل تعلیم کے لئے ضروری سمجھا جاتا تھا۔ وہ یہ ثابت نہیں کر سکے کہ یہ کتابیں مدارس میں داخلِ نصاب تھیں۔ شاید اسلئے کہ ان کے مآخذ میں اس قسم کی تاریخی شہادت نایاب تھی۔ لیکن ناظرین کو جو چیز زیادہ تشنہ رکھنے والی ہے۔ وہ یہ ہے کہ انہوں نے اپنے بیانات کی تائید میں مآخذ کے حوالے بہت کم دئیے ہیں۔

تیسرے باب میں یعنی انگریزی زمانے کے مدارس کے نصاب پر بحث کرنے میں انہیں اپنے بیانات کی توضیح میں زیادہ کامیابی ہوئی ہے۔ اور اس کی وجہ ظاہر ہے کہ اس زمانے کی گذشتہ تعلیمی رپورٹیں اور نصاب نامے اس وقت موجود ہیں۔ اور بآسانی دستیاب ہو سکتے ہیں۔ ان مدارس سے ہماری مراد مدرسۂ عالیہ کلکتہ، دہلی کالج، دارالعلوم دیوبند، ندوۃ العلماء لکھنؤ، مسلم یونیورسٹی علیگڑھ اور

اورینٹل کالج لاہور وغیرہ ہیں۔

آخری باب جس میں مصنّف نے آیندہ نصاب کی اسکیم پیش کی ہے۔ کتاب کا سب سے زیادہ دلچسپ حصّہ ہے۔ اگرچہ چند فروعی باتوں میں ان سے بعض ماہرینِ تعلیم کو اختلاف ہوگا لیکن اصولی باتیں جو انھوں نے لکھی ہیں وہ قابلِ احترام ہیں۔ مثلاً یہ کہ مذہب کو نصابِ تعلیم کی تعمیر میں مرکزی حیثیت دی جانی چاہیئے۔ یا یہ کہ ہر صوبے کی زبان کو وہاں کی تعلیم کا ذریعہ قرار دینا چاہیئے۔

کتاب کی طباعت نہایت عمدہ ہوئی ہے۔

مجلّہ طیلسانیین | انجمن طیلسانیین عثمانیہ یعنی عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد دکن کے گریجوئیٹوں کی انجمن کا سہ ماہی رسالہ۔ یہ رسالہ اردو میں حیدرآباد سے شائع ہوتا ہے۔ ہمارے پیش نظر ساتویں جلد کا پہلا شمارہ ہے۔ جس کو دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے۔ کہ مضامین کا معیار بلند رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ہر علم و فن کے مضامین کا شائع کرنا مقصود رکھا گیا ہے۔ رسالے کو نو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے:۔

۱۔ اداریہ، ۲۔ مقالات، ۳۔ مخطوطات کے خزانے، ۴۔ تاریخی کاغذات کے ذخیرے، ۵۔ تنقید و تبصرہ، ۶۔ معاصروں کے صفحے، ۷۔ جامعاتی معلومات، ۸۔ انجمن اور اس کے ملحقہ اداروں کی اطلاعات، ۹۔ حصّہ معاشیات،

رسالے کے مدیر مسٹر محمد غوث ایم اے۔ ایل۔ ایل۔ بی (عثمانیہ) ہیں۔ تقطیع ۲۰×۲۶/۸، حجم تقریباً ۱۷۵ صفحے، چندہ سالانہ صہ۔ ملنے کا پتہ: معتمد انجمن طیلسانیین کمرہ نمبر ۲ مجردگاہ سڑک نظام شاہی حیدرآباد دکن،

ادارہ

مستعدِ کار باشند و برانغار از امراء نامدار و بهادرانِ شمشیرگذار که در سلکِ اهتمام میرزا عبدالعزیز انتظام داشتند استحکام یافت بیت

چو[1] شیرانِ خشمین و پیلانِ مست

ز جان از پیِ آب رُو شسته دست

و میرزا علاءالدوله را چشم امیدوار از طرف برانغار بفروغ طلعتِ میرزا صالح و مردمِ او روشن بود بیت

همه[2] سر پُر از خشم و دل پُر ز کین

بابردی مردی در افگنده چین

و قول از فرِ شکوهِ بادشاهانه و نورِ حضورِ خسروانهٔ میرزا علاءالدوله زیب و زینت گرفت و چند امیر تومان با لشکرهاء جهان بنوسون کوماک هیّا بودند تا اگر از طرفی قصوری و ضعفی روی نماید تدارک آن کنند بیت

یلانِ[3] سرافرازِ شمشیر زن نبرد آزمایانِ لشکر شکن

و جوانغار[4] از لمعانِ سنان و برقِ تیغ رخشانِ میرزا خلیل سلطان آراسته بود و جمعی مردم دلاور و بهادرانِ زورآور ع

در سایهٔ چتر او مقرّر بودند

القصه بدین سان آن دو سپاهِ گران و آن دو لشکرِ بیکران در برابر یکدیگر رسید و شکلِ مصاف و پیکرِ پیکار پدیدار گشت فضاء لشکرگاه از

---

[1] قبلش در آک +: ع سپاهی به بسیاری از حد برون — یکایک به مردی ز رستم فزون

[2] آک قبلش +: ع سپاهی سبک حملهٔ تیز جنگ — گشاده کمین جستن از خصم جنگ (رکنا)

[3] آک بعدش +: ع همه کارشان کوشش و تاختن — همه رای شان رایت افراختن

[4] بجایش در آک: و برانغار بعهدهٔ ضبط میرزا خلیل سلطان استحکام داشت — آ مطابق متن است اما و برق را ندارد

کثرتِ جوشن[1] و زره دارِ حصارِ آهنین شد و هوارِ رزمگاه از برقِ تیغ و صاعقهٔ خنجر صحرای آتشین گشت گوشِ نگاوران بنوکِ سنان آرایش یافت و عنانِ مبارزان از چپ و راست در گردش آمد

نظم[2]

رسیدند[3] لشکر بجای مصاف	دو پرکار بستند چون کوه قاف
چنان[4] آمد از هر دو لشکر غریو	کزان هول دیوانه شد مغزِ دیو
ستون[5] عَلَم جامه در خون زده	نجات از جهان خیمه بیرون زده

در وقتی که آن دو سپاهِ رزمخواه در برابرِ یکدیگر صفها آراسته بودند[6] میرزا سلطان عبدالله[7] شیرازی بجانبِ میرزا الغ بیگ عزیمت نمود و میرزا علاء الدوله را بغایت دشوار آمد اما از قبضهٔ اختیارِ او بیرون رفت و آن دو لشکر بیشتر خویش و پیوند یکدیگر جنگ پیش بردند شرارِ

10 کارزار از حضیضِ خاک باوجِ افلاک برآمد و آتشِ قتال زبانهٔ جدال کشید از نهیبِ شمشیرِ آبدار زهرهٔ شیر ژیان آب دار از بیم سنانِ چون ثعبان آتش در دلِ سنگ نهان گشت خدنگِ جان ستان پیامِ اجل بدل می رسانید و نیزهٔ پیچان[8] حدیثِ دلِ مجروح پیشِ روح مشروح می گذرانید و آن دو لشکرِ رزم آور در یکدیگر[9] آمیختند و در شب گردِ روزِ رستاخیز[10]

---

[1] ک: جوشن الخ (بجای جوشن درا الخ) تصحیح از روی آ ب ک؛ با: جوشن و زره و از خفتان،

[2] مصنف این ابیات را ظاهراً از مواضع متفرقهٔ شرف نامه گرفته است، [3] خمسهٔ نظامی و شرف نامه، ص ۱۰۲ س ۱۱، [4] خمسهٔ نظامی و شرف نامه، ص ۱۲۲ س ۲، [5] خمسهٔ نظامی و شرف نامه، ص ۱۹۱ س ۲،

[6] آ ب: بود (بجای بودند)، [7] یعنی عبدالله بن ابراهیم سلطان بن شاه رخ والی فارس،

[8] ک با آ ب: پیچان؛ اک: پیچان، [9] با ب آ ک: بیکدیگر (بجای در یکدیگر)،

[10] در غیر ک: رستخیز،

براگیختند بیت

چو لشکر بلشکر بر آمیختند قیامت زگیتی براگیختند
سپاه از دو سو بر سر بارگی بجنبید لشکر بیکبارگی
ستیز دو لشکر چو از حد گذشت زمانه یکی را ورق در نوشت

و از طرفین سعی و کوشش بسیار نمودند و بیش از حدّ و شمار در مقام کشش یکدیگر بودند، میرزا علاء الدوله در آن واقعهٔ صعب صبر و تحمّلِ تمام پیش برد و تا نَمِ قوّت در جگرِ توانائی داشت پای ثبات و قرار بیفشرد و عاقبت عنایت ربانی و عاطفتِ آسمانی میرزا الغ بیگ را مظفر و منصور ساخت، و رایتِ نصرت او را بر افراخت و سپاه خراسان ترسان و هراسان ع ۱۰

بیکبار از هم فرو ریختند

جمعی بر اثر الفرارُ فی وقتهِ ظفرٌ[1] رفتند، و فوجی دست ناتوانی در نطاق الفرارُ ممّا لایُطاقُ زدند، و میرزا علاء الدوله چون دید که عنان اختیار از دست رفت (ورق ۲۱۶ ا) و لشکر از پا در آمد با شکِ غیرت و آبِ حسرت ۲۱۶ ا دستِ بخت از تاج و تخت شسته و دل از مملکت و پادشاهی برداشته ع

عنان بارهٔ تیز تگ را سپرد

وتا مشهدِ مقدّس در هیچ مقام آرام ننمود،[2] و با خلاص تمام زیارت حضرت

---

[1] ک: الفرارُ ممّا، بجای الفرار ممّا؛ آ ب: الفرار ممّا؛ آ: الفرار بما؛ اک: الفرد بما. [2] عبارت آینده از «وآیت آتا ختنا الخ»، در ک باختصار آورده است وگفته: و لشکر او در پای دام بلا و قید و قیدِ محنت و عنا اسیر و مجروح و قتیل و مطروح گشته و آیت «اتا فتحنا الخ» ز اسماء انصار اکه مغرور شده نبد[3] موسوم بعد «فتحنا امان یافت» آمده است.

امام علیه التحیة والسلام فرمود و بقلعهٔ[1] عماد رفته خزاین کشاد و اموال فراوان بهرکس داد و از آنجا عازم استرآباد شد، و در ولایت خبوشان با میرزاده[2] ابوالقاسم بابر[3] ملاقات کرده و برادران یکدیگر را کنار گرفته، میرزا ابوالقاسم بابر دلجوئی تمام نمود و فرمود که ملک و مال و لشکر دریغ نخواهد بود

و مهد علیا گوهرشادآغا و برادر او امیر محمد صوفی ترخان و خواجه غیاث الدین پیر احمد و امیر سلطان ابوسعید داروغه که در هراة بودند چون خبر فرار میرزا علاء الدوله را[4] استماع نمودند همراه صبا و شمال بر سبیل استعجال روان شدند و آهنگ راه عراق ساختند، و امیر سلطان ابوسعید در اثناء راه گرفتار شد و دیگران بسلامت[5] بمملکت عراق

10 رسیدند،

و میرزا الغ بیگ را آیهٔ اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِینًا طراز رایت ظفر آمد، و مضمون وَیَنْصُرَکَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِیْزًا نامهٔ منشور سلطنت شد، و[6] میرزا الغ بیگ چون صورت نصرت در آئینهٔ ظفر مشاهده نمود لشکر منصور را از قتل مقهوران منع فرمود و بقیهٔ لشکر شکسته بفریاد و فغان زینهار و امان[7] خواستند بیت

---

[1] رک به ص ۵۵ س ۹، این قلعه مذکور است در دولت شاه، ص ۴۲۲، [2] آ: بابوالقاسم بابر میرزا، با بب: با میرزا ابوالقاسم بابر، [3] آ با بب —، [4] آ: سلامت، بجای بسلامت، [5] ازینجا مضمون چند ورق را در بب ندارد تا "افزون باد" بر ص ۷۹ س ۱۳، از بیت "بیا زنهار گرقوی دستی بترس از آه مظلومان که هرگز ضعف نالان تر قوی تر زخم پیکانش" باز مضمون را دارد، بظاهر از اصلی ناقص نقل نموده از آنکه بیاض ندارد، [6] فقط آ —،

چو دید آن همه عجز و زنهار شان ببخشود بر حالت زار شان

و لشکر منصور از کثرت غنایم معمور شدند و میرزا الغ بیگ این فتح بزرگ را زیور فتوح ملک دانسته تیسر آن از لطایف عنایت ایزدی و نتایج سعادت سرمدی شناخت، و شکر نعم آفریدگار بجای آورد، و مثال آسمان امتثال بتحریر فتح نامها نفاذ یافت، و دبیر روشن ضمیر گوهر منثور در سلک عبارت و لؤلؤ منظوم در عقد استعارت نظم داد، و مبشران باطراف ممالک روان شدند، و با آنکه میرزا عبداللطیف درین مصاف آثار شجاعت و جلادت ظاهر ساخته بود میرزا الغ بیگ میدوی فتح بنام میرزا عبدالعزیز رقم فرمود، و اینمعنی بر خاطر شریف میرزا عبداللطیف دشوار آمد و کدورت تمام در ضمیر او جایگیر شد،

و سپاه سمرقند کامران و کامیاب از منزل ترناب بجانب دارالسلطنهٔ هراة نهضت نمود، و در منزل چهل دختران جناب ولایت مآب، شیخ الاسلام بهاء الدین عمر قدس سره را که بعزم مصالحت عزیمت فرموده بودند غارت

لفظ آ: زنهار بجای زنهار، آ با: شد بجای شدند، آ ـــ، با ـــ، ک: تیسیر آ با مثل متن، فقط ک: لطافت، اک در عبارت اختلافی جزئی دارد، اک اینجا دو بیت در مدح دبیر افزوده، ولد خورد تر الغ بیگ میرزا، آ: برد بجای در، اک مثل متن، آ با: برتاب، اک: ترتاب ـــ بن اعمال بادغیس (دولت شاه ص ۳۶۳)، موضعیت قریب از حد شمالی میان دولت روسیه و افغان، محلش بر دریای کشک است میان کشکینکی (روسی) و قراتپه (افغانی)، رک به افغانستان داز جلال الدین احمد و محمد عبدالعزیز ص ۱۱ و خریطه در آخر آن کتاب، برای دی رک به جزو ۲ ازین کتاب ص ۷۴۲ ح ۱، آ ـــ،

10

عام کردند، و میرزا الغ بیگ هم دران منزل با جنابِ شیخ ملاقات کرده شرایطِ اعزاز و اکرام و مراسمِ تعظیم و احترام تقدیم نمود، و حکم فرمود که اولاغان و محقّهٔ[1] شیخ را باز دهند، امّا استغنائی درصورتِ تعظیم بظهور آورد، و آن معنی بر میرزا الغ بیگ و ارکانِ دولتِ او مبارک نیامد، چنانچه شرح آن خواهد آمد انشاء الله تعالی. بیت

تا دلِ مردِ خدا نامد بدرد ... هیچ قومی را خدا رسوا نکرد[2]

۲۴۶ب و راوی اوراق از جمعی[3] | ثقات استماع نمود که دران زمان که جنابِ شیخ در اُردوی میرزا[4] الغ بیگ غارتِ عام یافته بود در حضور مردم مثلِ مولانا یوسف عطّار و مولانا حسن بن عبدالقادر طبیبِ میرزا الغ بیگ فرمود[5] که زود باشد که میرزا عبداللّطیف میرزا الغ بیگ را بموجبِ حکمِ قاضی و مقتضی

۱۰ شرعِ شریف بقتل رساند، و آنچه فرموده بود بعینه ظاهر شد و کارِ دولتِ او آخر شد آری. بیت

---

[1] آ با حبیب السیر (۴: ۳: ۱۵۵): الاغان محفّه؛ اک: الاغان محفیه؛ [2] مثنوی مولانای روم (طبع استاد نکلسن)، ۱: ۲۱۴؛ [3] فقط در ک میان "جمعی" و "ثقات" عبارتی را دارد که بظاهر عبارت حاشیه بود کاتبِ این نسخه آن را شامل متن کرده، و آن عبارت اینست: "مثل سید خانشاه، امّا جناب ولایت پناهی مولانا نورالدین عبدالرحمن الجامی باور نداشت که شیخ این سخن گفته باشد، و فرمود که شیخ مردی لطیف بود، مثل این سخنان نمی گفت، ابلهان پندارند که کمال این باشد که کسی از آینده خبری گوید و چنین نیست شهاب حسن شاه استرابادی در صنعت رمل حکمهای کرد که مقدور نبود، با آنکه نیز که (کذا) طبعی است ثقه نیست" و این عبارت را د و آ با اک ندارد، و چنانکه گفته شد درین موضع چند ورق را ندارد؛ [4] آ با اک —؛ [5] آ: فرموده بود بجای فرمود؛ اک: فرمودند؛

اولیا[1] را چون شود خاطر دگر[2]   ملک شاهان می شود زیر و زبر

و میرزا الغ بیگ عازم مستقر[3] دولت و مرکز دایرهٔ خلافت شد، وسادات و قضاة و موالی و اهالی بر سبیل استقبال استعجال نمودند و مراسم دعاگوئی و ثناخوانی و نثار و نیاز بظهور آوردند، و میرزا الغ بیگ همه را نیک دید و احوال پرسید، و چون خورشید در اوج کمال نزول اجلال[4] فرمود، وصیت فتوح شهریاری و صدای ظفر و کامگاری در اطراف عالم سایر و دایر گشت، و اخبار مفاخر و آثار مآثر در اقطار جهان شایع و مشهور شد، و اطراف ممالک و مسالک زیور امن و زینت امان یافت[5]، و آفتاب معدلت و فروغ مرحمت بر عامهٔ رعایا و زیردستان تافت[6]، و امیرزاده جلال الدین محمد ولد امیر سلطان[7] شاه برلاس که حاوی اوراق از امراء اتراک بمدت ادراک او مشاهده ننمود در تاریخ این فتح قطعهٔ خوب فرمود   10

قطعه

مظفر[8] الغ بیگ کشور گشای   که در سلطنت ماند اساسی عجیب[9]
چو لشکر بسوی خراسان کشید   میسر شدش فتح و فتحی[10] غریب

---

[1] در اک بجایش: ع اولیا راهست قدرت از اله ـ تیر رفته بازگرداند زراه ـ
کیل (کذا)، لیک ۹۰)، ایشان را چو شد خاطر دگر برای بیت اول رک به مثنوی مولانا در طبع استاد نکلسن ۱۹۲۹،
[2] فقط آ: جلال دبجای اجلال)
[3] در اک این جمله را بعبارت دیگر بیان نموده و آنچه بعدش در متن است تا ذکر حصار نیره تو (ص ۷۷ س ۲) آن را منحف کرده و بجایش ذکر فراریان و در راه گرفته شدن امیر سلطان ابوسعید در رک به ص ۹۰   [4] س ۹) آورده،   [5] آ: یا ـ،   [6] فقط با: جلال الدین سلطان شاه دبجای سلطان شاه)،   [7] آ: اساس عجیب، یا: اساس عجیب،   [8] فقط آ: فتح،

خرد از پی نصرتِ لشکرش
بتاریخ گفت : اِنّ فتحاً قریب[۱]

حصارِ نیره تو[۲] که در شمالی شرقی هرات بمسافت ده[۳] فرسخ واقع است بر قلهٔ کوهی[۴] و در درونِ (آن) چند چشمهٔ آب که بمحافظانِ آن وفا می نماید، و پیش ازین بچند سال حضرت خاقان سعید فرمود که آن را عمارت کردند و[۵] بسنگ و گچ محکم ساختند[۶]، و بعد از واقعهٔ آن حضرت میرزا علاء الدوله خزاین بسیار و نقودِ بیشمار بآنجا نقل کرده بمعتمد خود سپرده بود مفتوح گشت، و[۷] این سخن شهرتی دارد که اسباط فریدون در ایام استیلاء مخالفان بعمارتِ آن قلعه قیام نمودند،

۱۰ و حصارِ اختیار الدین که مشحون گنجهاء جهان و مخزن نقود فراوان بود و آقا حاجی بیگ آن را نگاه می داشت چنانچه شرح آن گذشت[۸] درین ولا بسعیِ میرزا عبداللطیف که چندگاه درآنجا محبوس بود مفتوح گشت، و میرزا الغ بیگ بآن حصار فرمود، و خزینهاء آن حضرت[۹] که مانده بود کشود، و از میرزا عبداللطیف چند هزار مثقال طلاء و دیگر اوانی زر و سیم،

---

[۱] آ : ان فتحنا (بجای اِنّ فتحاً)، [۲] رک به جزء اول ص ۳۰۷، س ۱ برای این حصار — فقط آ : نره تو (بجای نیره تو)، [۳] فقط ک : دوازده (بجای ده)، [۴] در ک + : از همه کوهها که در حوالی اوست بلند تر (بجای کوهی)، [۵] ک — ، از روی آ نوشته شده، آ ، ک : او (بجای آن)، [۶] آ — ، [۷] در آثار هرات ص ۱۰۲ گفته است : تعمیر آن (یعنی حصار نره تو) را بزمانه های قبل از اسلام یعنی دوره های پیده و تصرف کیان نسبت می دهند، [۸] رک به ص ۵۵ س ۱۰، [۹] آ : حضرت خاقان سعید (بجای آن حضرت)، ک : خاقان سعید،

و دویست[1] تومان نقد که در زمان عزیمت حضرت خاقان سعید بجانب
عراق میرزا عبداللطیف در آن حصار مخزون ساخته بود میرزا[2] الغ بیگ
(ورق ۲۱۷ ل) با آنکه از فتوحات خراسان چیزی بفرزند عنایت نفرمود[3] در آنچه ۲۱۷ ل
خاصّهٔ او بود هم مضایقه نمود و بدین جهت پسر از پدر مکدر شد،

و از جملهٔ[4] افعال حمیده و خصال پسندیده که میرزا الغ بیگ
درین ایام بظهور آورد[5] تربیت جناب شریعت مآب قدوة العلماء الراسخین
افضل الفقهاء المحققین مولانا قطب الدین احمد الامامی[5] سلمه الله و ابقاه
بود که منصب اعلاء قضا را بجانب او تفویض نمود و آن منصب عالی را
علاوهٔ درس و فتوی آنجناب ساخت، و مرتضای[6] اعظم دستور وزراء الامم
امیر سید عماد الدین[7] بن سید زین العابدین جنابدی را منصب وزارت ۱۰
ارزانی داشت، و مهمات مال و منال دیوان اعلی را بحسن کفایت و لطف
درایت او بازگذاشت،

و درین اثنا امیرزاده یارعلی ولد امیر اسکندر ترکمان را که امیر خلیل الله

---

[1] فقط ک: قرب صد تومان (بجای دویست تومان)، [2] فقط آ۔ با: و میرزا، اک مثل متن، [3] ک: نفرمود و (بجای نفرمود)، [4] در ک ترتیب فقرات متفاوت است از متن، در آن بعد "بظهور آورد" ذکر تفویض منصب دیوان اعلی به سید عماد الدین کرده و بعدش گفته: وجناب افادت مآب ... مولانا قطب الدین احمد الامامی ... را قاضی القضاة ممالک تعیین فرمود و آن منصب را علاوه درس و فتوی ساخته باتفاق خواجه قطب الدین محمد امانی که در زمان حضرت خاقان سعید سالها قاضی بود بدان شغل خطیر قیام نمودند، [5] فقط آ: الامانی (بجای الامامی)، اما بر ص ۴۴، س ۷ مثل متن نوشته است و همان صواب است، [6] آ ر: مرتضی، [7] با: سید علاء الدین، اک مثل متن، ــ برای سید عماد الدین محمود رک به ص ۹۴ (ح ۱۳)،

شروانی بهراة فرستاده بود و حضرت خاقان سعید اورا بسمرقند رهان فرمود و میرزا الغ بیگ درین یورش بهراة آورده بود بسبب فتنه که ازو مشاهده می نمود بند فرمود[1] و مصحوب امیر سلطان ابو سعید داروغه که پیش ازین مقید بود بمعتمدان سپرده بحصار نیره[2] تو فرستاد و رکاب ظفر انتساب بصوب مشهد مقدس معلّا[3] حرکت داد

و[4] درین ایام جناب تقوی مآب شیخ اکابر المفسرین ناصح الملوک و السلاطین مولانا تاج الملة والدین احمد الکاریزی در محروسهٔ هراة بجوار رحمت احدیت پیوست و در مزار پرانوار پیر[5] تسلیم مولانا شیخ الاسلام نظام الحق والدین علیه الرحمة والرضوان که جدّ بزرگوار او بود مدفون شد[6]

ذکر عزیمت میرزا الغ بیگ کورگان بصوب مشهد[7] و سایر بلاد خراسان[8]

سابقاً مذکور شد که میرزا علاء الدوله از مصاف جنگ ترناب[9] چون

---

[1] رک به حبس — ۲۰۲ — ص ۴۴۵ (بذیل وقایع ۸۳۶ھ)، [2] آ: نره تو، آ: نیرتو، [3] آ آ —، [4] با آک —، ک: الاکابر والمفسرین (بجای اکابر المفسرین)، تصیح از روی آر، [5] کذا در ک، اما بخط هرات "پیر تعلیم" باید خواند که بمعنی معلّم علوم دینی است، [6] آ + : مقدس، [7] اک: و فتح سایر بلاد ممالک خراسان (بجای و سایر بلاد خراسان)، [8] برص ۵۸۹ بذیل وقایع همین سال، [9] با: رتاب، اک: ترتاب،

تیر پرتاب بیرون رفت و تا مشهد مقدس[1] در هیچ مقام آرام نگرفت،
و از آنجا بولایت خبوشان رفته با میرزا ابوالقاسم بابر ملاقات کرد
هر گونه مقالات میان ایشان واقع شد، و هر دو برادر با یکدیگر[2] اتفاق
نمودند، و جمعی گریختگان بایشان پیوسته جمعیتی عظیم حاصل شد، و میرزا
الغ بیگ از امراء کبار و بهادران نامدار چند هزار سوار در قفای هزیمتیان
فرستاده بود و ایشان تا ولایت جام رفته آثار تسلط و اقتدار بظهور آوردند،
و چون باز آمدند شرح اتفاق برادران و صورت اجتماع ایشان بوقف
عرض رسانیدند،

میرزا الغ بیگ چون این اخبار استماع نمود و برین احوال اطلاع
یافت سمند جهان پیمای[3] بصوب مشهد مقدس تافت و رایات ظفر ۱۰
آیات از دارالسلطنۀ هراۃ نهضت نمود، و بمشهد مقدس و مرقد اقدس
رسیده زیارت حضرت امام علیه التحیۃ والسلام فرمود و انواع صلات
و صدقات بسادات و مستحقان رسانید، و چند روز در آن بلدۀ طیبه
بدولت و سعادت گذرانید، و جمعی امراء را بتسخیر قلعۀ عماد فرستاد و
نوید امن و امان بساکنان آنجا پیغام داد، و آن قلعه ایست در غایت
متانت و حصنی در نهایت حصانت، ساکنان آن از غلغل مسبحان افلاک
آگاه و مقیمان آن همنشین آفتاب و ماه، و انواع حیل که در فتح قلاع ۱۵
متصور است از منجنیق و عراده و محاصره و غیره نسبت بآن قلعه چون
دنیدن باد دست با ایوان سبع شداد بیت

---

۱ آ ب اک + : رضوی، ۲ آ : برادران دیگر ای و هر دو برادر با یکدیگر) با شتر حق،
۳ آ ب : جهان کشای دیگر ای جهان پیمای،

ز سنگِ حادثه برجِ سپهر را چه خلل
ز بادِ نایبه شمعِ ستاره را چه زیان

شهباز آرزوی سلاطینِ کامگار در هوای تسخیرِ آن قلعهٔ نامدار پرواز کرده[1]
و بعد از سعیِ بسیار عاجز و مایوس باز گشته، و میرزا علاءالدوله در زمانِ
حضرت خاقانِ سعید آن قلعه را عمارت فرمود و نقود و جواهرِ وافر و نفایسِ
اجناس بی حد و قیاس بآنجا نقل کرده بود بتخصیص درین ایام که عزم
محاربهٔ میرزا الغ بیگ نمود، میرزا الغ بیگ چون دانست که تسخیرِ
آن قلعه بحیله و تدبیر صورت پذیر نیست بل کشادِ آن بازبستهٔ تقدیرست
امرا [را] که بآن طرف فرستاده بود حکمِ معاودت فرمود، و رایات ظفر نشان
۱۰ عازم الُنگ[2] رادکان گشت و در چهار باغِ رادکان چند روز توقف نموده
اعلام نصرت اعلام باوج[3] ثریا ارتفاع یافت،

و در آن مقام ایلچی میرزا ابو القاسم بابر آمده تحف و هدایا گذرانید
و لقبولِ خطبه و سکهٔ نقد اخلاصِ[4] خود را تمام عیار گردانید، و میرزا الغ بیگ
اظهارِ عنایت و عاطفتِ پادشاهانه فرمود و فرستاده را بواجبی نواخته اجازت
مراجعت فرمود، و بتعجیلِ تمام در عقب ایلچی روان شد و تا ولایتِ اسفراین عنانِ
عزیمت باز نکشید[5] و مدت بیست روز در ظاهر آن قصبه سایه بانِ

---

[1] آ بعدش: بود؛ ب: بودند [2] یعنی سبزه زار و مرغزار [3] آ، ب: تا اوج، بجای باوج

[4] حبیب السیر (۳: ۲: ۱۵۵) بعدش: و متابعت [5] در آ، ک بعدش گفته است: القصه میرزا علاءالدوله
خزاین قلعه عماد را بکشاد و نقود فراوان بهر کس داد و چون باد عازم صوب استراباد گشت و در ولایت خبوشان
با میرزا ابو القاسم بابر ملاقات کرده یکدیگر را کنار گرفته میرزا بابر شرایط تعظیم و اکرام و مواجب توفیر و توقیر و
احترام و لعدم (تقدیم) نموده آنچه مناسب و لایق و ملایم و موافق آنجناب بجناب بود و پادشاه باشد بظهور

(باقی حاشیه بر صفحه ۶۹)

ظلِّ الٰهی[۱] باز کشید و میرزا عبداللطیف و میرزا عبدالله[۲] شیرازی[۳] را با علیه تمام بجانب ولایتِ بسطام فرستاد و فرمود که میرزا سلطان عبدالله بولایت استراباد در آید و آثار تسلط و اقتدار بمازندرانیان دیو سار بنماید و هر دو شاه زاده بموجب فرموده کاربند شدند و میرزا الغ بیگ تا پُلِ[۴] ابریشم[۵] فرموده معاودت نمود

لباس[2] اوستادی را از و زنگ قبای ہنری برقامتش تنگ
کمال از صنعت او فخر پیوند بدستش جامہ زیبی خوردہ سوگند

- - - - - - - - - - - - - - - - - -

بچندین فن صناعت رہنمونش عطا نام و ہم از نادر فنونش
عطا نے جونہی صندوق کو دیکھا اس نے لپک کر صندوق کو دریا سے نکال لیا
صندوق کو کھولا تو اس میں سے پریوں کو شرمندہ کرنے والی ایک حسین لڑکی برآمد ہوئی

[1] جوت پرکاش: دستورِ عشق، ص ۸، [2] ایضاً، ص ۹،

عطا باپ کی طرح اس لڑکی کی پرورش کرنے لگا۔ اور اس کا نام سسی (چاند کی مانند) رکھ دیا۔

عطا[1] چون صبح بخت از نور ماش　　منور دید سسی کرد نامش
بود سس مہ۔ سسی مانند باشد　　بیاوت گر زبان ہند باشد

سسی عطا کے گھر پرورش پاکر جوان ہونے لگی۔ عطا باپ کی طرح اور عطا کی بیوی ماں کی طرح اس سے شفقت سے پیش آتے سسی ابھی دس سال کی ہوئی تھی۔ کہ اُس کے حسن عالم افروز کی شہرت چاردانگ عالم میں پھیلی :۔

بتی[2] سیمین بری مژگان ستانی　　کمان ابرو نگاری دلستانی

- - - - - - - - - - - - - - -　　- - - - - - - - - - - -

چو آتش گرد می برجا نشستی　　زشوخی چون شرر ہر عضو جستی

- - - - - - - - - - - - - - -　　- - - - - - - - - - - -

بتی غارتگر گنج دل و دین !!!　　دو مارش حلقہ زن بر گنج سیمین

سسی کا بیشتر وقت کھیل کود میں کٹتا لیکن ہوش سنبھالنے کے ساتھ ساتھ سسی نے اپنے باپ کی بدولت فن گازری اور خیاطی میں مہارت تام پیدا کرلی۔ عطا دریا پر جاتا تو سسی کو ساتھ لے جاتا اور محل میں جاتا تو سسی اس کے ساتھ ہوتی۔ اسی طرح وقت گذرتا گیا۔ اور ایک رات سسی نے خواب میں دیکھا۔ کہ وہ ایک ایسے شہر میں گھوم رہی ہے جہاں بہت سے لوگ اونٹوں پر سوار جا رہے ہیں۔ اسی ہجوم میں اسے ایک نوجوان نظر پڑا جو اس شہر کا شہزادہ تھا۔

جوانی[3] سرخ پوشی جامہ زیبی　　بحسن جانفزائی دلفریبی
شہ خوبان ولی شہزادہ شہر۔　　طرب سرمایۂ دل آفت دہر

---

[1] ایضاً ص ۱۰'　　[2] ایضاً ص ۱۱'　　[3] جوت پرکاش : دستورِ عشق' ص ۱۴'

سسی اس شہزادے کو دیکھ کر دل و جان سے اس پر فدا ہو گئی۔ لیکن یہ سارا ماجرا خواب کا تھا۔ صبح ہوتے ہی نہ وہ شہزادہ نظر آیا اور نہ وہ شہر رہا۔ اس کے باوجود سسی اس شہزادے کی محبت میں گرفتار تھی۔ ہر چند وہ سنبھلنے کی کوشش کرتی لیکن دل کسی طرح بہلتا ہی نہ تھا :-

سسی بر بستر غم سودہ پہلو   بحسرت از زبان دل سخنگو
بگفت از مست یارم ماہ شب تاب   تجلی میکند در منظر خواب
بخواب آن دولت بیدار یابم   دل گم گشتہ با دلدار یابم

جب سسی کی حالت بہت خراب ہو گئی۔ تو اُس کی ماں نے اسے مجبور کیا۔ کہ وہ اپنا رازِ دل اس سے کہہ دے۔ سسی نے جب خواب کی تمام کیفیت ماں کے سامنے بیان کی تو وُہ بہت برآشفتہ ہوئی۔ اور اسے سمجھانے لگی۔ کہ خواب میں دیکھے ہوئے شہزادے سے محبت کرنا کون سی عقلمندی ہے۔

ز وہم تست این لعبت طرازی   مکن بالعبت موہوم بازی
بیا بگذر ز آشوب توہم   ترحم میکند الفت ترحم

مگر سسی پر نہ نصیحت کا اثر ہوا اور نہ ملامت کا۔ وہ اپنے مطلوب کو تلاش کرنے پر مصر تھی۔ جب ماں نے اُس کے یہ اطوار دیکھے تو اس سے پوچھا کہ آخر وہ اپنے مطلوب کو پانے کے لئے کون سا راستہ اختیار کرنا چاہتی ہے۔ سسی اِس بات کی پہلے ہی منتظر تھی۔ اس نے فوراً اپنی ماں کے سامنے یہ تجویز پیش کی کہ وُہ اس شہر کو آنے والی ان تمام گذرگاہوں کو دیکھا کرے گی۔ جو دریا کے پلوں سے ملی ہوئی تھیں۔ اور جن پر سے ہو کر باہر سے آنے والے تمام قافلے شہر میں داخل ہوتے تھے۔ ماں کو یہ تجویز پسند آئی۔ لیکن اس نے کہا کہ اس تجویز کو عملی جامہ پہنانے کے لئے شہر کے بادشاہ کی مدد

---

[1] ایضاً، ص ۱۶

کی ضرورت ہوگی کیونکہ دریا کے تمام پلوں پر سے گذرنے والے مسافروں سے پوچھ گچھ کرنے کے لئے بادشاہ سے اجازت لینی پڑے گی۔ اس گفتگو کے بعد ماں بیٹی دونو محل کی طرف چل دیں۔ جب شاہی دربار میں باریابی ہوئی۔ تو ماں نے بیٹی کے خیالات کی ترجمانی کی۔ اورعذریہ تراشا۔

کہ این دختر چو گوہر بحر خیز است	ہوای آتش اندر دل قطرہ ریز است
چو گل جوش از بہار آب طرد	چو ماہی خار خار آب دارد
بدل موج تمنا گرم جوش است	ہوس در خاطرش طوفان خروش است
کہ از فصل شہنشہ بر گذرہا	بود فرمان روا چون موج دریا

بادشاہ پرویز نے یہ درخواست سنی اور اپنی بیٹی کو دیکھا تو مہردرون سے اُس کا دل موم ہوگیا۔ فوراً شاہی فرمان جاری ہوا:۔

تو باشی حاکم تحصیل محصول | بہ آئین قدیم و وجہ معمول
ز ہر کز ہر گذر خیزد ازین باب | بہل کردم از ان تست دریاب

اور اس کے ساتھ ہی زر و سیم و جواہر اور تین سو ساٹھ کنیزیں بادشاہ نے خدمت کے لئے سسی کو عطا کردیں۔

سسی نے ایک کشتی بنوائی اور اس میں بیٹھ کر کنیزوں سمیت دریا کی سیر کرنے لگی۔ اور ہر ایک پل پر سے گذرنے والے مسافروں کو دیکھا کرتی حُسن اتفاق سے ایک دن ایک پل پر سے شہر کیچ کے ان اشتر سوار سوداگروں کا گذر ہوا۔ جو

[1] جوت پرکاش، دستور عشق ص ۲۰ [2] قلات (بلوچستان) میں قسمت مکران کا رقبہ ۲۶۹۰۶ مربع میل ہے۔ اسی قسمت مکران میں ایک شہر کیچ مکران واقع ہے۔ جسے کیچ یا مکران بھی کہا جاتا ہے۔ یہ شہر اس بڑی سڑک پر واقع ہے جو بلوچستان کے مغرب سے مشرق کی طرف جاتی ہے۔ بلوچستان کا یہ حصہ فلک وہ سرزمین ہے۔ جس سے

باقی بر صفحہ ۱۲

شہر بھنبور سے دیبا خریدنے جا رہے تھے۔ اور جن کی شکل ان اشتر سواروں سے ملتی تھی جن کو سسی نے خواب میں دیکھا تھا۔ سسی نے ان سوداگروں کو اپنے سامنے حاضر کرنے کا حکم دیا۔ جب یہ سوداگر سسی کے روبرو لائے گئے۔ تو اس نے ان سے ان کے وطن وغیرہ کا حال پوچھا۔ سوداگروں نے جواب دیا:-

کہ ای شمشاد سرو ستان خوبی　　قدت شاخ گل بستان خوبی
ہمہ سوداگران شہر کیچ ایم　　کہ چون زلفت سراز سودا بہ پیچیم
علی فرمانروای آن دیار است　　ز تیغش آبروی ذوالفقار است
ز جوش موج خون دشمنانش　　بود رنگین لباس شہریانش
بود از اتفاق ہفت فرزند　　عروس دولتش ہر ہفت پیوند

---

[1] جوت پرکاش: دستور عشق، ص ۴۴۔　　بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۱۔ بلوچستان کی دلچسپ ترین تاریخ متعلق ہے۔ مقامی افسانوں سے پتہ چلتا ہے کہ سیمی رامیس (Semiramis) اور سائرس (Cyrus) یہاں سے کوچ کرتے ہوئے گذرے ہیں۔ Cyrus اور Semiramis کی حکایات سن کر ۳۲۵ قبل مسیح میں سکندر بھی ہندوستان کی طرف بڑھا تھا۔ شاہنامہ میں فردوسی نے کیخسرو ایران اور افراسیاب توران کی جنگ کا نقشہ کھینچا ہے۔ اور کیخسرو کی فتح کی تفصیل بیان کی ہے۔ یہاں کیچ میں کیخسرو اور کیخسرو کے دادا کیکاؤس کی یادگاریں ابھی تک خسروی کاریز اور کاؤسی کاریز کی شکل میں موجود ہیں۔ یہ کاریزیں زمین دوز نالیاں ہیں جو آبرسانی کے لئے استعمال کی جاتی ہیں لیکن کیچ مکران پر ایرانیوں کا مسلسل قبضہ نہیں رہا۔ کچھ عرصے کے لئے یہ ساسانیوں کے زیر نگین رہا ہے۔ بعد میں ہمیں پتہ چلتا ہے کہ سندھ کے راجہ چچ نے اسے فتح کیا تھا۔ ساتویں صدی عیسوی میں عرب اس علاقے پر قابض ہوئے۔ لیکن خلافت کے زوال کے ساتھ ہی اس ملک کا نام تاریخ سے گم ہو جاتا ہے۔ پھر ۱۲۹۰ء میں مارکوپولو کے سفرنامہ میں اس کا ذکر ملتا ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت یہ علاقہ ایک آزاد بادشاہ کے قبضے میں تھا۔ مقامی طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ کہ عربوں کے بعد یہاں کے مقامی رئیس ہوت اور ملک وغیرہ یہاں حکومت کرتے رہے ہیں۔ اس وقت بھی یہاں کے بڑے زمیندار بلوچ ہیں۔ جن میں سے ہوت، شاہزادے، کلمتی اور رئیس خاص طور پر ممتاز ہیں۔

باقی حاشیہ بر صفحہ ۱۲

بخوبی منتخب ہفتم برادر	چو ہندستان بود از ہفت کشور

ز خون گل قبا گلفام دارد	نسب ہوت است و پنون نام دارد

سسی نے جو یہ بات سنی تو خوشی سے اس کے ہاتھ پاؤں پھول گئے۔

سراغ گنج بی نام و نشان یافت	تو گوئی قالب افسردہ جان یافت

اور اس نے پنون کے نام ایک خط لکھا جس میں خواب کی تمام کیفیت بیان کر کے اس سے التجا کی۔ کہ وہ بھنبور اُسے ملنے آئے۔ یہ خط کیچ کے سوداگروں کے ہاتھ پنون کو بھیج دیا گیا۔ سوداگروں نے جب یہ خط پنوں کو پہنچایا تو ساتھ ہی سسی کے حُسن عالم سوز کی تعریف بھی بیان کی۔ بس پھر کیا تھا۔ پنوں نادیدہ محبوب کا والہ و شیدا بن گیا۔ اور اس نے فوراً بھنبور جانے کی تیاری کر لی۔ پنوں کے والدین اور اقربا کو جب صورت حالات سے آگاہی ہوئی۔ تو انہوں نے ہر طرح سے پنوں کو اپنے ارادے سے باز رکھنے کی کوشش کی لیکن پنوں کے سر پر سسی کے عشق کا جنون کچھ اس طرح سوار تھا۔ کہ اسے کیچ میں کوئی طاقت نہ روک سکی۔ اور وہ چند ہمراہیوں کے ساتھ بھنبور کو روانہ ہو گیا۔ کیچ سے بھنبور جاتے ہوئے راستے میں ایک لق و دق صحرا سے گذر ہوتا تھا۔ لیکن پنوں

---

[1] ایضاً ص ۲۵، بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۲۔ (دیکھو بلوچستان کی گزیٹیر ص ۱۰۳ اور سفرنامہ مارکو پولو ص ۳۳۵)

[2] سیمی رمیس (Semiramis) ایک بابلی شہزادی تھی جس سے بہت سے افسانے متعلق ہیں۔ لیکن تازہ ترین تحقیقات سے ثابت ہوا ہے۔ کہ اس نام کی شہزادی ۸۰۰ سال قبل مسیح میں بابل پر حکمران تھی۔ اور اس نے ہندوستان پر بھی حملہ کیا تھا۔ جہاں سے وہ ناکام لوٹی تھی (دیکھو انسائیکلوپیڈیا برٹینکا، اشاعت ۱۹۲۹ء جلد ۲۰ صفحہ ۳۱۴ اور مضمون بعنوان The Legend of Semiramis مندرجہ جدید ہسٹاریکل ریویو، جنوری ۱۹۰۷ء)

سائیرس (Cyrus) (فارسی کورش) ایرانی سلطنت کا بانی تھا۔

راستے کے تمام مصایب خوش دلی سے برداشت کرتا ہوا بالآخر بھنبور جا پہنچا۔
بھنبور پہنچتے ہی پنوں نے سسی سے ملاقات کی اور اُس سے درخواست کی کہ وہ اس کے ساتھ اس کے وطن کو چلی جائے۔ لیکن سسی کو یہ تجویز پسند نہ تھی سسی نے پنوں کے بڑھتے ہوئے حوصلوں اور شوق گستاخ کی کارفرمائی دیکھی تو اس نے پنوں سے کہا:۔

درین گلشن مشو یکجیت گستاخ ۔۔۔ بدست شرع نوبر کن ازین شاخ
بلوث فسق داما نم میالا ۔۔۔ خریداری بہ ازتاراج کالا
غم تر دامنی مپسند بر من ۔۔۔ کہ ترسیتم بلوث خلق شستن
برسم دین چو با من عقد بندی ۔۔۔ کشاد عقدۂ کارم پسندی
شکیبا باش و شیدائی زمن بین ۔۔۔ تو یوسف شو زلیخائی زمن بین[1]

یہ کہہ کر سسی نے پنوں سے کہا کہ وہ اپنے ہمراہیوں کو وطن واپس بھیج دے اور خود شاہانہ لباس اتار کر دھوبیوں کا پیشہ اختیار کر لے۔ جب وہ اپنے پیشے میں ماہر ہو جائے گا۔ تو اُسے اپنے مقصد میں کامیابی ہوگی۔ ہمراہیوں نے سسی کی تجویز کو قبول کر لیا اور ہمراہیوں کو الوداع کہی۔ انہوں نے بہتیرا سمجھایا اور اسے اس ارادے سے باز رکھنے کی کوشش کی۔ لیکن پنوں کسی طرح راہ راست پر نہ آیا۔ بالآخر اُس کے ہمراہی اُسے وہیں چھوڑ کر وطن کو چل دیئے۔

پنوں نے سسی کے کہنے کے مطابق لباس تبدیل کیا اور دھوبیوں کے کپڑے پہن کر دریا پر پہنچ گیا۔ وہاں سسی کا باپ عطا شاگردوں کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا۔ اُس نے اس اجنبی نوجوان کو دیکھا۔ تو اس میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ علیک سلیک کے بعد پنوں نے عطا سے اپنا تعارف کرایا اور کہا کہ میں ایک یتیم گازر زادہ ہوں اور اپنے وطن سے

---
[1] ایف ص ۴۰

تمہارے فن کی تعریف سن کر اس لئے آیا ہوں کہ تم اپنی شاگردی میں مجھے قبول کر لو۔
عطا نے پنون کی یہ فرضی داستان سنی تو اُسے اس پر رحم آگیا۔ اس نے نہ صرف اُسے اپنی شاگردی میں قبول کر لیا۔ بلکہ وہ اُسے مہمان بنا کر اپنے گھر لے گیا۔

دوسرے دن علی الصبح جب عطا کپڑے دھونے کے لئے دریا پر جانے لگا۔ تو اُس نے پنوں کے ذمے یہ کام لگایا۔ کہ وہ اس روز بادشاہ کی ایک بیگم کا لباس دھوئے اب پنوں کو دھوبیوں کا کام تو آتا نہیں تھا۔ لہٰذا اس سے جس طرح بن پڑا۔ اس نے لباس دھویا۔ اور نازک کپڑوں کو تار تار کر دیا۔ اس اثنا میں سسی بھی دریا پر آنکلی۔ اُس نے شاہی لباس کی جو یہ حالت دیکھی تو اس نے اپنا سر پیٹ لیا اور کہا:۔

دلی آسان نباشد پیشۂ ما دل شیر است آب از پیشۂ ما[1]

سسی کو یہ غم کھائے جا رہا تھا کہ پھٹے ہوئے کپڑے دیکھ کر نہ صرف عطا ناراض ہوگا۔ بلکہ شاہی حرم سے عطا پر عتاب نازل ہوگا۔ پنون نے سسی کو جب حد سے زیادہ مضطرب دیکھا تو بولا:۔

دلت از رخت چاک آشوبناک است[2] مرا جان از خراشت چاک چاک است
زچاک رخت شد در اضطرابی خبر از سینۂ چاکم نداری

اس پر سسی کا دل پسیجا اور اس نے نہ صرف اپنے اضطراب پر قابو پا لیا۔ بلکہ اس نے خواتین حرم کو مطمئن کرنے کا کام اپنے ذمے لے لیا۔ سسی نہایت چالاکی سے روتی پیٹتی شاہی حرم میں داخل ہوئی۔ اور وہاں خواتین حرم کے سامنے پھٹا ہوا لباس رکھ کر بولی کہ اُن کے ہاں ایک نو وارد مہمان نے شاہی لباس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا تھا چونکہ مہمان کو فہمایش کرنا مناسب نہ تھا۔ اِس لئے وہ اُن کی خدمت میں معذرت کے لئے حاضر ہوئی تھی۔ اور لباس کی قیمت ادا کرنے کے لئے تیار تھی۔

---

[1] جوت پرکاش، دستور عشق ص ۴۴ [2] ایضاً ص ۴۴

خواتین حرم نے جو سسی کی یہ درخواست سُنی تو انہوں نے کمال فراخدلی اور شفقت سے سسی کے مہمان کا قصور معاف کر دیا۔ بلکہ سسی کو انعام واکرام دے کر رخصت کیا۔ پنوں کی خوش بختی سمجھئے کہ جس روز پھٹا ہوا لباس شاہی حرم میں پہنچایا گیا اسی روز بادشاہ نے یہ حکم دیا کہ آج جس دھوبی نے رختِ خاصہ دھویا ہے۔ اسے انعام واکرام سے سرافراز کیا جائے۔ عطا کو جب یہ حکم پہنچا تو اس نے پنوں کو خلعت تحسین ادا کی۔ اور پنوں اسے اور بھی عزیز ہو گیا۔ عطا کے ہاں پنوں کا یہ پہلا امتحان تھا۔ جس میں وہ نہایت کامیاب رہا۔

عطا کو گازری میں جب پنوں کی تردستی کا یقین ہو گیا تو اس کے سپرد دوسرا کام یہ کیا گیا کہ وہ پرند زرنگار کا ایک لباس تیار کرے اور خیاطی کے فن میں اپنی قابلیت کا ثبوت دے۔ ظاہر ہے کہ پنوں کو خیاطت میں کوئی دسترس نہ تھی۔ لیکن اس امتحان میں بھی سسی اس کے کام آئی۔ رات کو جب عطا اور اس کے خاندان کے دیگر افراد سو گئے تو سسی نے چپکے سے اُٹھ کر پنوں کے خونچکاں ہاتھوں سے کپڑا چھین لیا:[1]

سسی بستد پرند از دست پنوں ۔ بہ آب دیدہ شست از فند قش خون

روای زرکش شد دوخت ز انسان ۔ کہ دوزد چادر مہ مہرتابان

بہ رنگین تختہایش داد ترکیب ۔ گلستان از بہاری یافت ترتیب

اسی طرح ساری رات لگا کر صبح ہونے سے پیشتر سسی نے کام ختم کر دیا اور چپکے سے جا کر پھر اپنے بستر پر لیٹ گئی۔ صبح پنوں نے اپنا کام عطا کو دکھایا تو وہ حیران رہ گیا اور اس نے پنوں کو اس کی فن کاری کی بہت داد دی۔ کیونکہ عطا کو یقین ہو گیا کہ یہ سارا کام پنوں نے خود اپنے ہاتھوں سے کیا ہے۔

---

[1] جوت پرکاش، دستور عشق ص ۴۸

کچھ دن گذرنے کے بعد عطا نے پنوں کے سپرد یہ خدمت کی کہ وہ صحرا سے اشخار (کپڑے دھونے کا مسالہ = سجی) جمع کر کے لائے۔ پنون کو ایک تبر دے دیا گیا۔ جس سے اشخار جمع کرنا مقصود تھا۔ پنوں حیران و پریشان صحرا میں تبر بدوش جا رہا تھا۔ اور نہیں جانتا تھا کہ اشخار کی تحصیل کہاں سے اور کس طرح ہوگی۔ تبر اُٹھانے سے اس کے ہاتھوں میں چھالے پڑ گئے تھے۔ اور سفر کی صعوبتوں سے اس کی حالت دگرگوں ہو رہی تھی۔ اُس کی یہ حالت دیکھ کر کارکنان قضا و قدر کو رحم آگیا۔ اور بارگاہِ فضل سے دو فرشتے اس کام پر مامور کئے گئے کہ پنون کو اشخار جمع کر دیں۔ یہ فرشتے انسان کی شکل اختیار کر کے پنوں کے پاس آئے۔ اور اشخار کا ایک لاجواب ٹکڑا پنوں کو دے گئے :-

تو آئین قرص از اشخار شد راست	که قدر قرص ماه از جلوه می کاست
مجلی گوہری چون قرص کافور	معفا طینتی چون گردن مور
طلسم خندۂ دندان نما بود	بدرد گریۂ دلہا دوا بود

پنون یہ قرص اشخار سر پر اُٹھا کر گھر لے آیا۔ عطا اور جس کسی نے اس اشخار کو دیکھا اس نے پنون کی کارکردگی کی داد دی۔ اشخار کا رنگ عام طور پر سیاہ ہوتا ہے۔ لیکن یہ اشخار بالکل سفید تھا۔ لہٰذا پنون کے کام کو غیر معمولی طور پر سراہا گیا۔ عطا نے جو پنون کے یہ کمالات دیکھے تو وُہ فوراً اس بات پر رضامند ہوگیا۔ کہ پنون کو خانہ داماد بنا لے۔ چنانچہ ایک ساعتِ ہمایوں میں سسی اور پنون کو ایک دوسرے کے دامن سے وابستہ کر دیا گیا۔

برسم دین و آئین عقد بستند	تو گوئی ہمدم از روز الستند

سسی اور پنون کی شادی کو کچھ دن گذر گئے تو پنون کے ہمراہی واپس شہر کیچ

لہ جمت پرکاش ؛ دستور عشق ص ۵۰ ؛	لہ ایضاً ص ۴۵ ؛

میں پہنچے۔ اور وہاں انہوں نے بادشاہ اور پنوں کے دیگر لواحقین کے سامنے سارا قصہ کہ سنایا۔ پنوں کے باپ نے جو یہ ماجرا سنا تو اسے بہت صدمہ ہوا۔ اس نے ایک رات اپنے تمام بیٹوں کو جمع کر کے کہا:-

ندارم طاقت صحرا نوردی   من و درد کوی دل آوارہ گردی
شما را گر سرِ صحرا نوردیست   درین ہنگامہ وقت پا مردیست
ازین کنعان بباید زود بگذشت   عزیز مصر آن مہ میتوان گشت
توان از حسن نور دیدۂ من ؎   نگاہ انتظارم کرد روشن

پنوں کے چھ بھائیوں نے جو باپ کی یہ حالت دیکھی تو فوراً بھنبور کی طرف روانہ ہو پڑے۔ دشت و جنگل کو پھاندتے اور دریا و صحرا کو عبور کرتے بھنبور جا پہنچے:-

نشان منزلِ مقصود دیدند   چو آفات فلک بر در رسیدند ؎

عطا کو پنوں کے بھائیوں کی آمد کی اطلاع ملی تو وُہ ان کے استقبال کے لئے گھر سے دوڑا۔ اور بڑے تپاک سے ان کی آؤ بھگت کی۔ پنوں کے بھائی عطا کی خاطر مدارات کو خاطر میں نہ لائے اور انہوں نے پہنچتے ہی یہ تقاضا کیا۔ کہ انہیں بھائی سے ملایا جائے۔ عطا نے ان کی خواہش کی تعمیل کی۔ جب بھائی پنوں سے ملے تو انہوں نے اپنی ماں اور باپ کی حالت زار کا نقشہ نہایت دردناک انداز میں پنوں کے سامنے کھینچا۔ لیکن اس پر بھی پنوں کا دل وطن جانے کے لئے نہ پسیجا۔ اسی رد و کد میں شام ہو گئی۔ اور شراب کا دور چلنے لگا۔ سسی بھی پنوں کے پاس تھی۔ بھائیوں نے سوچا کہ پنوں کو وطن جانے کے لئے یوں آمادہ کرنا جوئے تیر لانے سے کم نہیں۔ لہٰذا کوئی اور طریقہ سوچا جائے۔ معاً انہیں ایک ترکیب سُوجھی۔ شراب کا دور چلا۔ تو پنوں کے بھائی شراب سے پرہیز کرتے رہے۔ اور سسی اور پنوں کو جام پر جام دیتے رہے۔

؎ جوت پرکاش: دستور عشق ص ۵۷،   ؎ ایضاً، ص ۵۸،

نتیجہ یہ ہوا کہ کچھ دیر کے بعد سسی اور پنون دونو بیہوش ہو کر گر پڑے۔ اس حالت میں بھائیوں نے پنون کو سسی سے جدا کیا۔ اور اسے اٹھا کر وطن چل دئے۔

صبح سسی جب خواب غفلت سے بیدار ہوئی تو اس نے دیکھا کہ پنون اس کے پہلو سے غایب ہے۔ پنوں کی اس پُراسرار گمشدگی نے سسی کو نیم دیوانہ بنا دیا۔ وہ ہائے وائے کرتی ہوئی پنون کے پیچھے پیچھے صحرا کو روانہ ہو گئی۔ تاکہ کیچ پہنچ کر پنوں کو تلاش کرے سسی چلتے چلتے صحرا میں ایک ایسی جگہ پہنچی جہاں ایک گڈریا کچھ چوپائے لے کر بیٹھا ہوا تھا۔ سسی نے اس گڈریے سے اپنے محبوب اور خاوند کا نشان پوچھا۔ گڈریے نے سسی کی داستان سُنی تو اس کا دل سسی کی مصیبت پر رحم کھانے کی بجائے ہوس انگیز جذبات سے بھر گیا۔ اور اُس نے چرب زبانی سے سسی کو رام کرنا چاہا۔ کہنے لگا:-

چو دلبر با دلت نرد دغا باخت ترا در دشت غم مبتلا ساخت
پی آن فتنہ سامان شوخ خود کام مشو در وادیٔ حسرت سبک گام
میاور از وفا بیگانہ یاد کہ حق آشنائی داد بر باد
گرفتم آستین العنت افشاند نہ آخر الوداعی می توان خواند
ازین وادی چو آتش شو عنان تاب کہ باشد زہرہ شیر از غمش آب
من و این وحشیان چند یکجا ہمہ قربانیٔ عید تماشا
بشیرین کاریٔ حکمت توانم کہ چون فرہاد جوی شیر رانم
مشو اینجا ز تاب مہر بےتاب حریم کلبہ ام را باش مہتاب

سسی نے گڈریے کی یہ باتیں سنیں اور محسوس کیا کہ گڈریے کی نیت میں فتور آگیا ہے۔ تو اس نے گڈریے سے نجات پانے کی ایک تدبیر سوچ لی۔ سسی نے

لے جوت پرکاش: دستور عشق، ص ۶۵

گڈریے سے کہا کہ مجھے بہت پیاس لگ رہی ہے۔ اگر تم کہیں سے پانی لا دو۔ تو احسان عظیم ہوگا۔ گڈریے نے جو یہ فرمایش سنی تو سر پر پاؤں رکھ کر پانی کی تلاش میں دوڑا گڈریے کے جاتے ہی سسی بارگاہِ ایزدی میں ساجد ہوئی۔ اور خدا سے دعا مانگنے لگی:۔

توئی بیچارگان را چارہ پرداز توئی چاک جگرہا را نواساز[1]

بدادم رس کہ دیگر دادرس نیست کس ہر بیکس آخر جز تو کس نیست
منم صید عقاب تیز چنگال چمن گم کردہ مرغ بی پر و بال
نہ زین آفات غولستان امانی نہ از منزل کہ جانان نشانی

امانت دار نقش خویشم از یار ز دست انداز غیرم در امان دار

چون گنجم کن چنان در خاک مدفون کہ نکشاید طلسمش غیر بیرون
ز تاب آتش ہجرم ملیشناک بیفشان مشت آبم در بر خاک

جونہی سسی نے یہ دعا مانگی زمین پھٹی اور سسی اس کے اندر چلی گئی۔ اس وقت گڈریا چشمے سے پانی لے کر واپس آ رہا تھا۔ اُس نے سسی کو جو زمین کے شگاف میں گم ہوتے دیکھا تو وہ فرطِ شوق و اضطراب سے دوڑا لیکن بیشتر اِس کے کہ گڈریا سسی کے قریب پہنچتا۔ زمین کا شگاف بند ہو گیا اور

نماند از خاک جز جعدش نمودار نشان گنج باشد پیچش مار[2]

اب کیا ہو سکتا تھا۔ مجبوراً گڈریا دل پکڑ کر اسی جگہ بیٹھ گیا۔

اب اُدھر کی سنیے۔ پنوں کے بھائی بیہوشی کی حالت میں اُسے لے کر کیچ پہنچ گئے

---

[1] جوت پرکاش، دستور عشق ص ۶۶، [2] ایضاً ص ۶۷،

صبح جب اس کا نشہ اُترا اور اسے ساری کیفیت کی تفصیل معلوم ہوئی۔ تو وہ فوراً گھر سے نکل کھڑا ہوا۔ عزیز و اقارب نے بہتیرا روکنا چاہا لیکن کسی کو اس میں کامیابی نہ ہوئی اور پنوں سسی کے پاس پہنچنے کے لئے صحرا کی طرف چل پڑا۔ چلتے چلتے وہ خداساز اتفاق سے اُس جگہ جا پہنچا جہاں گڈریا سسی کے فراق میں بے حال ہو رہا تھا۔ گڈریے نے اس وقت تک سسی کے مرنے کے مقام پر ایک مرقد اُستوار کر دیا تھا۔ پنوں نے اس مرقد کے متعلق گڈریے سے استفسار کیا۔ تو گڈریے نے سارا ماجرا کہ سنایا اور کہا:۔

نمیدانم[1] کہ بود و دلبرش کیست　　بکنج خاک چون گنجش غرض چیست
ولیکن این قدر دارم نشانش　　کہ ہر دم بود پنون بر زبانش

پنوں نے جو یہ اطلاع پائی تو اس نے اپنا گریبان چاک کر ڈالا اور خاک سے لپٹ کر رونے لگا۔ اور گریہ و زاری کرنے لگا۔ ساتھ ساتھ آہیں بھرتا تھا۔ نتیجہ یہ کہ:۔

رسا شد[2] نشتر آہ اثر ناک　　چو جام از خود تہی شد قالب خاک
طپش از بسکہ گلدام اثر یافت　　لحد چون سینۂ عشاق بشگافت

بمرقد ہمنشین شد دوست با دوست　　دو مغز آمیخت پنداری بیک پوست
بکنج خاک ہم آغوش خفتند　　ز چشم مردمان روپوش خفتند

گڈریے نے یہ سارا واقعہ دیکھا اور کیچ میں آ کر پنوں اور اہل کیچ کے سامنے یہ روداد بیان کی۔ پنوں کے ماں باپ بھائیوں اور اہل شہر نے یہ ماجرا سنا تو سر پیٹتے ہوئے صحرا کی طرف روانہ ہوئے۔ تاکہ پنوں اور سسی کی قبر پر پہنچیں۔ دوسری طرف سے عطا بھنبور سے گرتا پڑتا سسی کے تعاقب میں چلا اور عطا اور کیچی سسی پنوں کے مرقد

[1] جوت پرکاش، دستور عشق، ص ۴۲۔　　[2] ایضاً ص ۴۳۔

پر آکر جمع ہوئے۔ جہاں سب نے آہ و نالہ سے آسمان سر پر اُٹھالیا۔ اور گریہ وزاری
سے کہرام مچادیا۔ یہ لوگ اس طرح مشغول تھے کہ:۔

ازان مرقد ندای غیب زد جوش | کہ ای دلخستگان ماتم ہوش
بعشرتگاہ وصل این ماتم از چیست | مقام انبساط است این غم از چیست
بخلوتگاہ وحدت منزل ماست | بقای جاودانی حاصل ماست
برارباب بقا ماتم روا نیست | کہ حسرت جز پئ اہل فنا نیست
بشکر دولت جمعیت ما | توان بزم نشاط آراست اینجا
فنای عشق را ماتم نباشد | اگر پروانہ سوزد غم نباشد

پنوں کے باپ علی اور عطا نے یہ ندا سُنی تو ان کی ڈھارس بندھی اور

علی با کیچیان عزم سفر کرد | عطا تنہا رہ بہنبور سر کرد

قصے کے افسانوی مرتبہ پر کچھ کہنا بے سود معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ بہر حال قصے
کے محاسن و معایب کے ذمہ دار وہ پنجابی مصنف ہیں۔ جن کے دماغوں کی یہ اختراع
ہے۔ منشی جوت پرکاش نے تو محض نقل کی ہے۔ لیکن جہاں تک مثنوی دستورِ عشق
کی لسانی خوبیوں کا تعلق ہے۔ اُن کے متعلق یہ آسانی سے کہا جاسکتا ہے کہ منشی جوت
پرکاش مثنوی کو فارسی کے ڈھانچے میں ڈھالنے میں بہت کامیاب رہے ہیں۔
قصے کی تفصیل کے بیان میں جو شعر درج کئے گئے ہیں۔ ان سے منشی صاحب آنجہانی
کے کلام کا کچھ اندازہ لگ سکتا ہے۔ لیکن مندرجہ ذیل انتخاب سے یہ امر اور بھی واضح
ہو جائے گا۔ کہ منشی صاحب نے ادائے مطالب میں کس قدر فنی مہارت کا ثبوت دیا ہے

انتخابِ کلام

دستورِ عشق کے مصنف نے سنی کے بلوغت تک پہنچنے سے پہلے دس سالوں

---

[1] جوت پرکاش، دستور عشق ص ۲۲

کا حال جس رنگینی سے بیان کیا ہے۔ اس کا اندازہ مندرجہ ذیل اشعار سے ہوسکیگا۔

بیا ساقی رسا شد دختر تاک
که در پیراهن خم میزند چاک

گر از بند حجاب امشب بر آری
دمی باید بکام من گذاری

ورق از جلد برگ گل کشایم
مداد از دودهٔ سنبل نمایم

شوم از شاخ مرجان خامه پرداز
که سازم وصف سرتاپایش آغاز

قیامت جلوه سسی معدن حسن
ز نور چهره بخت روشن حسن

چو شد یکساله آن خورشید سیما
ز خوبان دو عالم گشت یکتا

بسر جوش بلا عمر دو سالش
دو بالا کرد صهبای جمالش

سوم سال آن صنم از جانفزائی
سه نوبت زد بملک دلربائی

بچارم سال شد جنبش چمن پوش
بهار آمد بچارم فصل در جوش

بسال پنجمین آن سرو قامت
مخمس شد ز دیوان قیامت

چو شد شش ساله ماه مهر پرور
ز نورش شش جهت شد رشک خاور

بسال هفتمین صد فتنه بالید
بتی محشر لقب هر هفت گردید

قد طوبی مثالش هشتمین سال
بهار هشت جنت کرده پامال

نهم سال آن بت یکتای آفاق
ز مه رویان این نه طاق شد طاق

بهار خویش اندر دهم سال
زده صد گشت با یک نقطه خال

سراپا شعلهٔ آتش بر آمد
کنان نقد نگه بیغش بر آمد

دل افروزی جهان دیوانهٔ او
چراغی عالمی پروانهٔ او

(ص ۱۱)

سسی پنوں کو جو خط لکھتی ہے۔ اُس میں اپنے سوز دروں کے اظہار سے پہلے ایک طویل قسمیہ تمہید کے طور پر معرض تحریر میں لاتی ہے۔ ملاحظہ ہو اس قسمیہ میں

منشی صاحب نے فن کاری کا کس قدر عمدہ ثبوت دیا ہے اور قسم کھانے کے کتنے نادر اسالیب منتخب کئے ہیں:-

قسمیہ

بحسن لایزال جلوہ مشتاق — چراغ افروز بزم جان عشاق
بگرمی ہای بازار فرنگت — لطافت سوز رخت شعلہ رنگت
بشمع آرای حسن گلو سوز ! — بساط گرمیٔ پروانہ افروز !
بہ مضمون بلند بیت ابرو — کہ دلہا را زند ناخن بہ پہلو
بخنجر بازیٔ مژگان خون ریز — بہ جادو کاریِ چشم بلا خیز
بہ انداز رمیدنہای آہو — بطرز گردش آن چشم جادو
بہ تیغ افشان نگاہ شوخ قاتل — فسان بالیدۂ سنگینیٔ دل
بہ تہلا خیزیٔ چشم مکمل — بہ سنبل جوشیٔ زلف مسلسل
بہ نسرین کاریٔ صبح تبسم — بہ گوہر ریزیٔ موج تکلم
بہ شور انگیزیٔ دلہای افگار — نمک سود شکر خند لب یار
بدان نقش عدم یعنی دہانت — بآن عکس نگہ یعنی میانت
بآن روشن سوادیہای خالت — کہ از بر کردہ دیوان خجالت
بہ سیرابی زچاہ سالک آزار — نہان در سبزۂ خط رخ یار
بہ حسن شستۂ خوبان پنجاب — بہ رنگ سبزۂ گلگون سیراب
بہ دست اندازیٔ عشق جنون کار — بہ صبر اندک وآشوب بسیار
بہ دل یعنی نیاز وصل مطلب — بہ جان یعنی بہای بوسۂ لب
بہ گلگشت گلستان دل چاک — بہ ابر نو بہار چشم نمناک
بہ پرواز رسای ناوک آہ — بہ شبگیر مناجات سحرگاہ

باختر سوزی داغ شب ہجر — بہ برق افروزی تاب وتب ہجر
بہ مرہم خصمیِ زخم زبانہا — بہ ناخن بازی کج داستانہا
بآشوب خمار شوق دیدار — بسرجوش شراب وصل دیدار
بگلبرگ کہ دارد سینہ افگار — ز آہ جان خراش بلبل زار
بآن شمعی کہ در محفل فروزد — ولش بر سوزش پروانہ سوزد
بذوق عید آمد آمد یار — جگر قربانی مشتاق دیدار
کہ از ہجر تو بر من عرصہ تنگ است — نفس آئینہ ام را موج زنگ است

(ص ۲۷، ۲۸)

منشی صاحب کو نہ صرف عشقیہ جذبات کے اظہار میں قدرت کامل حاصل ہے بلکہ منظریہ شاعری میں بھی انہوں نے اپنے اسی کمال کا ثبوت دیا ہے - ایک ویرانے کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں :-

بیابانی نہیبی مرگ خیزی — سلامت دشمنی طاقت ستیزی
وحوش از وحشتش گشتہ شتر دل — طیور از ہیبت آن پای در گل
تہی مانند نور از سایہ جیبش — مگر جز سایۂ اجسام غیبش
ندیدہ جز سرابش کس سر آب — بجز ریگش نشان دانہ نایاب
بہ قطعش کردہ تیغ وہم کندی — بریدہ اشہب طاقت زتندی
بہ پروازش پر جبریل ریزان — خضر از گمرہی ہر سو گریزان
از آن دشت قیامت فتنہ اندوز — گذشتن خارج از حد بشر بود

(ص ۳۳، ۳۴)

ب- نامۂ عشق

جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے۔ نامۂ عشق کا ایک مخطوطہ[۱] مجھے مخدومی غلام دستگیر صاحب نامی سے دستیاب ہوا ہے۔ نامۂ عشق اندرجیت المتخلص بہ منشی کی تصنیف ہے۔ مصنف نے مثنوی میں کئی جگہ پر اپنے تخلص کا استعمال کیا ہے۔ مثلاً

[۲] کجا منشی کجا اظہار توحید ۔۔۔ نیاید ذرہ تاب نور خورشید

سہ بیا منشی کہ مطلب از میان رفت ۔۔۔ سخن بسیار فرصت رائگان رفت

سہ خمش منشی ازین دستان طرازی ۔۔۔ کہ سربازی است راہ عشق بازی

اور پھر ایک جگہ اپنا مکمل نام اور تخلص بیان کیا ہے:-

[۳] مرا در عرف اندرجیت نام است ۔۔۔ مرا منشی تخلص در کلام است

اور یہ بھی بیان کیا ہے۔ کہ آپ نکودر کے رہنے والے تھے:-

[۳] وطن گاہم بود در ملک پنجاب ۔۔۔ نکودر قصبۂ سرسبز سیراب

اندرجیت منشی کے متعلق اور کہیں سے معلومات حاصل نہیں ہو سکیں۔ لہذا اُن کے کوائف حیات مرتب کرنے میں اسی مثنوی پر بھروسہ کرنا پڑا ہے۔ منشی نے خود بیان کیا ہے کہ وہ اپنے وطن کو چھوڑ کر شیخ عالم کی خدمت میں پہنچے۔ اور اُنیس سال تک اُن کی خدمت میں رہے۔ شیخ عالم کی وفات کے بعد سید[۴] شہامت خان نے منشی کو اپنی نگرانی میں لے لیا:-

مرا چون از وطن قسمت جدا کرد ۔۔۔ بہ بزم شمع عالم آشنا کرد

---

[۱] ورق: ۲۵، تقطیع ۹ × ۵ فی صفحہ ۱۲ سطور، ہر سطر ۲¾، کاتب: صدرالدین، تاریخ کتابت: بیست و پنجم ماہ پوہ سمت ۱۸۹۵،

[۲] اندرجیت منشی: نامۂ عشق، ورق ۲ ب، ۵، ۱۰ ۔۔۔ [۳] ایضاً ورق ۲۵،

[۴] ان کے متعلق پتہ نہیں چل سکا کہ کون صاحب تھے،

بجان شاد طبع فارغ البال ... نمودم خدمتش تا نوزده سال
رقم بر خطۂ ہستی است نامم ... جناب شیخ عالم را غلامم
چو شیخ از دار فانی رخت بر داشت ... مرا سید شہامت خان نگہداشت
انیس و ہمدم و ہمراز بودم ... ز ہم جنسان خود ممتاز بودم

سنہ ۱۱۴۰ھ میں منشی لاہور کو خیرباد کہ کر نواب عبدالصمد خان کے ہمراہ ملتان آتے ہیں اور نواب عبدالصمد خان کے منشی مقرر ہو جاتے ہیں :-

سن ہجری ہزار و یکصد و چہل ... کہ از لاہور بستم محمل دل

ملہ اندر جیت منشی: نامۂ عشق، ورق ۲۵؛ ملہ دیکھیے،

صمصام الدولہ نواب دلیر جنگ عبدالصمد خاں

نواب دلیر جنگ عبدالصمد خان خواجہ عبدالکریم کے صاحبزادہ تھے ان کے والد کا آبائی وطن سمرقند تھا۔ لیکن عبدالصمد خان آگرہ میں پیدا ہوئے۔ بچپن میں آپ والد کے ہمراہ سمرقند گئے تھے۔ جہاں انہوں نے اپنی تعلیم کی تکمیل کی۔ اورنگ زیب عالمگیر کے عہد میں آپ ہندوستان لوٹے۔ اور دربار میں پہلے تعارف پر ہی ڈیڑھ ہزاری امیر کا رتبہ پایا۔ جہاندار شاہ کے عہد میں آپ سات ہزاری ہو گئے۔ اور فرخ سیر کے عہد میں لاہور کے گورنر مقرر ہوئے۔ آپ نے سکھوں سے متعدد لڑائیاں لڑیں اور بندہ کو گرفتار کیا۔ محمد شاہ کے زمانے میں آپ ملتان کے گورنر مقرر ہوئے۔ اور صمصام الدولہ کے لقب سے مشہور ہوئے۔ اس وقت ان کے بیٹے ذکریا خاں کو لاہور کا گورنر مقرر کیا گیا۔ ان کی تاریخ وفات مختلف مورخوں نے مختلف بیان کی ہے۔ سید عبداللطیف نے تاریخ وفات جون ۱۱۴۹ھ/۱۷۳۷ء معین کی ہے۔ ضلع ملتان کی گزیٹیر میں ۱۱۳۸ھ/۱۷۲۵ء درج ہے۔ بیل نے ۱۱۵۲ھ/۱۷۳۹ء لکھی ہے۔ سیر المتاخرین کے مصنف نے ۱۱۵۰ھ/۱۷۳۷ء سال وفات معین کیا ہے۔ اور مآثر الامرا میں بھی یہی سال وفات درج ہے۔ میرے خیال میں سیر المتاخرین اور مآثر الامرا کی تاریخ معتبر ترین ہے۔ نواب عبدالصمد خاں لاہور میں ہی فوت ہوئے۔ اور یہیں ان کی قبر ہے ملاحظہ ہو:

بیل کی بیاگرافیکل ڈکشنری ص ۳۴؛ ایلیٹ اینڈ ڈاوسن کی تاریخ ہند جلد ۷ صفحات ۲۵۶، ۴۹۱، ۵۱۱؛ تاریخ لاہور از سید محمد لطیف ص ۱۲۰؛ تاریخ پنجاب از سید محمد لطیف ص ۱۹۳؛ ضلع ملتان کی گزیٹیر اشاعت ۱۹۲۶ء؛ سیر المتاخرین (انگریزی ترجمہ) جلد اول و دوم ص ۲۹۴؛ اور مآثر الامرا جلد دوم ص ۵۱۷؛

به ملتان آمدم همراه نواب | ولی خورشید طبع و شاد و شاداب
گ۱ کتونم منشی عبد الصمد خان | خدارا صد هزاران فضل و احسان
الٰہی ظل فضلش باد ممدود | عدوی دولتش مطرود و مردود

یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ منشی ملتان کب تک رہے۔ اور ان کی باقی زندگی کس طرح اور کہاں بسر ہوئی۔ لیکن مثنوی سے یہ پتہ چلتا ہے۔ کہ آپ نے یہیں یعنی ملتان[۲] سسی پنوں کا قصہ سُنا اور پھر یہیں اسی سال یعنی ۱۱۴۲ھ میں مثنوی نامۂ عشق نظم کی :-

چہ ملتان تو بہاری کامرانی | ہوایش ہمچو شہری زندگانی
چہ ملتان جلوه خیز ناز خوبان | چہ ملتان روضۂ حوران و غلمان

- - - - - - - - - - - - - - - -

درین بستان سرای شاد و خورم | که بودم یک زمان فارغ [من] از غم
شنیدم از لب آتش زبانی | ز حسن و عشق رنگین داستانی
بحمد اللہ[۳] کہ نوک خامۂ عشق | رقم زد این نگارین نامۂ عشق
در[۴] ایام مبارک ماه رمضان | بهار آمد این رنگین گلستان
سن عشر از جلوس ظل سبحان | محمد شاه غازی شاه شاهان

محمد شاہ ۱۱۳۱ھ/۱۷۱۹ء میں تخت نشین ہوتا ہے۔ لہٰذا مثنوی کا آغاز ۱۱۴۰ھ/۱۷۲۷ء میں اور اختتام ۱۱۴۲ھ کے رمضان یعنی اپریل ۱۷۲۷ء[۶] میں ہوتا ہے۔ گویا نامۂ عشق مثنوی دستور عشق سے چار سال بعد لکھی جاتی ہے۔ مثنوی میں کل ۹۸۲ اشعار ہیں۔

---

۱ اندرجیت منشی : نامۂ عشق ورق ۲ ب ۲ ایضاً ورق ۲۵ ۳ ایضاً ورق ۲ب ، ۴م
۴ ایضاً ورق ۴ ب ۵ ایضاً ورق ۲۵ ۶ Lane-Poole, S, The Mohammadan Dynasties, p. 328.

نامۂ عشق کے مطالب

دستورِ عشق کے مقابلے میں نامۂ عشق نہایت مختصر مثنوی ہے۔ ساری مثنوی ۹۸۲ اشعار پر مشتمل ہے لیکن مثنوی کے اختصار سے قصّے کے ربط اور جزئیات کی تفصیل میں فرق نہیں پڑا۔ اندرجیت منشی نے جوت پرکاش کی طرح ساری مثنوی میں مختلف عنوانات قایم نہیں کئے۔ صرف شروع میں چھ عنوان موجود ہیں اُس کے بعد قصہ مسلسل چلتا ہے۔ لیکن ہر بیان کے بعد ساقی نامے کے دو اشعار سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اب نیا بیان شروع ہونے والا ہے۔ نیز یہاں کچھ جگہ بھی چھوڑ دی گئی ہے قیاس کہتا ہے کہ مصنف نے تو عنوان تجویز کئے ہونگے۔ لیکن کاتب نے نقل کرتے وقت یہ عنوان حذف کر دئے ہیں۔

مثنوی کا آغاز ایک دُعا سے کیا گیا ہے جس کے چند اشعار درج ذیل ہیں:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الٰہی بر دلم نور صفا بخش — بہ چشم از خاکِ راہت طوطیا بخش
بروئ من در توفیق وا کن — جبینم بر درِ خود سجدہ سا کن
الٰہی آہ گرم و چشم تر دہ — بہ حسنِ گلرخان ذوقِ نظر دہ

— — — — — — — — — — — — — —

دلم آئینۂ حسن بتان کن — بدل داغِ محبت گلستان کن
کرامت کن دل شیدا چو بلبل — گریبان چاک چون پیراہنِ گل

— — — — — — — — — — — — — —

زبانم را بحرفِ عشق وا کن — فغانم را اجابت آشنا کن
کہ گویم داستانِ عاشقِ زار — دہم شرحِ جمالِ عارضِ یار

اس دعا کے بعد صانعِ حقیقی کی تعریف میں چند اشعار حمد کے طور پر لکھے ہیں۔ اور پھر

ل اندرجیت منشی، نامۂ عشق، ورق ا ب

ملتان کی تعریف میں کچھ شعر درج ہیں۔ ملتان کی تعریف کے ساتھ ہی اصل قصہ شروع ہو جاتا ہے۔ اور پھر بیان کے اختتام پر ساقی نامے کے دو اشعار کے سوا ساری مثنوی قصے کے لئے وقف کر دی گئی ہے۔ صرف آخر میں چند اشعار میں مصنف نے کچھ اپنے کوائف حیات بیان کئے ہیں۔ اور مثنوی کی تاریخ تکمیل درج کی ہے۔

قصہ

نامۂ عشق کا قصہ دستور عشق سے کچھ مختلف ہے اور افسانوی لحاظ سے دستور عشق کے قصے سے زیادہ کامیاب ہے چونکہ دونوں قصوں کا بہت سا حصہ ملتا ہے۔ اس لئے یہاں صرف دونوں قصوں کے اختلافات کو بیان کرنا کافی ہوگا۔

دستور عشق میں قصے کا آغاز سسی کی ولادت سے کیا گیا ہے۔ لیکن نامۂ عشق میں یہ بیان کیا گیا ہے۔ کہ بھنبور کے بادشاہ کے ہاں کوئی اولاد نہ تھی۔ اور اس نے جب مایوس ہو کر منجموں سے مشورہ کیا تو انہوں نے کہا:-

خوشا[۱] آمد جبینت حق گفتن ضرور است	جبینت بیفروغ از نور نور است
ولیکن در حریم خاصۂ شاہ	بزاید دختر حیرت دہ ماہ
بنور حسن عالم گیر باشد	پری روکی چنین تصویر باشد
چو ماہ چاردہ در چاردہ سال	جہانی را کند از غمزہ پامال

- - - - - - - - - - - - - - - -

زند در دامن ناموس صد چاک	بریزد طشت ننگ از بام افلاک

بادشاہ نے جو یہ پیشگوئی سنی تو اُس نے حکم دے دیا کہ جب یہ لڑکی پیدا ہو تو قتل کر دی جائے:-

شہ[۱] از گفتار دانایان برآشفت	غبار آلودہ با اہل سرا گفت

---

[۱] اندر جبیت منشی، نامۂ عشق، ورق ۳ ب،

کہ از ہر کس برآید این چنین وخت کند در حال با تیغ اجل جفت
لیکن جب یہ لڑکی ایک بیگم کے ہاں پیدا ہوئی تو دایہ نے ترس کھا کر اُسے ایک صندوق میں بند کر کے پانی میں بہا دیا:۔

نگاہ دایہ در حسنش برافروخت دل مادر سپند آسا بروسوخت
بگفتا حیف باشد قتل دختر بخاک انداختن زینگونہ اختر
نہفتش در قماط پرنیانی بگوشہ ریخت سیلابی نہانی
طلب فرمود درج از خانۂ خویش درو انداخت آن دردانۂ خویش
پری در شیشۂ صندوق جا کرد صدف را در نفس بحر آشنا کرد
روان شد آتش خس پوش بر آب بہ مقصد برج ماہی گشت ماہتاب

اِس سے آگے بھنبور کی شہزادی کا ایک دھوبی کے ہاتھ آنا۔ اسی طرح بیان کیا گیا ہے جس طرح دستورِ عشق میں بیان ہوا ہے صرف دھوبی کا نام مختلف ہے۔ جوت پرکاش نے اس کا نام عطا بتایا ہے اور منشی نے مالک:۔

[1] کنار بحر مالک نام گازر بکسب و پیشۂ خود بود حاضر
یہی دھوبی لڑکی کا نام سسی رکھتا ہے۔ اور سسی عنفوان شباب تک اس دھوبی کے گھر میں پرورش پاتی ہے۔ یہاں تک کہ:۔

[2] ز حسنش رفتہ در عالم فسانہ خریدارش سلاطین زمانہ
انہی ایام میں کیچ کے کچھ سوداگر بھنبور آنکلتے ہیں۔ یہاں سے منشی نے جوت پرکاش سے پھر اختلاف کیا ہے اور افسانے کو زیادہ قابلِ یقین بنا دیا ہے۔ جوت پرکاش نے دکھلایا ہے کہ سسی خواب میں پنوں کو دیکھ کر اُس پر فریفتہ ہو جاتی ہے۔ لیکن منشی نے

---

[1] اندرجیت منشی: نامۂ عشق، ورق ۴ ب، [2] ایضاً، ورق ۵، [3] ایضاً، ورق ۶ ب،

بیان کیا ہے۔ کہ پنوں کیچ کا بادشاہ تھا :-

لہ دران ایام کان تابندہ مہ بود　　بشہر کیچ پنون بادشہ بود

اور پنوں کے پاس سسی کے حسن کی شہرت ان تاجروں کی وساطت سے پہنچتی ہے جو بھنبور سے لوٹ کر جاتے ہیں۔ اور پنوں کے سامنے سسی کے حسن کی تعریف ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں :-

لہ کہ در بھنبور گازر دختری ہست　　بر اوج حسن رخشان اختری ہست

بنفشہ کاکل او گلعذاری　　ریاض دلبری را نوبہاری

ہنوزش لب تبسم آشنا نیست　　پی پابوس او راہ حنا نیست

- - - - - - - - - - - - -

نباشد پیش او آئینہ را راہ　　مبادا عکس چشم افتد بران ماہ

بود در پردۂ فانوس آن شمع　　ولی افسانہ نورش بہر جمع

پنوں یہ تعریف سن کر سسی کو دیکھنے کے لئے بیتاب ہو جاتا ہے۔ اور کیچ کو چھوڑ کر بھنبور کی راہ لیتا ہے۔ بھنبور پہنچ کر سسی کو ایک خط لکھتا ہے۔ اور سسی آگے اپنی عزت و ناموس کا پاس دلا کر فن گازری کی تحصیل کی تلقین کرتی ہے۔ پنوں سسی کے کہنے پر دھوبیوں کا کام شروع کر دیتا ہے۔ اور جب فن گازری میں طاق ہو جاتا ہے تو مالک یعنی سسی کے باپ سے سسی کی خواستگاری کرتا ہے۔ دونو کی شادی کے بعد پنوں کے امرا مشورہ کر کے پنوں کو بھنبور سے نکال لے جاتے ہیں۔ اس سے آگے منشی نے جزئیات کی تفصیل کے سوا سسی اور پنوں کی موت تک وہی واقعات بیان کئے ہیں جو جوت پرکاش نے نظم کئے ہیں۔ لیکن قصے کو سسی اور پنوں کے زمین میں دفن ہو جانے کے ساتھ ہی ختم کر دیا ہے۔ اس سے فنی حیثیت سے منشی کی مثنوی کا انجام زیادہ

لہ اندر جیت منشی، نامۂ عشق، ورق ۷،

لہ ایضاً، ورق ۸،

ابوالقاسم البصری کی کتاب التنبیہات

علامہ محمد بن یزید المبرد کی شہرہ آفاق تصنیف الکامل فی الادب کسی تفصیلی تعارف کی محتاج نہیں یہ عربی ادب کی ان چند خوش قسمت کتابوں میں سے ہے جو علمی دنیا میں ہمیشہ سے مقبول چلی آتی ہیں۔ اور ہر دور اور ہر صدی میں لوگوں نے اس کے مطالب و مقاصد پر گہری نظر ڈالی ہے۔ چنانچہ اس کے مطالعے کے لئے شرحیں، فرہنگ اور تنقیدی کتابیں بڑی کثرت سے لکھی گئیں۔ آج میں اسی صنف کی ایک مختصر سی کتاب یعنی ابوالقاسم البصری کی کتاب التنبیہات علی اغلاط الکامل پر کچھ تبصرہ کرنا چاہتا ہوں۔ جو چوتھی صدی ہجری کی ایک گراں مایہ تصنیف ہے۔

المبرد محمد بن یزید المبرد فن ادب اور نحو وغیرہ کے مسلمہ امام اور المازنی السجستانی اور الجرمی کے شاگرد خاص تھے۔ آپ بصرہ و کوفہ کے ممتاز ائمہ فن کے خاتم سمجھے جاتے ہیں۔ المبرد ادب کے ایک اور امام ابوالعباس ثعلب کے معاصر تھے۔ اور ان کی زندگی کے حالات کو پڑھنے سے ان ہر دو مشاہیر کے باہمی بحث و مناظرہ کے واقعات کا پتہ چلتا ہے۔ ناقدین کا خیال ہے کہ المبرد قابلیت تبحر اور نقد و نظر میں اپنے ممتاز معاصر ثعلب پر فضیلت رکھتا تھا۔ ابن خلکان[1] نے وفیات میں ابو بکر بن ابی الازہر کے چند اشعار نقل کئے ہیں۔ جن میں المبرد اور ثعلب کا موازنہ کیا ہے۔ اور دونوں کی علمی فضیلت کا اعتراف کیا ہے :-

ایا طالب العلم لا تجہلن — وعذ بالمبرد او ثعلب

تجد عند ہذین علم الوری — فلا تک کالجمل الاجرب

---

[1] وفیات الاعیان

علوم الخلایق مقرونۃٌ بھٰذین فی الشرق والمغرب

المبرد کی اہم ترین تصنیف الکامل فی الادب ہے جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے۔ ادبیاتِ عربی میں اس تصنیف کو لازوال شہرت اور اعتبار حاصل ہے۔ علامہ ابن خلدون اپنے مقدمۂ تاریخ میں لکھتے ہیں:-

"وسمعنا من شیوخنا فی مجالس التعلیم انّ اصول فنّ الادب وارکانہ اربعۃ دواوین وھی: کتاب الکامل للمبرد وادب الکاتب لابن قتیبۃ وکتاب البیان والتبیین للجاحظ وکتاب النوادر لابی علی القالی البغدادی وماسوی ھذہ الاربعۃ فتبعٌ لھا وفروعٌ منھا

(مقدمہ ابن خلدون- طبع پیرس- ج ۳ حصہ ۳ ص ۲۹۶)

علامہ المبرد کا انتقال ۲۸۵ھ میں ہوا۔ اس وقت سے لے کر اب تک الکامل کا مطالعہ مسلسل جاری ہے۔ جس کا ثبوت یہ ہے کہ ہر دور اور ہر زمانے میں علمائے فن نے اس کے اقوال کی تائید و تردید میں کتابیں لکھی ہیں۔

یہاں اس امر کا تذکرہ کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ کہ جس شخص نے الکامل کو آخری مرتبہ ایڈٹ کیا۔ وہ ابوالحسن علی بن الاخفش (متوفی ۳۱۵ھ) تھا۔ جسے عام طور پر الاخفش الاصغر کہا جاتا ہے۔ کیونکہ گیارہ اخفشوں میں سے یہ سب سے متاخر تھا۔ الاخفش نے الکامل پر حواشی لکھے اور اضافے کئے [جو اس وقت الکامل کے رائٹ ایڈیشن میں موجود ہیں]۔۔

درحقیقت اسے الکامل کے گہرے تنقیدی مطالعہ کی ابتدا خیال کرنا چاہئے۔ الکامل میں تحقیق اللسان اور تاریخ و سیرت کے سلسلے میں جو وسیع ذخائر موجود ہیں۔ ان کی اہمیت اس امر کی متقاضی تھی۔ کہ علمائے فن اس کا تجزیہ کرتے۔ اور اس گراں قدر کتاب کے کمزور پہلوؤں کو طلبہ کے سامنے رکھتے تاکہ اس کی افادیت ہر لحاظ سے مکمل ہو جائے [الاخفش کی تنقیدات کے لئے دیکھو، نوٹ ۹۰ تا ۱۰۰]

امام جلال الدین السیوطی نے اپنی کتاب المزہر[1] میں لکھا ہے۔ کہ بطلیوسی کی شرح الکامل پر نہایت مفید اور اہم تھی۔ مگر بدقسمتی سے یہ شرح آج ناپید ہے۔ الکامل کی ایک شرح استانبول میں اسمٰعیل آفندی کے کتاب خانے میں ہے۔ مگر اس کے مصنف کا نام معلوم نہیں۔

جدید شرحوں میں قابل ذکر سید بن علی المرصفی پروفیسر جامعہ ازہر کی شرح ہے۔ اس کا نام رغبۃ العامل من کتاب الکامل ہے۔ جو ۸ جلدوں میں ہے۔ اور مصر سے ۱۳۴۸ھ ۱۹۲۹ء میں شائع ہوئی ہے۔

سچ یہ ہے کہ الاخفش الاصغر کے بعد الکامل کا سب سے بڑا واقف اور عالم ابن النحاس تھا۔ اس کا انتقال ۳۳۸ھ ۹۴۹-۵۰ء میں ہوا۔ افسوس ہے کہ ابن النحاس کے حواشی بھی آج دستیاب نہیں ہوتے۔ ورنہ ہم اس کے نقد و تبصرہ کی اہمیت کا کچھ اندازہ کر سکتے البتہ آج ہم جس کتاب پر تبصرہ کرنا چاہتے ہیں۔ اس میں ہمیں اس جید فاضل کی تنقید الکامل کا واحد نمونہ ملتا ہے (نوٹ ۹۶: خطأ ابی العباس فی تعیین اُمّ خارجہ)

جہاں تک معلوم ہو سکا۔ الاخفش اور ابن النحاس کے بعد جس شخص نے الکامل کا تنقیدی نظر سے مطالعہ کیا۔ وہ ابوالقاسم علی بن حمزہ البصری النحوی البغدادی تھا۔ اس کے علاوہ ابن عبد ربہ نے عقد الفرید میں الکامل کی بعض غلطیوں کا ذکر کیا ہے۔

اس سلسلے میں یہ یاد رکھنا چاہئے۔ کہ الکامل کی تنقیدیں بہت حد تک قدیم بصرہ کوفہ نزاع سے متعلق ہیں۔ عربی ادب کو جاننے والے اس حقیقت سے اچھی طرح باخبر ہیں۔ کہ بصرہ و کوفہ کے دبستانوں نے بعد میں فروغ پانے والی تمام ادبی تحریکوں پر گہرا اثر ڈالا ہے۔ اس نزاع کی بقیہ تفصیل کو نظر انداز کرتے ہوئے اگر صرف المبرد کے زمانے کو ہی لیا جائے۔ تو یہ معلوم ہو گا۔ کہ یہ صدی بھی اس ادبی مناقشے کے زیر اثر تھی۔ باقی

---

[1] المزہر۔ جلد ۱۔ صفحہ ۸۲: ۲۲۳،

علمای ادب کا تو کیا مذکور خود المبرد نے الکامل سے پہلے کتاب مسائل الاغلاط کے نام سے جو کتاب لکھی ہے۔ اس میں اس نے سیبویہ کی الکتاب پر بڑی سختی کے ساتھ اعتراض کئے ہیں جن میں سے بیشتر اسی نزاع کا نتیجہ معلوم ہوتے ہیں۔ اور بقول علامہ السیوطی ان میں سے صرف چند ہی ایسے نکلیں گے۔ جن میں کچھ جدت یا اپج ہو گی (المزہر۔ ج ۲، ۱۳۲، ۱۸۸) المبرد نے سیبویہ کو جس طریق سے تختہ مشق بنایا۔ اس کے رد عمل سے بچنا مشکل تھا۔ سیبویہ کے ایک شاگرد ابن درستویہ (متوفی ۳۳۰ھ) نے اپنے استاد کا انتقام لینے کے لئے ایک کتاب لکھ ماری۔ جس کا نام کتاب مناظرۃ سیبویہ للمبرد ہے۔ اس کتاب میں المبرد کے اعتراضات کا جواب لکھا ہے۔ اور اپنے استاد کی حمایت کی ہے۔

اسی طرح ابن حائل اور ابن ولاد مصری نے بھی سیبویہ کی حمایت اور المبرد کی مخالفت میں قلم اٹھایا۔ اور ابن ولاد مصری (المتوفی ۳۳۲ھ) کی کتاب الانتصار لسیبویہ علی المبرد میں تو المبرد بری طرح نشانۂ اعتراضات بنایا گیا ہے۔ یہ سب اسی بصرہ کوفہ آویزش کے برگ و بار ہیں جس میں کچھ دیر بعد ابو القاسم البصری نے کتاب التنبیہات کے ذریعے شرکت کی لیکن باتفاق ناقدین اعتدال اور انصاف کی ان خصوصیات کو برقرار رکھتے ہوئے جو ایک متوازن اور سلیم المزاج مبصر کے لئے لازمی ہیں۔

ابو القاسم[1] علی بن حمزہ البصری النحوی کی زندگی کے مفصل حالات کہیں سے دستیاب نہیں ہوتے۔ اوائل عمر میں تعلیم و تربیت کہاں اور کیسے ہوئی؟ اور لغت اور ادب کی تحصیل کن کن اساتذہ سے کی؟ اس کا کچھ پتہ نہیں چلتا۔ ان چند واقعات زندگی میں سے جن کا ہمیں علم ہے ایک یہ ہے کہ المتنبی[2] جب بغداد میں وارد ہوا تو

[1] بغیۃ الوعاۃ میں ابو نعیم لکھا ہے۔ شاید یہ کتابت کی غلطی ہو۔ [2] یاقوت۔ معجم الادباء ج ۵ ص ۲۰۲

ابوالقاسم البصری نے اس کی بڑی خاطر مدارات کی۔ المتنبی جب تک بغداد میں رہا ابوالقاسم کا مہمان رہا۔ ایک دوسری بات جو ہمیں اس کی زندگی کے متعلق معلوم ہے یہ ہے کہ ابوالقاسم بعد میں سسلی چلا گیا تھا۔ جہاں ۳۷۵ھ میں اس کا انتقال ہوا۔ یہ غالباً ابوالقاسم ہی تھا جس نے سسلی میں المتنبی کی شاعری کو مقبولِ عام بنایا۔ اور اس کے دیوان پر حواشی لکھے۔ ابن الخزاز کی روایت ہے۔ کہ ابوالقاسم کے جنازے کی نماز قاضی ابراہیم بن مالک نے پڑھائی[1]۔

ابوالقاسم نے بہت سی کتابیں لکھیں۔ ان کے نام یہ ہیں[2]:-

۱۔ کتاب الآباء والامہات[3]، ۲۔ کتاب العشرات[3]، ۳۔ کتاب المنالحات[4]

۴۔ حواشی دیوان المتنبی[5]، ۵۔ دیوان علی بن ابی طالب کی ترتیب[5]،

۶۔ کتاب التنبیہات علی اغلاط الرواۃ فی کتب اللغۃ۔ غالباً اسی کتاب کا دوسرا نام الردود[6] ہے۔ جیسا کہ معجم الادباء اور بغیۃ الوعاء سے معلوم ہوتا ہے۔ کتاب کے شروع میں پورا نام یوں بیان کیا گیا ہے:-

هذا کتاب التنبیهات علی اغلاط الرواة فی کتب اللغة المصنفات لم نعلل عن سبیلهم ولم نحرج عن سننهم فی رد بعضهم علی بعض　الخ

پوری کتاب ۸ حصوں پر مشتمل ہے۔ جن کی تفصیل ریو کی فہرست مخطوطات عربی میں سے لے کر بیان کی جاتی ہے:-

۱۔ پہلا حصہ ابو زیاد الکلابی کی نوادر کی تنقید،

۲۔ دوسرا حصہ ابو عمر الشیبانی (متوفی ۲۱۰ھ) کی نوادر کی تنقید،

---

[1] یاقوت معجم الادباء۔ ج ۵۔ ص ۲۰۲،　[2] یاقوت ایضاً کتاب التنبیہات ع ۱۹

[3] کتاب التنبیہات ۳۹،　[4] ایضاً ع ۴۵،　[5] ایضاً ع ۱۳۲،

[6] ایضاً ع ۵۷،

۳۔ تیسرا حصہ الدینوری (متوفی ۲۸۲ھ) کی کتاب النبات کی تنقید۔
۴۔ چوتھا حصہ المبرد (متوفی ۲۸۵ھ) کی الکامل کی تنقید۔
۵۔ پانچواں حصہ ابوالعباس ثعلب (متوفی ۲۹۱ھ) کی اختیار فصیح الکلام کی تنقید۔
۶۔ چھٹا حصہ ابو عبید القاسم بن سلام (متوفی ۲۲۴ھ) کی کتاب الغریب کی تنقید۔
۷۔ ساتواں حصہ ابن السکیت (متوفی ۲۴۴ھ) کی اصلاح المنطق کی تنقید۔
۸۔ آٹھواں حصہ ابن ولاد المصری (متوفی ۳۳۲ھ) کی کتاب المقصور والممدود کی تنقید۔

جیسا کہ اس فہرست سے معلوم ہو گیا ہوگا۔ یہ الکامل کی تنقید التنبیہات کا چھٹا حصہ ہے۔ لیکن یہ عجیب بات ہے۔ کہ بغیۃ الوعاۃ اور معجم الادباء میں الکامل کی تنقید کا کوئی ذکر نہیں۔ مگر اس کے بجائے کتاب الحیوان جاحظ کا تذکرہ ہے۔ اس کے علاوہ یاقوت نے ابوالقاسم کے چند اور ردود کا ذکر کیا ہے۔ جن کا مجھے کہیں سراغ نہیں ملا۔ اس کے الفاظ یہ ہیں:۔

"ولہ ردودٌ علی جماعۃٍ من ائمۃِ اللغۃِ کابن دریدٍ والاصمعی و ابن الاعرابی وغیرھم"

کتاب التنبیہات کا یہ نسخہ برٹش میوزیم لنڈن کے مملوکات میں سے ہے۔ (ملاحظہ ہو ریو ضمیمہ فہرست عربی عدد ۱۰۴۴) پوری کتاب جیسا کہ ابھی بیان ہوا ہے آٹھ حصوں پر مشتمل ہے [اوراق ۱۱۵ سطور ۲۳ تقطیع ۹ × ۶ ۱/۲ ؛ نسخ۔ سن کتابت ۱۲۹۵ھ مطابق ۱۸۷۸ء۔ نسخے کے آخر میں ایک یادداشت ہے۔ جس میں لکھا گیا ہے کہ یہ نسخہ خدیویہ لائبریری (ج ۴۔ ص ۲۲۱) کی نقل ہے۔ کاتب کا نام۔ عبدالعزیز اسمٰعیل الانصاری الخزرجی] خوش قسمتی

۱؎ اس کتاب کے چند اور نسخوں کا بھی پتہ چلتا ہے۔ فلوگل کے Spitta's Arabic Works میں اس کے ایک نسخے کا ذکر کرتا ہے اور اس کے علاوہ ایک اور نسخے کا بھی حوالہ دیتا ہے جو Konigischen Bibliothec میں

سے اس حصہ چہارم (جو کامل سے متعلق ہے) کا عکس خان بہادر مولوی محمد شفیع صاحب سابق پرنسپل اورینٹل کالج کی توجہ سے پنجاب یونیورسٹی لائبریری کے لئے مہیا ہوا۔ جس کا میں نے موصوف کے زیر ہدایت مطالعہ کیا۔ اور متن تیار کیا (جو ابھی تک غیر مطبوعہ صورت میں پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں ہے)

کتاب التنبیہات کے اس حصے میں ابوالقاسم نے الکامل کی تاریخی لغوی اور ادبی اغلاط کا تذکرہ کیا ہے۔ ان کی تعداد ۱۰۰ یکصد ہے۔ ان میں ابوجعفر النحاس اور ابوالحسن الاخفش کے حواشی بھی شامل ہیں (حواشی ۹۶ تا ۱۰۰) یہ تنقیدات چار طرح کی ہیں:۔

۱۔ متن کی غلطیاں ۲۔ لغت اور صرف و نحو کی غلطیاں ۳۔ تاریخی اغلاط اور روایت کی لغزشیں ۴۔ اشعار کے غلط معنی

ابوالقاسم کا المبرد پر سب سے بڑا اعتراض یہ ہے۔ کہ وہ اپنی مرضی کے مطابق اشعار کے الفاظ میں تصرف کرتا ہے۔ المبرد کے متعلق اس قسم کا خیال بعض اور حضرات نے بھی ظاہر کیا ہے۔ چنانچہ مارگولیتھ نے اپنی کتاب "عرب مورخین ..." میں اس کی طرف اشارہ کیا ہے۔ (ملاحظہ ہو ص ۱۱۲) ہوسکتا ہے کہ یہ بھی بصرہ کوفہ نزاع کا کرشمہ ہو۔ اور ابوالعباس ثعلب کے حامیوں نے اس کو بھی بطور حربے کے استعمال کیا ہو جیسا کہ سر چارلس لائل نے مفضلیات کے دیباچے میں شبہے کا اظہار کیا ہے۔ اس سلسلے میں لائل نے لکھا ہے۔ کہ قدیم عربی شاعری کے سلسلے میں جعل اور تصرف کے الزامات بہت بڑی حد تک بصریوں اور کوفیوں کی دیرینہ رقابت کے شرمندہ احسان ہیں۔ غرض سر چارلس لائل نے عمومی لحاظ سے جس خدشے کا اظہار کیا ہے۔ خصوصی رنگ میں المبرد پر بھی اس کا اطلاق

بقیہ حاشیہ از صفحہ ۳۸۔ محفوظ ہیں۔ اس کتاب کے ایک جزء کا ذکر لیڈن کیٹا لاگ ج ۱ ص ۱۰۴ (طبع ثانی ج ۱۔ ص ۲۴۲) میں بھی ہے۔ اس کو ڈخویہ نے کامل رائٹ ایڈیشن کے دیباچے میں شائع کیا ہے (رک کامل ج ۲۔ حاشی ص ۱۵۵) فان کریمر کی فہرست مخطوطات (عدد ۱۹) میں بھی ایک نسخے کا حال درج ہے۔

ہوسکتا ہے۔ مگر ہمیں اس امر کا اعتراف ضرور کرنا چاہئے۔ کہ المبرد اس الزام سے کاملاً بری الذمہ نہیں (جیساکہ میں ابھی ذکر کرون گا)

مثال کے طور پر التنبیہات کے حواشی ۴، ۸، ۱۸، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۸، ۲۹، ۳۸، ۴۶، ۴۷، ۵۸، ۶۵، ۷۰، ۷۱، ۸۶، ۹۵، ۹۷، ۹۸ کو لیجئے۔ ان کے سلسلے میں بعض مواقع پر ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ ابوالقاسم خود بھی شعر کو نہیں سمجھا۔ جیساکہ نولدیکی نے (Z.D.M.G ۱۸۸۶ء ص ۳۱۳ میں) ذکر کیا ہے ایسے اعتراضات بلاشبہ بے بنیاد ہیں۔ مگر مندرجہ بالا امثلہ میں بہت سے اعتراضات وقیع اور وزنی ہین۔

اس سلسلے میں یہ بات لایق ذکر ہے۔ کہ ابوالقاسم نے کامل کی اغلاط کی نشاندہی کرتے ہوئے بعض الفاظ کی ایسی قرأتون کا ذکر کیا ہے جو کامل کے موجودہ نسخوں میں موجود نہیں۔ اس کی وجہ شاید یہ ہے۔ کہ ابوالقاسم نے جن قدیم ترین نسخون پر اعتراض کئے ہیں۔ ان میں تو یہ الفاظ موجود تھے۔ لیکن بمرورِ وقت عام طور پر متن میں اصلاحیں کرلی گئیں۔

لغوی غلطیان | ابوالقاسم کے بہت سے اعتراضات لغت اور قواعدِ زبان کے نقطۂ نگاہ سے درست معلوم ہوتے ہیں۔ پھر بھی یہ کہا جاسکتا ہے۔ کہ بعض اعتراضات میں محض زبردستی اور سینہ زوری کا مظاہرہ کیا گیا ہے۔

مثلاً الفَزَع کی بحث۔ المبرد اس لفظ کے متعلق لکھتا ہے:-

"الفَزَعُ فی کلامِ العَرَبِ علی وجہین: احدُہما ما تستعملہُ العامّۃُ تریدُ بہ الذُّعرَ والآخرُ الاستنجادُ والاستصراخ۔ من ذلک قولُ سلامۃَ بن جندل:

کُنّا اذا ما اَتانا صارِخٌ فَزِعٌ ۔ کانَ الصُّراخُ لہ قَرْعَ الظَّنابیبِ

یقولُ اذا اَتانا مستغیثٌ کانت اغاثتہُ الجِدَّ فی نُصرتِہ۔ ویُقالُ فَزِعَ

لذلك الامر لمنبوبه [اذاجاء فيه] ولم يفتر ويشتق من هذا المعنى ان يقع فزع فى معنى اغاث كما قال الكلحبة :

فقلت لكاس الجميها فانما حللت الكثيب من زرود لافزعا

(الکامل ج ۱ - ص۳)

ابوالقاسم اس کے متعلق کہتا ہے "واکثر هذا الكلام فاسد وهو كلام متخبط لم يعرف حقيقة الفزع وقوله الآخر الاستنجاد والاستصراخ غلط" اس کے بعد لکھتا ہے۔ کہ اس لفظ کے بارے میں ابوالعباس سے یعنی المبرد سے پہلے بھی لوگوں سے غلطی ہوتی ہے۔ اور اس کے بعد تو المبرد کے تتبع میں اس کا بہت اعادہ ہوتا رہا۔ حقیقت یہ ہے کہ الفزع کے دو معنی ہیں ایک خوف مثلاً فزع یفزع فزعا اذا خاف۔ اسی طرح افزعته افزاعا اذا اخفته۔ سلامہ ابن جندل کا شعر اسی معنی میں ہے۔ فزع یعنی خائف۔ الافزاع کا دوسرا معنی الاغاثة والاصراخ ہے نہ کہ الاستنجاد اور الاستصراخ جیساکہ المبرد نے خیال کیا ہے مثلاً ابن الاعرابی نے تائیداً یہ شعر لکھا ہے:-

اذا تو بد اعلى جلدها فزعا رأى العدو عليه جلدة النمر

(فزعا یعنی مغیثا)

اسی طرح لفظ وراء کی بحث میں ابوالقاسم ہمیں برسر حق نظر نہیں آتا۔ چنانچہ المبرد کی ایک تشریح کے ضمن میں [الکامل ج ۱ - ص ۲۸۹ سوار بن المضرب کا شعر] لکھتا ہے۔ کہ وليس الوراء من الاضداد كما يقول بعض اهل اللغة وانما معنى الوراء ما توارى عنك واستتر"۔ ابوالقاسم نے نوٹ ۵۲ میں اس پر طویل بحث کی ہے لیکن واقعہ یہ ہے۔ کہ اکابر محققین نے وراء کو اضداد میں سے قرار دیا ہے۔ السجستانی، ابن سکیت، صاحب لسان العرب سب کا

یہی مذہب ہے۔

عسی الکربُ الذی امسَیتُ فیہ　　یکونُ وراءَہٗ فرجٌ قریبُ

سجستانی کہتا ہے: وراءَہٗ ھہنا بعدہٗ وخلفہٗ۔ لسان نے مُرقش کا یہ شعر نقل کیا ہے:-

لیس علی طولِ الحیاۃ نَدَمْ　　ومن وراءِ المرءِ ما یَعْلَمْ

اس جگہ اس کے معنی ہیں۔ "قُدّامہٗ الشیبُ والھَرَم"۔

تاریخ اور روایہ کے سلسلے میں ابو القاسم کے اعتراضات بڑے سخت ہیں۔ اور شاید ابو القاسم کی یکہ تازی کا صحیح میدان بھی یہی ہے۔ المبرد شعب جبلہ کی لڑائی کے متعلق جو کچھ لکھتا ہے۔ الجھنوں سے پُر اور ناقص ہے جس کو دیکھ کر یہ اندازہ ہوتا ہے۔ کہ المبرد شاید ضعیف تر روایت کو ترجیح دینے کا عادی تھا۔

المبرد فرزدق کے متعلق لکھتا ہے کہ "والتقی الحسنُ والفرزدقُ فی جنازۃ فقال الفرزدقُ للحسنِ اتدری ما یقولُ النّاسُ یا ابا سعیدٍ، یقولون اجتمع فی ھذہ الجنازۃِ خیرُ الناسِ وشرُّ النّاسِ فقال الحسنُ کلّا لستُ بخیرِھم ولستُ بشرِّھم ولکن ما اعددتَ لھذا الیومِ فقال شھادۃَ اَنْ لا الٰہ الا اللہ منذُ ستّون سنۃ [الکامل: ج ۱- ص ۶۸]

اس پر ابو القاسم گرفت کرتا ہے اور کہتا ہے۔ والصحیحُ منذُ ثمانون سنۃ" کیونکہ یہ النّوار (زوجہ فرزدق) کے جنازے سے متعلق ہے۔ مندرجہ بالا عبارت میں الحسن سے مراد ابو سعید الحسن البصری ہے۔

المبرد نے حطیۃ اور زبرقان کے متعلق جو کچھ لکھا ہے۔ وہ بھی اسقام سے پُر ہے اس میں بھی بظاہر ضعیف تر روایت کو ترجیح دی ہے۔ اور ابو القاسم اپنی تنقید میں حق بجانب ہے [ملاحظہ ہو نوٹ ۶۰]

اس کے علاوہ لقیط بن زُرارہ کا قتل (ع ۴۵)، عُروہ بن مُرّہ (ع ۵۶)، الجونان اور الرِّدفان کی بحث (ع ۵۶، ۹۵) میں المبرد کا پہلو کمزور نظر آتا ہے۔

افسوس ہے کہ میں اس مقالے کی تنگ دامانی کی وجہ سے مبرد کی اصل عبارتیں اور ان پر ابوالقاسم کے اعتراضات زیادہ تعداد میں یہاں پیش نہیں کرسکتا اس کے لئے التنبیہات کی طرف رجوع کرنا چاہئے۔ لیکن چونکہ یہ کتاب ابھی تک شائع نہیں ہوئی اس لئے میں اس مقالے کے آخر میں ابوالقاسم کے اعتراضات کا خلاصہ سا شامل کرتا ہوں۔ تاکہ اس کتاب کی اہمیت کا اندازہ ہوسکے۔

میں نے کتاب التنبیہات کے متعلق سرسری طور پر جو بحث کی ہے۔ اس سے اس کی قدر و قیمت کا کچھ نہ کچھ اندازہ ہوگیا ہوگا۔ عبدالقادر بغدادی نے خزانۃ الادب میں اس سے فائدہ اٹھایا ہے۔ چنانچہ ایک سے زیادہ مرتبہ اس کا حوالہ بھی دیا ہے (اکلید الخزانہ ط ۳۶)، جہاں تک وسٹنفلڈ کی فہارس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ یاقوت نے معجم میں دو مرتبہ اس کا تذکرہ کیا ہے (اکلید الخزانہ سے معلوم ہوا کہ Brönnle ۱۸۹۹ء میں اس کتاب کا عمدہ محققانہ ایڈیشن نکالنا چاہتے تھے۔ اس لئے کہ موصوف کے نزدیک یہ کتاب بے حد مفید اور اہم ہے۔ علی الخصوص اس کا وہ حصہ جو ابوحنیفہ دینوری کی کتاب النبات سے متعلق ہے۔ اگرچہ برونل کو ابوالقاسم کی تنقید کے متعلق کوئی خاص حسن ظن نہیں۔

ان ائمۂ ادب کے اسما جن کا ذکر ابوالقاسم نے اپنی کتاب میں کیا ہے۔ یہ ہیں:-

ابو عمرو بن العلاء　(۱۵۱ھ - ۱۵۹ھ)

ابو یقظان سحیم بن حفص　(متوفی ۱۹۰ھ)

ابو عمرو اسحاق بن مرار الشیبانی　(" ۲۰۶ھ)

ابو زکریا یحیی بن زیاد الفراء　(" ۲۰۷ھ)

ابوعبیدہ معمر بن مثنیٰ (متوفی ۲۱۰ھ)
عبدالملک ابن قریب الاصمعی (" ۲۱۳ھ)
ابوزید سعید بن اوس (" ۲۱۵ھ)
ابن سلام ابوعبید القاسم بن سلام (" ۲۲۴ھ)
الاثرم علی بن مغیرہ (" ۲۳۰ھ)
ابن الاعرابی ابوعبداللہ محمد بن زیاد (" ۲۳۱ھ)
ابن سکیت ابویوسف یعقوب (" ۲۴۴ھ)
السجستانی ابوحاتم سہل بن محمد (" ۲۵۵ھ)
الریاشی ابوالفضل العباس بن الفرج (" ۲۵۷ھ)
ابن قتیبہ عبداللہ بن مسلم (" ۲۷۰ھ)
الدینوری ابوحنیفہ احمد بن داؤد (" ۲۸۲ھ)
ابن ابی الازہر ابوبکر (" بعد ۳۱۰ھ)
الزجاج ابواسحاق ابراہیم بن محمد (متوفی ۳۱۱-۳۱۰ھ)
الاخفش علی بن سلیمان ابوالحسن (" ۳۱۵ھ)
ابن درید ابوبکر محمد بن الحسن (" ۳۲۱ھ)
ابن ولاد ابوالعباس المصری (" ۳۳۲ھ)
ابن درستویہ (" ۳۴۷ھ)
السیرافی ابوسعید الحسن بن عبداللہ بن المرزبان (متوفی ۳۶۸ھ)

فہرست المطالب

(یہ کتاب التنبیہات کے مضامین و مطالب کا خلاصہ ہے)

۱۔ الفَزَعِ بمعنی الاغاثۃ لا الاستغاثۃ — الکامل[۱] ج ۱ : ۳

۲۔ ھذہ الخطبۃ لابی بکر لا لعمر کما قال المبرّدُ — ج ۱ : ۸

۳۔ التّأسّی والتأسّی — ج ۱ : ۱۰،۹

۴۔ "غلامٌ رماہ اللّٰہ بالحسن یافعًا۔ الخ غلط و انما الروایۃ" بالخیر" — ج ۱ : ۲۳

۵۔ الردعُ ورکب ردعہٗ: العزار والغرّ

۶۔ ثوی بین اجحار ورھنَ جَبُوبٍ" غلطٌ انما الروایۃ ثوی بین احجار وجال قلیب: — ج ۱ : ۳۱

۷۔ اِنَّ الّذین یسُوغ فی اعناقھم الخ" واَنّما الرّوایۃُ "فی اَحْلاقِھِمْ" وذکر جمع فَعْل علی افعال — ج ۱ : ۳۷

۸۔ وطول انضیۃ الاعناق واللِّمَمِ" ھذہ روایۃ مرذولۃ والروایۃ وطول ۔۔۔۔ الاعناق والامم — ج ۱ : ۳۵

۹۔ "۔۔۔۔ نبیل فی معاوزۃ طُوالِ" انما الروایۃ "فی معاوزۃ" — ج ۱ : ۴

۱۰۔ وروی" تحت جمانہ خشباتُ ضالٍ" والبیت انما یجعل الخشب فوقہ لا تحتہ — 〃

۱۱۔ وروی "اُغْبَطُ ان اُرْزاءُ الکرامِ وان الخ" وانما الروایۃ "اُفرحُ ان اُرْزاءُ الخ" — ج ۱ : ۴۱

---

[۱] حوالہ کے لئے الکامل رائٹ ایڈیشن ملاحظہ ہو۔

۱۲- الغثاء	ج ۱ : ۵۰
۱۳- النهال	ج ۱ : ۵۴
۱۴- الجزع	
۱۵- ماقال الفرزدق فی جنازۃ النوار	ج ۱ : ۶۸
۱۶- "قال الفرزدق فی آخر عمرہ حیث تعلق باستار الکعبۃ وعاهد اللہ الا یکذب ولا یشتم مسلماً" قولہ فی آخر عمرہ ھو قیہم۔ و روی:- "أطعتُكَ یا إبلیسُ تسعین حِجّةً" والروایۃ۔ "فی ستّین حِجّةً"	ج ۱ : ۶۹
۱۷ "أُرْتِجَ علی فلانٍ"۔ "وأُرْتِجَ علیہ"...	ج ۱ : ۶۹
۱۸- وانشد للطرماح:"نَفْجَتُهُ عِشْرِیْنَ یوماً ونِیلتُهُ" والنما الروایۃ:"أضْمَرْتُهُ عِشْرِیْنَ یَوْمًا" وتفسیر الشعر غلط	ج ۱ : ۹۵
۱۹- روی للنمر بن تولب "یسرُّ الفتی طولُ السّلامۃ والبقا" والنما الروایۃ "طولُ السلامۃ والغنا" واستشھادہ بھا فی قصر الممدود غیر صحیح	ج ۱ : ۱۲۳، ۱۲۴

و

روی لیزید بن عمرو بن الصّعِق: فرعتم... وانتم یشُنُّ علیکم بالفنا کل مربع وقال الفنا مقصور الفناء والنما الروایۃ" بالفناء"

و

روی للطرماح: "لمعفور الضِّرا ضرم الجنین" وقال

الضراء مقصور الضرآء هذا غلط والرواية:
لمعفور الضهنا"
قوله: سواس سلمى موضع بحضرة سلمى"
غلط انما السواس شجر معروف تقدح منه الزند
شرح من كرس فلان ومن سوس فلان"

٢٠-	تفسير "اكل عليه الدهر وشرب"	ج ١ : ١٢٥
٢١-	وروى "ولو قتلا من جشم بكر بن وائل" والرواية من غير بكر	ج ١ : ١٢٦
٢٢-	وروى لجرير هذه سوادة يجلو مقلتى لحم" والما الرواية "ذاكم سوادة"	ج ١ : ١٢٦
٢٣-	وروى لجرير "بايهم حيث بالتهي قطاجونا"	ج ١ : ١٢٦
٢٤-	الاقرعان، والرواية "يصعصع الاقرع وفراس ابنا حابس"	ج ١ : ١٢٨، ١٢٩
٢٥-	ذكر قتل لقيط بن زرارة وقاتله يوم جبلة	ج ١ : ١٢٩
٢٦-	الجونان	١ : ١٣٠
٢٧-	الحسن ونقا الحسن . . .	ج ١ : ١٣٠
٢٨-	وروى لامرئ القيس "فاليوم اسقى غير مستحقب" والرواية "فاليوم اشرب"	ج ١ : ١٣٩
٢٩-	وروى "عمرو الذى هشم الثريد لقومه" والرواية "عمرو العلى الخ"	ج ١ : ١٤٣
٣٠-	شرح قلز وقاظ وقاد وخطس	ج ١ : ١٥١
٣١-	ذكر شجر اليربوع وابوابه	ج ١ : ١٥٣

۳۲ معنی العُرا والعرآء والعُراعِر	ج ۱ : ۱۵۶
کجا گردد فراموش آنچہ او کرد ۔۔۔ زبہر خدمت شاہ جہاندار

میان لشکر عاصی نگہ داشت ۔۔۔ وفاد عہد آن خورشید احرار

بروز روشن از غزنین برون رفت ۔۔۔ ہمی زد با جہانے تا شب تار

---

[1] بیہقی صفحہ ۳۲۱ ، [2] دیوان فرخی ایران ایڈیشن صفحہ ۱۶۴ ،

نماز شام را چندان کہ خواندند | کہ دشت از کشتہ شد با پشتہ ہموار
گروہی را ازان شیران جنگی | بکشت و ما بقی را داد زنہار
جُز او ہرگز کہ کرد است این بگیتی | بخوان شاہنامہ و تاریخ و اخبار[1]

اس دوسرے بیان سے ہم گردیزی کے اس ایاز کو بخوبی پہچان سکتے ہیں۔ جو سلطان مسعود کے لئے تخت و تاج کی کوشش کرتا ہے۔ فرخی نے ان دونوں ایازوں کے خط و خال کو اس طرح آپس میں ملا دیا ہے۔ کہ ان کا وجود ایک دوسرے سے جدا کرنا ناممکنات میں سے ہے۔ وہی ایاز جو گل تازہ اور محمود کا منظور نظر ہے۔ اپنے مخدوم زادہ سلطان مسعود کے لئے اپنے دل و دماغ کی تمام قوتوں کو بروئے کار لاتا ہے۔ اور تدبیر و دانش کے علاوہ تیغ و تفنگ سے کام لیتا ہے۔ ان صریح بیانات کے ہوتے ہوئے ہم ایاز کو ایک تاریخی شخصیت ماننے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ جو سلطان محمود کا عزیز غلام ہونے کے علاوہ امرا میں سے تھا۔ اور جس کے اثر و رسوخ سے سلطان مسعود اپنا تخت و تاج حاصل کرتا ہے۔

نام و نسب۔ گردیزی کے بیان کی رو سے ایاز کا پورا نام امیر ابوالنجم ایاز بن ایماق ہے۔ فرخی اسے ایاز بن اویماق لکھتا ہے۔ اور بیہقی ابوالنجم ایاز۔ ایاز ترکی زبان کا لفظ ہے۔ جو اسم معرفہ ہونے کے علاوہ خوشگوار دھوپ اور اس پالو یا شبنم کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ جو کسی صاف صاف رات کو پڑے۔ اور اویماق انگشتانہ کے علاوہ ایک مشہور ترکی قبیلے کا نام ہے۔ فرہنگ آنند راج میں ہے۔ "ایاز۔ بروزن آواز ... و بہ تبدیل زا و تغییر ادر ایاس نیز گفتہ اند" چنانچہ خواجہ فریدالدین عطار ایاز کے ساتھ ایاس بھی کہتے ہیں ؎

چون حسن بشنود این قول از ایاس | گفت احسنت ای ایاز حق شناس[2]
بود جامی لعل در دست ایاس | قیمت او برتر از حد قیاس[3]

---

[1] دیوان فرخی ایران ایڈیشن ۔ صفحہ ۱۶۴۔ [2] منطق الطیر صفحہ ۱۲۱۔ [3] منطق الطیر صفحہ ۱۴۵۔

وطن۔ اس کے وطن کے متعلق کچھ اختلاف ہے۔ لیکن کثرت رائے کا اتفاق اس کے ترکی النسل ہونے پر ہے۔ سجان رائے مصنف خلاصۃ التواریخ کے قول کے مطابق وہ کشمیر کا شاہزادہ تھا۔ وہ کہتا ہے "گویند کہ ایں ایاز خلف والی کشمیر بود۔ بحو نو سالی ہمراہ پدر خویش در شکارگاہ رسید جمعی از عیاران آدم دزد بقا بوئے کہ یافتند ایاز رابدست آوردہ ازاں ولایت بدر رفتند و در بدخشان رسیدہ آں لعل درج شاہی رابدست سوداگری بقیمت خاطر خواہ فروختند۔ و از تقدیرات قادر مطلق شاہزادہ بہ غلامی منسوب گشت۔ وآں سوداگر...... در تربیت پرورش توجہ بری گماشت۔ بقصد تجارت از بدخشان در غزنیں رسید[1]...... الخ"

سجان رائے کا بیان بہت مفصل ہے۔ اور بے حد شاعرانہ اور مبالغہ آمیز۔ اور یقیناً زلالی کی مشہور مثنوی محمود و ایاز سے ماخوذ ہے جس کا ذکر خود سجان رائے بھی کرتا ہے۔ زلالی نے اپنی اس مثنوی کا خاکہ مختلف داستانوں سے اڑایا ہے۔ چنانچہ اس کا ہر ایک کردار ہمیں کسی نہ کسی مشہور کردار کی یاد دلا دیتا ہے۔ اس کا انداز بیان خالصۃً افسانوی ہے جس کو تاریخ سے قطعاً کوئی علاقہ نہیں۔ محمود و ایاز کے تعلقات کو ہوا دینے والوں میں سے زلالی کا غالباً سب سے زیادہ ہاتھ ہے جس نے اسی ایک موضوع پر پونے پانچ سو صفحے کی ایک ضخیم مثنوی لکھ ماری ہے۔ ایاز کو کشمیری النسل شہزادہ کہنے والا بھی سب سے پہلے غالباً وہی ہے۔

دوسرا بیان نظامی عروضی[2]، فرشتہ اور مجالس العشاق کا ہے نظامی اس کو ترک کہتا ہے۔ فرشتہ اسے ختنی الاصل کہتا ہے۔ اور مجالس العشاق کا مصنف اُسے ترک کہہ کر پکارتا ہے۔[3] گویا تینوں اس کے ترک ہونے پر متفق ہیں۔ اب ہمیں یہ دیکھنا ہے۔ کہ ان دونوں بیانوں میں سے کونسا زیادہ قرین قیاس اور وقیع ہے۔ ماخذ کے کمزور ہونے کی وجہ

---

[1] خلاصۃ التواریخ سجان رائے ص۱۶۹ [2] تاریخ فرشتہ ص۳۱ [3] مجالس العشاق ص۲۱۲

سبحان رائے کا بیان پایہ اعتبار سے گر جاتا ہے۔ اس کے برخلاف نظامی عروضی، فرشتہ اور مجالس العشاق وغیرہ کا بیان زیادہ قرین قیاس ہے۔ یہ زمانہ وہ تھا جب سامانیوں کے ہاتھوں ترکستان[1] مفتوح ہو چکا تھا۔ اور ترکی غلام گھر گھر میں ملازم رکھے جا رہے تھے۔ وہ خوبصورت ہونے کے علاوہ دلیر اور خدمت گار ہوتے تھے۔ پس ایسی صورت میں کیا یہ زیادہ قرین قیاس نہیں۔ کہ ایاز بھی انہی لاتعداد غلاموں میں سے ایک ہو۔ جنہیں قسمت اپنے وطن سے باہر نکال دیتی تھی۔ اور جو اپنے وطن سے شاید دوسرے ملکوں میں زیادہ چمکتے اور عزت پاتے تھے۔ اس کے علاوہ اس کا نسب 'ملک' ایک خالص ترکی لقب ہے۔ جو ایک ترک کے لئے ہی ہو سکتا ہے۔ اور جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے۔ ایاز اور اویماق دونوں ترکی زبان کے بامعنی الفاظ ہیں۔ ایسی صورت میں ایاز کا ترکی النسل ہونا زیادہ صحیح اور موزوں ہے۔

ایاز بازار غزنی میں۔ مجالس العشاق اس کے بازار غزنی میں بکنے کا حال یوں بیان کیا ہے۔

(محمود) در سی صد و نود و شش ملتان را بگرفت و چند قلعہ از قلاع ہند مسخر کرد۔۔ چوں پادشاہی راست گفتار خوب کردار بود۔ در زمانِ دولت او مملکت ملت حضرتِ رسالت پناہ در کمال اُمنیت و تمامی امّت براحت بودند القادر باللہ کہ دراں زمان خلیفہ بود۔ او را یمین الدولہ و امین الدولہ لقب بخشید۔ و چوں در زمانِ دولت او مردم برفاہیت بودند۔ و راہہا در رفاہتِ امنیت۔ از اطراف و اکناف تجاّر می آمدند۔ و آنچہ مطلوب بودی آوردند۔ از انجملہ یک نوبت صد و بیست[۱۲۰] غلام ترک آوردہ بودند۔ اکثر صاحب جمال و در حد اعتدال و ایاز یکے از ایشان بود۔ چوں آں کاروان غلاماں را بہ غزنین

---

[1] ترکستان کی جغرافیائی حدود اس وقت مختلف تھیں۔ اس وقت کا ترکستان مشرقی شہروں یار قند وغیرہ سے لے کر ایشیائے کوچک تک پھیلا ہوا تھا۔

رسانید۔ مقربان ذوی البصیرہ را فرستادند۔ کہ آنچہ لائق باشد بجہت پادشاہ بخرند و باقی را گذارند۔ کہ بر ہرکس کہ خواہند فروشند۔ دراں محل ایاز بیمار بود۔ و بغائت ضعیف و نزار۔ تمامی غلاماں را قبول کردند و دست رد بر سینۂ او زدند۔ چوں او را موالستی تمام باآں جماعت بود و ہمہ را آگاہ داشتند و او را قبول نکردند در محل بیرون رفتن فرو گریست و در رفتن شرارۂ کہ از شعلہ حیاتش ماندہ بود۔ می مرد۔ و می زیست۔ حالت او در دل سلطان تاثیری تمام کرد۔ کسی را دوانید و ایشاں را باز گردانید فرمود۔ کہ ایں یک صد نوزدہ غلام را برائے خود خریدم۔ ایں یکے را از بہر خدامی خرم او را نیز بیع کردند"[1]

کون کہہ سکتا تھا۔ کہ یہی پس ماندہ غلام ایک دن محمود کے ہاں مقبول اور پیش پیش ہوگا۔

تعلیم و تربیت۔ اس کی تعلیم و تربیت کے متعلق کوئی بلاواسطہ بیان موجود نہیں ہے غلاموں کی تربیت کے بارے میں دو اصول تھے۔ لونڈیوں کو عموماً بردہ فروش مختلف فنون مثلاً امور خانہ داری۔ موسیقی۔ رقص وغیرہ میں خود تربیت دیتے تھے۔ اور جوانی کے عالم میں حسب دل خواہ قیمت پر فروخت کرتے تھے۔ لیکن غلاموں کے بارے میں اکثر یہ ہوتا تھا۔ کہ وہ بچپن کی حالت میں ہی فروخت کر دئے جاتے تھے۔ اور آقا انہیں خود اپنی پسند کے مطابق تربیت دے لیتا تھا جیسا کہ بیہقی کے بیان سے (جو ہم پیچھے نقل کر آئے ہیں) پتہ چلتا ہے۔ کہ جب تو شتگین خریدا گیا۔ تو وہ محض ایک بچہ تھا۔ اور محمود اس کی تعلیم و تربیت اہل کاروں کے سپرد کرتا ہے۔ اغلب ہے۔ کہ ایاز بھی بچپن میں ہی خریدا گیا ہو۔ اور اس کی تربیت بھی اہل کاروں کے ہاتھوں ہی ہوئی ہو خصوصاً جب کہ مختلف واقعات اس کی اعلےٰ تعلیم و تربیت کی گواہی دیتے ہیں۔ اطاعت، خدمت، حاضر جوابی جس میں سادگی کا عنصر زیادہ ہوتا تھا۔ اس میں کوٹ کوٹ کر بھری تھی۔ وہ

---

[1] مجالس العشاق صفحہ ۲۱۱-۲۱۲

شائستگی کے اصول اور آداب محفل سے پوری طرح واقف تھا۔ اور بادشاہی محفلوں میں ہر وقت شریک رہتا تھا۔ ان اوصاف کے علاوہ وہ ایک دلیر سپاہی۔ شہسوار۔ اور قادر تیرانداز بھی تھا۔ اور مردانہ اوصاف سے پوری طرح موصوف تھا۔ جہاں وہ محفل کی زینت تھا۔ وہاں میدان جنگ میں وہ عدو کے لئے موت کا فرشتہ تھا۔ فرخی اس کی تعریف میں لکھتا ہے ؎

دلیراں از نہیبش روز کوشش　　همی لرزند چوں برگِ سپیدار

اور پھر اس کی بے پناہ طاقت اور قادر تیراندازی کے متعلق کہتا ہے:۔

اگر بر سنگ خارا بر زند تیر　　بسنگ اندر نشاند تا لبسو فار
بردن پراند از نخچیر ناوک　　من ایں صد بار دیدستم نہ یک بار

معلوم ہوتا ہے۔ کہ ایاز خاص طور پر تیراندازی میں یگانہ اور شہرۂ آفاق تھا۔ اور یہ اس کا خاص سپاہیانہ وصف تھا کیونکہ ابوالفرج رونی جس نے اس کی تعریف میں ایک قصیدہ لکھا ہے اپنے قصیدہ کی تشبیب ہی اس کی تیراندازی کے کمال سے کرتا ہے۔ وہ کہتا ہے ؎

نہ کند کار تیر آیازی　　نَل ہندی و نیزۂ تازی
پیش پیکان او کے آید کوہ　　گر بداند کہ چیست جانبازی
بارِ سوفار اوزہِ چرخش　　بازمانہ گشد بانبازی
روزِ پرتاب او ز شرق بہ غرب　　نہ کند عبرہ جز بہ طنازی
پرّ او را عقاب سجدہ برد　　چوں کشادش دہد سرافرازی
اوج او در صعود کیواں را　　بیند اندر ہبوط صد بازی
حکم سوبش اجل ہمی راند　　کردہ با او بفعل دمسازی
چوں تواند ز حدِ ایشاں جست　　خصم کیں مرغزی است یا رازی

اس کا مختلف جنگوں میں حصہ لینا اس کی دلیری اور شجاعت کا گواہ ہے جن حالات

---

[1] دیوان فرخی صفحہ ۱۶۴ ، [2] قصائد ابوالفرج رونی صفحہ ۱۱۶

میں اس نے مسعود کی تخت نشینی کے لئے کوشش کی۔ وہ پہلے بیان ہو چکے ہیں۔ ان سے پتہ چلتا ہے۔ کہ وہ کس طرح لڑتا بھڑتا غلاموں کی جمعیت کے ساتھ شاہی سواروں کے نرغے سے نہ صرف بچ کر نکل جاتا ہے۔ بلکہ شاہی فوج کا سپہ سالار مارا جاتا ہے۔ ان حقائق کی روشنی میں ہم اس کی اعلےٰ تعلیم اور تربیت کے متعلق خود اندازہ لگا سکتے ہیں۔

ایاز محمود کی خدمت میں۔ ایاز جب تعلیم و تربیت کی بھٹی سے نکلا۔ تو کندن کی طرح تھا۔ حُسن صُوری اور حُسن معنوی دونوں نعمتوں سے مالا مال تھا۔ اس نے اپنے آپ کو سلطان کی خدمت کے لئے وقف کر دیا۔ ایک لمحہ بھی سلطان کی طرف سے غافل نہ ہوتا بیہقی کہتا ہے۔ کہ "زیادت از دیدار چالاکی بارامش داشت"[1]

اس کو اس کی تعلیم و تربیت اور نیک فطرت کا ذاتی جوہر لے اُڑا اس کی بے لوث خدمت کامل تابعداری، انتہائی فرمانبرداری اور وفا نے محمود کے دل میں گھر کر لیا خدمت اور اطاعت دو ایسے جوہر ہیں جو کسی دل کو اپنی طرف مائل کر لینے کے لئے کافی ہیں چنانچہ محمود نے اس سے خوش ہو کر اسے اپنے تمام غلاموں سے بڑھا چڑھا دیا۔ اور رفتہ رفتہ ایاز 'ایاز خاص' بن گیا۔ خلوت ہو کہ جلوت سفر ہو کہ حضر بزم نشاط ہو یا میدان جنگ ایاز محمود کے ساتھ تھا۔ ایاز کی اس اطاعت و وفا کے متعلق بہت سی روائتیں مشہور ہیں عوفی جوامع الحکایات میں کہتا ہے۔ کہ ایاز کے زیادہ مقبول ہونے کا سبب ایک یہ بھی تھا"

آوردہ اند۔ کہ سلطان محمود سبکتگین را سبب اختصاص ایاز در خدمتش آن بود۔ کہ روزے در شکار ہمائے بر خاست خلائق می تاختند کہ در سایہ ہما ایستند۔ ایاز از اسپ فرو جست و رکاب سلطان بگرفت۔ سلطان گفت ایاز چہ می کنی۔ گفت یاراں و خلائق در ظل ہمائے اند۔ من در خدمت ظل خدائے۔ سلطان محمود را از کیاست عجب آمد۔ و او را بر اقوال د

---

[1] بیہقی صفحہ ۰

الغیاث بخود برگزید" ؎

عطار نے اس کی فرمانبرداری کی ایک دلچسپ حکایت منطق الطیر میں یوں لکھی ہے ؎

بود جام لعل در دست ایاس | قیمت او برتر از حد قیاس
شاہ گفتا بر زمین زن پیش خویش | بر زمینش زد کہ شد صد پارہ بیش
شور در خیل و سپاہ افتاد ازو | کایں ہمہ کس را نگاہ افتاد ازو
ہر کسش مے گفت اے شوریدہ رائے | قیمت او را نداند جز خدائے
تو چنین بہ شکستی او را شرم دار | عزتش بردی و افگندیش خوار
شاہ ازاں شورش تبسم می نمود | خویش را فارغ ز مردم می نمود
تا یکے گفت ایں جہان افروز جام | از چہ بشکستی چنین خوار اے غلام
گفت فرماں بردن ایں شہ مرا | برتر از ماہی بود تا مہ مرا
تو بسوئے جام افگندی نگاہ | من نیم جز بندۂ فرمانِ شاہ
بندۂ آں بہ کہ بر فرماں رود | جام چہ بود خود سخن از جاں رود[۲]

ایاز و محمود کا تعلق۔ فارسی اور اردو ادب میں ایاز و محمود کے تعلقات کو ہمیشہ اچھے پیرایہ میں دکھایا گیا ہے۔ انہیں حسن و عشق کا پاکیزہ اور مقدس مظہر کہا جاتا ہے۔ بے شمار روائتیں اور حکائتیں جو ادب میں ہم تک پہنچی ہیں۔ ان سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ محمود کی ایاز سے دلبستگی کن جذبات کے زیر اثر تھی۔ غلاموں سے محبت کا رواج یوں تو قدیم زمانے سے چلا آتا تھا۔ لیکن ایران میں صوفیاء کے حلقوں نے اس چیز کو خاص طور پر بڑھایا چڑھایا۔ اہل تصوف کا خیال ہے۔ کہ عشق کے بغیر خدا تک جو ایک قابل ترین اور حسین ترین ہستی ہے۔ رسائی ناممکن ہے۔ خواہ یہ عشق اپنی ابتدائی شکل میں مجازی ہی کیوں نہ ہو۔ چنانچہ مشہور شعر ہے ؎

---

[۱] جوامع الحکایات قسم چہارم باب ۲۲۔ یونیورسٹی نسخہ۔

[۲] منطق الطیر نول کشور صفحہ ۱۹۸۔

متاب از عشق رُو گرچہ مجازی است   کہ آں بہرِ حقیقت کارسازی است

اس بیان پر شاہد ہے ۔ اب یہ عشق کیا ہے؟ ایک ایسی وارفتگی اور کیفیت جو لطیف اور نازک ترین حسیات کو بیدار کر کے روح کی بالیدگی اور افزائش کا باعث بنتی ہے اس کا تمام عمل محض قلبی یا ذہنی واردات سے متعلق ہے ۔

اس عمل میں جسمانی لذت کا حصول قطعاً روا نہیں۔ کیونکہ ذات باری جو اصل مقصد ہے تمام مادی اوصاف سے عاری اور منزّہ ہے ۔ چنانچہ جب خدا تک پہنچنے کے لئے عشق لازمی ٹھہرا۔ تو انہوں نے ابتدائی طور پر جنس مخالف سے عشق کی بجائے اپنی جنس سے عشق کو منتخب کرلیا۔ اور ایسا کرنے کی وجوہات بھی تھیں ۔ اُن کا خیال ہے ۔ کہ جنس مخالف کے عشق میں جسمانی لذت کا احتمال ہر دم موجود ہے ۔ جو سالک کو کسی وقت بھی گمراہ کرسکتی ہے ۔ برعکس اس کے اپنی جنس سے عشق کرنے میں کسی قسم کی ہوس اور جنسی خواہش کا گزر نہیں ہو سکتا ۔ یہ ایک پاکیزہ آسمانی مقدس اور تخیلی چیز تھی ۔ جس کا تعلق بلاواسطہ روح سے ہوتا تھا۔ یہ عشق اپنے اصلی عشق میں عشق حقیقی سے قریب ترین تھا ۔ اس پاکیزہ نظریہ کی بہت سی مثالیں موجود ہیں ۔ مولانائے روم اور شمس تبریزی کی دلبستگی ایک تاریخی واقعہ کی حیثیت اختیار کرچکی ہے ۔ شمس تبریزی کی صحبت نے مولانائے روم کے سوئے ہوئے لطیف جذبات کو اس طرح بیدار کیا ۔ کہ ان کی پوری شخصیت ہی بدل گئی ۔ اور اسی تحریک اور جذبے کے زیر اثر قرآن عجم دنیا کے سامنے آیا۔ عشق مجازی کے اس نظریہ کو اس وقت اور بھی فروغ ہوا ۔ جب حسین و جمیل ترک بچے غلام بنا کر ایران کی سرزمین میں بھیجے جانے لگے ۔ کم فہموں نے اس نظریہ کی اصلی ماہیت کو سمجھے بغیر صوفیاء کی تقلید شروع کردی ۔ اور مرور ایام کے ساتھ یہ پاکیزہ جذبہ عوام کے نااہل ہاتھوں میں اپنی پاکیزگی اور بلندی سے گرنا شروع ہوگیا ۔ اور پھر تو ؎

ہر بوالہوس نے حسن پرستی شعار کی   اب آبروئے شیوہ اہل نظر گئی

ایاز و محمود کے تعلقات مختلف روائیتوں سے صوفیاء کے اس نظریہ کے ماتحت نظر آتے ہیں۔ ان کا تعلق ہر جگہ ذہنی تعلق دکھایا گیا ہے۔

محمود اول اول ایاز کے حسن اخلاص اور وفا سے متاثر ہوا۔ اور رفتہ رفتہ یہ تاثرات ایک خاص دلبستگی بلکہ وارفتگی کی حد تک پہنچ گئے۔ لیکن اس کا سرچشمہ اور محرک قدر شناسی اور پاکیزہ الفت کا جذبہ تھا۔ چنانچہ عطار نے جا بجا اپنی مثنویوں خصوصاً منطق الطیر میں اس تعلق کی پاکیزگی اور تقدیس کا اظہار کیا ہے۔ نظامی عروضی نے چہار مقالہ میں ایک واقعہ نہایت مفصل طور پر لکھا ہے۔[1] وہ لکھتا ہے کہ محمود ایک متقی اور دیندار آدمی تھا۔ اور اس نے ہمیشہ عشق کو فسق سے علٰحدہ رکھا۔

مجالس العشاق کا منظوم بیان بھی اس سے ملتا جلتا ہے۔[2] عطار اپنے تذکرۃ الاولیاء میں ابوالحسن خرقانیؒ کے ذکر میں کہتے ہیں۔

"نقل است کہ وقتی سلطان محمود وعدہ دادہ بود ایاز را خلعت خویش را در تو خواہم پوشیدن و تیغ برہنہ بالائے سر تو برسم غلامان من خواہم داشت۔ چوں محمود بزیارت شیخ آمد۔ رسول فرستاد کہ شیخ را گوئید۔ کہ سلطان برائے تو از غزنین بدین جا آمد۔ تو نیز برائے او از خانقاہ بر خیمۂ او در آ۔ و رسول را گفت۔ اگر نیاید ایں آیت بر خوانید۔ قولہ تعالیٰ واطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم رسول پیغام بگزارد۔ شیخ گفت۔ مرا معذور دارید۔ ایں آیت بر وخواندند۔ شیخ گفت کہ محمود را گوئید۔ کہ چناں در اطیعوا اللہ مستغرقم کہ در اطیعوا الرسول خجالت ہا دارم۔ تا باولی الامر منکم چہ رسد۔ رسول بیامد و بہ محمود باز گفت۔ محمود را رقت آمد۔ و گفت برخیزید کہ او نہ ازاں مرد است کہ با گماں بردہ بودیم۔ پس جامۂ خویش را با ایاز داد و در پوشید۔ و دہ کنیزک را جامۂ غلاماں در بر کردہ۔ و خود بسلاح داری ایاز پیش و پس می آمد۔ امتحان را۔ روی بصومعہ شیخ نہاد چوں

---

[1] چہار مقالہ مرتبہ قزوینی صفحہ ۳۴ صفحہ ۳۵، [2] مجالس العشاق صفحہ ۲۱۳-۲۱۵،

از درِ صومعہ درآمد۔ وسلام کرد۔ شیخ جواب داد۔ امّا بر پا نخاست۔ پس روی بہ محمود کرد۔ ودر ایاز ننگرید۔ محمود گفت۔ بر پا نخاستی سلطان را۔ واین ہمہ دام بود۔ شیخ گفت دام است امّا مرغش تو نۂ۔ پس دستِ محمود بگرفت۔ وگفت فراپیش آ چون ترا پیش داشتہ اند"[1]

یہ اور اس قسم کی اور بے شمار روائتیں موجود ہیں جن سے محمود اور ایاز کے بے لوث اور پاکیزہ تعلق پر روشنی پڑتی ہے۔

فتح لاہور۔ فرخی نے جو قصیدہ ایاز کی تعریف میں ہی لکھا ہے۔ وہ تقریباً ۴۲۲ھ کی تصنیف ہے۔ اس وقت مسعود تخت نشین ہو چکا ہوتا ہے۔ اور مکران و قزدار جن کا خراج ایاز کو ملتا ہے۔ فتح ہو چکے ہوتے ہیں۔ فرخی اس قصیدہ میں جہاں اُسے گل تازہ اور سرو وغیرہ کے ناموں سے یاد کرتا ہے۔ وہاں اس کی بے مثل تیر اندازی اور شہ سواری کا بھی ذکر کرتا ہے۔ عمر کا یہ دور خوش تر پچیس دور ہوتا ہے۔ اور پچیس سے تیس سال تک گنا جا سکتا ہے اگر ہم ۴۲۲ھ میں ایاز کو تیس سال کا بھی مان لیں تو اس کا سن پیدائش تقریباً ۳۹۲ھ نکل آتا ہے۔ مجالس العشاق کا مصنف اُسے ۳۹۶ھ کے بعد غزنی کے بازار میں لاتا ہے ہو سکتا ہے۔ سات آٹھ سال کی عمر میں وہ غلام بن کر بھیجا گیا ہو۔ اور چھ سات سال تربیت وغیرہ نکال دینے کے بعد ۴۱۰ھ میں وہ محمود پر اثر انداز ہونا شروع ہو چکا ہو۔ کیونکہ بیہقی کے بیان کے مطابق جو نوشتگین کے متعلق ہے۔ اور جیسے ہم پہلے نقل کر چکے ہیں۔ محمود قدر خاں کی ملاقات کے وقت جو ۴۱۶ھ میں ہوئی۔ ایاز سے متاثر ہے۔ اور نوشتگین کو ایاز سے بڑھا دینے کا ارادہ رکھتا ہے۔ اس زمانے میں محمود ہندوستان کی طرف متوجہ تھا۔ اور تقریباً ہر سال ہندوستان پر حملہ کرتا تھا۔ ۴۱۲ھ میں محمود نے کشمیر کے مستحکم قلعہ لوہ کوٹ کا دوبارہ محاصرہ کیا۔ قدرتی اسباب کی وجہ سے لوہ کوٹ کا قلعہ

---

[1] تذکرۃ الاولیاء مرتبہ نکلسن صفحہ ۲۰۵

ناقابل تسخیر سمجھا جاتا تھا۔ محاصرہ طول پکڑ گیا۔ محمود نے بھی آخرکار اس کا لوہا مان لیا۔ اور ایک سعی بے حاصل کے بعد پنجاب کے میدانوں میں اتر آیا۔ پنجاب میں اس وقت انند پال کا بیٹا اور جے پال کا پوتا ترلوکن پال جسے عام طور پر نبیرہ جے پال یا جے پال ثانی کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ حکمران تھا۔ ترلوکن پال اپنے آپ کو کمزور سمجھتے ہوئے اجمیر کی طرف بھاگ گیا۔ اور محمود نے آگے بڑھ کر تاکیشر اور لاہور پر قبضہ کر لیا۔ اور اس طرح پنجاب کا سلطنت غزنی سے الحاق کر لیا گیا۔ محمود نے مختلف اضلاع میں اپنے عامل مقرر کئے اور اپنے نام کا سکہ و خطبہ جاری کیا۔ یہ واقعہ ۴۱۲ھ کا ہے۔ محمود نے سردیوں کا موسم پنجاب کے میدانوں میں گذارا اور اوائل بہاریں یہاں پنجاب میں اپنے نائب مقرر کر کے چلا گیا۔ بعض مقامی مورخین کی رائے میں یہ نائب ایاز تھا چنانچہ اکبر شاہ نجیب آبادی اپنی کتاب "آئینہ حقیقت نما" میں لکھتے ہیں۔ "محمود لاہور میں اپنے عزیز غلام ایاز کو پنجاب کا صوبہ دار بنا کر غزنی کی جانب چلا گیا"[۱] ایاز کو بادشاہی دیئے جانے کے متعلق عطار کی مثنوی منطق الطیر میں بھی موجود ہے ؎

چوں ایاز خاص را محمود خواند تا صدارش کرد و بر تختش نشاند
گفت شاہی وادمت لشکر تراست پادشاہی کن کہ ایں کشور تراست
آں ہمی خواہم کہ تو شاہی کنی حلقہ در گوش مہ و ماہی کنی[۲]

اس حکایت سے بظاہر اس امر کی تائید ہوتی ہے کہ سلطان محمود نے ایاز کو اپنی عین حیات میں ہی کسی نہ کسی جگہ صوبہ دار مقرر کر دیا تھا۔ اکبر شاہ اور دوسرے مقامی مورخین کا ماخذ غالباً سجان رائے کے الفاظ ہیں۔ جو لاہور شہر کی قدیم تاریخ لکھتے ہوئے کہتا ہے "بعد ازانکہ سلطان محمود غزنوی فتح ہندوستان نمود۔ ملک ایاز کہ منظور نظر سلطان در خوبی و فراست بے ہمتا بود۔ بآبادی آں شہر متوجہ شدہ قلعہ پختہ احداث نمود۔ و

---

[۱] آئینہ حقیقت نما جلد اول صفحہ ۱۸۰ [۲] منطق الطیر صفحہ ۲۰۹

شہرے بہ تجدید آباد گردید" [1]

لیکن حقیقت یہ ہے کہ بعد کے مورخین کو سجان رائے کے الفاظ سمجھنے میں غلطی ہوئی ہے۔ سجان رائے کا مطلب یہ نہیں۔ کہ سلطان نے لاہور کی فتح ۴۱۲ھ کے فوراً بعد ایاز کو اپنا نائب مقرر کیا۔ بلکہ اس کا مطلب یہ ہے۔ کہ لاہور جو مرور ایام سے حوادث زمانہ کے ہاتھوں برباد ہو چکا تھا۔ اسلامی فتح کے بعد ایاز کی توجہ سے پہلی دفعہ آباد اور بے بارونق ہوگیا۔ ایاز محمود کے عین حیات تک شاہی دامن سے وابستہ رہا۔ اور کبھی بھی سرِ شاہی سے معتد بہ عرصہ کے لئے دور نہیں رہا۔ وہ رزم اور بزم سفر اور حضر میں ہمیشہ محمود کے ساتھ رہا۔ چنانچہ ابوالفضل بیہقی جو ایک معاصر اور مستند مورخ ہے۔ سلطان مسعود کی زبان سے ایاز کے متعلق جب کہ خواجہ احمد حسن میمندی رے کی گورنری کے لئے ایاز کا نام بھی پیش کرتا ہے۔ یہ فقرے کہلواتا ہے "..... و ایاز بس بناز و عزیز آمدہ است۔ ہر چند عطسہ پدر ماست از سرائے دور نبودہ است۔ و گرم و سرد نچشیدہ است۔ و ہیچ تجربت نیفتادہ است۔ وے را مدتی باید کہ پیش ما باشد بیرون از سرائے تا در مدتے گامے زند و وے را آزمودہ آید آنگاہ نگریم و آنچہ باید فرمود فرمائیم" [2]

بیہقی کے ان واضح اور غیر مبہم شہادت کے بعد ایاز کے محمود کے عین حیات میں صوبہ دار بننے اور سرائے شاہی سے دور رہنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

ایاز کی حیثیت محمود کے دربار میں۔ اس زمانے میں غلاموں کو بے حد اہمیت حاصل تھی۔ چنانچہ جب ہم بیہقی کے اوراق کو بنظر غائر دیکھتے ہیں۔ تو جا بجا غلام سالاروں کا ذکر آتا ہے جن میں سے بعض آزاد بھی کر دئے گئے۔ ان غلاموں کا ایک مستقل وجود نظر آتا ہے جن سے غزنوی کی ایک منضبط فوج تیار ہوا کرتی تھی۔ چنانچہ بادشاہ کا خاص حفاظتی دستہ ان غلاموں پر مشتمل نظر آتا ہے۔ محمود کے ہاں موجودہ زمانے کی طرح

---

[1] خلاصۃ التواریخ صفحہ ۶۴ و صفحہ ۶۵۔ [2] بیہقی صفحہ ۳۲۱۔

واز غرایب اتفاقات آنکه حرم محترم او شعلهٔ آه سوزان از سینه می انگیخت و سیل اشک از دیدهٔ گریان می ریخت تا بعد از دو سه روز با هزاران درد و سوز از تلخی هجران جان شیرین بر افشاند، و در جهان نام نیک بحسن وفا ازو یادگار ماند

بیت

جان فدای دوست کن کم زان زن هندو نهٔ
کز وفای شو در آتش زنده سوزد خویش را

میرزا ابوالقاسم بابر برین فتح نامدار شکر مواهب پروردگار بجای آورده مبشران باطراف ممالک دوانید و صدای این بشارت بمسامع جهانیان رسانید، و چون خاطر از جانب هم میرزا سلطان محمد جمع ساخت* پرتو اندیشه بر قضیهٔ میرزا علاء الدوله انداخت، و میرزا علاء الدوله که همراه او مقید می بود میرزا ابوالقاسم* چشم او را حکم میل کشیدن فرمود **بیت**

گرت در سینه چشمی هست روشن
بعبرت بین درین فیروزه گلشن
چنان چشمی که از سرمه شدی ریش
چگونه تاب میل آرد بیندیش
بلی حکم قضا شد وز قدر بود
اذا جاء القضا عمی البصر بود

۱؎ آ ک ب: هزار (بجای هزاران)، با مثل متن، ۲؎ آ: بظهور (بجای بظهور)، با آ ب ک: بظهور، ۳؎ حبیب السیر: بعد از آنکه خاطر از هم یک برادر جمع ساخت همان روز (بجای آنچه در متن است)، ۴؎ فقط در ک،

حکمِ آسمانی عالم بر جہان بینِ او تیرہ و تاریک گردانید[۱] و زبانِ حالِ آن ستم رسیدہ نحوای این
مقال بہ انینِ حزین با وجِ سپہر برین میرسانید رباعی

تا چرخ مرا ببدگمانی برخاست
دل از سرِ کارِ این جہانی برخاست
چون چشمِ مرا دستِ قضا میل کشید
فریاد ز عالمِ جوانی برخاست

اِنَّ فِی ذٰلِکَ لَعِبْرَۃً لِّاُولِی الْاَبْصَارِ[۲]

میرزا ابوالقاسم بابر ہر چند اہالیان را بفنونِ انعام و صنوفِ اکرام بہرہ مند
گردانید و در ذاتِ مبارکش کرمِ جبلّی و سخای غریزی بود و خورشیدِ مروّت
۴۳۵ب از مشرقِ ہمّتِ او طالع و ساطع می شد (۴۳۵ ب) و اجرامِ علوی
نسبت با رفعتِ قدر[۳] خود پست می پنداشت و معادنِ جوہر و خزاینِ سیم و زر پیشِ چشمِ
استغناء او وزنی نداشت۔ فامّا قطعِ صلۂ رحم و کشتن و میل کشیدنِ برادرانِ بزرگ بر
چہرۂ جاہ و جلالِ او چشم زخمی عظیم آمد، اگر او را از راہ بصیرت نظری دوربین بودی بسببِ
استیلاء قوّتِ غضبی بر حرکاتِ چنان اقدام ننمودی، و از احوالِ گذشتگان اعتبار گرفتی، و
ہنگامِ قدرت عذرِ جرمِ برادران[۴] پذیرفتی، و بر برادران ابقاءِ پادشاہانہ فرمودی و بر
اختلالِ احوالِ ایشان ترحّم نمودی ہر آئینہ اہلِ روزگار عیب و عارِ این کار بر زبان نیاوردی،
و بر اوراقِ لیل و نہار صورتِ قبیح این اطوار ثبت نشدی و لیکن شعر

---

۱ در حبیب السیر گفتہ است کہ شخصی کہ مباشر این فعل شنیع بود بر میرزا رحم کردہ "میل را بوجہی در چشمہایش کشید کہ بر مردمک دیدہ اش آسیبی نرسید" نیز رک بہ دولت شاہ ص ۴۱۶،
۲ قرآن مجید ۵۹: ۲،
۳ ورق ۔ ' از روی آب نوشتہ شد'
۴ فقط ک : و برادران (بجای برادران)،

قد ینزع[1] الله من قوم عقولهم حتی یتم الذی یقضی علی الراس

ع[2] حیف است جفا ز بهر دنیا*

ع[3] بلی بدیه فرو می برد قضا پرده*

وقایع سنه ست و خمسین

ذکر عزیمت میرزا ابوالقاسم بابر بجانب عراق

۱۰

میرزا ابوالقاسم بابر چون رای آفتاب اشراق از اندیشهٔ لشکر عراق باز پرداخت و خاطر خطیر از تفرقهٔ بهم برادران جمع ساخت و لوای سلطنت روی زمین باوج سپهر برین رسانید عزم یورش ممالک فارس و عراق مصمم گردانید، و بواسطهٔ آنکه میرزا سلطان محمد از راه ری آمده بود و غلات آن ولایات نمانده عبور لشکر منصور بر آن دیار دشوار می نمود مشورت فرموده، مصلحت وقت اقتضاء آن کرد که بولایت ترشیز و تون رفته از راه بیابان یزد متوجه ممالک عراق شوند، و این نخست خطائی بود که در آهنگ راه عراق از پردهٔ تدبیر بیرون افتاد، چه عبور سلاطین نامدار بر آن راه کم اتفاق افتاده باشد، و دیگر چون میرزا جهان شاه ترکمان شنید که سپاه ظفر پناه از آن راه عازم عراق گردید بر ضعف حال لشکر منصور استدلال

---

[1] آ، نزع (بجای ینزع)؛ [2] اک —؛

[3] در ک آ و اک —؛ — ب ب: بوده (بجای پرده)؛ — در آ شعر عربی را بعد مصراع فارسی حیف است الخ آورده است؛

نمود و دیگر در وقتی که واقعهٔ میرزا سلطان محمد واقع شد شرح واقعه بصورت مکتوب مسطور شده[1] و مُهر همایون بر پشت مکتوب زده[2] بجانب آذربایجان ارسال نمودند و این معنی مؤید استدلال میرزا جهان شاه آمد چه مناسب طنطنهٔ سلطنت آن بود که فرمان جهان مطاع بصورت نشان بنام میرزا جهان شاه شرف نفاذ یابد[3] که بدستور زمان حضرت خاقان سعید باید که باج[4] و خراج ولایت[5] آذربایجان بخزانهٔ عامره فرستد و خطبه و سکه بنام و القاب همایون موشح دارد و الا هر چند بیند از خود بیند چنانچه میرزا سلطان محمد نوشت و شرح آن گذشت[6] تا زلزله در اساس مکنت او فتادی و در صحبت قاصدان (دانشته) خدمات شایسته بدرگاه عالم پناه فرستادی

القصه چون موکب همایون بظاهر بلدهٔ تون رسید غله در آن ولایت[7] نایافت بود و رعایا غله را بامید غلاء نهان می داشتند و کلانتران رعیت ریزه را بفروختن نمی گذاشتند میرزا ابوالقاسم بابر فرمود که هر جا غله یابند تصرف نمایند و لشکر بدین بهانه در هر خانه هر چه یافتند برداشتند و از غارت و تاراج چیزی باقی نگذاشتند بیت

آنچه بی راه بود غارت کرد
و آنچه بر راه بود هم برداشت

و موکب همایون از بلدهٔ تون نهضت نموده و منازل و مراحل پیموده بدار العباده یزد فرود آمد سادات و قضات و اکابر و اشراف (ورق ۴۳۶ ر) و صنادید آفاق از اطراف ممالک فارس و عراق صداء تهنیت و مبارکباد باوج ایوان سبع شداد رسانیدند و بخدمات پسندیده نام خویش در جراید نیکخواهان مثبت و مقرر گردانیدند[8] و از امراء میرزا

[1] فقط ک ـــ [2] آ: یافته (بجای یابد) آ ک ب ب: یافتی [3] فقط آ: مال (بجای باج) [4] ک ب ۲: ۳: ۲۱ [5] از روی آ ب ب ک آ ک ـــ [6] فقط آ: ولایات (بجای ولایت) [7] آ ب ب: گردانید (بجای گردانیدند) آ و آ ک مثل متن

سلطان محمد اولادِ امیر جلال الدین فیروزشاه امیر نظام الدین احمد و امیر غیاث الدین سلطان حسین بشرفِ دستبوس مشرف گردیدند[1] و عنایت و تربیت یافته بامارتِ دیوان اعلی معین گشتند و همچنین خواجه غیاث الدین پیر احمد و مولانا جلال الدین یعقوب و باقی امرای میرزا سلطان محمد هر که بسعادتِ ملازمت استسعاد یافت بصنوفِ عنایت مخصوص شد و موکبِ ظفر نشان از بلدهٔ یزد روان شده بخطهٔ ابرقوه رسید و شرفِ زیارت طاؤس الحرمین[2] دریافته استمداد نمود و عازمِ دارالملک شیراز گشت و شهرِ شهرهٔ شیراز که از سایرِ بلادِ ربعِ مسکون بمزیدِ شرف امتیاز دارد مستقرِ سریرِ سلطنت آمد و اکابر فارس خدماتِ بیحد و قیاس بجای آورده نثار و پیشکش گذرانیدند و آفتابِ عنایت سایهٔ عاطفت بر احوالِ اکابر آن مملکت منبسط گردانید و فرمانِ همایون نفاذ یافت که احکامِ سلاطین گذشته بتخصیص نشانها حضرت خاقان سعید را امضی دهند و هود بیات[3] و میور غالات و مسلمیات مسلم دانسته مجری داشتند و چند روز با خوبانِ دلفروز اسبابِ خرمی آماده و ابوابِ بیغمی کشاده شد یکدم بی جامِ مدام و ساقیِ گل اندام و حریفِ شیرین رفتار و ندیمِ شکر گفتار و سماعِ روح افزای و مغنی پرده سرای قرار و آرام نبود و مدتی دادِ عیش و عشرت داده و بساطِ نشاط کشاده انبساط نمود و بعد ازان از بزمِ عیش و عشرت و خلوت بایوانِ سلطنت فرمود ع

خورشید وار بر فلکِ خسروی نشست .

---

[1] حبیب السیر (۳: ۳: ۱۹۵)، بتلخیص، [2] رک برای مزار او به نزهه ص ۱۲۲،
[3] کلا ورک، اک، دوبری، بب: هود بیات، آ: سود بیات، معنی این کلمه معلوم نشد،

ذکر واقعهٔ چند که در ممالک عراق و خراسان روی نمود و میرزا ابوالقاسم بابر عود فرمود

در آن زمان که در موضع چناران[1] صورت واقعهٔ میرزا سلطان محمد روی نمود، میرزا ابوالقاسم بابر چند شهر از ولایت عراق و فارس با امرای عنایت فرموده بود، از آنجمله ساوه را با امیر شیخ علی بهادر ارزانی داشت، و بلدهٔ قم را بتصرف برادر او امیر درویش علی بازگذاشت، و ایشان از راه ری متوجه ساوه و قم شدند، و امیر شیخ علی رعایا را مطالبا عنیف تکلیف نموده کارهای بی قاعده فرمود و رعایا چاره جوی شده بجماعت تراکمه که در آن نواحی بودند التجا نمودند، و تراکمه ناگهان بر سر امیر شیخ علی تاختند، و او ۱۰ را گرفته بجانب میرزا جهان شاه روان ساختند، و شهر ساوه که بحقیقت کلید ملک عراق است در قبضهٔ تصرف ترکمان آمده از روی تسلط و تغلب عازم بلدهٔ قم شدند[2]، و امیر درویش علی نیز با مردم قم با آنکه مولد و منشاء[3] او بود معاش بقاعده نمود، و ترکمانان غلبه کرده هر روز دایرهٔ محاصره تنگ تر می شد،

و میرزا ابوالقاسم بابر مدت چهار ماه بر سریر سلطنت فارس بدولت و اقبال گذرانید و در آن اثنا امیر زاده[4] الوند[5] ولد امیر اسکندر[6] ترکمان بدرگاه سلاطین پناه (۴۳۶ ب) ۴۳۶ ب

---

[1] ک، خناران، آ: چناران، ب، بآ اک: جناران، رک برص ۱۴۶ اح ۱،
[2] حبیب السیر: "و ایلکان بتحت تصرف امیر جهان شاه ترکمان درآمد لاجرم طمع در دیگر بلدان کرده طائفه از سپاه آذربایجان را بجانب قم روان ساخت"،
[3] ک: منشاء،
[4] اک: حسام الدین الوند (بجای الوند)
[5] آ ب: امیر زاده (بجای امیر)
[6] اک: اسکندر امیر قرا یوسف (بجای اسکندر)

میرزا ابوالقاسم بابر آمد[1] و بحسن[2] اکرام و لطف انعام احترام یافت، و در خلال این احوال بمسامع جلال رسید که ترا کمه شهر ساوه را گرفته عازم تسخیر بلدهٔ قم شده اند، والحال[3] بمحاصره مشغول اند، میرزا ابوالقاسم بابر امراء کبار و بهادران نامدار نامزد اصفهان فرمود و مملکت فارس را بنواب معزالدین میرزا سلطان سنجر[4] تفویض نمود، و از گلشن شیراز که مسند اعزاز پادشاهان آن ملک است بصوب اصفهان روان شد، و در اثناء راه از جانب خراسان ایلچی رسیده عرضه داشت رسانید که در هراة فتنهٔ عظیم ظاهر شد، و میرزا علاء الدوله خروج کرده غلبهٔ تمام پیش او جمع آمدند،

و شرح این سخن آنست که در آن زمان که چشم میرزا علاء الدوله را میل می کشیدند چشم او بکلی نابینا نشد، و میرزا علاء الدوله بمشهد مقدس آمده شرایط زیارت بجای آورد، و روی نیاز بر خاک راه آن قبه و بارگاه مالید، و بآب دیدهٔ غم دیده شفاء دیدهٔ میل کشیده طلبید، و از روح مطهر و قلب و قالب منور حضرت امام علیه التحیة والسلام استمداد نمود، و حق تعالی بران محنت کشیده بخشود و از شفاخانهٔ کرم روشنی تمام عنایت فرمود، و میرزا علاء الدوله بلطایف[5] حیل خود را بطرف آب مرغاب و میمنه و فاریاب انداخت[6]، و در آن ولایت رایت سلطنت برافراخت، و آن ولایت یورت ایل و الوس امراء ارلات است، و میرزا علاء الدوله داماد امیر بادگار شاه ارلات بود، و تمام مردم آن نواحی را لشکر خود تصوری نمود، و نوین اعظم امیر جلال الدین سلطان محمود ارلات ولد امیر یادگار شاه و باقی امراء و سرداران آنجا بخدمت او شتافتند و سعادت ملازمت او دریافتند، و از اطراف و اکناف لشکر بسیار و سپاه بیشمار جمع آمد، و میرزا علاء الدوله با امراء مشورت نموده

---

[1] فقط اک: آمد و در شهر شیراز (بجای آمد و)
[2] آ ب آ: الحالة هذه (بجای الحال)، اک نیز موید این هاست،
[3] بظاهر سنجر بن امیرک احمد بن عمر شیخ بن تیمور مراد است، رک برای وی به زامباور شجرهٔ I،
[4] حبیب السیر (۳: ۳: ۱۶۶): و از آنجا (یعنی از مشهد مقدس) راه میمنه و فاریاب پیش گرفت،

رای بر آن قرار گرفت که اوّل متوجّه بلخ شوند و خاطر از مهمّ[1] امراء هزاراسپی جمع گردانند و بعد از آن عنان عزیمت بصوب تسخیر دارالسلطنهٔ هراة معطوف سازند، بنا بر آن با لشکرهای ارلات وغیرهم متوجّه بلخ گشتند و امیر درویش علی[2] هزاراسپی چون این خبر شنید[3] لشکری زیاده از مور و ملخ از بلخ و آن نواحی فراهم آورده بعزم محاربه[4] و نیّت مقاتله کالسّیول الهایله[5] در برابر میرزا علاء الدوله آمده صف آرای گشتند، و میرزا علاء الدّوله بعد از کوشش بسیار روی بهزیمت آورد، و امیر سلطان محمود ارلات پای ثبات و قرار افشرده حملهاء متواتر نمود، چنانچه سپهسالار انجم برطارم پنجم انگشت تحیّر بدندان تفکّر گرفته حیران و سرگردان ماند، آخر الامر در اثناء کرّ و فرّ زخمی عظیم خورده دمی چند شمرده ناچیز شد،[6] و جمعی از گریختگان وغیر ایشان بمیرزا علاء الدوله پیوسته از راه لنگر[7] میر غیاث قدّس سرّهٔ عازم تسخیر
۱۰ دارالسلطنهٔ هراة شدند[8] و در شهر و بلوکات غبار فتنه و آشوب باسمان رسید و احوال ولایت مضطرب گردید، امراء میرزا ابوالقاسم بابر مثل امیر اویس ترخان از جانب ولایت (ورق ۲۳۷ ا) فراه و امیر پیر علی[9] هزاراسپی از طرف بلخ و امیر خلیل از ولایت مرو و ماخان که بعد از واقعهٔ میرزا سلطان محمد این امراء بموجب اجازت بولایت سیورغال خود رفته بودند چون خبر خروج میرزا علاء الدوله شنیدند بیکباره عازم هراة گردیدند، و سابق برهمه

۲۳۷ ا

---

[1] فقط آ: مهمات دبجای مهم، — برای امراء هزاراسپی رک به ص ۱۳۱، [2] آ ب ت آ: پیر درویش و امیر علی دبجای درویش علی، [3] آ ب ت آ: شنیدند دبجای شنید، [4] ک: معاد به، [5] فقط ک — [6] کذا در آ بحذف واو عاطفه، آ ب ت: دمی چند بشمرده ناچیز شد — در حبیب السیر ۳: ۳: ۱۶۶ گفته است که "امیر سلطان محمود از زخم تیری از پای در افتاد" [7] برای لنگر امیر غیاث الدین محمّد رک به حبیب السیر ۳: ۳: ۱۴۴، [8] آ ب ت: شدند دبجای شدند، [9] آ ک آ ب ت: پیر درویش دبجای پیر علی،

امیر پیر[1] علی درویش بحوالی شهر آمد و میرزا علاء الدوله تاب مقاومت نیاورده بسلامت بیرون رفت، و لشکر او بجملگی پریشان شدند، و باقی امرا بهراة رسیدند، امیر پیر درویش علی آن مهم کفایت کرده بود، امرا صورت واقعه بجانب عراق فرستادند و عرضه داشتند که اگرچه میرزا علاء الدوله ویران شده از میان بیرون رفت اما خاطر از طرف او تمام جمع نیست اگر آنحضرت عنان سعادت باین جانب معطوف سازند صالحند،

میرزا ابوالقاسم بابر چون بر قضایا[2] خراسان وقوف یافت مجال توقف محال دید، و مهم خراسان اهم دانسته از موضع کوشک زرد که میانه راه شیراز و اصفهانست پنجشنبه شانزدهم رجب بسرعت تمام متوجه خراسان شد، و بیست و دوم در[3] الغت یزد نزول اجلال[4] فرمود، و با جناب فضایل مآب مولانا شرف الدین علی الیزدی قدس سره[5] ملاقات کرده از صحبت شریف او بهره مند گشت، و منشی سطور در آن مجلس انس و حضور بفراید فوایدِ[6] و ظرایف لطایف مستفید آمد، و در وقتی که حاوی اوراق براق راه عراق می نمود جناب اخوی شریف الدین عبدالقهار غفرالله له دو رباعی در تاریخ فتح عراق فرموده همراه بنده روان داشته بود، و رباعیها اینست رباعی[7]

ای شاه زمانه خسرو ملک ستان
حکمت چو قضا در همه آفاق روان
بر عمر تو دوام ملکست دلیل
امسال که تاریخ شدش بابر خان

۸۵۶

[1] آ: پیر درویش (بجای پیر علی درویش)؛ ب ت آ اک: پیر درویش،
[2] اک آ ب ت آ،
[3] آ ب اک ت آ: جلال (بجای اجلال)،
[4] فقط ک –
[5] فقط ک –
[6] رک برایش به حبیب السیر ۴: ۳، ۱۹۷،
[7] ب: نظم (بجای رباعی)،

ایضاً

شاها چو عراق فتح با دست آفاق
شاهان جهان بخدمتت بسته نطاق
هم فتح عراق[1] لایق تاریخ است
۸۵۵=۴-۸۵۹
بکشاد چو روی دولت از فتح عراق

واز غرایب اتفاقات آنکه جناب فضایل مآب مولانا شریف الدین علی الیزدی همین حروف را بنظم کرده بجهت سال گذرانده و میرزا ابوالقاسم بابر ولایت یزد را برسم سیورغال بجانب میرزا خلیل سلطان[2] بن میرزا محمد جهانگیر بن میرزا محمد سلطان[3] بن میرزا جهانگیر بن صاحب قران امیر تیمور کورگان عنایت فرمود، و جمعی امراء و دلاوران در خدمت او تعیین نمود،

و موکب منصور از ولایت یزد روان شد و از کم آبی[4] چو انغار و برانغار هر یک براهی رفتند، و قول بزرگ که در پناه رایت ظفر پناه بود براه میان عزیمت نمود و تمام لشکر بسلامت از بیابان[5] بیرون آمد، و چون رکاب همایون بظاهر بلدهٔ تون قرار گرفت و داروغهٔ آنجا قراان ترکمان بشرایط خدمتگاری قیام نمود، میرزا ابوالقاسم بابر آن ولایت را که سیورغال او بود از او گرفته با میر غیاث الدین سلطان حسین عنایت فرمود، و در دوشنبه دوازدهم شعبان موکب ظفر نشان در دار السلطنهٔ هراة نزول اجلال فرمود، و اکابر و اشراف مملکت خراسان عموما و مقیمان شهر هراة خصوصا بتهنیت قدوم موکب منصور شکر نعماء الٰهی بجای آورده مراسم پیشکش و نثار بتقدیم رسانیدند، و میرزا ابوالقاسم بابر

۲۴۷ب

---

[1] از این تاریخ یک عدد کم است،
[2] سلطان خلیل ورزا مبادر د شجرهٔ I ،
[3] ب، سلطان محمد بجای محمد سلطان؛ آک با و ز ا مبا و ر مثل متن،
[4] آ- اک: و از جهت کم آبی؛ با: و بجهت کم آبی؛ ب: بجهت کم آبی
[5] فقط آ: از میان بیابان بجای بیابان،

استفسار احوال میرزا علاء الدوله فرموده، چنان معلوم شد که چون در نواحی هراة ویران شد بطرف سیستان بیرون رفت، و از آنجا عزیمت عراق نموده در ملک ری بار دوی میرزا جهان شاه رسید، و او مقدم او را موجب افتخار دانسته مراسم اکرام و احترام بظهور آورد، و میرزا علاء الدوله در ظل ظلیل رأفت و عاطفت او از آسیب خدنگ حوادث ایمن شد، و میرزا ابو القاسم بابر خاطر خطیر از اطراف ممالک جمع فرموده آن زمستان در مستقر اقبال و مسند عظمت و جلال بعیش و نشاط و عشرت و انبساط گذرانید*

وقایع سنه سبع و خمسین

ذکر بقایاء قضایاء احوال ممالک عراق و فارس

درین سال ولایات عراق و فارس از حدود ولایت آذربایجان تا سواحل دریاء عمان داخل ممالک ترکمان شد، و ممالکی آن لطافت که زیادت از هشتاد سال در قبضهٔ اقتدار صاحب قران کامگار و شاهزادگان نامدار بود از تحت تصرف این دولت بیرون رفت، میرزا سلطان سنجر که میرزا ابو القاسم بابر تفویض سلطنت مملکت فارس

---

۱ در حبیب السیر ۳ : ۳ : ۱۹۶ گفته است که چون میرزا بابر دانست که حال میرزا علاء الدوله بکجا انجامید نوبت دیگر از روی فراغت مجلس عیش و عشرت آراسته گردانید و از دست ساقیان زهره جبین و مه پیکران خورشید قرین جامهای راح ریحانی و اقداح شراب ارغوانی بیاشامید،

۲ فقط آ : مملکت سلطنت،

بجانب او فرموده بود معاودت نمود و در دارالسلطنهٔ هراة بسعادت ملاقات استسعاد
یافت، و احوال ممالک فارس و عراق و شرح استیلاء ترکمان بعرض رسانید
و بیان آن سخنان از روی اجمال آنست که چون لشکر ترکمان ساوه را گرفته عازم
قم شدند[1] اهالی قم مدتی شهر را نگاه داشته در محافظت آن سعی و اجتهاد نمودند عاقبت جمعی
غدار با تراکمه یار شده[2] و شهر را بدست داده تراکمه در شهر ریختند و بزبانهٔ شمشیر آبدار
آتش شر انگیختند و چون مردم قلعه بغایت کم بود غیر تسلیم قلعه چارهٔ نمی نمود اهالی
قلعه امان خواسته و تراکمه امان نامه نوشته رعایا ایمن شدند و شهر قم در تصرف ترکمان
آمد و از مردم ترکمان لشکر گران عازم اصفهان شدند و رئیس قطب الدین وزنه
و خواجه محمود حیدر و بعضی اکابر چهار دانگه و دو دانگه با ترکمان همداستان شده اصفهان
۱۰ را بدست دادند و ابواب محنت و بلا بر روی روزگار خود کشادند و مردم میرزا
ابوالقاسم بابر روی بصوب خراسان نهادند و امیرزاده پیربداق[3] که ارشد اولاد میرزا
جهان شاه بود بعزم تسخیر شیراز توجه نمود و میرزا سلطان سنجر چون از عزیمت او
وقوف یافت عنان کمیت جهان پیما بجانب خراسان تافت و مجموع ممالک عراق
و فارس محکوم فرمان بادشاه ترکمان شد و چندگاه اهالی ابرقوه بحصانت حصار و آوازهٔ
عزیمت میرزا ابوالقاسم بابر امیدوار بوده از متابعت فرمان ترکمان سرباز زدند و مدتی

---

[1] ورااک مضمون این سطور را این طور بیان نموده است، در اثناء محاصره (کذا) یکی از سرداران قم نامه بمخالفان پیغام کرد کرمن شهر را التماس می دهم و بلجار معین کردند ایشان در بناه خانقاهی که در قم بیرون اسپاهان شد و این غدار با جمعی اشرار به بهسانه آنکه اطراف شهر را احتیاط می کنم برگرد شهر طواف کنان در برابر دروازه کمینگاه رسید دروازه شکسته و پل روان انداخته مخالفان را در شهر آورده و تراکمه بسیار در شهر ریختند ــ
فقط ب: جمع شده (بجای یار شده) ــ آ، ب: شهر را (بجای و شهر را)[2] آ، ب: آب شد (بجای شدند)
[3] برای او رک به زامباور ص ۲۵۷

آتش حرب و قتال (ورق ۴۳۸ ل) التهاب و اشتعال یافت، و لشکرِ ترکمان دست ۴۳۸ ل
از محاصره و محاربه باز نمی داشتند[1] تا عاقبت رعایاء بیچاره بتنگ آمدند و پایمال قضا
و قدر و دست فرساء خوف و خطر گشتند. و بلاء غلاء و قحطی هایل براہل شهر نازل شد،
نان چنان شیرین بود که جان غمگین هر مسکین در طلبِ آن بلب می رسید و دست
بآن نمی رسید، و فرو ماندگانِ شهر و درماندگان زندان قهر دران محنت و بلا و شدت
و عنا روزگار می گذرانیدند، و چون در شهر و قلعه ذخیره بکلی منقطع شد رعایا امان و زینهار
طلبیده بیرون آمدند، و لشکرِ ترکمان بشهر درآمده دست بغارت برآوردند، و خلقی بسیار
بقتل آمد، و حصار و برج و بارو با زمین برابر شد، القصه مجموع ممالکِ عراق و فارس در
قبضهٔ تسلط و اقتدار ترکمان قرار یافت،

۱۰ میرزا ابو القاسم بابر چون شرحِ وقایعِ آن ممالک استماع نمود عزم یورش جانبِ
عراق جزم فرمود، و با حضارِ لشکرهاء نامدار فرمان داد، و دستِ دریا نوال ببذلِ اموال
برگشاد،

و درین سال حضرت شیخ الاسلام الاعظم، مرشد طوایف الامم، قطب فلک التمکین،
غوث الانام و غوث المسلمین، بهاء الحق و الحقیقة و الدین، مظهر عنایت الله الاکبر
شیخ عمر قدس سره[2] هفتدهم ماه ربیع الاول ازسرای فانی بمأوای جاودانی انتقال
نمود، و از منزلِ وحشت بمحلِ روح و راحت ارتحال فرمود، وقوعِ واقعه سیلاب اضطراب
درخواطر و ضمایرِ اولو الالباب انداخت، و بصایر و سرایر شیخ و شاب[3] را تیره و خیره ساخت،

---

[1] آ ب، نمی داشت و بجای نمی داشتند، [2] پا،
قدس سره و بجای عمر قدس سره، آ، عمر قدس الله تعالی روحه و کثر بین الصید یقین فتوحه،
ب، قدس الله روحه الخ، [3] ک ب،
شباب، پا، مثل متن،

میرزا ابوالقاسم بابر بقریۂ جغاره[1] که مسکنِ شیخ[2] مرحوم بود فرمود، وجناب ولایت مآب
شیخ نورالدین محمد مدظلہ راکہ خلفِ صدقِ شیخ بود تعزیت رسانیده پرسش نمود[3]،
ونعشِ غفران مآل را در کمالِ تعظیم واجلال بفضاء صحراءِ عیدگاه آوردند، ومیرزا
ابوالقاسم بابر از بارۂ کوه پیکر نزول فرمود و نعشِ مغفرت مآب را بر دوشِ سلطنت
انتساب گرفته سببِ سعادتِ دنیا و آخرت دانست، و در شمالِ عیدگاه بدامنِ
کوهِ مختار مدفنِ قالبِ معطرِ منور اختیار کردند، و میرزا ابوالقاسم بابر از وجوهِ شایسته
مبلغی گرامند عنایت فرمود که بر سرِ مزارِ موردالانوار عمارتی عالی سازند، ومعمارانِ دانا
واستادانِ توانا بآن کار قیام واهتمام نمودند، وجناب حقایق مآب زیادت از سی سال
معتقدِ اہلِ کمال ومقتدای اربابِ حال بود، وسلاطینِ روزگار و پادشاهانِ نامدار
۱۰ آستانِ[4] ولایت آشیان متردد می بودند، و بالتفاتِ خاطرِ فیاض توسل می نمودند، وجناب
شیخ الاسلام ملجاء صنادیدِ ایام و ملاذِ خواص و عوام بود، و در انجاحِ مقاصدِ خلایق
غایتِ اجتهاد بذل می فرمود، و دستِ تسلطِ ظلمہ از گریبان عجزه کوتاه می داشت، ونقشِ
حسنِ عدالت بر لوحِ خاطرِ حکامِ اسلام می نگاشت، و دایم صایم الدهر بود،
وتحفہ وهدیہ از کسی قبول نمی نمود، و در آخر عمر شریف بعلتِ تمام حجِ
۴۳۸ ب　اسلام بجای آورد، فی الجملہ چون جناب مغفرت مآب (۴۳۸ ب) از عالمِ اسباب
بجوارِ عنایتِ ملکِ وهاب رفت، میرزا ابوالقاسم بابر قریۂ جغاره[5] وکاریز مختار وقف

---

[1] آ: حبیب السیر ۳: ۳: ۱۶۲: جغاره 'این قریہ از بلوکات هرات است' [2] ب:
شیخ الاسلام بود نزول فرمود (بجای شیخ مرحوم بود فرمود) آ با: شیخ الاسلام مرحوم بود فرمود' [3] ہامش در حبیب السیر
۳: ۳: ۱۶۲ گفتہ شدہ است کہ میرزا بابر بعد پرسش "و پیشتر از برداشتن جنازه بازگشتہ بخیابان هراة شتافت و توقف
نمود تا نعش شیخ را بدانجا رسانیدند آنگاه از بارہ فرود آمده نعش را برداشت' جنبصاحب حبیب السیر سید برهان الدین نامه‌شاه
بر جنازۂ شیخ نماز گذارد" [4] فظاک: بآن آستان (بجای آستان)　[5] ب: جغاره' آ: مثل متن'

فرمود و اولاد امیر جلال الدین فیروزشاه کاریزی که هم نزدیک مزارِ بزرگوار داشتند وقف کردند و جناب اخوی مولانا شریف الدین عبدالقهار در تاریخ وفات حضرت قدس منزلت فرمود **قطعه**

قدوة العارفین امام بحق — قطبِ اقطابِ عصر شیخ عمر
در ربیع نخست و فصل ربیع — سوی فردوس کرد عزم سفر
در سماوات غلغلی افتاد — چون بکرّ و بیان رسید خبر
برتر از سدره بارگاه زدند — که شهی می رسد ز مُلکِ بشر
عقل می خواست نام (و) تاریخش — گفتمش قطبِ اهلِ کشف عمر

و جناب شریعت مآب قاضی قضاة الاسلام اعدلِ ولاة الانام قاضی قطب الدین محمد الامامی[۱] هم درین ماه وفات یافت و در تاریخ وفاتِ او[۲] جناب اخوی گوید **قطعه**

پناهِ شریعت سرِ قاضیان — محمد بقولِ انامی[۳] امام
ده و دو ز ماهِ وفاتِ نبی — ز دارالقضا شد بدارالسلام
بجای نبی بود و تاریخ اوست — وفاتُ النّبی[۴] علیه السّلام

و درین ایام دستورِ اعظم سلطان اعاظم الوزراء فی العالم خواجه غیاث الدین پیر احمد الخوافی باغرای جمعی امراء و افتراء بعضی اعدا[۵] بقهرِ میرزا ابوالقاسم بابر گرفتار شده

---

۱ فقط ک: الانامی (بجای الامامی)؛ حبیب السیر ۳: ۳: ۱۶۷ مثل متن؛ ۲ ب ب آ و حبیب السیر: بقوم امامی (بجای بقول انامی)؛ ک: بقول امام امام؛ آ: بقول امامی؛ ۳ فقط ب: نبی (بجای النبی)؛ ۴ بعدش در ک + : و هم درین ماه مولانا اعظم افتخار اماجد الامام مولانا شمس الدین محمد ابن مولانا مرحوم مولانا جلال الدین یوسف مشهور بمولانا زاده ملاج که در انواع علوم و اصناف فنون بی مثل بود رحلت نمود و در مزار بزرگوار امام فخر الدین الرازی علیه الرحمه مدفون شد؛ ۵ فقط در ک، در حبیب السیر (۳: ۳: ۱۶۷) بنا بر رنجشی که ازو در خاطر داشت؛ (بجای آنچه در متن است)؛

مبلغ سی[۱] صد تومان کپکی ازو گرفتند[۲] و اعراضِ نفسانی خواجهٔ مظلوم را بنوعی بر مزاج غالب شد که مرگ را الطبیب نفس طالب گشت، و بانواعِ زحمت و ملالت شهید شد و در جوار مزارِ فایض الانوارِ شیخ زین الملة والدین الخوافی که در جانبِ جنوبِ عید گاه واقع است مدفن ساختند، و خدمت خواجه بر سرِ آن مزارِ بزرگوار عمارتِ عالی ساخته و نقوش[۳] دلپذیر بکاشی و لاجورد و زرحل پرداخته، و املاکِ خوب و مستغلاتِ مرغوب بر آنجا وقف کرده، تقبّلَ اللّهُ تعالیٰ مِنهُ ع

حق تعالی اهلِ دولت را دهد توفیقِ خیر

ذکرِ نهضتِ میرزا ابوالقاسم بابر بعزمِ تسخیرِ عراق و اتفاقِ قشلاق در ولایت استرآباد

میرزا ابوالقاسم بابر بعزمِ تسخیرِ ممالک فارس و عراق رایتِ آفتاب اشراق برافراخت و طنطنهٔ نهضتِ همایون در گنبدِ گردون انداخت، و دوشنبه بیست و سیم رجب همای لوای ظفر پیکر بالِ سعادت و اقبال بازکشاد، و عنانِ ارادت بدستِ عنایتِ ملکِ مستعان داد بیت

در دست ما چو نیست عنانِ ارادتی
بگذاشتیم تا کرمِ او چه می کند

و سپاهِ نصرت نشان در اواسطِ فصلِ تابستان بصوبِ مملکت مازندران روان شدند[۴]

---

[۱] ورک بالایش، سا نانوشته است، آ ک ب: دویست تومان (بجای سی صد تومان کپکی) حبیب السیر: دویست تومان کپکی، [۲] بعدش در حبیب السیر + : کرفته و دیگر چیزی می طلبید (بجای گرفتند)، [۳] فقط ورک: بنقش (بجای نقوش)، [۴] آ آ ب : شد (بجای شدند)،

اورینٹل کالج میگزین

عرضِ واجب

اغراض و مقاصد اس رسالے کے اجرا سے غرض یہ ہے کہ احیاء و ترویج علوم شرقیہ کی تحریک کو تاحدِ امکان تقویت دی جائے۔ اور خصوصیت کے ساتھ ان طلبہ میں شوقِ تحقیق پیدا کیا جائے۔ جو سنسکرت، عربی، فارسی اور دیسی زبانوں کے مطالعہ میں مصروف ہیں ۔

کس قسم کے مضامین کا شائع کرنا مقصود ہے کوشش کی جائے گی کہ اس سلسلہ میں ایسے مضامین شائع ہوں جو مضمون نگاروں کی ذاتی تلاش اور تحقیق کا نتیجہ ہوں غیر زبانوں سے مفید مضامین کا ترجمہ بھی قابل قبول ہوگا۔ اور کم ضخامت کے بعض مفید رسالے بھی باقساط شائع کئے جائیں گے۔

رسالے کے دو حصے یہ رسالہ دو حصوں میں شائع ہوتا ہے۔ حصہ اول عربی، فارسی، پنجابی (بحروف فارسی) حصہ دوم سنسکرت، ہندی، پنجابی (بحروف گورمکھی) ہر ایک حصہ الگ الگ بھی مل سکتا ہے ۔

وقت اشاعت و قیمتِ اشتراک یہ رسالہ فی الحال سال میں چار بار یعنی نومبر، فروری، مئی، اگست[1] میں شائع ہوگا۔ سالانہ چندہ حصہ اردو کے لئے ۲ اور اورینٹل کالج کے طلبہ سے چندہ داخلہ کے وقت وصول ہوگا۔ کسی سہ ماہی کے رسالہ کے نہ پہنچنے کی شکایت رسالہ شائع ہونے کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے ورنہ ایسی شکایت پر غور نہ ہو سکے گا۔ یہ ایک ماہ کی مدت فروری، مئی، ستمبر اور نومبر کے آخر سے شمار کرنی چاہیئے ۔

خط و کتابت و ترسیل زر خرید رسالہ کے متعلق خط و کتابت اور ترسیل زر صاحب پرنسپل اورینٹل کالج کے نام ہونی چاہیئے۔ مضامین کے متعلق جملہ مراسلات ایڈیٹر کے نام بھیجنے چاہئیں ۔

محل فروخت یہ رسالہ اورینٹل کالج کے دفتر سے خریدا جا سکتا ہے ۔

---

[1] چونکہ اگست میں کالج بند ہوتا ہے۔ اسلئے یہ نمبر مجبوراً جون یا ستمبر میں شائع ہوتا ہے ۔

اورینٹل کالج میگزین

حصہ اول

ایڈیٹر
محمد اقبال
(پروفیسر پنجاب یونیورسٹی)

اورینٹل کالج میگزین

عرضِ واجب

اغراض و مقاصد | اس رسالے کے اجرا سے غرض یہ ہے کہ احیاو ترویج علوم شرقیہ کی تحریک کو تا حدِ امکان تقویت دی جائے اور خصوصیت کے ساتھ ان طلبہ میں شوق تحقیق پیدا کیا جائے جو سنسکرت، عربی، فارسی اور دیسی زبانوں کے مطالعہ میں مصروف ہیں ؀

کس قسم کے مضامین کا شائع کرنا مقصود ہے | کوشش کی جائے گی کہ اس سلسلہ میں ایسے مضامین شائع ہوں جو مضمون نگاروں کی ذاتی تلاش اور تحقیق کا نتیجہ ہوں۔ غیر زبانوں سے مفید مضامین کا ترجمہ بھی قابل قبول ہوگا اور کم ضخامت کے بعض مفید رسالے بھی باقساط شائع کئے جائیں گے

رسالے کے دو حصے | یہ رسالہ دو حصوں میں شائع ہوتا ہے۔ حصۂ اول عربی، فارسی، پنجابی بحروف فارسی، حصۂ دوم سنسکرت، ہندی، پنجابی (بحروف گورمکھی) ہر ایک حصہ الگ الگ بھی مل سکتا ہے ؀

وقت اشاعت و قیمت اشتراک | یہ رسالہ بالفعل سال میں چار بار یعنی نومبر، فروری، مئی، اگست[1] میں شائع ہوگا سالانہ چندہ حصہ اردو کے لئے ۲؍ اورینٹل کالج کے طلبہ سے چندہ داخلے کے وقت وصول ہوگا۔ کسی ماہی رسالہ کے نہ پہنچنے کی شکایت رسالہ شائع ہونے کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر دفتر میں پہنچ جانی چاہیے۔ ورنہ ایسی شکایت پر غور نہ ہو سکے گا۔ یہ ایک ماہ کی مدت فروری، مئی، دسمبر اور نومبر کے آخر سے شمار کرنی چاہیے ؀

خط و کتابت و ترسیل زر | خرید رسالہ کے متعلق خط و کتابت اور ترسیل زر صاحب پرنسپل اورینٹل کالج کے نام ہونی چاہیے۔ مضامین کے متعلق جملہ مراسلات ایڈیٹر کے نام بھیجنا چاہئیں ؀

محل فروخت | یہ رسالہ اورینٹل کالج کے دفتر سے خریدا جا سکتا ہے

[1] چونکہ اگست میں کالج بند ہوتا ہے اسلئے یہ نمبر بجائے اگست کے ستمبر میں شائع ہوتا ہے

فہرست مضامین

جلد ۲۰ - عدد ۱ | بابت ماہ نومبر ۱۹۴۳ء | عدد مسلسل ۷۵

(نوٹ) ضمیمہ صرف عربک اینڈ پرشین سوسائٹی کے ممبروں اور خریداران ضمیمہ میں تقسیم ہوتا ہے۔

گیلانی پریس ہسپتال روڈ لاہور میں باہتمام ہنستہ الیشر داس پرنٹر طبع ہوا۔ اور بابو محمد صدیق احمد خان نے اورینٹل کالج لاہور سے شائع کیا۔

عرضِ واجب

ہم ناظرینِ کرام سے معافی چاہتے ہیں کہ بعض ناگزیر حالات کے باعث گذشتہ اگست اور نومبر کا میگزین ہم ان کی خدمت میں وقت مقررہ پر نہیں پہنچا سکے۔ ان میں سے بعض اسباب تو حالاتِ جنگ کا نتیجہ ہیں اور بعض مجبوریاں ہماری ذاتی ہیں۔ ہم ہر طرح کوشش کریں گے کہ آئندہ میگزین ٹھیک وقت پر چھپے لیکن اگر ہم اپنی مجبوریوں پر کچھ عرصے تک غالب آ سکے تو امید کرینگے کہ ناظرینِ گرامی مساحمت سے کام لیتے ہوئے درگذر کریں گے۔

افسوس ہے کہ اس پرچے میں مطلع السعدین کی قسط نہیں چھپ سکی۔ فاضل اڈیٹر بوجہ عدم فرصت اس کو بروقت تیار نہیں کر سکے۔ اگلے نمبر میں وہ انشاء اللہ بدستور سابق طبع ہوگی۔

مئی ۱۹۴۳ء کے ضمیمہ میں مثنوی ہمای وہمایوں (جو باقساط چھپ رہی تھی) صفحہ ۲۶۷ پر ختم ہوگئی تھی۔ چونکہ یہ ایک علیحدہ اور مستقل کتاب تھی لہٰذا آخری صفحے کی دوسری طرف کو سادہ رہنا چاہیے تھا لیکن کاتب نے غلطی سے صفحہ ۲۶۷ کے دوسری جانب ایک نیا مضمون "بیرون والبیرونی" شروع کر دیا۔ ہم اپنے اُن محترم خریداروں کی خاطر جو اس مثنوی کے اوراق رسالے میں سے نکال کر کتاب کی شکل میں رکھنا چاہتے ہوں آخری صفحہ یعنی صفحہ ۲۶۷ دوبارہ لکھوا کر (مع غلط نامہ ہمای وہمایوں) ضمیمہ کے موجودہ نمبر میں شائع کر رہے ہیں،

اڈیٹر

اعلان

اورینٹل کالج میگزین (مع ضمیمہ) کا یہ نمبر ٹیٹاگھر کے بنے ہوئے کاغذ پر چھاپا گیا ہے یہ کاغذ ہم کو گورنمنٹ کنٹرول نرخ پر میسرز رام لال کپور اینڈ سنز تاجران کاغذ انارکلی لاہور نے مہیا کیا ہے جو پنجاب میں ٹیٹاگھر پیپر ملز کمپنی لمیٹڈ کے واحد ایجنٹ ہیں۔

اڈیٹر

اُردو کی تعمیر میں خان آرزو کا حصّہ

"در بشابہ کہ علماء اہل حق را دامت برکاتہم عیال امام ہمام قبلہ انام ابوحنیفہ کوفی رضی اللہ عنہ می گویند اگر شعرای ہندی زبان را عیالِ خان آرزو گویند می سزد" (مجموعہ نغز۔ ج ا۔ ص ۲۴)

سراج الدین علی خان آرزو اُردو کے اکابر شعرا میں سے نہ تھے۔ جہاں تک معلوم ہو سکا۔ ان کی تصانیف میں ریختہ کا دیوان شامل نہیں۔ تذکروں میں زیادہ سے زیادہ دس پندرہ اشعار ان کی جانب منسوب ہیں۔ جو یقیناً کسی خاص اہمیت کے حامل نہیں بااین ہمہ اکثر قدیم و جدید تذکرہ نگار اردو اور ریختہ کے سلسلے میں ان کا ذکر بڑے ادب و احترام سے کرتے ہیں۔ اور اردو زبان اور شاعری کی ترقی و تعمیر کا سہرا ان کے سر باندھتے ہیں۔ اس سے قدرتاً یہ خیال پیدا ہوتا ہے۔ کہ خان آرزو نے اپنی زندگی میں ادب اردو کی کوئی ایسی بڑی خدمت انجام دی ہے۔ جس کے اقرار اور اعتراف میں ان کے ہر معاصر کو رطب اللسان ہونا پڑا۔

میر تقی میر اپنے تذکرہ نکات الشعرا میں لکھتے ہیں۔

"شاعر زبردست قادر سخن عالم فاضل تا حال ہمچو ایشان بہ ہندوستان جنت نشان بہم نرسیدہ بلکہ بحث در ایران می رود۔ ۔ ۔ ۔ ہمہ اوستادان مضبوط فنِ ریختہ ہم شاگردانِ آن بزرگوارند" (ص ۳)

مجموعۂ نغز میں خان کا ذکر جہاں کہیں آیا ہے۔ مصنف نے انہیں سرو شن زبان بدیہہ گو کے اوصاف و القاب سے یاد کیا ہے۔ اور اردو کے اکابر شعرا کو خان آرزو کا فیض یافتہ اور

تربیت یافتہ قرار دیا ہے (ص ۲۴)

شیخ قیام الدین قائم اپنے تذکرہ موسوم بہ "مخزن نکات" میں لکھتے ہیں :-

"بالفعل در فضیلت و کمالش فوقش متصور نیست حق تعالیٰ سلامتش دارادو زیادہ برین از کمالات آن بزرگوار مثل من ہیچ مدان چہ نویسد کہ شمار قطرہ آب باران و سیاحت افلاک پیمودن است" (مخزن نکات ص ۱۴)

میر حسن دہلوی اپنے تذکرہ شعرائے اردو میں لکھتے ہیں :-

سرگروہ سخن سنجان، استاد استادان ہندوستان جنت نشان، چراغ دودمان گفتگو سراج الدین علی خان آرزو۔ بعد امیر خسرو دہلوی چنین صاحب کمال پر گو و خوشگو بمسامع عالیاں نہ رسیدہ ۔۔۔۔ (تذکرہ شعرائے اردو ص ۴۲)

قدیم تذکرہ نگاروں میں سے یہ صرف چند نامور مصنفوں کی رائے ہے ۔ اس کے ساتھ اگر جدید ناقدین ادب کے خیالات بھی سن لئے جائیں ۔ تو خان کی عظمت کا نقش اور بھی گہرا ہو جائے گا ۔ مولانا محمد حسین آزاد اپنی شہرہ آفاق کتاب آب حیات میں لکھتے ہیں :-

"خان آرزو کو زبان اردو پر وہی دعوی پہنچتا ہے جو کہ ارسطو کو فلسفۂ منطق پر ہے ۔ جب تک کہ کل منطقی ارسطو کے عیال کہلائیں گے ۔ تب تک اہل اردو خان آرزو کے عیال کہلاتے رہیں گے ۔ اُن کا دلچسپ حال قابل تحریر تھا ۔ لیکن چونکہ فارسی تصنیفات کی مہموں نے انہیں کوئی دیوان اُردو میں نہ لکھنے دیا ۔ اس لئے یہاں ان کے باب میں اس قدر لکھنا کافی ہے ۔ کہ خان آرزو وہی شخص ہیں جن کے دامن تربیت سے ایسے شائستہ فرزند پرورش پاکر اُٹھے جو زبان اردو کی اصلاح دینے والے کہلائے" (ص ۱۲)

صاحب خمخانۂ جاوید کی رائے ہے :-

"خان آرزو فارسی زبان کے زبردست عالم اور محقق، اور ایک نامور قادر الکلام شاعر تھے۔ گو اردو زبان میں بھی کبھی کبھار شعر کہہ لیا کرتے تھے۔ مگر یہ کبھی کبھار کا کہنا بھی آج کل کے ہر وقت فکر سخن میں مستغرق رہنے والوں سے بدرجہا بہتر ہے" (ج ۱۔ صفحہ ۱۰۵)۔ پرانے اور نئے مصنفوں کے ان اقوال سے یہ تو بخوبی ظاہر ہو گیا۔ کہ خان آرزو باقاعدہ طور پر ریختہ کے شاعر نہ ہونے کے باوجود اردو کے کبارِ متقدمین میں سے خیال کئے جاتے ہیں چونکہ ان کی عظمت کا اصل اور بنیادی سبب فارسی عربی علوم میں اُن کا تبحر تھا۔ اس لئے افسوس ہے۔ کہ تذکرہ نگار حضرات عموماً یہ نہیں بتاتے کہ خان آرزو نے ریختہ کی کیا خاص خدمت انجام دی؟ جدید تذکرہ نگار بھی مواد کی کمی کی وجہ سے محض اسی رائے پر اکتفا کرتے ہیں کہ خان آرزو کا پایہ "سخن فہمی اور تحقیق زبان میں بلند تھا" اس اختصار کے لئے ان کے پاس یہ عذر کافی ہوتا ہے۔ کہ اکابر شعرائے اردو کے پہلو میں خان آرزو کو اگر کوئی جگہ دی جائے تو اس کی تعیین کے لئے مواد کہاں سے لایا جائے۔

بنا بریں ضرورت محسوس ہوئی کہ خان آرزو کی ریختہ گوئی اور "ریختہ پروری" کے متعلق جس قدر معلومات مل سکیں۔ ان کو یکجا کیا جائے۔ اور خان آرزو کی خدمتِ زبان اردو کے کارناموں کو جس حد تک ممکن ہو۔ تفصیل کے ساتھ بیان کیا جائے۔ چنانچہ اس مقالے میں (مواد کی کمی کے باوجود) مندرجہ ذیل تین عنوانوں کے متعلق بحث کی جاتی ہے:-

۱۔ خان آرزو کی ریختہ گوئی۔
۲۔ خان آرزو کے شاگرد ریختہ میں۔
۳۔ زبانِ اردو کی تعمیر میں خان کا حصہ۔

پہلے ذکر کیا جا چکا ہے۔ کہ خان آرزو محض بہ تفننِ طبع، ریختہ کی طرف توجہ کیا کرتے تھے

میر تقی میر لکھتے ہیں۔ "گاہے برائے تفنن طبع دو سہ شعر ریختہ فرمودہ" مجموعۂ نغز میں لکھا ہے: "مرتبہ والا لیش از ریختہ گوئی بالاتر است اما گاہ گاہ بہ تقریبے بنا بر تفنن یک دو بیت از طبع عالیش سر می زد" شفیق اورنگ آبادی چمنستان شعرا میں لکھتے ہیں: "و دیوان خانۂ ریختہ ہم بہ نہایت پرکاری طاق می بندد" (ص ۹)

گردیزی نے اپنے تذکرہ ریختہ گویاں میں لکھا ہے: "چراغ بزم گفتگو سراج الدین علی خان آرزو.... گاہے بہ تفنن طبع ریختہ ہم می گوید"

جہاں تک مجھے معلوم ہے۔ خان آرزو نے ریختہ کا کوئی دیوان مرتب نہیں کیا۔ ان کی توجہ فارسی کی طرف تھی۔ اور اسی میں شعر کہنا فضیلت کی دلیل تھی۔ تذکروں میں چند اشعار ان کی طرف منسوب ہیں مثلاً نکات الشعرا میں ۵، تذکرہ ریختہ گویاں میں ۷، ریاض الفصحا مصحفی میں ۲، مجموعۂ نغز میں ۷، تذکرۂ میر حسن میں ۴، گلشن بیخار میں ۲، گلشن ہند لطف (ص ۲۲) میں ۱۲ اور ۲ مسلسل غزلیں، خمخانۂ جاوید میں ۹، تذکرہ شعرائے ہند کریم الدین میں ۳، مخزن نکات میں ۷، چمنستان شعرا میں ۱۳، آب حیات ۱۰، جواہر سخن کیفی چریا کوٹی ۶۔ اب ان میں سے کتنے آرزو کے ہیں۔ یہ نہیں کہا جا سکتا۔

میں ان اشعار کو تطویل لاطائل سے بچنے کے لئے یہاں دہرانا نہیں چاہتا۔ ناظرین کرام ان کے لئے چمنستان شعرا کو دیکھ سکتے ہیں۔ جس میں آرزو کے اشعار کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔ مگر ان چند اشعار سے آرزو کی ریختہ گوئی کی قدر و قیمت کا صحیح اندازہ نہیں ہو سکتا مصحفی نے ریاض الصفحا میں اتنا اضافہ کیا ہے۔ کہ آرزو بھی ایہام گویوں کی طرز پر شعر کہا کرتے تھے۔

اما چوں دور ایہام بود معنی شعرش نیز بطور ایہام است" (ص ۲۴)

اس کے بعد ذیل کے ۲ شعر دئے ہیں۔ جن کے متعلق لکھا ہے: "دو شعر از وبہم رسیدہ بطریق ندرت نوشتہ شد: اینست": ـہ

رکھے سیپارۂ گل آج آگے عندلیبون کے
چمن کے بیچ گویا پھول ہیں تیرے شہیدون کے

میخانہ بیچ جاکر شیشے تمام توڑے
زاہد نے آج دل کے اپنے پھپھولے پھوڑے

ذیل کے تین شعر میر نے اپنے تذکرے میں درج کئے ہیں:۔

جان تجھ پر کچھ اعتماد نہیں زندگانی کا کیا بھروسہ ہے

ہر صبح آوتا ہے تیری برابری کو
کیا دن لگے ہیں دیکھو خورشید خاوری کو

وعدے تھے سب خلاف جو تھے لب ہم سے
یہ لعل قیمتی تو جھوٹا نکل گیا ہے

ان چار پانچ شعروں سے آرزو کی ریختہ گوئی کے متعلق بھلا کیا اندازہ ہوسکتا ہے اور نہ محض اس بنا پر ان کی فضیلت کا اندازہ لگانا چاہئے۔ ہمارے قدیم تذکرہ نگاروں کے نزدیک اُن کا اردو پر سب سے بڑا احسان یہ ہے۔ کہ

اوّل۔ تمام شعرائے اکابر ریختہ ان کے شاگرد اور تربیت یافتہ ہیں۔

دوم۔ انہوں نے شعرائے ریختہ کی حوصلہ افزائی کی۔ اور خود بھی گاہے گاہے ریختہ لکھ کر اس "فنِ بے اعتبار" اور پیشۂ بے وقار کو اس وقت کی علمی سوسائٹی میں وقیع بنایا۔ جو لوگ اس سے قبل فارسی کے مقابلے میں ریختہ گوئی کے مشغلے کو چنداں اہمیت نہ دیتے تھے۔ اب پسندیدگی اور قبولیت کی نظر سے دیکھنے لگے۔ میر تقی میر کی اس

عبارت سے اس کی تائید ہوتی ہے :-

"ہمہ اوستادانِ مضبوطِ فنِ ریختہ ہم شاگردانِ آن بزرگوارند- گاہے برائے تفننِ طبع ودوسہ شعرِ ریختہ فرمودہ این فنِ بے اعتبار راکہ ما اختیار کردہ ایم اعتبار دادہ اند" ؎۳

فنِ ریختہ میں آپ کے شاگرد کون کون سے تھے ؟ اس کا مجمل حال تذکروں میں ملتا ہے - یوں تو اس دور کے اکثر شعرا جو خان کی زندگی میں دہلی میں رہتے تھے- اُن سے اصلاح لیتے ہوں گے لیکن تذکروں کے اوراق سے جن تلامذہ کا حال دستیاب ہوتا ہے ان کی فہرست ذیل میں دی جاتی ہے :-

۱- میر تقی میر- میر صاحب نے نکات الشعرا میں معز فطرت کے حال کے ضمن میں خان کو اپنا اُستاد لکھا ہے- "اُستاد و پیر و مرشد بندہ" لیکن ذکرِ میر کے طبع ہونے کے بعد یہ بیان مشکوک سا ہو گیا ہے- مولانا عبدالحق ذکرِ میر کے دیباچے میں لکھتے ہیں "اس کتاب سے یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ جو مشہور چلا آتا ہے کہ خان آرزو میر صاحب کے استاد تھے صحیح نہیں ہے" سند اس بات کی میر صاحب کا یہ فقرہ ہے :-

"چندے پیش اُو (یعنی خان آرزو) ماندم و کتابے چند از یارانِ شہر خواندم"۔

مگر ذکرِ میر کی اس عبارت کے باوجود نکات الشعرا کے یہ الفاظ "اُستاد و پیر و مرشد بندہ است" اپنے اندر زیادہ قطعیت رکھتے ہیں - اور گمان یہی کہتا ہے - کہ میر صاحب باوجود رنجش کے اپنے تذکرے میں ایک عام حقیقتِ مشہورہ کو چھپا نہیں سکے - ورنہ ان پر ایک سیدھی اور سچی بات کے اخفا کا الزام وارد ہوتا - اور ان کے مخالفوں کو بدماغی کا ایک اور ثبوت مل جاتا- اس کے علاوہ اکثر تذکرہ نگاروں نے (جن میں سے بعض ان کے معاصر ہیں) انہیں خان آرزو کا شاگرد لکھا ہے - مثلاً فتح علی گردیزی کا بیان ہے :-

"شمع استعدادش از برکردہ دم شعلہ ادراک سراج الدین علی خان آرزو ست (صفحہ ۱۲۸)

مخزن نکات میں آتا ہے: "در خدمت خان آرزو کہ خالو ے او بود لخت دانش اندوختہ" (ص ۱۲) حکیم قاسم نے بھی میر کو آرزو کا شاگرد قرار دیا ہے، لیکن یہ بھی لکھا ہے، کہ میر صاحب بربناء بے دماغی اس نسبت سے کلیۃً انکار کرتے ہیں۔ اصل الفاظ ملاحظہ ہوں:۔

پسر شوہر ہمشیرۂ سخن پرداز بدیہہ گو سراج الدین علی خان آرزو است، نسبت تلمذ ہم بجناب افادات انتساب خان مشارٌالیہ وارد، اما بنا بر نخوتے کہ در سرش جا گرفتہ ازین امر کہ فی الحقیقۃ فخر وے است اِباء کلی بمیان آرد۔ . . ." (ص ۲۱۳)

تذکرہ گلشن ہند (ج ۲) میں لکھا ہے "خان مذکور کے فیض صحبت سے نظم ریختہ کی کیفیت باریکیوں کے ساتھ اٹھائی ہے (ص ۱۴۹)۔ میر حسن دہلوی بھی یہی کہتے ہیں:۔ . . .

برادر زادۂ سراج الدین علی خان آرزوؔ و ہم از شاگردان اوست" (ص ۱۴۵)

میرے خیال میں یہ دلائل اس امر کے اثبات کے لئے کافی ہیں کہ میر صاحب نے (علاوہ چند دیگر اساتذہ کے) خان آرزو سے بھی دانش اندوزی کی۔

میرزا محمد رفیع سودا۔ کے متعلق آب حیات میں لکھا ہے:۔

"خان آرزو کے شاگرد نہ تھے۔ مگر ان کی صحبت سے فائدے بہت حاصل کئے چنانچہ پہلے فارسی شعر کہا کرتے تھے۔ خان آرزو نے کہا کہ مرزا فارسی اب تمہاری زبان مادری نہیں۔ اس میں ایسے نہیں ہو سکتے کہ تمہارا کلام اہل زبان کے مقابل میں قابل تعریف ہو۔ طبع موزون ہے۔ شعر سے نہایت مناسبت رکھتی ہے۔ تم اردو کہا کرو تو یکتائے زمانہ ہو گے مرزا بھی سمجھ گئے۔ اور دیرینہ سال اُستاد کی نصیحت پر عمل کیا . . . ." (ص ۱۴۹)

مجموعۂ نغز میں ایک مشاعرہ کا ذکر بھی ہے جو آرزو کے مکان پر ہوا کرتا تھا۔ اس میں خان نے سودا کی ایک غزل کی تعریف کی مگر کنایۃً سمجھا گئے کہ مضمون کسی اور سے لیا ہوا ہے

ذکر آگے آتا ہے)

خواجہ میر درد۔ آپ بھی خان آرزو کے باقاعدہ شاگرد نہ تھے لیکن مجموعہ نغز کے بیان کے مطابق انہوں نے دوسرے اکابر شعرا کی طرح استفادہ ضرور کیا ہے حکیم قدرت اللہ قاسم کے الفاظ یہ ہیں:۔

"نسخہ پرداز ایہام گوئی میاں آبرو و سرآمد سخن سنجان خوش نوا میرزا محمد رفیع سودا و مملکت سخن سازی رانگہ تا ز مرد خواجہ میر درد و شاعر بے نظیر محمد تقی میر منجملہ فیض اندوزان آں گیہاں خدیو سخن پردازی اند" (ذکر خان آرزو)

شاہ مبارک آبرو۔ تمام تذکرہ نگاروں نے بالاتفاق لکھا ہے کہ آبرو خان آرزو کو اپنا کلام دکھاتے تھے۔ (ملاحظہ ہو نکات الشعرا ص ۹، مخزن نکات ص ۱۴، گردیزی تذکرہ ریختہ گویاں ص ۶، مجموعہ نغز ص ۲۰، گلشن ہند ص ۲۵ (اس مصنف کے قول کے مطابق وہ آرزو کے رشتہ دار بھی تھے)، آب حیات ص ۹۷، گل رعنا ص ۱۰۳ وغیرہ وغیرہ،

گردیزی نے لکھا ہے:۔ "میاں آبرو و میاں مضمون کہ بنائے ریختہ ایشان ریختہ اند استنباط سخن باو دارند و زبان ریختہ ازو گرفتہ اند"

ان کے علاوہ شیخ شرف الدین مضمون،[۱] مصطفیٰ خان یکرنگ،[۲] میر زین العابدین آشنا،[۳]

---

[۱] نکات الشعرا ص ۱۵، مخزن نکات ص ۲۱ "شعر ریختہ را بہ تلاش الفاظ و معنی تازہ می گفت" گردیزی ص ۱۵۴ "شورش خالی از دردا کتے نیست" "واز شعرائے قرار دادہ ریختہ است"۔ مجموعہ نغز ج ۲ ص ۱۹۷، "از معاصران میر شاکر ناجی و شاہ مبارک آبرو بود و در جرگہ اساتذۂ آن وقت محسوب، و شعرش دلخواہ مردم آن عہد و مرغوب است" نیز تذکرہ میر حسن ص ۱۵۱، گلشن ہند ص ۲۲، آب حیات ص ۱۱۱، گل رعنا ص ۱۰۵،

[۲] مخزن نکات ص ۳ "بخدمت خان آرزو مشق سخن می کرد" گردیزی ص ۱۴۲ (لیکن آرزو سے تلمذ کا ذکر نہیں "با آبرو یک طرح بود")، نکات الشعرا ص ۱ (تلمذ کا ذکر نہیں)، مجموعہ نغز ج ۲ ص ۳۶۷ "واز تلامذۂ ......"

بقیہ حاشیہ بر صفحہ ۱۱،

ٹیک چند بہار[۱]، بے نوا[۲]، حسن علی شوق[۳]، سیتا رام عمدہ کشمیری[۴]، رائے انند رام مخلص[۵]، محمد محسن محسن اکبرآبادی[۶]، شہاب الدین ثاقب[۷]، میر ناصر ساماں[۸]، خان آرزو کے فیض

بقیہ حاشیہ از صفحہ ۱۰ ـ مرزا جان جاناں مظہر ... " گل رعنا ص۱۱۰" ۳ گلشن ہند لطف (زروذ ایڈیشن) ص۲۴۲ ۔ "معاصر و معاشر سراج الدین علی خان آرزو" شاگرد ہونے کا ذکر نہیں لیکن معاشر ہونے سے اصلاح سخن اور استفادہ کا پہلو نکلتا ہے ۔ (حاشیہ صفحہ ۱۱) ۱ مجموعہ نغز ج ۱ ص ۱۱۵ "در اشعار فارسی بخان آرزو استشارہ نمی نمود و گاہ گاہ ریختہ ہم موزوں می کرد" مخزن نکات ص۲۶ لیکن شاگرد ہونے کا ذکر نہیں " گلشن ہند (زروذ ایڈیشن) ص۶۴ "از یاران سراج الدین علی خان صاحب بود" ۴ شعر نمونے کے دئے ہیں ۔ ریاض الفصحا ص۱۴ "شاعر فارسی گو ست صاحب دیوان، شاگرد آرزو است ۔ ہندی ہم اندہم رسیدہ" حاشیے میں لکھا ہے "و بسیار شاگردان او ہستند" ۲ گلشن ہند (زروذ ایڈیشن) ص۲۵ "معاصر خان آرزو و شاہ آبرو بود این دو بیت کہ بوے منسوب است در بیاضے بنام سراج الدین علی آرزو ہم دیدہ شد" تذکرہ میر حسن ص۵۹ ۳ نکات الشعرا ص۱۲۶ "...... شاعر ریختہ شاگرد خاص صاحب سراج الدین علی خان ....." مخزن نکات ص۴۸ "اکثر شعر فارسی در پیش دارد و خود را از شاگردان خان آرزو می گیرد" گردیزی ص۹۹، مجموعہ نغز ص۳۵ ج ۱ تذکرۂ میر حسن ص۱۲۳ وغیرہ وغیرہ ۴ گلشن ہند و گلزار ابراہیم (زروذ ایڈیشن) ص۱۸۱ "معاصر سراج الدین علی خان آرزو بود" مجموعہ نغز ج ۲ ص ۱۹ "شاگرد انعام اللہ خان یقین ..." گردیزی ص۱۰۱ "در ریختہ تتبع دیوان انعام اللہ خان یقین می نماید" چمنستان شعرا ص۴۳۵ "مضامین تازہ .... در تتبع یقین می کشود" ۵ مجموعہ نغز ص۱۷۶ ج ۲ تذکرہ میر حسن ص۷۹ مخزن نکات ص۴۷، نکات الشعرا ص۸، گلشن ہند و گلزار ابراہیم ص۲۱۸ ۔ ۶ تذکرہ میر حسن ص۱۲۷ "از اقربائے آرزو ... تربیت در صحبت خان مذکور یافتہ در علم شعر مہارت بسیار دارد" گلزار ابراہیم (زروذ ایڈیشن) ص۲۳۲ مجموعہ نغز ج ۲ ص ۱۶۴، ۷ تذکرہ میر حسن ص۱۱۱ "در اوائل شعر خود پیش خان آرزو می گذرانید" شعرالہند وغیرہ، ۸ مخزن نکات ص۱۲۳ "اکثر بہ خدمت خان آرزو ملاقات می نمود"

بقیہ حاشیہ بر صفحہ ۱۲،

یافتگان اور شاگردوں میں شمار کئے گئے ہیں۔ ان میں سے بعض تو شعر فارسی میں اصلاح لیتے تھے۔ لیکن قدرتی طور پر ریختہ میں جو مشق سخن کی ہوگی وہ بھی خان کے مشورہ و اصلاح سے محروم نہ رہی ہوگی [اس کے لئے ذیلی حواشی ملاحظہ ہوں]

یہاں یہ بات یاد رکھنے کے لائق ہے کہ فیض یافتگان اور شاگردوں کی اس مختصر فہرست سے خان آرزو کے اُس وسیع اثر کا اندازہ نہیں ہو سکتا جو بارہویں صدی میں شاہ جہان آباد کے علمی حلقوں اور ادبی فضاؤں میں عموماً نظر آتا ہے۔ اگر اس کی معمولی سی جھلک بھی دیکھنی ہو تو اس دور کے فارسی شعرا، علما اور فضلا کے تذکروں پر نظر ڈالنی چاہئے جن کے اوراق میں خان آرزو کی حقیقی عظمت کی شاندار تصویریں نظر آئے گی۔ خزانۂ عامرہ، مردم دیدہ، مآثر الکرام، سفینۂ خوشگو، گل رعنا اور اس قسم کے معاصر یا تقریباً معاصر تذکروں سے ہمارے اس بیان کی تائید ہوگی۔ حق یہ ہے کہ خان آرزو اس دور میں تحقیق زبان اور تنقید شعر کے معاملے میں فرد یکتا تھے۔ اور ان کے سامنے کوئی دوسرا شخص 'انا ولا غیری' کا دعوی نہ کر سکتا تھا۔ نتیجہ یہ کہ ادبی اور علمی تحقیق اور شعر و سخن کی باریکیوں کے معاملے میں معاصرین میں سے کسی کے لئے یہ چارہ نہ تھا۔ کہ اپنے آپ کو ان کے فیض و افادہ سے محروم رکھ سکے۔ فارسی کا کوئی ماہر ہو یا ریختہ کا کوئی شاعر۔ خان آرزو کی ذات سب کے لئے مرجع تھی۔ سب لوگ ان کی خدمت میں حاضر ہوتے۔ اور ان سے اپنے اقوال کی سند مانگتے یا اصلاح کے طلبگار ہوتے۔ یہی وجہ ہے کہ میر درد اور سودا اگرچہ باقاعدہ طور پر خان آرزو کے شاگرد نہ تھے۔ پھر بھی حکیم قدرت اللہ خان قاسم ان کے متعلق اپنے تذکرے میں لکھتے ہیں:۔

"نسخہ پرداز ایہام گوئی میاں آبرو، وسر آمد سخن سنجان خوش نوا میرزا محمد رفیع سودا

بقیہ حاشیہ از صفحہ ۱۱ تذکرہ میر حسن ص۱۰۹ "بخدمت خان آرزو استفادہ حاصل نمودہ" لیکن چمنستان شعرا ص۳۹۶ "تربیت یافتہ میرزا مظہر جان جان است، سخن ریختہ اش نمکے دارد"

و مملکت سخن سازی را یکہ تاز مرد خواجہ میر درد و شاعر بے نظیر محمد تقی میر منجملہ فیض
اندوزانِ آن کیمیاں مندیو سخن پردازی اند"

افسوس ہے کہ اس دور میں ریختہ گوئی کی بے وقاری اور بے وقعتی اور
فارسی کے غلبے کی بنا پر ہمیں وہ واقعات بہت کم ملتے ہیں۔ جن میں خان آرزو
کی اصلاح شعر کی مثالیں دیسلسلہ ریختہ بہم دستیاب ہوتی ہوں۔ تاہم ایک دو شواہد سے
یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ خان آرزو مجلس مراختہ (مشاعرہ) میں تشریف لے جایا کرتے تھے۔
بلکہ خود اپنے مکان پر مشاعروں میں ریختہ کے اشعار سنتے اور ان کی اصلاح کرتے چنانچہ
مجموعۂ نغز میں اسی قسم کے ایک مشاعرے کا ذکر ہے۔ جس میں سودا نے ایک غزل پڑھی
تھی جس میں قدسی کا ایک مضمون اڑایا تھا۔ اب سودا کی ہجو گوئی سے چونکہ ہر شخص خائف
تھا۔ اس لئے کسی کو کچھ کہنے کی جرأت نہ ہوئی۔ مشاعرہ خان آرزو کے گھر میں ہو رہا تھا۔
اور خان آرزو کی علمی فضیلت سے سب مرعوب بھی تھے۔ لہٰذا وہی بولے مگر کسی قدر
لطیف انداز سے۔ پہلے تو سودا کی بہت تعریف کی پھر فی البدیہہ یہ شعر پڑھا ؎

شعر سودا حدیث قدسی ہے لکھ رکھیں چاہیے فلک پہ ملک

گویا کنایتہً یہ کہدیا کہ سودا نے قدسی کے مضمون پر دست درازی کی ہے۔
غرض آنکہ خان آرزو کا علم و فضل اور فارسی شعر کے قواعد و دقائق پر عبور اور ان کی
بے مثال شخصیت فارسی اردو میں کام کرنے والوں کے لئے یکساں طور پر سرچشمہ فیض
اور شمع ہدایت تھی۔ شاہ سعد اللہ گلشن نے ولی کو فارسی مضامین سے استفادہ کرنے
کا جو مشورہ دیا تھا۔ اس پر ولی نے تو عمل کیا ہی تھا۔ شعرائے دہلی نے عموماً
ان کی نصیحت کو سُنا۔ اور اگرچہ ایہام گوئی کے ذریعے خالص ہندی اثرات کچھ دیر
تک قائم رہے۔ مگر شعرا کا نصب العین یہی تھا کہ اردو شاعری کو فارسی کا کامل متبع بنایا
جائے۔ چنانچہ بہت جلد مضامین، استعارات، تراکیب، بحور و اوزان، قواعد و اصول

کے اعتبار سے اردو کی شاعری فارسی کے ڈھب پر آگئی۔
کہنے کو تو یہ کہا جاتا ہے (اور کسی حد تک صحیح بھی ہے) کہ جان جان مظہر پہلے شخص تھے جنہوں نے ریختہ کو فارسی کے قالب میں ڈھالا، (معاول کسے کہ شعر ریختہ بہ تتبع فارسی گفتہ اوست، نقاش اول زبان ریختہ باعتقاد فقیر (مصحفی) اوست" تذکرہ مصحفی) لیکن اس سے کسے انکار ہو سکتا ہے۔ کہ جان جان مظہر بھی اسی فضا کی مخلوق تھے۔ اور اسی ماحول کے فیض یافتہ تھے۔ جو دہلی میں آرزو کی کوششوں سے پیدا ہوا۔
خان کی تصنیفات پر سرسری نگاہ ڈالنے سے معلوم ہو جائے گا۔ کہ ان کے کام کا بیشتر حصہ ادبی تنقید و تحقیق لغت سے متعلق ہے۔ لغت میں سراج اللغات' اور چراغ ہدایت بلاغت میں موہبت عظمی اور عطیۂ کبریٰ' فن تنقید' شعر میں داد سخن' معانی میں مثمر اور اس کے علاوہ دوسری کتابیں مثل شروح وغیرہ کے۔ سب میں منفرداً و اشتمالاً ہم خان آرزو کو زبان اور لغت کی تحقیق و تنقید میں مصروف پاتے ہیں۔ اور حقیقت یہ ہے کہ اس دور کی یہ سرگرمیاں ملکی فضا کے عین مطابق تھیں۔ ہندی ایرانی نزاع درجۂ کمال تک پہنچ چکی تھی۔ فارسی میں (اور اس فارسی میں جسے مسلمانان ہند نے ایک ہزار سال تک بطور "مادری اور قومی زبان" کے پالا اور نشوونما دی) ہندوستانی اکابر فضلا کے سند ہونے پر بھی ایرانیوں کی جانب سے اعتراض ہو رہے تھے۔ اُدھر ملکی زبان ابھی گہوارۂ طفولیت میں تھی۔ ہریانہ کے علاقہ میں اگرچہ اردو (ہریانی) ادب کافی فروغ پا چکا تھا۔ اور بہت سی کتابیں نظم میں لکھی جا رہی تھیں۔ مگر "مئے شیراز" میں ڈوبی ہوئی فضا کی رنگینیاں ہریانہ کے "بانگڑو" ادب کو کب چمکنے دیتی تھیں۔
اِن حالات میں خان آرزو نے ایک طرف فارسی دانان ہندوستان کی حمایت و مدافعت میں آواز اٹھائی اور دوسری طرف مستقبل کے رنگ کو دیکھ کر ملکی زبان کی حوصلہ افزائی شروع کی اور باآں ہمہ علم و فضل خود اس میں شعر لکھ کر اور دوسرے شعرا

کے اشعار کو اصلاح دے کر شاہجہان آباد کی علمی سوسائٹی میں ریختہ کے وقار کو بڑھایا اور اس کے داغِ "بے اعتباری" کو ہمیشہ کے لئے دھو ڈالا۔ چنانچہ مولانا محمد حسین آزاد لکھتے ہیں:۔

"اس بات کو بھولنا نہ چاہئے کہ خان آرزو کے فیضِ صحبت نے ان نوجوانوں کے کمال کو اس طرح پرورش کیا۔ جس طرح دایہ اپنے دامن میں ہونہار بچوں کو پالتی ہے" (آبِ حیات صہ ۱۳۰)

لالہ سری رام۔ اپنے تذکرہ خمخانۂ جاوید میں اسی کی تائید کرتے ہیں:۔

"یہ انہی کی رسائیٔ طبع کا نتیجہ تھا۔ کہ اپنے فارسی مذاق کے پیرایہ پر اردو اشعار میں ایک خاص رنگ پیدا کر دیا تھا۔ صرف رنگ ہی نہیں پیدا کیا۔ بلکہ خاص خاص محاوروں اور دلّی کے روزمرّہ کو ہاتھ سے نہیں جانے دیا تھا۔ چنانچہ اکثر ایسے محاورے باندھے ہیں۔ جو اس وقت جوں کے توں مروّج ہیں۔ سخن فہمی اور تحقیقِ زبان میں اُن کا پایہ بہت بلند تھا (ج ۱۔ ص ۱۸۔ ۱۹)

"سخن فہمی اور تحقیقِ زبان میں اُن کا پایہ بہت بلند تھا" مؤلف خمخانہ کی یہ رائے جس طرح فارسی کے سلسلے میں درست ہے۔ اسی طرح ہندوستانی کے متعلق بھی صحیح ہے۔ شیخ کا وطن اکبر آباد تھا۔ گوالیار میں بسلسلۂ ملازمت رہے۔ بعد میں شاہجہان آباد دہلی میں قیام ہوا۔ ان کی تصانیف سے ایسا مترشح ہوتا ہے کہ سنسکرت (ہندی کتابی) ہندی، پنجابی اور دوسری ہندوستانی زبانوں سے بخوبی ماہر تھے۔ ان اوصاف کی بنا پر ہندوستانی زبانوں کے سلسلے میں اُن کی زباندانی مسلّم تھی۔ جیسے کہ ذیل کی تصریحات سے یہ بات اچھی طرح واضح ہو جائے گی۔

خان آرزو نے ریختہ کی سرپرستی سے ہندوستانی زبان کا پایہ اور وقار بڑھایا۔ یہ اُن کی بہت بڑی خدمت تھی۔ لیکن اس سے بھی بڑی خدمت انہوں نے یہ کی

کہ ہندوستانی زبان کی لغوی تحقیق کی بنیاد رکھی۔ اور ہندوستانی فیلالوجی کے ابتدائی قواعد وضع کئے اور تقابل لسانین اور توافق کے اصول کو پیش کرتے ہوئے ہندی یکتابی (سنسکرت) کو دنیا کی چند بڑی زبانوں میں سے ثابت کیا اور اس کے ضمن میں ہندوستانی (بول چال کی ہندی۔ اردو) کو سنسکرت کی بیٹی قرار دے کر اُسے فارسی، عربی اور دوسری بڑی زبانوں کی صف میں بیٹھنے کا مستحق قرار دیا۔

تفصیل اس کی یہ ہے۔ کہ خان آرزو نے ہندوستانی فارسی دانوں کی علمی مجبوریوں اور دقتوں کا لحاظ رکھتے ہوئے ہندوستانی الفاظ کے مقابلے میں مناسب فارسی عربی ترکی مرادفات مہیا کرنے کے لئے نوادر الالفاظ کے نام سے ایک کتاب مرتب کی۔ یہ کتاب خان کی چند ابتدائی کتابوں میں سے ہے۔ اور دراصل میر عبدالواسع ہانسوی کی ایک کتاب غرائب اللغات کی اصلاح یافتہ شکل ہے۔ خان نے اس میں جو عمدہ اضافے کئے ہیں۔ اور ہانسوی کے بیانات کی جس طریق پر مناسب اور برمحل تصحیح کی ہے۔ اس کی بنا پر ہم اسے ایک مستقل تصنیف بھی کہہ دیں تو بے جا نہ ہوگا۔ نوادر الالفاظ کی ترتیب سے اگرچہ مصنف کا مقصد اردو زبان کے لغت کی تدوین نہ تھا۔ پھر بھی ایک لحاظ سے اس کو اردو کا اولین لغت قرار دیا جا سکتا ہے۔ جس کی تالیف میں میر عبدالواسع اور خان آرزو دونوں نے حصہ لیا۔ یہ خدمت ان دونوں حضرات کو محسنانِ اردو کی صف میں جگہ دینے کے لئے کافی ہے۔

غرائب اور نوادر پر تفصیلی ریویو ہمارے موجودہ مضمون کو طول اگیر طویل دینے کا باعث ہوگا۔ اس لئے محض چند ضروری امور کا ذکر کیا جاتا ہے۔ مثلاً۔

خان آرزو نے اس کتاب میں "گوالیاری" زبان کو ہندوستانی زبانوں میں سے افصح قرار دیا ہے۔ یہی خیال انہوں نے اپنی کتاب مثمر میں بھی ظاہر کیا ہے (نسخہ پنجاب یونیورسٹی قلمی ورق ۳ ب)۔ میر عبدالواسع ہانسوی جیسا کہ ان کی نسبت سے ظاہر ہے۔ ہانسی (ہریانہ)

کے رہنے والے تھے۔ اور عہد عالمگیر کے آخری دور میں ہو گزرے ہیں۔ عہد عالمگیر سے لے کر احمد شاہ کے زمانے تک ہریانہ میں اُردو ادب کو بہت فروغ حاصل ہوا (ملاحظہ ہوں پروفیسر شیرانی کے مضامین اورینٹل کالج میگزین) یہ ہریانوی زبان بعض خصوصیات کے اعتبار سے دوسری ہندوستانی زبانوں سے کسی قدر مختلف ہے۔ علی الخصوص گوالیاری اور برج سے، میر عبدالواسع ہانسوی نے غرائب میں جن ہندوستانی الفاظ کو پیش کیا ہے۔ وہ قدرتی طور پر ہریانی، ہندوستانی کے الفاظ ہیں۔ خان آرزو نے جابجا ان ہریانی الفاظ کو غیر فصیح قرار دیا ہے۔ اور ان کی جگہ گوالیاری (افصح زبانہائے ہندی) اور کہیں کہیں "اہل اردو" کے الفاظ دیئے ہیں۔ مگر اُن کے نزدیک ٹکسالی زبان گوالیری زبان ہی ہے۔ ۱۱ اور ہریانی زبان تو ان کے نزدیک لائق ذکر بھی نہیں۔ جن الفاظ کے سلسلے میں خان نے اپنے ان خیالات کا اظہار کیا ہے۔ ان میں سے بعض درج ذیل ہیں:۔

ایوارہ۔ یعنی باڑہ۔ خان کہتے ہیں "ایوارہ زبانِ وطن صاحبِ رسالہ خواہد بود ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ بزبان برج و گوالیار کہ افصح است آنرا کھرک گویند"

جیلی۔ کھلیان میں بالیوں کو سمیٹنے کے لئے ایک دوشاخہ لکڑی۔ خان کہتے ہیں۔ "در ہندی متعارفِ گوالیار کہ افصح السنۂ ہندی است پچانگرا گویند

الکھڑنا۔ میر صاحب "پھسلنا" کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ فارسی اشکوخیدن۔ لیکن خان بجا طور پر اعتراض کرتے ہیں اور کہتے ہیں۔ 'اکھڑنا یا کھسلنا' ہونا چاہیئے۔ (درک آصفیہ وغیرہ)

آقتاوا۔ اگرچہ فارسی لفظ کا بگاڑ ہے مگر میر اسے ہندوستانی لفظ قرار دیتے ہیں۔ خان کہتے ہیں، "روزمرۂ عیال ہندوستان است"

اگل۔ "چوبے کہ در پیش در افگنند تا زود باز نشود" خان آرزو اس پر معترض ہیں: "اگل زبانِ وطنِ مصنف خواہد بود ۔ ۔ ۔ ۔ بزبان گوالیار کہ افصح زبانہائے

ہندی است۔ بینڈہ گویند۔

(یہ لفظ آصفیہ میں نہیں۔ گو Platts میں موجود ہے)

ان مثالوں میں اور بھی اضافہ ہو سکتا ہے۔ لیکن میرے خیال میں خان آرزو کے نقطۂ نظر کو سمجھنے کے لئے اتنا ہی کافی ہے۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے۔ کہ خان کے زمانے میں "اردو" ابھی محض ابتدائی اور سیالی کیفیت میں تھی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دہلی میں مانگرو یا ملی جلی ہریانی زبان عوام کی بولی تھی۔ جس کی درشتی اور کرختگی شاید "اہلِ اُردو" کو کھٹکتی تھی۔ اسی لئے خواص اس کو قابل اعتنا نہ خیال کرتے تھے۔ خان آرزو نے سب سے پہلے بنائے ریختہ کی تعمیر کے سلسلے میں انہی الفاظ کی فصاحت اور غیر فصاحت کی طرف توجہ کی ۔ اور مثالیں اور شواہد گو کہ موجود نہیں پھر بھی یہ کہنا شاید غلط نہ ہوگا کہ اہلِ اردو کے ابتدائی لب و لہجہ کو معین کرنے اور ٹکسالی "اردو" کو مشتہر کرنے میں خان آرزو نے "واضعِ اول" کا کام کیا۔

اس ضمن میں ہم خان آرزو کی ایک اور اولیت کا ذکر کرتے ہیں۔ جس کے متعلق کسی یقین اور قطعیت کا اظہار تو نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن جہاں تک ہماری موجودہ معلومات کا تعلق ہے۔ ابھی تک یہی ثابت ہوا ہے۔ کہ خان آرزو غالباً پہلے شخص ہیں۔ جنہوں نے "اردو"[1] کا لفظ زبان کے معنی میں استعمال کیا ہے۔

---

[1] عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے۔ کہ سب سے پہلے تحسین نے "نوطرزِ مرصّع" میں اردو کا لفظ بمعنی زبان استعمال کیا ہے۔ اس کے بعد یہ منکشف ہوا۔ کہ مصحفی نے اپنے اشعار میں سب سے پہلے یہ لفظ اس معنی میں استعمال کیا ہے۔ اس کے بعد ایک صاحب نے اورینٹل کالج میگزین میں یہ خیال ظاہر کیا۔ کہ پنجاب کے ایک شاعر مراد شاہ نے اپنے ایک منظوم خط (یعنی نامۂ مراد) میں سب سے پہلے یہ لفظ استعمال کیا ہے۔ حالانکہ اس سے بہت قبل یعنی ۱۹۲۳ء میں استاد محترم پروفیسر شیرانی یہ لکھ چکے ہیں کہ "خانصاحب غالباً پہلے شخص ہیں جو اُردو کا لفظ بمعنی زبان استعمال میں لائے ہیں" (اورینٹل کالج میگزین نومبر ۱۹۳۱ء ص ۱۲۰)۔ غرض موجودہ معلومات کے اعتبار سے پروفیسر شیرانی کی تحقیق ہی تاحال محکم ہے (خان آرزو، مصحفی، تحسین اور مراد شاہ سب سے اقدم ہیں)

نوادرا لالفاظ میں لفظ اردو کئی موقعوں پر آیا ہے ۔ مثلاً

"رجواڑہ کے ضمن میں ، رجواڑہ " بدین معنی اصطلاح شاہجہان آباد است بلکہ اہلِ اردو
است کہ ایں قسم اماکن اکثر در لشکر راجہا می باشند والاّ در اصل رجواڑہ جائے
بودن راجہاست"

گرمک کے ضمن میں : باصطلاحِ اہلِ اردو نوعے است از شیرینی کہ از کنجد و شکر
سازند"

نکتورہ در عرف اردو وغیرہ بمعنی حرفِ ناز و غرور است و بمعنی سوراخ بینی . . . "

ہڑپھنا بزبانِ اردوئے اہلِ شہر ہا نیست شاید زبانِ قریات و مواضع باشد و بدین
معنی نگلنا شہرت دارد"

مثمر خان آرزو کی ایک اور تصنیف ہے ۔ یہ علامہ سیوطی کی کتاب المزہر کے طرز پر
لکھی گئی ہے ۔ اور فارسی کے سلسلے میں بلاغت اور معانی سے تعلق رکھتی ہے ۔ اس میں
بھی یہ لفظ بہت سے موقعوں پر آیا ہے جن کا تذکرہ بدین غرض کیا جاتا ہے ۔ کہ خان آرزو
کے بیانات لفظ اردو کے معنے کے متعلق بہت کچھ وضاحت کرتے ہیں ۔ ۔

پہلوی اور دری پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں : ۔

"گروہے بر آنند کہ آں زبانے است مردم شہر بدان ناطق اند چہ پہلو شہر مطلق را گویند
چنانچہ نوعے از خوانندگی است کہ بہ پہلوی موسوم است آنرا شہری نیز گویند الخ
معلوم می شود کہ پہلو و شہر یک معنی دارد . . . . . از تعریف ایں ہر دو زبان چنان
واضح می شود کہ دری قرار دادہ مردم کوہ و درہ است و پہلوی زبان شہر و پہلو نزد
مجدالدین قوسی از عالم اردو است . . . . . حالا بہ تحقیق پیوست کہ دری و پہلوی
در معنی یکی ست چرا کہ دری عبارت ازان است کہ بر در ملوک و سلاطین بدان
تکلم می نمودند و پہلوی آنکہ در پہلو کہ عبارت از اردو است بران تلفظ داشتند در

صورت ہر دو یکی باشد غایتش تفاوت آں باشد کہ در یکو قتی آں را پہلو تی می گفتند ودر زمان دیگر دری، درین صورت می تواند کہ تکلم ہر دو لسان اندک تغایر ہم داشتہ باشد پس بہ تحقیق پیوست کہ افصح زبانہا زبانِ اردو است و فارسی ہمین جا معتبر است وزبانِ خاصہ ہر ملک در شعر و انشا منظور نیست از انجا ست کہ شاعر از ہر ملک مثلاً خاقانی از شروان ونظامی از گنجہ وسنائی از غزنین و خسرو از دہلی بہماں "زبانِ مقرر" حرف زوند وآں نیست مگر زبانِ اردو، (ورق ۱۶ ب، ۷)

یہ سارا بیان فارسی سے متعلق ہے اور اس میں جہاں کہیں اردو کا لفظ استعمال ہوا ہے وہ ہماری زبانِ اردو سے براہِ راست علاقہ تو نہیں رکھتا۔ گر اس عبارت سے "زبانِ اردو" کا معنی خوب واضح ہوتا ہے وغان کے نزدیک زبانِ اردو وہ ہے :- ۱- جس میں بادشاہ اور امرا و سلاطین تکلم کرتے ہیں - ۲- شہری زبان (بمقابلہ قصبات کی زبان کے) ۳- وجوہ بالا کی بنا پر وہ "زبانِ مقرر" یا ٹکسالی اور معیاری زبان جو فصیح ترین اور ادبیات کی زبان بننے کے لائق قرار پاتی ہے -

اس مفہوم کی روشنی میں زبانِ اردو یا "زبانِ اُردوئے معلّی" کی نوعیت بہت حد تک معین ہوجاتی ہے - مُثمر (ورق ۳۳ الف) میں ایک اور مقام پر لکھتے ہیں :-
"نظر بر اُردوئے ایران چنانکہ سابق نوشتہ ام اختلاف حدے و نہایتے ندارد . . ."

اردو کا لفظ یہاں بھی مندرجہ بالا مفہوم میں استعمال ہوا ہے - مُثمر (ورق ۳۶ ب) کی ایک اور عبارت اس کی تائید کرتی ہے "افصح زبانِ اردوست"
مُثمر کا ایک اور اقتباس ملاحظہ ہو :-
"ولفظ برسات کہ بفتح باءِ موحدہ درای مہملہ وسین بالف کشیدہ وفوقانی بمعنی موسم مخصوص بارش، ظاہر ہندی الاصل است ومی تواند محاورۂ مولّدین کہ عبارت

است از اہلِ اردو کہ اختلاط تمام بازبانِ عربی و فارسی دارند، باشد" (ق ۸۰ ب- ۸۹)

خان آرزو ہندوستانی کے لئے عموماً ہندی کا لفظ استعمال کرتے ہیں. لیکن اردو (محاورۂ مؤلدین) ان کے نزدیک ہندی کی ایک خاص شکل ہے۔ جو ہندی کے ساتھ عربی و فارسی الفاظ کی آمیزش سے تیار ہوئی ہے۔ اسی برسات کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں :-

"و اہلِ اردو موافق قاعدہ عربی آرند مثل پرگنات کہ جمع پرگنہ" (ق ۸۰ ب)

خان آرزو نے اپنے رسالہ دادِ سخن میں اردو شاعری کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے :-

نیز بدانکہ نظیر ایں ماجرا احوال شعرای ریختہ ہنداست و آں شعرے ست بزبانِ ہندی اہلِ اردوئے ہند غالباً بطریق شعر فارسی و آں الحال بسیار رائج ہندوستان است و سابق در دکن رواج داشت بزبانِ ہماں ملک'

پروفیسر شیرانی صاحب نے "اردو زبان اور اس کے مختلف نام" کے عنوان سے اورینٹل کالج میگزین میں ایک مضمون لکھا تھا۔ اس میں وہ ایک جگہ لکھتے ہیں:-

اردوئے معلّی سے خان صاحب کی مراد غالباً شہر دہلی کی آبادی کا وہ حصہ ہے۔ جو قلعۂ معلّی کے قرب وجوار میں بوجہ ملازمت شاہی زیادہ آباد ہے۔ اور جس میں فوجی و منصبدار و درباری و دیگر ملازمین و شاگرد پیشہ شامل ہیں۔ یہ لوگ شہر کے دیگر محلوں اور آبادی کے مقابلہ میں زیادہ شستہ و مہذب تھے۔ اور ظاہر ہے کہ اس طبقہ کی زبان زیادہ صاف اور ستھری ہوگی" پروفیسر صاحب نے اس کی تائید میں ذیل کے شواہد پیش کئے ہیں :-

چھتال کی تشریح میں لکھتے ہیں :-

"... چھپل معلوم نیست کہ لغت کجاست۔ ما مردم کہ از اہلِ ہندیم و در اردوئے معلّی

می با نسیم نشنیده ام"
خان آرزو نوادر الالفاظ میں ایک موقعہ پر اس کی تخصیص کرتے ہیں:۔
"رجواڑہ بدین معنی اصطلاح شاہجہان آباد است بلکہ اہل اردو است کہ این قسم الکن اکثر در لشکر راجہا می باشند"

خلاصہ کلام یہ ہے کہ سب سے پہلے غالباً خان آرزو نے ہی شاہجہان آباد کے اعلیٰ طبقوں اور شاہی حلقوں کی زبان کو "زبانِ اہلِ اردو" کہہ کر پکارا۔ اور اس کو معیاری زبان قرار دیا اس کے علاوہ لفظ اُردو اور اردوئے معلیٰ کی تشریح کی جس سے اس زبان کے تعمیری اور ابتدائی دور کے گرد وپیش کا کچھ اندازہ ہوسکتا ہے۔

خان آرزو سنسکرت جانتے تھے۔ اور ہندوستان کی مقامی زبانوں سے بھی بخوبی واقف تھے۔ اس کے علاوہ "زبانِ اردوئے مُعلیٰ" کی مرکزی اہمیت کا بھی احساس رکھتے تھے۔ ان وجوہ کی بنا پر انہوں نے فارسی فیلالوجی کی تحقیقات کے ضمن میں ہندی فیلالوجی کے ابتدائی اصول بھی وضع کئے ہیں۔ اس کا حال ان کی اکثر کتابوں سے معلوم ہوسکتا ہے نوادر الالفاظ، سراج اللغات، چراغ ہدایت اور مُثمر میں جابجا بکھرے ہوئے اشارے ملتے ہیں۔ علی الخصوص مُثمر تو اس موضوع کے متعلق بہترین کتاب ہے۔ لیکن چونکہ یہ تالیف دراصل فارسی معانی اور بلاغت کی توضیح کے لئے لکھی گئی ہے۔ اس لئے اس کا وہی حصہ ہمارے لئے کارآمد ہے جس میں ہندی (یا ہندوستانی) سے بحث ہے۔

سید انشاءاللہ خان اہل دہلی اور اُن کی زبان کے متعلق دریائے لطافت میں لکھتے ہیں:۔

"این مجمع ہر جا کہ برسد اولاد آنہا دلی وال گفتہ شوند و محلہ ایشان محلۂ اہل دہلی و اگر تمام شہر را فرا گیرند آن شہر را اردو نامند" اردو اور زبانِ اردو کے مفہوم کی یہ توسیع بعد کی چیز ہے۔ جب شہر دہلی کی ادبی حیثیت مرکزیت اختیار کر چکی تھی۔

بطور جملہ معترضہ یہ عرض کرنا ضروری ہے۔ کہ خان آرزو نے نہ صرف اہل وطن کی نظروں میں ہندی کا پایہ بلند کیا۔ بلکہ خود فضلائے ایران نژاد کے دلوں میں بھی اس کی وقعت پیدا کرنے کی کوشش کی۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ عہد شاہجہانی کے بعد ہندوستان کے ادبی اور علمی حلقوں میں ہندی ایرانی نزاع اور کشمکش بہت شدید ہو گئی تھی۔ اور اس کے ضمن میں بعض عجیب و غریب بحثیں پیدا ہو گئی تھیں۔ مثلاً مثمر کے بعض عنوانات ملاحظہ ہوں:۔

۱۔ اصل در بیان آنکہ غلط از اہلِ زبان صادر شود یا نشود (ق ۱۵ الف)

۲۔ اصل در بیان آنکہ تصرفِ قادر سخنانِ ہند در مفردات و مرکبات فارسیہ جائز ہست یا نیست (ق ۱۶ الف)

۳۔ تصرفِ فارسیان در الفاظ ہندیہ (ق ۴۰ ب: ۱۷ ب)

۴۔ اصل در بیان استعمالِ غیر فارسیہ در فارسی (ق ۶۶ ب)

یہ عجیب بات ہے کہ بعض ایران نژاد فاضل اکابر ادبائے ہند کو فارسی میں محض اس بنا پر کہ ان کے اشعار میں ہندی الفاظ و محاورات ہوتے ہیں۔ لائق اعتماد نہ سمجھتے تھے۔ مگر ان کی اپنی یہ حالت تھی کہ فارسی میں ہندی الفاظ کا استعمال (مگر غلط استعمال) کرتے تھے اور اس کو محض تفنن خیال کرتے تھے۔ خان آرزو نے اس مضحکہ خیز حرکت کے خلاف احتجاج کیا۔ اور ان شعرا کو ہندی سے باخبر ہونے کی تلقین کی۔ اور ان کو بتایا کہ "ہندی" بھی دنیا کی دوسری بڑی زبانوں کی طرح ایک بلند پایہ زبان ہے جس کی فصاحت اور صحت کو قائم رکھنا ہر ادیب کا فرض ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھی واضح کیا کہ فارسی اور ہندی کی اصل ایک ہے لہٰذا ایک زبان کو دوسری زبان پر بلحاظ مادہ اور جوہر کے کوئی خاص فوقیت حاصل نہیں۔

ایران نژاد فاضلوں کی دلیل یہ تھی۔ کہ غیر فارسی الفاظ کا استعمال مخل فصاحت ہے۔ لہٰذا ہندی الفاظ کے استعمال سے عبارت پایۂ فصاحت سے گر جاتی ہے۔ خان آرزو نے اس کے جواب میں یہ دلیل دی ہے۔ کہ

بقیہ حاشیہ بر صفحہ ۲۴

ہمارے نقطۂ نظر سے اس بحث کا دلچسپ اور مفید حصہ وہ ہے۔جس میں خان آرزو نے فارسی اور ہندوستانی (یا سنسکرت) میں اشتراک سے بحث کی ہے اور ہندی الفاظ کے صحیح استعمال کے سلسلے میں فضلائے ایران کو مطالعہ کی دعوت دی ہے۔خان کے نزدیک فارسی اور ہندی الفاظ کے اشتراک کے چند وجوہ ہیں:-

اوّل: توافق "وآں اشتراک است دراصل وضع کہ ہیچ یکے از دیگرے اخذ نکردہ باشد" مثلاً ان الفاظ کے سلسلے میں:- دو، چار، است (= ہے) انگشت (=بہیل)۔ اجمود، دہ اور دس، ماس اور ماہ، تشنہ (فارسی) = تِسنا (ہندی)، تُمَن (ایک پھل کا نام) انگشت۔ انگوٹھا بنج اور پنج'

دوم۔ محض اتفاق سے اشتراک ہو جائے'

سوم۔ تفریس "وآں تصرف است درجوہر کلمہ از جہت تغیر تلفظ یا غیر آں'

اس سلسلے میں لکھا ہے" بدانکہ تفریس دراعلام ہندی بسیار واقع شود بسبب عدم قدرت تلفظ" چنانچہ بعض شعرا نے اس سلسلے میں مضحکہ خیز غلطیاں کی ہیں۔اس پر بحث کرتے ہوئے خان نے لکھا ہے۔کہ ہر ادیب اور محقق کیلئے فارسی اور ہندی کا جاننا ضروری ہے تاکہ وہ فصاحت اور صحت کی بحث میں محققانہ رائے دینے کی صلاحیت پیدا کر سکے۔

اشتراک لسانین علی الخصوص فارسی اور سنسکرت "کا اشتراک فی الاصل" ادبی حیثیت

بقیہ حاشیہ از صفحہ ۲۳ - خاقانی نے ارامنہ کے الفاظ کا استعمال کیا ہے۔اس کے علاوہ ترکی الفاظ کی فارسی میں بے حد کثرت ہے۔اس کے باوجود کسی ایرانی فاضل نے خاقانی پر اعتراض نہیں کیا۔پس جب صورت یہ ہے تو ہندی الفاظ سے یہ نفرت کیوں؟ حاشیہ صفحہ ۲۴ - میں نے اس مبحث پر اپنی کتاب "ادبیات فارسی میں ہندوؤں کا حصّہ" باب ششم (طبع انجمن ترقی اردو۔ہند) اور اپنے مضمون "فارسی کی سرپرستی میں زبان اردو کی ترقی" (رسالہ اردو، اکتوبر ۱۹۴۳ء) میں شرح و بسط کے ساتھ بحث کی ہے'

میں فضلائے یورپ پر ظاہر ہو چکا تھا۔ لیکن ہندوستان میں لوگ اس سے بالکل ناآشنا تھے۔ بلکہ اہل لغت کو بھی اس کی حقیقت تک رسائی نہ ہو سکی تھی۔ یہ خان آرزو ہی تھے۔ جن کی تحقیق کاوش اور جستجو سے اہل ہند پر اس راز کا انکشاف ہوا۔

اس اصول کی دریافت سے ہندی زبانوں کی لغوی تحقیق کو بہت بڑی ترقی ہوئی اور اس کے ضمن میں زبانِ اردو کی علمی اور فلسفیانہ بنیاد پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط ہوئی۔ اس کے قواعدِ فارسی کے اصول پر مدوّن ہوئے۔ اور اس کی صرف و نحو میں پہلے سے زیادہ دلچسپی لی جانے لگی۔

مثمر میں زبان ہندی کے قواعد اگرچہ ضمنی حیثیت رکھتے ہیں۔ تاہم تعمیر اردو کے سلسلے میں خشت اول کا درجہ رکھتے ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ میں نے زبانِ اردو کے لئے خان آرزو کے کام کی سرگزشت کسی حد تک تفصیل کے ساتھ بیان کر دی ہے۔ میرے ان بیانات کی روشنی میں یہ سمجھنا آسان ہو جائے گا۔ کہ خان آرزو باوجودیکہ ریختہ کے بڑے شاعر نہ تھے۔ اور انہوں نے اردو شاعری کا کوئی خاص دبستان قائم نہیں کیا۔ پھر بھی ان کے معاصرین ان کا ریختہ کے سلسلے میں بڑا حق مانتے ہیں۔ اور ان کی خدمات کا نمایاں تذکرہ کرتے ہیں۔ درحقیقت یہ خان آرزو ہی تھے۔ جنہوں نے غریب اردو کو فارسی کے پہلو میں بیٹھنے کے قابل بنایا اور اس کی آئندہ ترقی کا بنیادی پتھر رکھتے ہوئے خدمتگارانِ اردو کی وہ اولوالعزم جماعت تیار کی جس کے افراد "مصلحینِ اردو" کے نام سے یاد کئے جاتے ہیں۔

سیّد عبداللہ

غنیمت کا وطن[1]

چغتائی صاحب کے مراسلے میں دو باتیں ایسی ہیں۔ جن کی وضاحت ضروری ہے یعنی اول حضرت غنیمتؒ کے وطن اور دوم غنیمت کے پیشوا حضرت شاہ صالح محمد گیلانیؒ کے سن وصال کے متعلق اشتباہ کو دور کرنا مقصود ہے۔

غنیمت کا وطن۔ عام طور پر مسلم ہے کہ مولانا غنیمت قصبہ کنجاہ ضلع گجرات کے رہنے والے تھے۔ یہ درست ہے کہ اُن کے کلام کا جو حصہ آج دنیا میں موجود ہے اس میں کہیں کنجاہ کا ذکر نہیں ملتا لیکن اسی طرح شاہجہان آباد کا نام بھی انہوں نے نہیں لیا بلکہ صاف طور پر یہ بیان کیا ہے کہ وہ پنجابی ہیں اور پنجاب سے بہت محبت رکھتے ہیں۔ اس بات کو میں اپنے مضمون مطبوعہ اورینٹل کالج میگزین بابت مئی ۱۹۴۲ء میں وضاحت کیساتھ بیان کر چکا ہوں۔ یہاں صرف ایک شعر نقل کیا جاتا ہے ؎

نخواہم لالہ زار گلشن ایراں کہ سر برزد گل داؤدی صبح وطن از خاک پنجابم[1]

سرخوش نے غنیمت کے وطن کا ذکر نہیں کیا تو اس بات کو زیادہ اہمیت نہیں دینی چاہئیے۔ کیونکہ سرخوش شاذ و نادر ہی کسی شاعر کے وطن کا ذکر کرتے ہیں حتیٰ کہ خود اپنا وطن بھی نہیں بتایا۔ لیکن دوسرے مستند تذکرہ نگاروں نے بالاتفاق مولانا غنیمت کو کنجاہی لکھا ہے۔ چند اقتباسات ذیل میں درج کئے جاتے ہیں:

۱۔ خان آرزو لکھتے ہیں "محمد اکرم غنیمت از قصبۂ کنجاہ است کہ قصبہ ایست از مضافات لاہور . . ."[2]

(یہ واضح رہے کہ خان آرزو کی حضرت محمد ماہ صادقؒ اور زادہ غنیمت سے ملاقات تھی۔ جس کا ذکر سفینۂ خوشگو میں ملتا ہے اس لئے خان آرزو کی رائے خاص وقعت رکھتی ہے)

۲۔ تذکرۂ حسینی۔ "غنیمت از معنی زادہای قصبہ کنجاہ بود من مضافات گجرات شاہ دولا . . ."[3]

۳۔ سفینۂ خوشگو۔ اس کا مصنف بندرابن داس خوشگو اول سرخوش کا شاگرد تھا۔ چنانچہ اس کا تخلص خوشگو بھی سرخوش کا مقرر کردہ ہے۔ بعد ازاں یہ خان آرزو کا شاگرد ہوا اور اس کا نام خان آرزو کے ممتاز شاگردوں میں لیا جاتا ہے

---

[1] دیوان غنیمت مطبوعہ لکھنؤ صفحہ ۹ [2] مجمع النفائس صفحہ ۳۴۹ [3] تذکرہ حسینی ق ۱۸۹

ملہ بجواب مضمون ڈاکٹر محمد عبد اللہ چغتائی (اورینٹل کالج میگزین بابت اگست ۱۹۴۳ء ص ۵۴)

وہ اپنے تذکرہ سفینۂ خوشگو میں غنیمت کے تذکرہ میں سکونت و وطن کا ذکر نہیں کرتے ۔ لیکن محمد ماہ صداقت کے بیان میں لکھتے ہیں ” محمد ماہ التخلص بہ صداقت برادر زادہ محمد اکرم غنیمت پنجاب کے رہنے والے تھے ۔ اور بسا اوقات خان آرزو سے ملنے آیا کرتے تھے ؎۱

۴۔ نشتر عشق ”غنیمت محمد اکرم نام مولدا و قصبہ کنجاہ من توابع گجرات شاہ دولا مرحوم مضاف صوبہ لاہور است . . . . “ ؎۲

ان کے علاوہ خود مولانا محمد ماہ صداقت جو غنیمت کے برادر زادہ اور انہی کے شاگرد تھے اپنی تصنیف ”ثواقب المناقب“ میں کئی جگہ اپنے آپ کو پنجابی بیان کرتے ہیں ۔ مثلاً ایک جگہ فرماتے ہیں :۔

”منکہ فارسی زبان ہندی نژادم و کابلی مولد پنجاب منشاء ام ۔ ہر چند ارادہ تتبع خسرو صاحبقران دارم اما مثل مشہور ہنوز دہلی دور است سد راہ می شود ۔ بہر کیف چشم آن دارم کہ این یوسف موزوں لقا بدا نغ غلامی نقطۂ پنجاب انتخاب عزیز دلہا گردد“ ؎۳

پھر ایک جگہ کنجاہ کا ذکر ایسے الفاظ میں کیا ہے جن سے مترشح ہوتا ہے کہ آپ کا آبائی وطن کنجاہ تھا ۔ چنانچہ ثواقب المناقب میں دو بزرگوں کا ذکر کرتے ہیں ۔ ا ۔ شیخ ابو البقا اور (۲) شیخ نظر محمد کنجاہی اور لکھتے ہیں ۔ کہ یہ دو نو بزرگ حضرت شاہ حاجی محمد نوشہ گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے مرید تھے ۔ اور کنجاہ سے چل کر آنحضرت قدس سرہ کی خدمت میں جایا کرتے تھے ۔ ان میں سے موخر الذکر کو وہ اپنا جد امجد بتاتے ہیں ۔ اور مولانا غنیمت کے متعلق لکھتے ہیں :۔

”یکے از یاران سید شیرازہ بند مجموعہ استقامت محمد اکرم غنیمت عم مولف رسالہ بود کہ مثنوی نیرنگ عشق آن طاؤس گلزار بہشت شہرت دارد“

تو معلوم ہوا کہ مولانا غنیمت محمد ماہ صداقت کے عم بزرگوار تھے ۔ اور شیخ نظر محمد کنجاہی کے فرزند تھے ۔ اس لئے یہ تسلیم کر لینا کہ غنیمت کا مولد و مسکن کنجاہ ہی ہوگا ۔ کچھ عیب کی بات نہیں ۔

؎۱ ملاحظہ ہو فہرست مخطوطات فارسی بانکی پور ؎۲ نشتر عشق ق ۲۹۵ ؎۳ ثواقب المناقب صفحہ ۱۵

مزید براں منشی لچھمی نرائن کنجاہی جن کے رقعات مشہور ہیں۔ اور متعدد بار طبع ہو چکے ہیں مولانا صداقت کے شاگرد تھے۔ ان کے مکتوبات کے جامع محمد فیض بخش مقدمہ میں لکھتے ہیں:۔

"منشی لچھمی نرائن قوم کھتری متوطن اصلی او قصبہ کنجاہ از مضافات دارالسلطنت لاہور است رائے جسونت رائے جد امجدش در عہد عالمگیر بادشاہ جہت تلاش معاش وارد دارالخلافت شاہجہان آباد شد۔ . . . در ایام طفولیت کتب متداولہ فارسی کہ رائج تدریس اطفال است از ملا نا شیخ محمد برادر زادہ غنیمت کنجاہی دیدہ سواد خود را روشن نمود" [۱]

بعد کے تمام تذکرہ نگار بھی آپ کو بلا تامل کنجاہی لکھ رہے ہیں۔ کسی ایک نے بھی شاہجہان آبادی یا ساکن شاہجہان آباد نہیں لکھا۔ ان سب کے برعکس اگر مثنوی کے ایک نسخہ پر اس کے کاتب نے غنیمت کو ساکن شاہجہان آباد لکھ دیا ہے۔ تو کچھ تعجب کی بات نہیں۔ یہ نسخہ خواہ کتنا ہی قدیم ہو چونکہ اس کا کاتب ایک غیر معروف شخص ہے۔ اور ایک دور افتادہ مقام کا رہنے والا ہے۔ اس لئے اس کی رائے کو قابل اعتنا نہیں سمجھا جا سکتا[۲]۔ (واضح رہے کہ ہمارے پاس مجموعہ شیرانی میں نیرنگ عشق کا اس سے پرانا اور غالباً قدیم ترین نسخہ موجود ہے جو ۱۱۳۱ھ کا نوشتہ ہے۔ اس کا ذکر میں اپنے محولہ بالا مضمون میں کر چکا ہوں)

شاہ صالح محمد کا سن وصال۔

سید صالح محمد گیلانی پیشوائے غنیمت کی تاریخ وفات خزینۃ الاصفیا میں بحوالۂ تذکرہ نوشاہیہ ۱۱۰۸ھ تحریر ہے۔ لیکن چک سادہ میں مزار پر انوار پر سید معصوم شاہ گیلانی صاحب موجودہ سجادہ نشین کے پاس ایک کہنہ بیاض ہے۔ جو شاہ صالح محمد کی اولاد میں سے حضرت سید جلال شاہ گیلانی رح کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ہے۔ اور ۱۲۶۶ھ کی تحریر ہے۔ اس میں سید صالح محمد کے والد بزرگوار میراں سید عبدالوہاب ثانی رح کی تاریخ وفات لفظ "شمع زمان" لکھی

---

[۱] مقدمہ مکتوبات لچھمی نرائن قلمی پنجاب یونیورسٹی لائبریری [۲] اس نسخہ کی اہمیت کا اندازہ اس کے مطلع سے لگایا جا سکتا ہے جسے چغتائی صاحب نے اپنے مضمون میں نقل کیا ہے۔

ہے جس سے ۱۰۰۰ھ ظاہر ہوتا ہے اور روایات سے ثابت ہے کہ سید صالح محمد اپنے والد کی زندگی میں تحصیل علم کر کے بحکم والد بزرگوار حضرت نوشہ گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر بیعت ہوئے۔

اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ سید صالح محمد کی ولادت دسویں صدی ہجری میں ہو چکی تھی۔ اور اپنے والد کی زندگی میں سن بلوغ کو پہنچ چکے تھے۔ اور یہ بات ہرگز قرین قیاس نہیں ہو سکتی کہ وہ اپنے والد کے بعد ایک سو دس سال تک زندہ رہے ہوں اور ۱۱۱۱ھ میں وفات پائی ہو۔

بیاض مذکور میں سید صالح محمد کی وفات کا ذکر اس طرح درج ہے۔

"ابیات غنیمت در تاریخ صالح محمد"

چو شد آں حق خلیل عشق ملت — بخواب راحت اندر مہد تربت

ہدایت کعبہ او باد معمور — باولاد گرامی چشم بد دور

خرد تاریخ سالش از رہ صدق — بگفتا ہے فتادہ کعبہ عشق

اس سے یہ ثابت ہوا کہ غنیمت سے پہلے ان کے پیشوا انتقال کر چکے تھے۔ اور ان کی تاریخ وفات ۱۰۷۲ھ ہے۔ رسالہ الاعجاز مصنفہ مرزا احمد بیگ لاہوری ۱۱۰۰ھ کی تالیف ہے۔ اس میں سید صالح محمد گیلانی کے ذکر میں یہ عبارت لکھی ہے۔

"مسکن و مزار ایشان در چک سادہ است کہ از گجرات دو کروہ خواہد بود۔ ایشاں را سہ فرزند اند یکے سید فیض اللہ سلمہ اللہ کہ از پدرش مشغول اند ہم فقیر و ہم فاضل بہر دو اوصاف موصوف اند و پسر دیگر نیز بصلاح آراستہ اند و پسر سیوم میاں شیر محمد ایشاں را چاشنی فقر است کہ اکثر وضع ونیعمی خود دارند و اعتقاد مردم بر ایشاں بودہ است

اس عبارت سے بھی ثابت ہوتا ہے۔ کہ ۱۱۰۰ھ سے پہلے سید صالح محمد وفات پا چکے تھے۔

چونکہ مفتی غلام سرور لاہوری مولف خزینۃ الاصفیا نے تذکرہ نوشاہیہ کے حوالہ سے ان کی تاریخ وفات ۱۱۱۱ھ لکھی ہے اس لئے یہاں یہ بیان کر دینا ضروری ہے کہ مفتی صاحب کس طرح اس غلطی کا شکار ہوئے۔

حقیقت یہ ہے کہ تذکرہ نوشاہیہ کی چند عبارتوں نے مفتی موصوف کو غلط فہمی میں مبتلا کیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ انہوں نے خزینۃ الاصفیا میں سلسلہ نوشاہیہ کے تمام بزرگوں کی تاریخ وفات باستثنائے چند غلط لکھی ہے۔

تذکرہ نوشاہیہ حافظ محمد حیات رح بن حافظ جمال اللہ رح بن حافظ برخوردار بن حضرت نوشہ گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کی تالیف ہے۔ اور ۱۱۴۶ھ میں لکھی گئی۔ جیسا کہ انہوں نے مقدمہ میں بیان کیا ہے۔ نیز مقدمہ میں یہ بھی بیان کرتے ہیں۔ کہ اُن کو رسالہ احمد بیگ لاہوری کے چند نامرتب اوراق مل گئے جن کو انہوں نے از سر نو مرتب کیا۔ اور کچھ عبارات اضافہ کر کے تذکرہ نوشاہیہ نام رکھا چنانچہ فرماتے ہیں :۔

"مخفی و محجوب نماند کہ جزوے چند نامرتب نہ خطبہ ابتدائیش نہ خاتمہ انتہائیش از بسیاری کہنگی اکثر عبارتش ریختہ از تصنیف مرزا احمد بیگ لاہوری کہ بیک واسطہ مستمسک ایں عروہ وثقیٰ و حبل متین آں قدوۃ الواصلین و زبدۃ العارفین آں نوشاہ دین گردیدہ چنانچہ ہمدریں کتاب کیفیتش مبین خواہد شد در مقام مناسب۔ در سنہ یکہزار و یکصد و چہل و شش از ہجرت النبی الامی باحقر البریات فقیر محمد حیات بن فضائل پناہ کمالات دستگاہ حضرت میاں جمال اللہ بن حضرت میاں برخوردار ولد شیر بیشۂ عرفان و نہنگ بحر ایقان حضرت نوشہ صاحب رسیدہ و نیز اکثر مقامات عالیہ حضرت و احوال خفیہ شش فرزند ارجمند کہ ہر یک صاحب جمال و صاحب کمال بودہ اند مسموع سمع مرزا معزی الیہ نشدہ۔ بموجب ایماء اخوت پناہ شفقت دستگاہ بھائی شیر محمد جیو کہ بر مسند صاحب سجادگی صاحب وقت و سلطان حال اند و در مقام

مناسب احوال ایشان ہم مندرج شدہ۔ تا خطبۂ ابتدا و خاتمۂ انتہا و عبارتی کہ از کہنگی کتاب دور شدہ و احوالاتی کہ درگوش ہوش مصنف نرسیدہ مسودہ کردہ و آں اخوت پناہ درقید قلم آوردہ درج کتاب فرمودہ . . . "[1]

کتاب تذکرۂ نوشاہیہ کا بنظر غایر مطالعہ کرنے سے منکشف ہوتا ہے۔ کہ اسمیں بعض عبارتیں رسالہ احمد بیگ لاہوری کی بغیر کسی قسم کے تغیر و تبدل کے نقل ہیں۔ اور بعض عبارتیں حافظ محمد حیات صاحب کی اپنی قلم سے ہیں۔ اسی وجہ سے کہیں کہیں مطالب میں بے ربطی سی ہو جاتی ہے۔ چنانچہ ایک جگہ یہ الفاظ ملتے ہیں :-

"درا ثنائے نوشتن ایں رسالہ کہ از وصال حضرت شاہ چہل و سہ سال گذشتہ بود کہ از اخلاصمندان عزیزی از لشکر ظفر اثر عالمگیر بادشاہ رسید اسم آں عزیز محمد امین بود . . . "

یہی عبارت ہے جس نے صاحب خزینۃ الاصفیا کو غلط فہمی میں ڈالا۔ کیونکہ سرسری نگاہ سے اس کا مطلب یہ ہوتا ہے۔ کہ ۱۱۴۶ھ میں جبکہ یہ تذکرہ لکھا گیا۔ حضرت نوشہ صاحبؒ کی وفات کو ۴۳ سال گذر چکے تھے۔ یعنی انکی وفات ۱۱۰۳ھ میں ہوئی۔ چنانچہ یہی تاریخ خزینۃ الاصفیا میں بحوالہ تذکرہ نوشاہیہ درج ہے لیکن اگر اس عبارت کو غور سے دیکھا جائے تو صاف ظاہر ہو جاتا ہے۔ کہ یہ ۱۱۴۶ھ کی تحریر نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ اس وقت حضرت عالمگیر اور ان کا لشکر ظفر اثر موجود نہ تھے۔ عالمگیر کی رحلت تو ۱۱۱۸ھ میں واقع ہو چکی تھی۔ دراصل یہ عبارت مرزا احمد بیگ لاہوری کی تحریر ہے۔ جنہوں نے اپنا رسالہ ۱۱۰۸ھ میں تصنیف کیا۔

تو ثابت ہوا کہ ۱۱۰۸ھ میں حضرت نوشہ صاحبؒ کی وفات کو ۴۳ سال ہو چکے تھے۔ یعنی انکی تاریخ وفات ۱۰۶۴ھ ہوئی۔ اور یہ صحیح تاریخ ہے۔ جس کی تائید خود تذکرۂ

---

[1] مقدمہ تذکرۂ نوشاہیہ مجموعۂ شیرانی پنجاب یونیورسٹی لائبریری۔ واضح رہے کہ مجموعہ شیرانی کی فہرست میں اس کتاب کا نام ثواقب المناقب مصنفہ محمد ماہ صداقت لکھا ہوا ہے۔ جو غلط ہے۔

نوشاہیہ میں موجود ہے:۔

"در مدح حضرت نوشہ صاحب عبدالرحیم ساکن تند الکو چند ابیات گفتہ وخادم حضرت عصمت اللہ..."

غزل :۔ دلم در باغ مدح نوشہ اندر ذکر و دستانش

چو دستان خواند خوش دستان زلوی فیض و احسانش

مرا این دستگاہ از دست خاک پای نوشہ دان

کہ بر فرق جہاں چو مہر نعلین است رخشانش

چو در جنت بہشت گل نسیم آسخرامان شد ہمہ اسباب نوشاہی قصور و حور و غلمانش

ز تاریخ وصال او دلم در جستجو چون شد بگوش دل ندا آمد کہ "خاتم پاک" برخوانش

دوئم "وہ نوشہ حاجی سخی" برخواند عقل من سیوم از "رحلت نوشاہ دین" برگیر آسانش

چہارم "نوشاہ ہادی سخی بود" خوش لبستہ تعالی اللہ چہا تاریخہا گفتم ز احسانش

اس کے علاوہ صاحب تذکرہ نے مادہ تاریخ "شیخ حاجی از ولی اللہ بود" لکھا ہے۔ صاحب تحائف قدسیہ نے "نوشہ بود وہ شاہ فقر" اور صاحب کنز الرحمت نے "فیض قدسی" لکھا ہے [2]

ان سب بیانات کے پیش نظر خزینۃ الاصفیا کی شہادت کی کیا وقعت رہ جاتی ہے۔ اس لئے میں نے اس کی شہادت کو قابل قبول نہ سمجھتے ہوئے عمداً اس کو نظرانداز کر کے دوسرے اور زیادہ مستند ذرائع سے حاصل کی ہوئی تاریخوں کو اپنے مضمون میں درج کیا تھا۔

دلاوری

---

[1] تذکرہ نوشاہیہ ق ۴۲ [2] یہ سب کتابیں خاندان نوشاہی سے متعلق ہیں۔ اور حضرت سید شریف احمد شرافت صاحب کے کتب خانہ واقع ساہنپال شریف میں موجود ہیں۔

تافيلالت

هذا الاسم يطلق على الايالة الواقعة فى الجنوب الشرقى للمغرب الاقصى وهو اسم بربرى كما يدل عليه ظاهره. هذه الايالة مما يلى الصحرا الكبرى. وصحراء العرق. فهى عبارة عن واحة تقريباً الآن لها من المواهب الطبيعية والذكرى التاريخية ما جعلها تفوق كثيرا من الاقسام والاقاليم الاخرى المغربية وغير المغربية. ولم يمنعها وقوعها على حوف الصحراء ان تكون بها اراضى ذات خصب تخرج من الغلال والثمار ما يزيد عن حاجة اهلها وتجرى فيها عدة انهار تنحدر رابيها من الجبال المغربية عند سقوط الامطار وذوبان الثلوج كما ان بها كثيرا من المياه والعيون العذبة وتزرع فيها الفواكه بانواعها والنخيل والحبوب. ففيها التين والزيتون والعنب والرمان والخوخ والمشمش والجوز واللوز، ومن الحبوب الحنطة والشعير وعليهما معول اهل البلاد فى المعيشة. وكذا التمر والذرة والحمص والباقلاء والجلبان وانواع كثيرة من البقول والخضر كالبطيخ والقثاء واللفت والكرنب والجزر والباذنجان والباميا وغير ذالك. وهواءها معتدل صحى ولذالك ترى اهلها غاية فى النشاط والقوة وحسن الخلق.

وشكل الارض سهول تتخللها الجبال والهضاب والرمال والاودية والسباخ فى بعض الامكنة. فكأنها اشبه شئ بالبلاد العربية "جزيرة العرب" ولذالك نجد اكثر من نصف سكانها من العرب الذين جاءوا هذه الاقطار بعد الفتح الاسلامى، وعمروها واستوطنوها ولشدة الشبه لا يكاد الناظر اليها يفرق بينها وبين بعض الجهات من جزيرة العرب.

فالسائر فی تافیلالت لایزال یری خیام البدویة مبثوثة بین هاتیک القفار وعلى ظهور التلال والکثبان والانعام منتشرة ترعى والقوافل البدویة غادیة رائحة- ویبلغ مجموع سکان هذا الاقلیم من العرب والبربر نحو الثمانمائة او العشر مائة الف- ویقتنی اهل هذه البلاد من الحیوانات الابل والبقر والغنم- ولهم کثیر من الصنائع الجمیلة الفاخرة- وکلهم یعملون رجالا ونساء- فنساء تلک البلاد یشتغلن بنسج الصوف فیصنعن منه الثیاب الثمینة والفرش القیمة من اکسیة وبسط وزرابی والرجال یشتغلون بالزراعة والتجارة وما اشبه ذلک

الشهرة التاریخیة

استهرت هذه البلاد بالمدینة التاریخیة المشهورة التی کانت هناک حاضرة لهذا الاقلیم وهی مدینة سجلماسة- وهی فی الکتب وعند اهل المعرفة اشهر من "قفا" بل من نار علی علم- ذکرها یاقوت فی معجم البلدان وهذا النص-

"سجلماسة بکسر اوله وثانیه وسکون اللام بعد الالف سین مهملة مدینة فی جنوب المغرب فی طرف بلاد السودان بینها وبین "فاس" عشرة ایام تلقاء الجنوب- وهی فی منقطع جبل[۱] "دزن" وهی فی وسط رمال کرمال زرود" ویتصل بها من شمالها جد من الارض بمر بها نهر کبیر یخاض قد غرسوا علیه بساتین ونخیلا مد البصر- وعلی اربعة فراسخ منها رستاق

[۱] سلسلة جبال تمتد من غربی بلاد مراکش الی تونس شرقا- وهی من اشهر جبال شمال افریقیه

يقال له يتومتين على نهرها الجاري، فيه من الاعناب الشديدة الحلاوة ما لا يحد، وفيه ستة عشر صنفا من التمر ما بين عجوة ودقل. واكثر قوت اهل سجلماسة من التمر وغلتهم قليلة ولهم يد صناع في غزل الصوف فهن يعملن منه كل حسن عجيب بديع من الأزر تفوق القصب الذي بمصر، يبلغ ثمن الازار خمسا وثلاثين دينارا او اكثر كارفع ما يكون من القصب الذي بمصر، ويعملون منه غفارات[1] يبلغ ثمنها مثل ذلك ويصبغونها بانواع الاصباغ، وبين سجلماسة ودرعة اربعة ايام واهل هذه المدينة من اغنى الناس واكثرهم مالا، لانها على طريق من يريد غانة التي هي معدن الذهب ولأهلها جرأة على دخولها" انتهى بنصه ج ۳ ص ۵ الخ

وذكر ابو القاسم بن حوقل النصيبي في كتابه (كتاب صورة الارض) المطبوع في ليدن سجلماسة، مدينة سهلية سبخة لها غابات نخيل ولها نهر كالنيل في زيادته يسمى "زيز"[2] يجتمع من جبال تخرج من جبل "درن" ويصب في وادي "درعة" ويحيط بسجلماسة سور احاطته اثنا عشر فرسخا لا يعرف في قبليها والاغربيها عمران ومنه مدخل الداخل الى بلاد السودان مسيرة شهرين في صحراء عامرة بطوائف من البربر المتوحشين الذين لا يعرفون غير البادية، تتصل مساكنهم ببلد "اغدامسن" وهو بلد بصحراء طرابلس الغرب، وهم خلائق لا يحصى عددهم الا الله، واموالهم الانعام وعيشهم اللحم واللبن وحبوب تنبتها

---

[1] الغفارات جمع غفارة منديل تشد به المرأة شعرها، ونوع من الخمر ايضا. [2] هكذا كتبه، والمشهور عند اهلها زيز بالزاي المعجمة وكذلك ذكرها اليعقوبي ايضا في كتابه "البلدان".

ارضهم زمن الربيع، والذرة تجلب اليهم، يمر على أحد هو العمر الطويل ولا يرى على يده خبزا الاما يحمله التجار الوارد ون عليهم من بلاد المغرب وهم ظواعن فى طلب الكلاء (أى هولاء البربر) لا يستقر بهم منزل، يلبسون الجلود الا قليلا منهم، فانهم يلبسون القطن، ويجلب اليهم من بلد "كوكو" (بلد فى السودان) واليها يسافرون للانتجاع) انتهى بنصه

وذكرها احمد ابن ابى يعقوب المعروف باليعقوبى فى كتابه المسمى البلدان فقال "وسجلماسة على نهر يقال له "زيز" وليس بها عين ولا بئر وبينها وبين البحر عدة مراحل وأهل سجلماسة اخلاط، والغالبون عليها البربر، واكثرهم صنهاجة وزرعهم الدخن والذرة وزرعهم على الأمطار لقلة المياه عندهم، فإن لم يمطر والم يكن لهم زرع ومن مدينة سجلماسة قرى تعرف ببنى درعة، وفيها مدينة ليست بالكبيرة دنا مدلت، ليحيى بن ادريس العلوى، عليها حصن كان منها عبد الله بن ادريس وحولها معادن ذهب وفضة يوجد كالنبات، ويقال إن الرياح تسفيه والغالب عليهم قوم من البربر يقال لهم "ترجا" وذكر فى كتاب "المُغرب فى ذكر افريقية والمُغرب احد أجزاء المسالك والممالك تاليف عبد الله بن عبد العزيز البكرى، وقال "ومدينة سجلماسة بنيت سنة اربعين ومائة وبعمارتها خلت مدينه تورغة وبينهما يومان، وبعمارتها خلت مدينه زيز ايضا، وهى مدينة سهلية أرضها سبخة، حولها رباض كثيرة وفيها دور رفيعة ومبان سرية ولها بساتين كثيرة وسورها أسفله مبنى بالحجارة واعلاه بالطوب بناه اليسع ابو منصور بن ابى القاسم من ماله لم يشركه فى الانفاق عليه أحد انفق عليه الف مد طعاما، وله اثنا عشر بابا ثمانية منها

حتى يبدوا وكان بناء اليسع له سنة تسع وتسعين ومائة، وارتحل اليها سنة
مأتين، وقسمها على القبائل على ما هى عليه اليوم، وهى على نهرين عنصرهما
من موضع يقال له أجلف، تمده عيون كثيرة فاذا اقترب من سجلماسة
تشعب نهرين يسلك شرقيها وغربيها وجامعها متقن البناء بناه اليسع فاجاد
وحماماتها ردية البناء غير محكمة العمل، وماءها زعاق، وكذلك
جميع ما ينبط من الماء بسجلماسة وشرب زروعهم من النهر ويعنى
سقى زروعهم فى حياض كحياض البساتين، وهى كثيرة النخل
والاعناب وجميع الفواكه وزبيب عنبها المعرش والذى لاتناله الشمس لا
يزبب إلا فى الظل، ويعرفونه بالظلى، وما أصابته الشمس منه زبب فى
الشمس، ومدينة سجلماسة فى اول الصحراء لا يعرف فى غربيها ولا
قبليها عمران، وليس بسجلماسة ذباب، ولا يتجذم من اهلها
احد، واذا دخلها مجذم توقفت عنه علته واهل سجلماسة
ياكلون الزرع اذا اخرج شطأه، وهو عندهم مستطرف
والكنافون، والبناءون عندهم يهود، ولا تتجاوزهم هذه
الصناعة، ومن مدينة سجلماسة تدخل الى بلاد السودان الى غانه
وبينها وبين مدينة غانه مسيرة شهرين فى صحراء غير عامرة الا بقوم
ظاعنين، لا يطمئن بهم منزل وهم بنو مسوفة من صنهاجه ليس
لهم مدينة يأوون اليها الا وادى درعة، وبين سجلماسة ووادى
درعة مسيرة خمسة ايام، وملك بنو مدرار سجلماسة مائة وستين
سنة، وكان فيها ابو القاسم سمجون واسول المكناسى ابو اليسع
المذكور، وجد مدرار لقى بافريقية عكرمة مولى ابن عباس وسمع منه

وكان صاحب ماشية وكثيرا ما ينتجع موضع سجلماسة فاجتمع اليه قوم من الصفرية، فلما بلغوا اربعين رجلا قدموا على انفسهم عيسى بن مزيد الاسود وولوه امرهم، فشرعوا فى بنيان سجلماسة وذلك سنة اربع ومائة، وذكر آخرون ان مدرار كان حدادا من ربضية الاندلس، فخرج عند وقعة الربض فنزل منزلا بقرب سجلماسة اذ ذاك براح يجتمع فيه البربر وقتا ما من السنة يتسوقون فكان مدرار يحضر سوقهم بما يعده من الات الحديد، ثم ابتنى بها خيمة وسكنها وسكن البربر حوله، فكان ذلك اصل عمارتها، ثم تمدنت، والاول اصح فى عمارتها واما مدرار فلا شك فيه انه كان حدادا، لأن ولده القائمين بامر سجلماسة قد هجوا بذلك فاول من وليها عيسى بن مزيد، ثم انكر اصحابه الصفرية عليه اشياء فقال ابو الخطاب يوما لاصحابه السودان كلهم سراق حتى هذا واشار الى عيسى فاخذوه وشدوه وثاقا الى شجرة فى رأس جبل، وتركوه كذلك حتى قتله البعوض فسمى ذلك الجبل جبل عيسى الى اليوم، ووليهم خمسة عشر عاما ثم ولوا ابا القاسم سمغو بن مزلان بن نزول المكناسى فلم يزل واليا عليهم الى ان مات فجاءة فى آخر سجدة من صلاة العشاء سنة ثمان وستين فكانت ولايته ثلاث عشرة سنة، ووليها ابنه ابو الوزير الياس ابن القاسم الى ان قام عليه أخوه ابو المنتصر اليسع فخلعه سنة اربع وسبعين ومائة فولى ابو المنتصر وكان جبارا عنيدا فظا غليظا فظفر ببنى عانده من البربر وذللهم واخذ خمس معادن درعة، واظهر الصفرية، وبنى سور سجلماسة على ما تقدم، وتوفى سنة ثمان ومائتين وولى ابنه مدرار

المنتصر ابن الیسع، ومدرار لقب، فلم یزل والیا الی ان اختلف الامر بین ولدیه میمون المعروف بابن اروی بنت عبد الرحمن بن رستم وابنه میمون ایضا المعروف بابن ثقیة فتنازعا الامر بینهما وتقاتلا ثلثة اعوام، ومال مدرار مع ابنه میمون بن الرستمیة فاخرج میمون بن ثقیة من سجلماسة، وولی ابن الرستمیة وخلع اباه، ثم قام علیه اهل سجلماسة فخلعوه واردوا انقد یم میمون بن ثقیة فأبی ان یتامر علی أبیه فاعادوا اباه مدرارا، ثم انس اهل سجلماسة انه قد استدعی ابنه ابن الرستمیه فمن اطاعه من درعة لیولیه، فحاصروا مدرارا وخلعوه وقدموا ابنه ابن ثقیة وهو المعروف بالامیر فلم یزل علیهم والیا الی ان مات سنة ثلاث وستین ومائتین، وفی امرته مات مدرار ابوه، مخلوعا وولیها محمد بن میمون الامیر الی ان توفی فی صفر سنة سبعین فولیها الیسع بن المنتصر بن ابی القاسم الی ان فر عنها لما تغلب علیها ابو عبد الله الشیعی فی ذی الحجة سنة سبع وتسعین و مائتین، وولی علیها الشیعی ابراهیم بن الغالب المزاتی فقتله اهل سجلماسة ومن کان معه من رجال الشیعی بعد خمسین یوما، وولیها واسول وهو الفتح بن الامیر میمون وذلک فی ربیع الاول سنه ثمان وتسعین ومائتین، وتوفی فی رجب سنه ثلاثمائة، فولیها اخوه احمد الی ان حاصره فیها مصالة بن حبوس، وافتتحها عنوة فقتله، وذلک فی المحرم سنه تسع وثلاثمائة، وولی مصالة امرها المعتز بن محمد بن ساسر بن مدرار الی ان توفی سنه احدی و عشرین وثلاثمائة، وولیها ابنه محمد بن المعتز الی ان توفی سنة احدی

وثلاثين وثلاثمائة، ووليها ابنه ابو المنتصر سمغو بن محمد، وهو ابن
ثلاث عشرة سنة تدبر امره جدته فمكث كذلك شهورين وقام عليه
ابن عمه محمد بن الفتح ابن الامير بخاربه وتغلب عليه واخرجه
وتملك سجلماسة اوكان محمد بن الفتح سنيا على مذهب المالكية
بحسن السيرة، ويظهر العدل، الا انه تسمى باميرالمؤمنين سنة اثنتين و
اربعين، وتلقب بالشاكر لله، وضربت بذلك الدراهم والدنانير، فمكث
كذلك الى ان قربت منه عساكرابي تميم معد مع قائده جوهر الكاتب
فخرج عن سجلماسة باهله وماله وولده وخاصته، وصار رتبا
سجلماسة الى تاسجدالت ، حص منيع على اثنى عشر ميلا من سجلماسة
ودخل جوهر سجلماسة، وملكها وذلك سنة سبع واربعين وثلاثمائة
وخرج محمد من الحصن في نفريسير من اصحابه الى سجلماسة ليتعرف
الاخبار، فعرفه قوم من مطغرة في بعض الطريق، فاخذوه واتوابه
الى جوهر في رجب من ذلك العام - ويزرع من ارض سجلماسة عاما
ويحصد من تلك الزريعة ثلاثة اعوام، لانه بلد مفرط الحر شديد
القيظ، فاذا يبس زرعهم تناثر عند الحصاد وارضهم متشققة فير
تفع ماتناثر منه في تلك الشقوق، فاذا كان في العام الثاني حرث بلا بذر
وكذلك في الثالث، وقمحهم رقيق صيني (نسبة الى الصنية لا الى
الصين) ليسع مد النبي صلى الله عليه وسلم خمسة وسبعين
الف حبة ومدهم اثنا عشر قنقلا، والقنقل ثمانى زلافات، والزلافة
ثمانية امداد بمد النبي صلى الله عليه وسلم ومن الغريب عندهم
ان الذهب جزاف عدد بلا وزن، والكراث يتبايعونه وزنا لاعددا

انتهى من صفحه ۱۸۰ الى ۱۵۲ من كتاب "المُغرب فى ذكر بلاد افريقية "والمغرب
احد اجزاء الكتاب المعروف بالمسالك والممالك لابى عبيد عبد الله
بن عبد العزيز البكرى، وذكر صاحب "ملوك المسلمين المعاصرين ودولهم"
(الامين محمد سعيد) فى ترجمة سلطان المغرب الاقصى فى صفحة احدى
وثمانين وثلاث مائة (۳۸۱)، ووالده اى سلطان المغرب مولاى يوسف بن
مولائى الحسن سليل اشراف تافيلات (هكذا كتبها، والصحيح
تافيلالت) الحسنيين، وقد اسسوا دولتهم فى المغرب الاقصى سنة
۱۶۶۰ واصلهم حجازيون، هاجروا من ينبع، ويلقب السلطان منهم
بلقب الخلافة الخ

السيد محمد العربى المراكشى

پنجابی قصّے فارسی زبان میں

[ڈاکٹر محمد باقر صاحب کے اس مضمون کی پہلی قسط اگست ۱۹۴۳ء کے میگزین میں شائع ہوئی تھی (ص ۱-۳۲) لیکن افسوس ہے کہ کاتب نے غلطی سے اس کو ایسی جگہ ختم کیا جہاں جملہ بھی تمام نہیں ہوتا تھا۔ ہم ناظرین سے معافی چاہتے ہیں۔ تسلسل کو قائم رکھنے کی خاطر ہم نے ص ۳۲ کے آخری پیراگراف کی عبارت کو موجودہ قسط میں دوبارہ لکھوا دیا ہے۔]

(اڈیٹر)

پنوں یہ تعریف سُن کر سسی کو دیکھنے کے لئے بے تاب ہوجاتا ہے۔ اور کیچ کو چھوڑ کر بھنبور کی راہ لیتا ہے۔ بھنبور پہنچ کر سسی کو ایک خط لکھتا ہے۔ اور سسی اُسے اپنی عزت و ناموس کا پاس دلا کر فن گازری کی تحصیل کی تلقین کرتی ہے۔ پنوں سسی کے کہنے پر دھوبیوں کا کام شروع کر دیتا ہے۔ اور جب فن گازری میں طاق ہوجاتا ہے تو مالک۔ یعنی سسی کے باپ سے سسی کی خواستگاری کرتا ہے۔ دونوں کی شادی کے بعد پنوں کے اُمرا مشورہ کر کے پنوں کو بھنبور سے نکال لے جاتے ہیں۔ اس سے آگے منشی نے جزئیات کی تفصیل کے سوا سسی اور پنوں کی موت تک وہی واقعات بیان کئے ہیں جو جوت پرکاش نے نظم کئے ہیں لیکن قصے کو سسی اور پنوں کے زمین میں دفن ہوجانے کے ساتھ ہی ختم کر دیا ہے۔ اس سے فنی حیثیت سے منشی کی مثنوی کا انجام زیادہ کامیاب رہا ہے۔

منشی آ بنجہانی کی مثنوی جوت پرکاش کی مثنوی سے نہ صرف افسانوی حیثیت سے زیادہ کامیاب ہے بلکہ لسانی اور شاعرانہ نقطہ نگاہ سے بھی جوت پرکاش کی مثنوی سے

بہتر ہے۔ جوت پرکاش نے جو واقعات ۲۲۴۸ اشعار میں نظم کئے ہیں منشی نے وہی واقعات صرف ۹۸۲ اشعار میں نظم کر دیئے ہیں۔ اس کے باوجود قصے کے تسلسل یا اہم جزئیات کی تفصیل میں فرق نہیں آیا۔ اس لئے ہمارے خیال میں منشی کی مثنوی جوت پرکاش کی مثنوی سے ہر لحاظ سے بہتر ہے۔ ذیل میں منشی کی مثنوی کا ایک مختصر سا انتخاب پیش کیا جاتا ہے اور اس کا متوازی حصہ جوت پرکاش کی مثنوی سے بھی نقل کر دیا گیا ہے۔ ان اشعار سے اندازہ ہو سکے گا کہ ہمارا دعوے کس حد تک صحیح ہے۔

انتخاب کلام

سسی کے جوان ہونے کا ذکر منشی نے مندرجہ ذیل اشعار میں کیا ہے۔ دستور عشق سے اس کا متوازی حصہ پہلے نقل ہو چکا ہے۔

(ورق ۹)

بوقتِ نیک روزی بہجت اندوز — سسی کردند نامِ آں دل افروز
بلفظ ہندیش شد نام مہتاب — ازیں رو نام او سسی است دریاب
نخستیں سال کرد آں عشوہ پرداز — کتابِ حسن را بسم اللہ آغاز
دو سالہ چوں شد آں آشوب دلہا — شراب حسن زد جوش دوبالا
بسالِ ثالث آں برقِ زمانہ — شرر زاد از مو ایسہ سہ گانہ
چہارم سال از رنگیں بیانی — رباعی شد ز دیوانِ فغانی
نظر بر حسن معنی چوں گمارم — بود ہر مصرعہ اش مصرعہ چہارم
گذشت از عمر او چوں سال پنجم — حواسِ دلفریبی شد فراہم
چو شد شش سالہ آں مہ پارۂ حسن — زد اندر شش جہت نقارۂ حسن
بہفتم سال چوں بربست ہر ہفت — عنانِ ہوش ہفت انجم ز کف رفت
بہشت آں گلشنِ حسن خدا داد — بہشتِ تازہ گردید بنیاد
چو شد نہ سالہ آں عیار گستاخ — فتاد آوازۂ حسنش بنہ کاخ

دہم سال آں فریب کج کلاہاں — شدہ عاشورہ قتل بے گناہاں
چو از دہ سال دیگر رفت بالا — دو ہفتہ ماہ شد آں سرو رعنا
بفرق سر زکلک دُر شہوار — نمایاں کہکشاں اندر شب تار
شب از گیسوے او یک حلقہ موی — سواد ہند را زو زنگ بر روی

....

منشی جوت پرکاش کی مثنوی دستور عشق میں پہلا خط سسی کی طرف سے پنوں کو پہنچتا ہے۔ لیکن اندر جیت منشی، نامۂ عشق میں پہلا خط پنوں سے لکھواتے ہیں۔ جوت پرکاش نے جہاں ایک طویل خط لکھا ہے۔ وہاں منشی نے ایک مختصر سے خط میں وہی مضمون ادا کر دیا ہے:۔

(نامۂ عشق، ق ۴۴)

سخن کوتاہ ز درد دل پیامی — ز پنوں جانب سسی سلامی
گراے بر بستر ناز آرمیدہ — من از عشقت بخاک و خوں طپیدہ
تو اندر حجلۂ رنگیں طرب ناز — ز رو ئم رنگ عشرت کردہ پرواز
ترا بر سر زعز و ناز افسر — مرا صد کوہ غم افتاد بر سر
ترا بر گردن از گلہا حمائل — مرا از سوز دل صد داغ بر دل
ترا از پرنیاں و خز نہالیں — مرا در زیر سر از سنگ بالیں
ترا کاشانہ رشک صحن گلزار — مرا گلزار بے رویت کف و خار
جگر خونم ز بے پروائی تو — کباب آتش رعنائی تو
چنیں غافل ز حال من چرائی — الا اے جاں چرا از تن جدائی
چرا آگہ نئی از بسمل خویش — چرا ناخن زنی بر سینۂ ریش
بشوخی رخ چو برق افروختن چیست — نگہہ وز دیدن و جان سوختن چیست
چرا پنہاں شدی اے آب حیواں — بلب آمد ز شوقت تشنہ را جاں

زشوقِ تیشہ بر پایم چو فرہاد — زشیریں کاریت فریاد فریاد
علاجم کن علاجم کن علاجم — بیا یعنی بقصدِ از دو اجم
وگرنہ جاں دہم در راہِ عشقت — بسوزم از شرارِ آہِ عشقت
زخونِ بے گناہ شرمندہ باشی — تاسف ہا خوری تا زندہ باشی
زآہ من حذر شرطاست شرطاست — نزاکردم خبر شرطاست شرطاست

اب جوت پرکاش کا خط ملاحظہ کیجئے جو سسی نے پنوں کو لکھا ہے:۔

سلامِ سجدۂ پیشانیٔ شوق — سلامِ قاصدِ خمیازۂ ذوق
سلامِ بسمل درخوں طپیدہ — بسوئے قاتلِ بسمل ندیدہ
گلے بودم بباغ حسن نوخیز — بہارم از جبینِ گل عرق ریز
ندیدہ شدتِ بادِ دمِ سرد — نہ نیرنگِ خزانِ چہرۂ زرد
بخوابم دردِ عشق آمد جلوہ ریز — بگفت از بستر آرام برخیز
حریم سینہ ام چوں دزد بشگافت — متاعِ طاقتم برد آنچہ دریافت
دلم چوں پاسباں گردید بیدار — ز تیغ غیرت او گشت افگار
جمالت آتشے زد در دلِ من — خیالت گشت برق حاصلِ من
بزرمِ خواب تا گشتی نمودار — رہِ خوابم زدی اے بخت بیدار
بہ پنداری نبردم رہ بجائی — جگر بستم ندیدم دلکشائی
بہ زخم وشنۂ بے تابیٔ دل — طپیدم ہمچو مرغِ نیم بسمل
رسید از گرمیٔ امید مہمیز — ہوس آتش عناں شد دل جلوہ ریز
چو گشت از آتش حسرت دلم آب — شدم از خدمتِ ایں بحر سیراب
بحکم شہ دریں گلشن چمیدم — دریں جا فال بختِ سبز دیدم
رسید از گلبن امید بویم — معطر شد دماغ آرزویم

اوستنیہ عشق
ص ۶۱ :

ترا از خار خارم تا فراغ است	دریں گلشن دلم چوں لالہ داغ است
تنم مد الف شد بر سر آب	ز خشکیہائے سودا در خم و تاب
چو اختر شب ہمہ شب زندہ دارم	ازیں بد اختری اختر شمارم
بروز اندر رہت اشکِ جگر بار	گل افشاں است از خونِ دلِ زار
بدیں اُمید مشت استخوانم	کہ آئی چوں ہما در آشیانم
سسی نامم مہ روشن جمالم	جدا از آفتابِ خود ہلالم
بہارِ نوجوانی تازہ جوشست	ولے زاغ از زغن الفت فروشست
بیا و عندلیبِ ایں چمن باش	نوائے حسرت زاغ و زغن باش
بیا با شکرم آمیز چوں شیر	مگس گردد مبادا چاشنی گیر
زدی شبخوں بخوابِ فتنہ تعبیر	بہ بیداری ہم اندر روزم خبر گیر
گر تعبیر ایں خواب از تو یابم	غلط گفتم تو ئی تعبیر خوابم
ز شوقت بےخودم چوں موج بادہ	ہمہ تن گشتم آغوشِ کشادہ
بود در انتظارم طاقتم طاق	نگہ نشتر شکن بر چشمِ مشتاق

اِس سے آگے پھر ایک طویل قصیدہ ہے۔ جو پہلے نقل ہو چکا ہے اِس کے بعد پھر چند اشعار الحاقی ہیں۔ دونوں خطوں کا مقابلہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ منشی کا خط مجمل ہونے کے علاوہ پُر معنی ہے۔

ج۔ وقائع پنوں

وقائع پنوں دو گمنام شاعروں کی تالیف ہے۔ اس کا آخری حصہ جو ۸۰ اشعار پر مشتمل ہے وُہ محمد حسین کا نظم کیا ہوا ہے۔ تاریخ تصنیف اِس کی معلوم نہیں ہو سکتی لیکن حسین کے اشعار سے پہلے یعنی قصّے کے ابتدائی اشعار سے پتہ چلتا ہے کہ حسین نے یہ شعر ۱۲۱۸ھ سے پہلے لکھے تھے۔ اِس تالیف کے متعلق تعجب انگیز امر یہ ہے کہ اس کا آخری

حصہ پہلے لکھا جاتا ہے اور اس حصے کو دیکھ کر ایک اور شاعر شہباز خاں اس کام پہ آمادہ ہوتا ہے کہ قصے کا ابتدائی حصہ نظم کر کے قصّے کو مکمل کر دے۔ محمد حسین حسینؔ کے متعلق مجھے کوئی معلومات حاصل نہیں ہو سکیں۔ سوائے اِس کے کہ وہ سنہ ۱۲۵۱ھ/۱۸۳۵ء میں فوت بھی ہو چکا تھا کیونکہ شہباز خاں نے جہاں اپنا حصہ ختم کیا ہے وہاں لکھا ہے:۔

ازیں جا شعر میاں محمد حسین مرحوم شروع می شود[1]

شہباز خاں کے سوانح حیات کے متعلق بھی کوئی اطلاع نہیں مل سکی۔ سوائے اس کے کہ وہ سنہ ۱۲۱۱ھ/۱۷۹۶ء میں پیدا ہوا تھا اور اس قصے کو نظم کرتے وقت اس کی عمر چالیس سال کی تھی:

یک یک نفسے عمرم رفتہ کہ برابر لک لک گنج بود
چل سال گذشت بہ بے ہوشی چو فراموشی از بنج بود

قصے کی تاریخ تصنیف کی طرف یوں اشارہ کیا ہے:۔

چوں[2] در غم یار زار بُدم خون خوار و دل افگار و حیران
تاریخ گذار ایں نظم شدم غم یار بفہم اسرار نہاں

غمِ یار سے سنہ ۱۲۵۱ھ کے اعداد برآمد ہوتے ہیں۔ اور یہی تاریخ تصنیف ہے۔

شہباز نے اس قصے کو نامکمل نظم کیا ہوا پایا تو اِس کو مکمل کرنے کی ٹھان لی لیکن خواہش کی تحریک کو عملی جامہ پہنانے کی جو وجہ تھی اُس کو "سبب تالیف" میں یوں بیان کیا ہے:۔

لیکن[4] زیں پیش حسین ولی کر داست بیان احوال سسی
ارضا اللہ عفاہ اللہ جزا اللہ عن ملتمسی۔

۱؎ وقائع بنوں، ص۳۹ ۔ ۲؎ ایضاً، ص۳ ۳؎ ایضاً، ص۳۹ ۔ ۴؎ وقائع بنوں، ص۳

زآغاز نکردہ شروع اورا انجام نمود بہ فہم رسی
من جہت تمام نمودنِ آن عازم گشتم از بوالہوسی
تصنیف شریف ولطیف وخوشش از عیب خطا پاکست چو جان
ہر خستہ جگر را چوں مرہم ہر بستہ کمر را راہِ رساں
من ناکس نارس زآز وہوس جہت اتمامش گشتم خواہاں
با عین حسین چہ می سنجد ایں اُسرب پُر غین اے یاراں
چوں دیدم شعر چو سحر اورا محبوب قلوب ہمہ عالم
موزون وپُر از مضمون پُرخون مشحون زحدیث درد والم
گفتم کہ بقدر رسائی خود آغاز بدو سازم منظم
این است سبب مرا لیکن سببی است جز ایں یکدیگر ہم
یاری است وفاداری ہمدم ہم محرم اسراری بہ یقیں
در شہر جلال آباد شدہ ز افضال کمال آرام گزین
دیں پیر شدہ زو گشت جواں دان نام شریفش پیر الدین
فرمائش کرد بمن کردن اتمام کلام چو در ثمین
فرمایش پُر زیبایش او افزایش اشواقم آمد
اتمام کلام نظام ہمہ الہام زخلاقم آمد
ہم را زآغاز بیان کردن آواز زعشاقم آمد
ہم نظم دریش ہیچو دربہ مرغوب زآفاقم آمد

اِس کے بعد شہباز نے اپنی علمی بے بضاعتی کا عذر پیش کرکے پہلے تو یہ بیان کیا ہے کہ وہ اس قصے کو لکھنے پر آمادہ نہ تھا لیکن پیر الدین کے تقاضے پر اُس نے اس قصّہ کا آغاز نظم کر ہی ڈالا۔

چنانچہ شہباز نے حسین کے آخری اسی (۸۰) اشعار سے پہلے چھ سو بیالیس (۶۴۲) اشعار لکھے اور قصہ کو مکمل کر دیا۔

وقائع پنوں کے مطالب

ساری نظم دوبیتوں کا مجموعہ ہے۔ یعنی ہر دو شعر ہم قافیہ ہیں اور ہر شعر کے ہر ایک مصرعے کا قافیہ جدا ہے۔ یہ ترتیب غالباً پنجابی شاعری کا اثر ہے۔ نظم کا آغاز حمد سے ہوتا ہے جس کے بعد ایک طویل نعت ہے۔ اور اس کے بعد خلفائے راشدین کی تعریف میں کچھ شعر درج ہیں۔ پھر مصنف نے اپنے حال اور تاسفِ مآل کے سلسلے میں کچھ شعر نظم کئے ہیں۔ لیکن ان اشعار میں سے مصنف کے کوائف حیات پر اس کے سوا اور کوئی روشنی نہیں پڑتی کہ اُس کا نام شہباز تھا اور اُس نے اپنی عمر یوں ہی گنوا دی تھی۔

شہباز بنام نیاز او ہام افتادہ بدام ضلالت ہا[1]

اظہار کنم گفتار بنواز روئے غبار و ملالت ہا

پھر سبب تالیف کے بیان کے بعد قصہ شروع ہو جاتا ہے۔ اور آخر تک قصہ ہی چلتا ہے۔

قصّہ

شہباز اور حسین کا نظم کیا ہوا قصہ دوسرے قصوں سے مختلف ہے۔ یہاں تک کہ کرداروں کے نام بھی مختلف ہیں۔ مثلاً سسّی کے والد کا نام آدم جام بتایا ہے[2]:

بود است بہ شہر بھنبور شہے صاحب کلہی عالی جاہی

با زیب و فری فرمان سپری انصاف گری شاہنشاہی

با نام بُد آدم جام چو جم با لشکر و خیمہ و خرگاہی

لیکن زپے اولاد بُدی غمگین و حزیں بانی آہی

[1] وقائع پنوں، ص۔۹ [2] ایضاً، ص ۱۱۔

اس بادشاہ آدم جام کے ہاں سسی پیدا ہوتی ہے۔ اور کاہن اُس بادشاہ کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اپنی لڑکی کو قتل کروائے کیونکہ وہ منحوس ثابت ہونے والی تھی۔ آدم جام کاہنوں کا مشورہ تو قبول کرلیتا ہے۔ لیکن محبت پدری سے مجبور ہو کر وہ لڑکی کو قتل نہیں کرنا چاہتا اور وزرا کے مشورہ کے مطابق روتا دھوتا لڑکی کو صندوق میں بند کرکے بہا دیتا ہے۔ لڑکی بہتی ہوئی ایک دھوبی کے پاس پہنچتی ہے جس کا نام اتا (دوسرے شاعروں نے عطا نظم کیا ہے) ہے۔ لڑکی اتا کے پاس پلتی ہے۔ تربیت اور تعلیم پاتی ہے اور جوان ہونے پر اُس کاغذ سے اپنا حسب ونسب معلوم کرلیتی ہے۔ جو صندوق میں اُس کے ساتھ بند تھا اور اب تک محفوظ تھا۔ اِس اطلاع سے سسی مضطرب ہوجاتی ہے اور اُس کی پریشانی اور وحشت اُس وقت اور بھی بڑھتی ہے۔ جب اُسے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اُس کی خواستگاری کے لئے کئی لوگ کوشش کر رہے ہیں۔ اُس وقت سسی خدا سے شکایت کرتی ہے۔

یارب تو یکے ہجرت دادی از صحبت و قربت مام وپدر
دیگر ایں چہ ستم آمد بر من کہ فتم در قید کسے کہتر
زیں بر دن حسرت وخوردن خوں بسپردن جاں زجہاں بہتر
در دار فنا دم بے دردا دردا کہ نہ زادے مادر

آخر کار اپنے مضطرب دل کو تسکین دینے کے لئے ایک منجم کے پاس پہنچتی ہے اور اُس سے اپنے ہونے والے خاوند کا حسب ونسب اور حُلیہ پوچھتی ہے۔ منجم اُسے بتاتا ہے کہ اُس کا خاوند شاہزادہ پنوں ہونے والا ہے۔ جو قوم ہوت کا فرد ہے اور سیرت وصورت کے جملہ محاسن کا حامل ہے۔ سسی نے یہ خوش خبری سُنی تو منجم کو انعام واکرام سے مالا مال کر دیا۔ اور مال سے کہا کہ وہ اُس کی شادی کا خیال چھوڑ دے۔ اِس پر سسی اور اتا کی بیوی میں خوب ٹھن گئی۔ اتا کی بیوی نے اپنے اَن گنت احسان گنوائے اور سسی کو شادی پر آمادہ کرنا چاہا لیکن سسی نے

له وقائع پنوں ص ۱۷۱۔ ٢ه بلوچوں کی ایک ذات ہے۔

ایک دشمنی اور آخر کار ماں کے اصرار پر کہہ دیا۔

من دختر آدم جام شہم نے از نسل کس ہیچ کسے
کے دختر شاہاں چوں ماہاں خواہاں باشند بہر کسے

ماں نے یہ جواب سُنا تو بہت برافروختہ ہوئی۔ اس پر سسی کی سہیلیوں نے سسی کو اِس امر پر اکسایا کہ وہ اپنے باپ کو خط لکھے اور ساری کیفیت بیان کرے۔ چنانچہ سسی اس امر پر آمادہ ہوگئی۔ اور اُس نے باپ کو ساری کیفیت لکھ کر استدعا کی کہ وہ اُسے ناسمجھ پالنے والوں سے نجات دلائے۔ آدم جام کو جب یہ خط پہنچا تو اُس نے بیٹی کو فوراً جواب بھیجا اور اپنی حرکت پر ندامت کا اظہار کرتے ہوئے اپنی بیٹی سے پوچھ بھیجا کہ اب تلافیٔ مافات کس طرح ہو سکتی ہے۔ سسی نے جواب لکھا کہ بادشاہ اُس کے لئے ایک محل اور چمن تیار کرا دے۔ نیز اسے گذر گاہوں کا حاکم بنا دے تاکہ وہ آئندہ و رونده سے باخبر رہے۔ بادشاہ نے دونوں درخواستیں منظور کر لیں۔ سسی کے لئے دریا کے کنارے ایک باغ تیار کیا گیا جس میں روئے زمین کے پھول اور درخت جمع کر دیئے گئے۔ اور سسی کو حاکم معبر بھی بنا دیا گیا۔ سسی اس باغ میں رہنے لگی اور دو چار کنیزیں اُس نے گذر گاہوں پر متعین کر دیں تاکہ وہ ہر آنے جانے والے سے پنوں کے متعلق اخبار بہم پہنچائیں۔ ملاحوں کو حکم ہوا کہ جب تک مسافر اپنے حالات بیان نہ کریں اُس وقت تک انہیں کشتیوں میں نہ سوار کیا جائے اور نہ انہیں کناروں پر اتارا جائے۔

کچھ وقت اِسی طرح گذر گیا اور سسی کو پنوں کے متعلق کوئی اطلاع نہ مل سکی۔ اور پھر ایک رات خواب میں سسی کو پنوں نظر پڑا۔ اور سسی کے گریہ و زاری کے جواب میں پنوں نے اُس سے بیان کیا کہ وہ عنقریب اُس سے آملے گا۔ سسی صبح بیدار ہوئی تو اُس کی بے تابی اور بھی بڑھی ہوئی تھی۔ پہلے صرف پنوں کا خیال اُس کے ذہن

میں جا گزین تھا۔ اب اُسے پنوں سے عشق ہو گیا تھا۔ اور اب سسی ہر وقت پنوں کی آمد کی منتظر رہنے لگی۔ کچھ دنوں کے بعد سچ مچ پنوں کے عزیزوں کا ایک قافلہ کیچ سے بھنبور آ نکلا۔ یہ سب تاجر تھے اور سامان تجارت بیچنے کی غرض سے بھنبور آئے تھے۔ گماشتوں نے سسی کو اس قافلے کی خبر پہنچائی تو اُس نے حکم دیا کہ ان تاجروں کو پکڑ کر اُس کے سامنے پیش کیا جائے۔ تاجر گھبرائے۔ انہوں نے کچھ تحفے سسی کے لئے تیار کئے۔ اور جب اُس کے سامنے پیش ہوئے تو یہ تحفے پیش کر کے اپنی حراست کے لئے وجہ پوچھی۔ سسی نے اُن سے کہا: تمہارا بادشاہ پنوں ایک دفعہ کیچ سے ہمارے شہر میں آیا تھا۔ اور اُس نے ہم سے بہت سا قرضہ اس وعدہ پر لیا تھا کہ وہ اس قرضے کو لوٹا دے گا۔ اب یا تو تم ہمارا حساب چکاؤ یا پنوں کو یہاں لاؤ۔ ہم اب مزید انتظار نہیں کر سکتے۔ اگر تم اپنی خلاصی چاہتے ہو تو تین چار آدمیوں کو اپنے شہر میں واپس بھیج دو اور پنوں کو اس کیفیت سے آگاہ کرو۔

تاجر یہ عتاب آمیز خطاب سُن کر اپنی قیام گاہ کو لوٹے اور مشورہ کرنے لگے کہ کیا کیا جائے اس قافلے کے دو امیر تھے۔ ایک کا نام ہتن تھا اور دوسرے کا بنبھا۔ ان کے درمیان یہ طے پایا کہ بنبھا تو بھنبور میں رہے۔ اور ہتن کیچ کی راہ لے۔ اور پنوں کو وہاں سے لے آئے۔ ہتن نالاں و گریاں پنوں کے دربار میں پہنچا اور ساری کیفیت بیان کر کے کہا کہ ہم وہاں بے یار و مددگار پڑے ہوئے ہیں۔ اگر آپ وہاں تشریف لے چلیں تو ہماری گلو خلاصی ہو گی۔ پنوں نے ہتن کی سرگذشت سنی تو وہ فوراً بھنبور جانے کے لئے آمادہ ہو گیا۔ ایک جذبہ تو اُس کے دل میں تاجروں کو رہا کرانے کا تھا۔ لیکن درپردہ وہ ہتن سے سسی کے حُسن کی تفصیل سُن کر سسی کو دیکھنے کا بھی مشتاق ہو گیا تھا۔ چنانچہ پنوں جس وقت بھنبور پہنچا تو سسی کو دیکھتے ہی اُس نے سسی سے بیوی بننے کی التجا کر دی۔ سسی نے اُسے بتایا کہ وہ آتا کی لڑکی ہے اور اگر وہ اُس سے نکاح کرنا چاہتا ہے تو اُسے تاج شاہی سے ہاتھ

دھونے پڑیں گے۔ پنوں نے یہ منظور کر لیا اور سسی کے مشورہ سے اپنا نام غلام اسلام رکھا۔
اور اپنی ذات سپل بنالی۔ اور آتا کے سامنے اپنی درخواست پیش کر دی۔ آتا نے کچھ سوچ
بچار اور پوچھ گچھ کے بعد پنوں سے سسی کی شادی کر دی۔

یہاں سے آگے محمد حسین مرحوم کا نظم کیا ہوا قصہ شروع ہوتا ہے اور معمولی سے اختلافات
کے ساتھ باقی قصّے کی تفصیلات وہی ہیں جو منشی جوت پرکاش نے بیان کی ہیں۔

شہباز خاں اور محمد حسین کا نظم کیا ہوا قصہ لسانی لحاظ سے سب قصوں سے کم درجہ کا ہے
ان شاعروں نے ایک تو نامانوس سی بحر مثنوی کو نظم کرنے کے لئے چُنی ہے۔ دوسرے
عجیب وغریب الفاظ اور غیر شاعرانہ اصوات کی تراکیب سے قصّے کی روانی کو تباہ کر دیا ہے۔
بعض دفعہ یوں محسوس ہوتا ہے جیسے ہموزن قافیئے لغات سے تلاش کر کے اُن میں اپنے خیالات
کو کھپانے کی کوشش کی ہے۔ اسلوب بیان اس قدر اُکھڑا اُکھڑا ہے کہ خاص غور و خوض سے
ہی افسانے کا تسلسل ذہن میں محفوظ رہتا ہے۔ ورنہ مضمون شعر خبط ہو جاتا ہے۔ مندرجہ
ذیل مختصر سے انتخاب سے اِس امر کی تصدیق ہو گی:۔

انتخابِ کلام

سسی اور پنوں کی شادی کے بعد پنوں کے بھائی سسی کے پہلو سے پنوں کو اٹھا کر
لے جاتے ہیں۔ اس واقعہ کو محمد حسین نے یوں نظم کیا ہے:۔

شد مست شراب خراب سسی در خواب زجور جہاں غافل
سرشار خمار غبار پنوں زشرارت اخوال لایعقل
برجست عمر بربست کمر پئے قتل دو عاشق بے حاصل۔
بگذاشت سسی را در خلوت انداخت پنوں را در محمل
فی الفور رانداں جا گشت رواں آہستہ چو دزداں نیم شباں
بہ ہماں اشتر بدگر محمل بنشست سوار شدہ غضباں

یکدست گرفت زمام شتر بدگر زد مقرعہ در پس آں
بگذشت شبا شب از تعلہا زاں پیش کہ باشد ریگ تپاں
شب رفت گذشت خیال سسی بکشاد دو چشم از خواب گراں
در پیش بخویش ندید پنوں دل ریش بہر سو شد نگراں
دانست کہ رفت حریف از بر تشریف نما شد باد گراں
بر داشت دو دست بزد بر سر ہم پے در پے چوں نوحہ گراں

. . . .

بگذاشت بھنبور اُفتاد لشور آنجائے کہ باشد دام و دداں
نے راحلہ نے پاپوش بپا بود اشک رواں فریاد کناں
میرفت اجل ہمدوش پوے از چاشنیٔ سکرات چشاں
تا آنکہ دراں تھل حادثہ زا ناگہ نگہش افتاد شباں
چہ شباں کہ کسے بہ قوی ہیکل می گشت دراں تھل واحد جاں
کمبل چو کول بید دل بر سر کہ بر وزمطر بند ندکساں
ساطور و رسن بستہ بہ کمر در دست بتر چوں جان کشاں
چوں دیو مہیب قریب سسی آمد بہ سیاست نعرہ زناں

. . . .

جاں کرد بحق تسلیم سسی دل گشت دو نیم از بیم شباں
گوئی کہ چو ملک الموت شدش آں شکل شباں بخشیدن جاں
افتاد برخ بر روئے زمیں انداخت بخاک تن بے جاں
چوں ماہئی آب ز بے آبے لب تشنہ بمرد بہ ریگستاں

(وقائع پنوں، ص ۳۹-۴۱) (باقی آئندہ)

خطّاطی کے دو نادر نمونے

اس نمبر میں خطّاطی کے دو نایاب نمونوں کے عکس شائع کئے جا رہے ہیں، ایک خط نسخ کا نمونہ ہے اور دوسرا خط نستعلیق کا۔

(۱)

نسخ کا نمونہ ارغون کاملی کی ایک وصلی کا عکس ہے۔ اصل انجمن ترقی اردو (ہند) کے کتاب خانے میں محفوظ ہے اور ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب کے ہم مرہون منت ہیں کہ ان کی عنایت خاص سے یہ عکس ہم کو میسر آیا، اس میں صرف چار سطریں ہیں، پہلی سطر لفظاً ہر عبارت ماسبق سے متعلق ہے جو اصل میں درج نہیں ہوئی، کاتب نے اس پر تاریخ کتابت درج نہیں کی، معلوم ہوتا ہے کہ اصل کی سطح سادہ تھی ۱۳۴۴ھ/۱۹۲۵-۲۶ء میں "محمد علی المعروف بعمارزادہ" نے اس کی تذہیب کی۔ اصل کی زیارت ہم نے نہیں کی۔ دوست فاضل حافظ محمود شیرانی کے مشورہ سے انجمن نے اس وصلی کو خریدا تھا اور وہ اس کی قدامت سے مطمئن معلوم ہوتے تھے، اس کاتب کی تحریر بغایت درجہ نادر ہے۔ ہم کو کوئی اور نمونہ اس کی تحریر کا معلوم نہیں کہ مقابلہ ہو سکے۔ مگر یہ ضرور کہہ سکتے ہیں کہ ارغون کاملی[1] کو چونکہ عام طور پر ارغون کابلی لکھتے ہیں اور کم لوگوں کو معلوم ہے کہ اس کی صحیح نسبت کاملی ہے۔ اس وصلی میں نام اور نسبت کی صحیح صورت وصلی کی قدامت پر دلالت کرتی ہے اور یہ نسبت جو اشتباہ سے خالی نہ تھی اس وصلی کے ذریعہ صاف ہو جاتی ہے۔

---

[1] مثلاً دیکھیں حالات ہنروران از دوست محمد (۹۵۲ھ) طبع لاہور ۱۹۳۶ء ص ۲۲، آئین اکبری طبع دہلی ۱۲۷۲ھ ج ۱ ص ۸۰، مرقع العالم منسوب بہ بختاور خاں (م ۱۰۹۶ھ) اورینٹل کالج میگزین اگست ۱۹۳۲ء ص ۳۸، ان سب میں اس کو ارغون کابلی لکھا ہے، البتہ خلاصۃ التواریخ (منقول در اورینٹل کالج میگزین اگست ۱۹۳۲ء) میں ص ۲۴ پر اس کو ارغون کاملی لکھا ہے اور رسالہ خط و سواد مجنون رفیقی (تالیف ۹۰۹ھ) میں نسبت کو سرے سے محذوف ہی کر دیا گیا ہے،

ارغون کاملی کے متعلق بہت ہی کم اطلاعات ہم تک پہنچی ہیں، جو کچھ متفرق ماخذوں سے ملا ہے۔ وہ اس کے استاد یاقوت مستعصمی کے ذکر کے بعد درج ذیل کیا جاتا ہے

ساتویں صدی ہجری میں جمال الدین ابوالدر یاقوت مستعصمی نے خطاطی میں کمال پیدا کیا، ایسی شہرت اس سے پہلے فقط ابن مقلہ وزیر راضی باللہ اور ابن البوّاب نے پیدا کی تھی، یاقوت بھی لڑکا ہی تھا کہ غلام کی حیثیت میں بکا۔ اور خلیفہ مستعصم باللہ[1] نے اس کو خرید ا، اس طرح اس کی تربیت بغداد میں ہوئی اور خط کی تعلیم اس کو پہلے صفی الدین[2] عبدالمومن ارموی نے دی، پھر شیخ ابن جبیب نے، جب وہ خطاطی میں ماہر ہو گیا تو بغداد میں اولاد اکابر کو خط کی تعلیم دینے لگا، دور خلافت ختم ہوا تو صاحب دیوان علاء الدین بن جوینی کے نزدیک اس نے مکانت و منزلت پائی اور صاحب دیوان کی اولاد اور اس کے بھتیجے شرف الدین[3] ہارون نے یاقوت سے خط کی تعلیم پائی، علاوہ ماہر خطاط ہونے کے یاقوت ادیب عالم و فاضل اور شاعر تھا (الحوادث الجامعہ المنسوب بہ ابن الفوطی طبع بغداد ص ۵۰۰) الحوادث میں تو عربی اشعار اس کے دیئے ہیں اور شذرات الذہب (۵: ۴۴۳) میں دونوں مصنفوں نے اس کی تاریخ وفات ۶۹۸ھ لکھی ہے اور یہی تاریخ براکلمن نے

---

[1] خلیفہ مستعصم شوال ۶۰۹ھ میں پیدا ہوا اور صفر ۶۵۶ھ میں ہلاکو کے ہاتھوں ہلاک ہوا۔

[2] صفی الدین قریبًا ۸۰ سال کی عمر میں ۶۹۳ھ میں فوت ہوا، عربیت، نظم، شعر، انشا، تاریخ، خلاف، موسیقی کا عالم تھا، خط منسوب اس کے زمانے میں اس جیسا کوئی نہ لکھ سکتا تھا، وہ خلیفہ مستعصم کا مقرب تھا، جب خلیفہ نے اپنے آخری دنوں میں ایک نیا کتاب خانہ قائم کیا تو صفی الدین کو کتابدار مقرر کیا اور وہ کتاب خانے میں خلیفہ کے لئے کتابت کرتا رہا (تاریخ بغداد للعزاوی ۱: ۳۶۱)

[3] ۶۸۵ھ میں فوت ہوا (تاریخ بغداد العزاوی ۱: ۳۳۸)

تاریخ ادب عربی (ج ۱: ۵۰۸) میں اختیار کی تھی مگر تکملۂ تاریخ مذکور (۱: ۵۹۸) میں اس نے کہا ہے کہ مشہد کے کتاب خانہ رضوی میں یاقوت کا لکھا ہوا قرآن مجید ۷۰۷ھ میں مورخ ہے۔ اس لئے اس کا سال وفات ۷۰۷ھ کے بعد ہی ہوگا۔ یہ زمانہ سلطان محمد الجایتو کا ہے جو ۷۰۳ میں تخت نشین ہوا۔ تکملہ میں براکلمن نے چھ سات مخطوطوں کا ذکر کیا ہے۔ جو یاقوت کے خط میں ہیں اور اقطار عالم کے کتاب خانوں میں محفوظ ہیں۔ اور تین رسالوں کا ذکر بھی کیا ہے جو یاقوت کی تصنیف سے ہیں اور اب تک موجود ہیں۔

کہتے ہیں کہ یاقوت کو چھ قسم کے خطوط کے لکھنے میں مہارت تھی یعنی ثلث و توقیع و محقق، نسخ و ریحان و رقاع۔ مگر نسخ کے لکھنے میں اس کو خصوصیت سے کمال حاصل تھا۔ اس کے شاگردوں میں سے چھ آدمیوں نے بہت نام پایا ان کو استادان ستہ کہتے ہیں، ان کے نام یہ ہیں[۱]۔

(۱) شیخ زادہ سہروردی (۲) ارغون کامل (۳) نصر اللہ طبیب (۴) مبارک شاہ زریں قلم (۵) میر یحییٰ صوفی (۶) یوسف مشہدی۔

یہ فہرست خلاصۃ التواریخ (تصنیف حدود ۹۹۵ھ) میں درج ہے، دوست محمد (۹۵۲ھ) نے میر یحییٰ کی بجائے سید حیدر کا نام دیا۔ اور رسالۂ قطبیہ میں اس کو میر حیدر گندہ نویس لکھا ہے۔ بعض اور مصنفوں نے ان میں سے بعض اسماء میں اختلاف کیا ہے[۲] اور میرزا سنگلاخ نے استادان ستہ کی بجائے استادان تسعہ کی فہرست بنائی ہے، ان ماہران فن میں

---

[۱] نیز دیکھیں کلیماں ایوار کی کتاب خطاطان و مصوران شرق اسلامی ص ۶۔ [۲] تصنیف قاضی احمد ابراہیمی بن میر منشی اس کا کچھ حال حکیم شمس اللہ صاحب قادری نے شائع کیا تھا اس نے خطاطی پر بھی ایک رسالہ لکھا تھا (دیکھیں بلیٹین آف دی سکول آف اورینٹل سٹڈیز لندن ۱۹۳۹ء ص ۱۹۹ و بعد) پرانی اصلاح کا حال[؟] دائرہ مضمون کی طرف حال ہی میں محبی ڈاکٹر سید محمد عبداللہ نے میری توجہ منعطف کی قاضی احمد بن شرف الدین حسین حسینی مشہور بہ میر منشی کی خلاصۃ التواریخ جلد پنجم کے اقتباسات فارس نامہ ناصری ج ۱ ص ۹ و بعد پر بھی ملتے ہیں۔ [۳] دیکھیں کلیماں ایوار ص ۱۱ و بعد۔

سے ارغون کے متعلق مصنفین نے جو کچھ لکھا ہے اب وہ ملاحظہ ہو:

رسالہ خط و سواد مجنون رفیقی (۱۹۰۹ء) میں ہے :-

خواجہ ارغون رضوان اللہ علیہ شاگرد خواجہ یاقوت است گاہے چنان تقلید او در کردہ کہ مردم فرق نکردند (اورینٹل کالج میگزین اگست ۱۹۲۴ء ص ۱۷)

خلاصۃ التواریخ میں یاقوت کے ذکر کے بعد لکھا ہے:

از شاگردان او شش کس مسلم اند وایشان را استادان ستہ می گویند، در بعض قطعہ ہا کہ خط نوشتہ اند اسم یاقوت را نوشتہ اند (اورینٹل کالج میگزین اگست ۳۴ء ص ۲۴)

سلسلۃ الخطاطان میں مناقب ہنروران سے منقول ہے کہ عبداللہ ارغون خط محقق میں کامل تھا (کلیمان ایوار ص ۸)

مرزا سنگلاخ نے تذکرہ الخطاطین ص ۲۶ میں لکھا ہے امیرزادہ ارغون مولد و محتد کے اعتبار سے عراق عجم کا باشندہ تھا۔ مگر وہ بغداد میں متوطن تھا اور قرآن کی کتابت کیا کرتا تھا، اس کی تحریر اتنی محکم و استوار تھی کہ ویسا لکھنا حیز قدرت بشری سے باہر ہے، ۲۹ قرآن مجید اس کے کتابت کئے ہوئے میں نے دیکھے ہیں۔

کلیمان ایوار (ص ۸۵) نے میرزا سنگلاخ کی طرح کہا ہے کہ "عبداللہ ارغون" عراق عجم میں پیدا ہوا اور بغداد میں مقیم رہا۔ ارغون جوزر کی نام ہے اس کو یوں ملا کہ اس کی ماں ترکیہ تھی اور باپ عرب، وہ نہ صرف خط محقق میں بلکہ سب قسم کے خطوں میں ماہر تھا، اس نے ۲۰ مرتبہ قرآن مجید کی کتابت کی اور ۷۴۴ھ میں فوت ہوا، بغداد میں دو مدرسوں کے کتبے اس نے لکھے تھے، اسی مصنف نے ہم کو بتایا ہے کہ ارغون کی اولاد میں سے مولانا مرتضیٰ بھی نامور نساخ تھا اور اس کی کتابت ممالک ترکیہ میں معروف ہے۔

یہ دیوان شاہی[1] کے قلمی نسخہ کے ایک صفحہ کا عکس ہے جو مولانا سلطان علی مشہدی[2] نے ۸۸۸ھ میں لکھا۔

اس نسخے کے بعض کوائف

یہ نسخہ کل ۱۰۳ اوراق پر شامل ہے، ۹۴ ورق پر دیوان شاہی ہے۔ ورق کی تقطیع ½۱۱ × ½۸ انچ ہے۔ اور سطور ۱۲، مکتوب سطح کے گرد سنہری جدول ہے۔ اس جدول کی تقطیع ½۱۳ × ½۵ انچ ہے۔ عریض حاشیے پر سنہری بیل بوٹے اور پرندے اور شکار گاہیں بنی ہیں، ایک صفحہ کی گلکاری دوسرے سے نہیں ملتی۔ کاغذ خان بالیغی، خط خفی نستعلیق، دیوان کے شروع میں دو ورق ہیں جن میں سے ایک بوستان کا ہے اور ایک کلمات امیر المومنین علیؓ (یعنی مطلوب کل طالب) کا، آخر میں بھی دو ورق ہیں جن میں سے ایک گلستان کا ہے اور ایک کلمات مذکورہ کا۔ ان اوراق کا خط دیوان کے خط سے جلی تر ہے، اُن کے حاشیے کا کاغذ رنگین اور زرافشاں ہے اور کلمات میں رنگ آمیزی بھی ہے، دیوان کا سرورق رنگین اور منقش ہے اور متن کے شروع میں رنگین سرلوح ہے۔ دیوان شاہی کے آخر میں کاتب نے لکھا ہے: تشرف بکتابتها العبد الفقیر سلطان علی المشهدی، ۸۸۸، بظاہر باقی چار ورق بھی کاتب مذکور کے قلم سے ہیں۔ کتاب کی جلد بھی قدیم اور چمڑے کی ہے جس پر اندر اور باہر سنہری گلکاری ہوئی ہے۔ دیوان کے آخر میں بعض مٹی ہوئی مہروں کے نشان ہیں، ایک مہر ۱۲۳۹ھ = ۲۴-۱۸۲۳ء کی ہے۔

مولانا سلطان علی مشہدی

مولانا سلطان علی مشہدی ملقب بہ سلطان الخطاطین کی نسبت میرزا سنگلاخ نے لکھا ہے کہ وہ ملا اظہر[2] ہروی کے شاگرد تھے اور سلطان حسین بالیقرا کے زمانے میں

---

[1] آق ملک سبزواری بن جمال الدین فیروزکوہی المشہور بہ امیر شاہی کا سن وفات ۸۵۷ھ ہے۔ اسلامی شرق کے خطاط اور مصور از کلیمان ہیارٹ ص ۲۰۰۔ مشہور یہ ہے کہ شاہی نے اپنے دیوان سے ہزار شعر انتخاب کیے اور باقی دیوان تلف کر دیا۔ سرسری شمار سے اس نسخے میں ۹۹۸ شعر شمار میں آئے۔

[2] میرزا سنگلاخ نے ملا اظہر کو ہروی لکھا ہے، مگر ملا اظہر کا لکھا ہوا خمسہ نظامی تحریر ۸۴۶ھ جو پنجاب یونیورسٹی لائبریری (شیرانی کلکشن) میں موجود ہے، اور جس کے ایک صفحہ کا عکس مطلع سعدین میں (ص ۶۵۵ کے مقابل) چھپا تھا، اس میں وہ اپنے آپ کو تبریزی لکھتا ہے۔ وہ مولانا جعفر تبریزی کا شاگرد تھا اور صاحب مطلع کا معاصر (دیکھو مطلع محل مذکور)۔ ممکن ہے سکونت کے اعتبار سے ہروی کہلاتا ہو۔ میرزا حیدر کے نزدیک مولانا جعفر نے اپنے استاد میر علی تبریزی (معاصر امیر تیمور) سے بہتر لکھا اور اس کے شاگرد ملا اظہر نے مولانا جعفر سے بہتر، اور ملا اظہر کے شاگرد مولانا سلطان علی نے اظہر سے بہتر (دیکھو اورینٹل کالج میگزین بابت مئی ۱۹۳۲ء ص ۱۶۳ بعد)۔

دارالسلطنۃ ہرات میں خطاطی کرتے تھے۔ سلطان حسین ارباب فضل وہنر کی قدردانی میں ضرب المثل تھا اور بہت سے علما و حکما اور خطاط و شعرا اور دیگر صاحبان ہنر سلطان کے فیض مراحم سے کمال کو پہنچے تھے۔ سلطان علی نے بھی سلطان حسین کے زیر عاطفت وعنایت و تربیت وحمایت بہت ترقی کی، سلطان حسین کے علاوہ اس کے وزیر مشہور امیر علی شیر نوائی کی سرپرستی بھی مولانا کو حاصل تھی۔ میرزا سنگلاخ نے دو قطعہ نقل کئے ہیں جن میں مولانے سلطان کو مخاطب کیا ہے۔ یہ قطعے میرزا نے استنبول کے ایک مرقع میں دیکھے تھے۔ تین اور قطعہ بھی میرزا نے دیئے ہیں جن میں مولانا نے امیر علی شیر کو مخاطب کیا ہے[1]۔ ان اشعار اور اس کی مثنوی رسالہ درآداب خط سے معلوم ہوتا ہے کہ علاوہ خطاطی کے مولانا کو فنون نظم پر بھی قدرت تامہ حاصل تھی، ان کے معاصرین نے ان کی بہت تعریف کی ہے، امیر علی شیر مذکور نے اُن کی نسبت لکھا ہے "امروز در خراسان و دراکثر بلاد عالم قبلۃ الکتاب است قلم نسخ نستعلیق او را یک قلمہ مسلم شدہ و باخلاق حمیدہ و اطوار پسندیدہ چنان آراستہ و پیراستہ است کہ قلم زبان از شرح آن عاجز است وطبعش نیز خوب واقع شدہ، (لطائف نامہ فخری ص۸۲)

---

[1] ان قطعوں کے بعض اشعار نہایت عبرت ناک ہیں گو کتابوں میں اس باکمال کی قدردانی کے افسانے بہت دیئے ہیں۔ مگر کم سے کم ان اشعار سے تو یہ ثابت نہیں ہوتا، ایک قطعہ میں وہ میر علی شیر کو کہتا ہے: دستارم کہنہ دوسال است ÷ واکنون ہم عید و ہم بہار است ÷ پارینہ گر نشتم و لکن ÷ امسال ز بیراج پارسال است ÷ انعام کن از رہ بزرگی ÷ کامروزنہ روز انتظار است ÷ تا پیش خدا و خلق گویم ÷ کاین خلعت صدر روزگار است .... ایک دوسرے قطعے میں پہلے اپنی ہنروری کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے: بہر ہنر کہ کسے نام برد در عالم۔ چنان شدم کہ ندارم بعہد خود ثانی، پھر کہتا ہے:۔ زدست فاقہ چشیدم ہزار شربت زہر۔ کہ کس مرا زعرق تر ندید پیشانی ... مرا چنانکہ بود ہم معیشتے باید۔ کہ بی غذا نتوان داشت روح حیوانی۔

توزک بابری میں ہے کہ سلطان حسین میرزا کے زمانے میں یوں تو خطاط بہت تھے مگر نسخ نستعلیق میں سلطان علی مشہدی سب سے بڑھ چڑھ کر تھا۔ میرزا اور علی شیر بیگ دونوں کے لئے اس نے بہت کچھ لکھا، ہر روز تیس بیت علی شیر بیگ کے لئے اور بیس بیت میرزا کے لئے لکھا کرتا تھا (اورنٹیل کالج میگزین بابت مئی ۱۹۳۴ء صفحہ ۱۴۷)

اسی طرح اس کے زمانے سے قریب کے دو مصنف یعنی صاحب تاریخ رشیدی (تصنیف ۹۵۳ھ) اور صاحب تحفہ سامی (تصنیف ۹۵۷ھ) بھی اس کی تعریف میں تر زبان ہیں،

تاریخ رشیدی میں ہے کہ قطعہ اور کتابہ خفی اور جلی بلکہ نسخ تعلیق بنام نزمولانا سلطان علی مشہدی کو مسلّم ہے، اس سے پہلے اور اس کے بعد کسی کی کتابت اس کے نزدیک بھی نہیں پہنچتی، یوں تو وہ سب اوصاف و لطائف میں بے نظیر تھا، مگر ملاحت اور مزہ جو خصوصیت کے ساتھ اس کے خط میں ہے کسی اور کو میسر نہیں آیا،۔۔۔۔ جب اس نے مشق شروع کی تو اپنی طبیعت کی اپج سے اپنے خط کو ایک صورت دی جو عوام فریب تو تھی۔ مگر کاتب پسند نہ تھی، مولانا جعفر نے خمسہ شروع کر کے ناتمام چھوڑ دیا تھا۔ میرزا سلطان ابوسعید نے دریافت کیا کہ اس ناتمام خمسہ کو کوئی خطاط تمام کرسکتا ہے، لوگوں میں مولانا سلطان علی کی شہرت تو تھی ہی انہوں نے عرض کیا کہ فلاں شخص اس وقت مشہور ہے شاید کرسکے، غرض مولانا کو لائے اور مولانا جعفر کی کتابت کا نمونہ دیکھ کر انہوں نے فوراً کتابت قبول

لہ معنی مشہور (یعنی دو مصرعے متحد الوزن) کے علاوہ اس کا طلاق نثر کے جملوں پر بھی ہوتا ہے۔ مثلاً مولانائے روم کی فیہ مافیہ میں ۳ہزار ابیات شامل ہیں (فیہ مافیہ طبع اعظم گڈھ صفحہ ۳) خلاصۃ التواریخ میں ہے کہ یاقوت ہر روز دو جزو قرآنی کتابت کرتا اور ۷۰ بیت عربی خلیفہ کے لئے اور ۳۰ بیت وزیر کے لئے لکھتا۔ (دیکھو خلاصۃ التواریخ در اورنٹیل کالج میگزین بابت اگست ۱۹۳۴ء صفحہ ۲۴)

کر لی اور ایک جزو لکھ کر لائے، مولانا اظہر گھر کے دروازے میں بیٹھے تھے۔
پہلے ان کو دکھایا انہوں نے خفا ہو کر پوچھا کہ تم اس اسلوب سے مولانا جعفر کا
خمسہ تمام کرنا چاہتے ہو؟ پھر مولانا سلطان علی کو گھر میں لے
جا کر لائیں لگائیں۔ اور دو دن بند رکھنے کے بعد کہا: بیٹا! تم قابلیت کے
مالک ضرور ہو مگر تمہارا خط خود رو ہے۔ نسخ نستعلیق کا اسلوب یہ نہیں
ہے" اسکے بعد ایک قطعہ ملا کو لکھ کر دیا کہ یوں لکھو، مولانا کہا کرتے تھے کہ "میں نے قطعہ کو
گھر لے جا کر مشق کی، تب معلوم ہوا کہ نسخ نستعلیق کا اسلوب کیا ہوتا
ہے، اس سے پہلے اپنے خط کی بے اسلوبی سے میں واقف نہ تھا۔ اور اس کی پختگی
اور صفائی اور محکمی پر نازاں تھا، حالانکہ بے اسلوب خط کو سرے سے خط ہی
نہیں کہہ سکتے" تا آج اس قدر آثار ملا کے باقی ہیں کہ عقل قبول نہیں کرتی، اکثر ملکوں
میں کم کاتب ہوں گے جن کے ہاں ملا کا قطعہ یا کتابہ نہ ہو، بادشاہانِ جہاں میں
سے کسی کے کتاب خانے میں اگر دو تین کتابیں ملا کی لکھی ہوئی نہ ہوں تو ایسے کتابخانے
کو کتاب خانہ نہ کہیں گے۔ (اورینٹل کالج میگزین بابت مئی ۱۹۳۴ء صـ۱۶۳)

تحفۂ سامی (تصنیف ۹۵۷) میں سام میرزا نے لکھا ہے کہ نستعلیق میں
مولانا سلطان علی اتنے مشہور ہیں کہ تعریف کی حاجت نہیں۔ ساٹھ سے
زیادہ عمر ہو جانے پر بھی ان کے خط کی خوبی میں فرق نہ آیا، چنانچہ وہ لکھتے ہیں:۔

مرا عمر شصت وسہ شد بیش و کم ۔۔۔ ہنوزم جوان است مشکین قلم
توانم ہنوز از خفی و جلی ۔۔۔ نوشتن کہ العبد سلطان علی

(اورینٹل کالج میگزین فروری ۱۹۳۴ء صـ۹۳)

مولانا سلطان علی کی تاریخ وفات میں بہت اختلاف ہے، سنگلاخ نے علے
اختلاف القولین لکھا ہے کہ ۹۰۶ھ یا ۹۱۵ھ میں ان کا انتقال مشہد میں ہوا اور سرکار

امامؑ کے کتاب خانے کے جوار میں وہ دفن کئے گئے۔ حبیب السیر (۳: ۳: ۳۴۵)
میں ۹۱۹ تاریخ دی ہے اور یہی تاریخ ریو نے اور کلیمان ایوار (خطاطان و مصوران
شرقِ اسلامی ص ۲۲۲) اختیار کی ہے۔ مگر ۹۲۰ اور ۹۲۱ کی تحریریں ان کی موجود بتائی
جاتی ہیں ملاحظہ دیکھیں مسلم ریویو کلکتہ ج ۲ نمبر ۲ میں پروفیسر محفوظ الحق کا مضمون ص ۵ حاشیہ
۱۵) اس حساب سے ۹۲۱ھ سے پہلے کی تاریخیں درست مانی نہیں جا سکتیں، جس
نمونے کو شائع کیا جا رہا ہے وہ مولانا کے عین شباب کے زمانے کی تحریر ہے۔

میرزا حیدر دوغلات صاحبِ تاریخ رشیدی ہمایوں بادشاہ کا ہم عصر تھا،
اُس زمانے میں اگرچہ مولانا سلطان علی کی تحریریں عام تھیں۔ مگر ہمارے زمانے
میں وہ بہت نایاب ہیں، برٹش میوزیم میں صرف مخزن الاسرار ان کی لکھی ہوئی موجود
ہے، اس کا سن کتابت ۸۶۵ھ ہے (ریو ص ۵۷۳)، اس کے علاوہ اسی کتابخانے کے دو مرقعوں میں بھی ان کی
تحریریں موجود ہیں۔ (ریو ص ۷۸۳ و ۷۸۵) پیرس کے قومی کتب خانے میں دیوانِ سلطان حسین
بایقرا اور متعدد قطعے ان کے لکھے ہوئے محفوظ ہیں کتابخانہ وینا اور بادلی میں بھی ایسے
نمونے موجود ہیں[۱]۔ تیمور نامہ کا ایک نسخہ ان کے قلم سے لکھا ہوا ہمایوں کے پاس تھا۔
اس کو بہزاد نے مصوّر کیا تھا۔ یہ نسخہ گجرات کی لوٹ میں ہمایوں کے ہاتھ سے نکل گیا
مگر کہتے ہیں کہ اکبر کے زمانے میں پھر شاہی کتاب خانے میں آ گیا (کلیمان ایوار ص ۲۲۲)
باغ مراد ہرات کے کتابے بھی مولانا سلطان علی نے لکھے تھے (منہ ایضاً) بعض
اور نمونے جو مولانا سلطان علی کی کتابت کے ملتے ہیں ان کے لئے پروفیسر محفوظ الحق کا
مضمون ملاحظہ ہو، نیز حکیم سید شمس اللہ قادری کا نفیس مضمون رسالہ تاریخ ج ۴ حصہ ۳ و ۴
میں جو سوءِ اتفاق سے ان سطور کے پروف پڑھنے کے وقت ملا۔

محمد شفیع

---

[۱] اس میں تین تصویریں بھی ہیں جو بہزاد کی طرف منسوب ہیں۔ [۲] پوپ کی پرشین آرٹ ۲: ۱۸۴۵ ایک دیوان کی ... جو نمائش لندن میں آئی تھیں

لاہور قدیم

لاہور کے حالات پر گذشتہ صدی کے نصف ثانی میں تین مشہور کتابیں لکھی گئیں یعنی تحقیقات چشتی از مولوی نور احمد چشتی جو ۱۸۶۷ء میں طبع ہوئی تاریخ لاہور جو رائے بہادر کنہیا لال نے ۱۸۸۴ء میں شائع کی اور لاہور جو سید عبداللطیف نے انگریزی میں لکھی، یہ کتاب ۱۸۹۲ء میں چھپی، مگر مولوی نور احمد چشتی کے معاصروں میں ایک بزرگ مفتی تاج الدین بن مفتی امام الدین بن قاضی نظام الدین بھی تھے جنہوں نے ۱۸۶۷ء میں میجر جان کلارک ڈپٹی کمشنر لاہور کے حکم سے ضلع لاہور کے حالات قلمبند کرنے شروع کئے۔ مصنف اور اس کتاب کے کچھ حالات اورینٹل کالج میگزین بابت مئی ۱۹۳۶ء میں ص ۱۰۱ ببعد پر تفصیل سے درج کئے گئے تھے وہاں دیکھنے چاہئیں۔ یہاں بعض باتیں باختصار مکرر بیان کی جاتی ہیں اور بعض امور کا اضافہ کیا جاتا ہے،

مصنف کے دیباچہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے بزرگ سوہدرہ ضلع سیالکوٹ سے آئے اور اورنگ زیب کے عہد میں بعہدہ قضائے لاہور و دہلی سرفراز ہوئے اور خطاب خانی پایا اور دس ہزار روپیہ کی جاگیر اور بحساب پانچ نقد فی صدی ہر ایک قبالہ بیع و رہن و ہبہ و تملیک وغیرہ پر مقرر تھا، سکھوں کے عہد میں اگرچہ جاگیر اس گھرانے کے پاس نہ رہی مگر لقب اور عہدہ بنا رہا۔ چنانچہ مصنف نے لکھا ہے کہ "میرے دیکھنے کی بات ہے کہ سوائے مہر عموی قاضی مسیح الدین والوی مفتی امام الدین" کوئی قبالہ اجرا نہیں ہو سکتا تھا اور جو بے اس قاضی خانہ کے لکھا پڑھا جاتا تھا وہ معتبر نہیں سمجھا جاتا تھا، مہاراجہ کھڑک سنگھ اور راجہ دھیان سنگھ اور جمعدار خوشحال سنگھ جیسے ارکانِ ریاست وقت خرید مکانات کے محتاج مہر قضاخانہ کے ہوتے تھے"۔ ان میں سے بعض باتوں کی تصدیق اور مصنفوں کے بیانات سے بھی ہوتی ہے۔ دیوان امرناتھ نے ظفرنامہ رنجیت سنگھ طبع لاہور میں ص ۹ پر ابتدائے عہد مہاراجہ رنجیت سنگھ میں قاضی نظام الدین کے قاضی لاہور مقرر ہونے کا حال بیان کیا ہے، اسی طرح رائے بہادر کنہیا لال نے تاریخ لاہور ص ۵۳ پر خاندان قاضیاں لاہور کے عنوان سے اس گھرانے کے متعدد افراد کا ذکر کیا جن میں مفتی تاج الدین بھی شامل ہے، مفتی مذکور نے اپنے حالات میں لکھا ہے کہ ۱۸۴۹ء میں وہ عدالت میں جا کر مقدمات شرعیہ مفوضہ عدالت کو بحکم شرعی فیصلہ کرتا رہا، انگریزی عہد میں بجائے مہرِ قضاخانہ کے صیغۂ رجسٹری مقرر ہوا تو اس کا آبائی کام ختم ہوا اور اس کو مختلف سرکاری عہدے

مختلف اوقات میں ملے جن کو وہ بوجوہات مختلفہ چھوڑ دیتا رہا۔ ۱۸۶۷ء میں جیسا اوپر مذکور ہوا اس کو حالات ضلع لاہور لکھنے پر مامور کیا گیا، اور اسی اثنا میں وہ ماتحت کورٹ میں مسل خواں بھی مقرر ہو گیا، اور باوجود کمی فرصت اس نے کتاب کو مکمل کیا۔ تکمیل غالباً ۱۸۶۹ء کے بعد تھا اس لئے کہ مردم شماری ۱۸۶۸ء کے اعداد کتاب میں شامل ہیں۔ مصنف نے کتاب کا پہلا باب حالات پنجاب پر لکھا اور دوسرا باب حالات ضلع لاہور پر، اپنے مآخذ میں اس نے تاریخ فرشتہ، سلسلۃ الملوک، تاریخ عالم، خلاصۃ التواریخ، خلاصۃ الخلاصہ اور بعض اور کتابوں مثلاً واقعات ہند، حیات افغانستان، تواریخ احمد شاہی و نادر شاہی، اور بیشتر تاریخہائے سکھاں و تالیف مفتی خیر الدین لاہوری (جو سمت ۱۸۹۶ میں ڈپٹی جنٹ ملک بہاولپور تھا) مصنوعات قاضی محکم الدین، وسفرنامہ امین چند وغیرہ کو شمار کیا ہے، مہاراجہ رنجیت سنگھ اور اس کے جانشینوں کا حال معتمدوں کے بیانات اور اپنے مشاہدے سے لکھا ہے اور رنجیت سنگھ نامہ سے بھی استفادہ کیا "جو کسی منشی مقرب نے تالیف کیا تھا مگر ناتمام رہ گیا تھا"۔ "اور مکانات متقادمہ" کا حال سفینۃ الاولیا و سکینۃ الاولیا اور "واقعات سمع و رویت" سے لیا ہے اور "احوال محلہ ہا و گذر ہا و علاقہ ہائے لاہور کا باعتماد ملاحظہ اسناد و صکوک و فرامین دیرینہ اور باعتماد گفتگوئے کہن سالان راست گفتار و کاغذات بندوبست لکھا ہے"۔ کتاب کے آخر میں مصنف نے اس پر اضافہ کیا ہے اور کہا ہے کہ "مقابر اور مساجد قدیمہ اور مکانات متقادمہ اور معابد متعارفہ ہنود کی تحقیقات تحقیقاً حسبتی سے کی مگر جب تک اس کی صداقت (کذا) اور جگہ سے نہیں کی اس کی صداقت پر یقین نہیں کیا کیونکہ جس نے سنا سنایا حال بہت لکھا اور عند التطبیق اس کا بیان بیانِ تواریخ سے بہت مختلف پایا، علاوہ اس کے اس نے اکثر حالات اولیاء کرام اور ہنود کا جو کہ خلاف عقل و قیاس تھا بہت طوالت سے لکھا اور یہاں اختصار بکار تھا اور نہ غرض اخبار کرامات و استدراج سے کیونکہ یہ چرچہ فرع علم فقہ و طریقت ہے نہ ضروریات ماٰنحن فیہ سے"۔

اب ذیل میں چند اقتباسات کتاب بغیر تحشیہ درج کئے جاتے ہیں جن کا موضوع تاریخی حال لاہور کا اور احوال محلوں اور گذروں اور باغات کا ہے،

بلدہ دار السلطنہ لاہور

تمام ملک پنجاب میں صدہا و ابتدای بنیاد آبادی سے ہنود دارالحکومت رہا۔ بموجب بیان برہمنان آبادی اس کی ہزارہا بلکہ لاکھوں برس سے ہے۔ وے لوگ بیان کرتے ہیں۔ کہ بنیاد اس کی راجہ لو فرزند راجہ رامچندر نے رکھی۔ اصلی نام اس کا لوپور تھا اہل تواریخ لکھتے ہیں۔ کہ راجہ رامچندر تخمیناً بارہ سو برس پہلے حضرت مسیح علیہ السلام کی ہوا۔ جس کو ہنود نہیں مانتے اور کہتے ہیں کہ اس کو لاکھوں برس گزرے۔ بہر کیف یہ شہر بہت پرانا اور دار الریاست پنجاب ہے۔ بموجب پیمائش بندگان سرکار ثابت ہوا کہ سطح سمندر سے نو سو فٹ اونچا اور کلکتہ سے بمساحت سافت سڑک ایک ہزار تین سو باون میل گوشہ شمال و مغرب میں برلب دریای راوی واقع ہے۔ جو مصایب اس شہر پر قبل از عہد اہل اسلام وارد ہوئے۔ حیطہ تحریر میں نہیں آسکتے چنانچہ چند بار بسبب طغیانی دریاے راوی غرقاب ہوا۔ اور چند بار ویران ہو کر بیلہ رہا مگر بعد از ویرانی چھتری اس جگہ پر پھر آبادی کرتے رہے علاوہ اس کے حملات سلاطین مغربی سے ہمیشہ تفرقہ رہا۔ جب کبھی ایرانی یا خراسانی ہندوستان پر چڑھائی کرتے رہے پہلے یہی ملک پامال اور تباہ ہوتا رہا۔ والی لاہور کبھی تابع ایران اور کبھی تابع دہلی رہا۔ چنانچہ پہلی باب میں خلاصۃ الخلاصہ اس ماجرا کا درج تحریر ہو چکا ہی۔ ازاں بعد بعہد حکومت راجہ جی پال و راجہ نندپال جو کہ آخرین حکام ہنود لاہور میں تھے سلطان محمود غزنوی نے اس ملک پر بارہ حملے پے در پے کئے۔ چونکہ وہ بادشاہ دین پرور اور حامی شریعت تھا اس لئے ہر ایک حملہ میں لاسیما حملہ ۱۰۰۱ء و حملہ ۱۰۰۲ء و حملہ ۱۰۱۱ء و حملہ ۱۰۲۳ء میں ہنود بہت ویران ہوئے بعد اس کی جب چھاؤنی اہل اسلام کی مقرر ہوی تو صورت امان کی نظر آئی اسی بادشاہ کی عمل میں پیرامن اس شہر کے کہ

ہنوز بصورت قصبہ آباد تھا۔ فصیل خام کی بنیاد رکھی گئی۔ اور کوچہ بکوچہ مسجدین تعمیر ہوئیں۔ ۱۰۳۶ء میں بعہد خلافت سلطان مسعود ابن سلطان محمود امیر مجدود صوبہ لاہور اور ایاز وزیر نے اُس فصیل خام کو باتمام پہونچایا اور آبادی شہر نے آرایش پائی۔ لاہوری منڈی میں ایک محلہ ہی جس کو لوگ کوٹ کچا بولتی ہیں عندالتحقیقات معلوم ہوا۔ کہ اوس فصیل خام کی بنیاد دیوار جنوبی اس موقعہ پر تھی۔ اسی واسطی اس محلہ کو کوٹ کچا بولتی ہیں۔

فرشتہ لکھتا ہی کہ بعد عبدالرشید ابن مودود اور اوس کے بعد بعہد سلطان ابراہیم ابن مسعود ثانی ابن مودود بسبب آمد و رفت افواج اس شہر کی رعایا کا بہت نقصان جان و مال ہوا ۱۱۵۲ء میں مطابق ــــ کی بعہد خلافت خسرو شاہ غزنوی ابن بہرام شاہ یہ شہر دارالسلطنہ قرار پایا اور تخت سلطانی بنا کر بادشاہ نی اجلاس فرمایا۔ اس کی اور بعد اس کی اس کی بیٹی خسرو ملک کی عہد میں یعنی ۱۱۶۰ء سی لغایت ۱۱۸۰ء خوب رونق اور آسایش رہی مگر ۱۱۸۶ء میں پھر وبال وارد ہوا سلطان معزالدین عقب ابوالمظفر شہاب الدین محمد غوری نی آکر بادشاہ کو پکڑلیا اور شہر کو اس سختی سے ویران کیا کہ نہ کوئی خاندان رہا اور نہ عمارات سلطانی کا نشان۔ بعد اس کے جب ۱۲۰۵ء میں مطابق ۶۰۲ھ کے قطب الدین ایبک غلام شہاب الدین غوری نے اجلاس کیا۔ پھر آبادی نے جلوہ رونق دکھلایا لیکن کم نصیبی رعیت سے تھوڑے برس نہ گذرے کہ بسبب نااتفاقی اہلکاران سلطانی چند سال برابر تفرقہ رہا بعد اوس کے بعہد معزالدین ابن بہرام شاہ ۱۲۴۱ء میں ملک مغول چنگیزی نی آکر دست غارت دراز کیا۔ ہزاروں آدمی مارے گئے۔ اور لاکھوں روپیوں کا نقصان ہوا۔ اوس کے پیچھے تھوڑی برسوں تک امن چین رہا اور ۱۲۶۵ء میں نصیرالدین التمش (کذا) ابن شمس الدین التمش (کذا) لاکھا روپیہ صرف کر کی تدارک مافات کرتا رہا اوس کے بعد الغ خان بلقب غیاث الدین بلبن نی بھی رفاہ رعایا اور آسایش مخلوق

پر بہت توجہ رکھی۔ مگر ۱۲۸۵ء میں پھر مغلوں نی آکر بہت تباہی اور ویرانی کی۔ اور کچھ مدت
تک برابر لوٹ مار کرتے رہے۔ ہنوز لوگ انکے ظلم و تعدی سے آسودہ نہیں ہوئے تھے کہ ۱۲۸۹ء
میں جلال الدین خلجی آکر بعد لوٹ مار کے لاکھوں روپیہ لے گیا۔ ازاں بعد ۱۳۰۳ء میں دفعہ
اول اور ۱۳۰۶ء میں دفعہ دوم پھر مغلوں نے پے بہ پے دو حملے کئے جس میں ہزاروں آدمی
مارے گئے اور نقصان مال و املاک و عمرانات کا تو کچھ حساب نہیں۔ تھوڑی مدت پیچھے
اوس کے پسر داؤد خاں ماوراء النہر یا اوراس کے پیچھے مغل طرغی حملہ آور ہوئے۔ انہوں نے بھی
لوٹ مار میں کوئی دقیقہ نہ چھوڑا۔ پھر گکھروں نے ستانا شروع کیا۔ اور تخمیناً سو برس
تک ان کی بدولت رعایا پر تکلیفات شاقہ و مصائب مالا یطاق وارد رہے۔ اگر ان کی لوٹ
مار اور مار دھاڑ کا حال مفصل لکھا جاوے تو اسی قدر اور کتاب تیار ہوتی ہے۔ شیخا گکھر
کا کہ رئیس گکھران تھا۔ معمول تھا کہ ایک دن میں سو کوس کا راہ طے کرکے چپ چاپ
آپڑتا تھا۔ لاہوریوں کو اتنی فرصت نہیں ملتی تھی کہ اس کے سامنے کرنے کو کمر بستہ ہوتے۔
بعد مرنے شیخا گکھر کے جس کو لشکریان تیمور سمرقندی نی مارا تا وقتیکہ مغلوں کی بادشاہی نہ
ہوئی جسرت گکھر برادر شیخا گکھر کا بھی اسی رنگ ڈھنگ پر حملے کرتا اور لڑتا رہا
امیر تیمور کی آمد و رفت میں بھی ملک پنجاب کی بہت ویرانی ہوئی اور شیخا گکھر لاہور میں
یغی (کذا) ہوا۔ اوس کی پکڑنے اور مارنے پر چند روز لاہور محصور اور رعیت برباد ہوتی رہی
بعد جانے امیر تیمور کی بسبب نااتفاقی اہلکاران و سستی ریاست دہلی چند سال تک
راہزن اور قاطع الطریق لوٹتے رہے۔ البتہ سید خضر خان نی جس کو امیر تیمور حکومت لاہور پر مسلط
کر گیا تھا۔ واسطے امن اور آبادی ملک کی بہت حیلے کئے۔ لیکن وہ ایک تھا اور مخرب
بہت تھے۔ اوس کی کوئی تدبیر نہ چل سکی۔ بعد اس کے ۱۴۳۱ء اور ۱۴۳۲ء میں بعہد سلطان
محمد شاہ امیر علی چنگیزی آپہونچا۔ اور اوس نے اوس شہر کو اس سختی سے لوٹا۔ کہ گویا اس کو
مرنا یاد نہ تھا۔ نہ کوئی گھر معمور رہا۔ اور نہ اہل خانہ آباد۔ جب ۸۵۵ھ میں مطابق ۱۴۵۱ء

کے عمل لودیان کا قائم ہوا۔ اون کے عمل میں البتہ لوگوں کو امن ملا اور رعیت نی آرام پایا سینکڑوں مسجدیں اور کوئیں تعمیر ہوئے۔ اور ہر ایک علم اور ہنر اور کمال نے ترقی پائی۔ بہلول لودھی اکثر لاہور اور دیپال پور میں رہا کرتا تھا۔ اس لئے اس کی عمل میں البتہ نسبت ماسبق آبادی لاہور کی بہت بڑھ گئی۔ بعد مرنے بہلول لودھی کے جب تک سلطنت اس کے خاندان میں رہی لوگ امن چین سے بستے رہے۔ بعہد سلطان ابراہیم نبیرہ بہلول لودھی مرزا بابر ظہیر الدین چغتائی ابن مرزا عمر آپہونچا۔ اور اوس نے بزور شمشیر تخت دہلی پر قبضہ کیا۔ اس لئے پہلے تو خوب ویرانی اور تباہی بعد اس کے امن ہوا کما ہوئ ب السلاطین اس کے عمل میں ہزاروں عمارتیں از سر نو تیار ہوئیں۔ اور لوگوں نی لودیوں کے وقت سی بھی زیادہ آرام پایا۔ بعد اس کے عہد ہمایون ابن مرزا بابر میں یہ ملک پنجاب مرزا کامران ابن مرزا بابر کو بطور جاگیر مرحمت ہوا۔ اگرچہ وہ بہت سنگدل اور کوتہ اندیش تھا اور پہلے اس نے بہت سختی کی۔ لیکن اخیر میں بہت تدبیریں واسطے رفاہ رعایا کے نکالیں۔ ایک بار ہمایوں نے اس سے ملک چھین لیا تھا۔ پر اس نے خراسان میں جاکر پٹھانوں کو ساتھ لیکر لاہور پر چڑھائی کی۔ اور چند روز تک لاہور محصور رہا۔ البتہ اس وقت اس سے بہت سختی ظہور میں آئی۔ پرانے خاندان تباہ کئے گئے۔ اور نئے بنائے گئے۔ اور جس قدر عمارات سلطانی تھیں گرادی گئیں۔ اور بعد ویرانی نئی صورت پر آبادی کی پس جبتک رہا رعیت خوش اور مرفہ الحال رہی۔ اور تا وقتیکہ ہمایون بار دگر خراسان سے آکر مسلط نہیں ہوا عملداری پٹھانان سور میں جنہوں نے ہمایون کو نکال دیا تھا آبادی ملک و افزونی رونق دم بدم بڑھتی گئی۔ فرید خان ملقب بہ شیر شاہ نی جس نی ہمایون کو ہندوستان سی نکال دیا لاکھوں روپیہ عمارات مساجد اور مقابر اسلاف اور تیاری جسور و شوارع اور تعمیر سرا و چاہات پر صرف کیا خصوص لاہور اور دہلی میں تو لگا رنگ آبادی اور گوناگون تیاری معمورات کی ہوئی، بعد چودہ سال کی پھر تباہی ہوئی یعنی ہمایون نے

احمد خان ابن حسین خان کو جو کہ اقارب شیر شاہ سے اور آخرین شاہان سور تھا۔ مغلوب
کرکے تا وقتیکہ کما حقہ مسلط نہیں ہوا۔ چند روز تک لوٹ مار روا رکھی۔ مگر بعد تسلط لوگوں
کو بوجہ احسن امن ملا اور ترمیم مافات عمل میں آئی پھر تو خاتمہ ریاست چغتائی تک ہر ایک
طرح سی امن رہا۔ اور دم بدم آبادی ترقی کرتی گئی۔ چنانچہ عہد جلال الدین اکبر میں پیرامن شہر لاہور کے فصیل
جسکی مساحت تخمیناً تین کوس ہے پختہ بنائی گئی۔ جس کا عرض و طول نسبت ماسبق سے کچھ حصہ بڑھایا گیا
اور نیز قلعہ پختہ اور اندر قلعہ کے تیاری تخت سنگین کی بنیاد رکھی گئی۔ اور اکبری محل تعمیر
ہوا لیکن تکمیل اس قلعہ اور فصیل شہر کی جہانگیر کی عہد میں ہوئی۔ جہانگیر اکثر لاہور میں رہا
کرتا تھا۔ اس کی عمل میں آبادی شہر کی بڑھ کر بیرون حصار شہر تعمیر شروع ہوئی اور
ہر ایک دروازہ شہر کی اندر اور باہر مسجدین عالیشان جن کی تیاری پر لاکھوں روپے صرف
ہوئی۔ معمور ہوئیں۔ از انجملہ ایک مسجد اندر مستی دروازہ اور ایک مسجد اندر دروازہ ٹکسالی
اور ایک[1] اندر دروازہ بھاٹی کے ہنوز موجود ہے۔ عہد شاہجہان میں باہر شہر کی آبادی
اور رونق اندر کی ادنیٰ بڑھ گئی۔ اور اندر قلعہ کی خوابگاہیں تیار ہوئیں۔ اور ثمن برج بنایا گیا جنکی آرائشگی اور
تعمیر پر لاکھوں روپیہ خرچ ہوا۔ شالامار کی تیاری بھی اسی بادشاہ کی عمل میں ہوئی۔ جس
کی واسطے نہر کھودوا دی گئی۔ عہد اورنگ زیب میں ہزاروں مسجدین اور کوئیں اور تالاب
بنائے گئے۔ اور حضوری باغ اور مسجد بادشاہی اور بند دریا تعمیر ہوا۔ اور ہر ایک امیر اور
اہل دولت نے باہر شہر مکانات سکنی اور رنگارنگ باغ اور تالاب اور سرائیں بنوائیں۔
اور نسبت ماسبق سے آبادی چند حصہ زیادہ بڑھ گئی غرض کہ تا عہد محمد شاہ دم بدم آرائش
اور رونق بڑھتی گئی۔ اور لاہور گویا لاہور نو ہوا جن دنوں میں نواب خان بہادر اور بعد
اس کی نواب شہنواز خان ابن نواب خان بہادر اور میر منو ابن وزیر قمر الدین صوبہ داری
لاہور پر مامور ہوا تھا۔ عرض و طول شہر کا عالمگیر کی عہد سی دو چند زیادہ تھا۔ جانب
مشرق مبتدا آبادی کا شالامار اور محلہ گنج جو اس وقت موضع گنج کہلاتا ہے۔ اور لاہور

[1] یعنی اونچی مسجد

سی تین کوس کی مسافت پر ہے۔ اور جانب مغرب گنبد قاسم خان کہ دروازہ لاہور سے ایک کوس کی فاصلہ پر ہے اوس وقت دریا اس کی نیچی بہتا تھا۔ اور جانب جنوب موضع اچھرہ کہ لاہوری دروازہ سی دو کوس پرتی۔ اور جانب شمال دیوار شمالی قلعہ کہ اوس وقت دریا کا سیل اس کے نیچے تھا۔ اگر دریا فاصلہ پر ہوتا تو یقین تھا کہ آبادی جانب شمال میں بھی بڑھ جاتی۔ و معذلک آنروی دریا راوی بعد ازآنکہ مقبرہ جہانگیر معمور ہوا۔ سینکڑوں باغ اور مقبری تعمیر ہوئی۔ گویا کہ وہ ضمیمہ علاحدہ آباد تھا۔ غرض کہ اس عہد میں یہ شہر نمونہ بہشت تھا۔ دنیا کی ہر ایک چیز ممکن الحصول موجود تھی۔ اور ہر ایک ہنر اور کمال اور علم کی قدر اور لوگ مرفہ الحال اور دولت سی مالا مال لوگ بہت سچے اور ایماندار تھے جو منہ سے نکال لیتے تھے سوای سچ کہ کچھ نہیں ہوتا تھا۔

نام گزر ہای اندرون شہر لاہور

آبادی اندر شہر کی نو گزر پر منقسم تھی۔

گزر جھجہ دیوانی۔ ابتدا اس کا موچی دروازہ اور منتہا اس کا رنگ محلہ سید نظام بخاری اور پیپل دہڑہ اور حویلی میاں خان اور محلہ قاضی محمد اسلم اور محلہ اخوند محمد فاضل و کوچہ ہای و شوارع چپ و راست دروازہ شاہ عالمین سی دروازہ اکبری تک اسی میں داخل تھی۔

گزر مچھی ہٹہ۔ ابتدا اس کا دروازہ شاہ عالمین اور منتہا اس کا وہی رنگ محلہ جملکوچہ ہای تمین دیسار اسی کا ضمیمہ ہیں۔

گزر وچھو والی۔ یہ گزر اوسط شہر میں ہے وسط اوس کا جہاں سردار معر سر چیند اس نے حویلی بنوائی۔ اور جتنی کوچا اور شوارع اس کے دہنے بائیں واقع ہیں۔ اسی کی شاخیں ہیں۔

گزر مبارا خان - ابتدا اس کا کوچہ ڈوگران علاقہ شاہ عالمی دروازہ اور منتہا اس کا محلہ جوڑے موری اور لاہوری منڈی بلکہ اکثر لاہوری منڈی اور جس قدر راستے اور کوچے اس کی متصل ہیں - اس کے ساتھ متصل ہیں - حتیٰ کہ بازار بھاٹی دروازہ کی طرف شرقی اور ایک طاق دروازہ اسی میں داخل ہی -

گزر تلوارہ - جس قدر عمرانات بازار بھاٹی دروازہ کی جانب مغرب میں تا چورستہ بازار ٹبی اسی میں داخل ہیں -

گزر زرہ - یہ گزر اور گزروں سے بہت بڑا ہے - جتنی محلے اور کوچے اور بازار اندر دروازہ دہلی وزکی اور اکثر طرق و شوارع اندرون دروازہ اکبری ہیں - تا چورستہ رنگ محل اسی کی شاخیں ہیں - ایام سلف میں بموقع کوتوالی کہ اوسط گزر مذکور ہے ایک گانوں تھا جس کو زرہ بولتی تھی - جب وہ وسط شہر میں آگیا - وہ بستی اسی نام پر موسوم رہی -

گزر شیخ محمد اسحاق - مبتدا اس کا خضری دروازہ اور منتہا اس کا چورستہ متصل حویلی جنرل الٰہی بخش جس قدر طرق و شوارع چپ و راست میں ہیں اس کی متعلق ہیں -

گزر شہباز خان - جس قدر آبادی زیر دیوار جنوبی قلعہ بادشاہی ہے تا چورستہ جنرل الٰہی بخش مذکور اس کا ضمیمہ ہے -

گزر مانک چوک - سید مٹھے سے لغایت فصیل دروازہ ٹکسالی و شاہ برج ٹکسالی،

نام محلہ ہا و بستیہائی بیرون فصیل شہر

آبادی بیرون حصار شہر ستائیس گزر پر منقسم تھی - اور ہر ایک گزر مبنی بچند محلہ

وکوچہ وبرآمدہ و دکاکین و شوارع واسواق جو کہ بسبب نہ ملنے کسی کتاب معتبر کی مفصل حال نہیں لکھ سکتا۔ کہ کون کون گزر اور کون کون محلہ اور بستی متعلق فلاں فلاں گزر کی تھی۔ اس واسطے جو کچھ حال مجھ کو بملاحظہ صکوک دیرینہ documents معلوم ہوا۔ بموجب اس کی لکھا جاتا ہے۔

محلہ حاجی سوائی۔ بیرون موچی دروازہ لغایت موقع آبادی قلعہ گوجر سنگھ، یہ قلعہ گوجر سنگھ سمت ۱۸۵۵ میں گوجر سنگھ حاکم لاہور نے تعمیر کرایا۔ پہلے یہاں حویلی گوجر مل نامی کھتری کی تھی۔ اور پاس اس کی ایک سرائے تھی۔

محلہ طلا بخاری۔ بیرون دروازہ شاہ عالمین تھا۔ جس موقع پر کہ جو بھگت کا چوبارہ ہے، یہ جگہ اوسط میں تھی۔ پاس اس کے جانب جنوب ایک چورستہ تھا۔

محلہ پیر عزیز ہزنگ۔ جو کہ بالفعل بہ ضمن ہزنگ مشہور ہے۔ پیر ہزنگ جلال الدین اکبر کے عہد میں فقیر بابرکت اور امیر ذی عظمت تھا۔ اس نے اس موقع پر مکان سکنی معمور کیا تھا۔ اس واسطے اس بستی کا نام محلہ پیر ہزنگ مشہور ہوا۔ بعد ازانکہ آبادی بیرونی شہر ویران ہوئی۔ یہ بستی بطور موضع شہر سے علاحدہ ہو گئی۔ اور بتدریج اس کی گرد و جوار میں اور چند بستیں آباد ہوئیں۔ بموجب تفصیل ذیل:۔ کوٹ عبداللہ شاہ، کوٹ مہاراج پورہ، قلعہ ہرادو، قلعہ ہرا ترکمان، مبارک پورہ، بستی ہتران، محلہ نرت دلی، کوئی پور، بھوند پورہ، ڈرا نجالیکہ لاہور میں تین حاکم تھے۔ یہاں بھاگ سنگھ پای لنگ حاکم تھا۔ اور شخصہ اس کا لاہور سے علاحدہ، مہاراجہ صاحب کے عمل میں بھی اس کا شخصہ علاحدہ اور جمعدار خوشحال سنگھ کو تمام گاؤں بطور جاگیر مرحمت تھا۔

محلہ ابو اسحاق۔ جانب شرق ہزنگ ابو اسحاق فقیر نامی نبیرہ پیر عزیز ہزنگ

---

[1] حاشیہ پر مصنف نے لکھا ہے۔ محلہ زین خان بیرون دروازہ موچی پاس مقبرہ شاہ ابو المعالی کے اس موقع کو اب میدان زین خان کہتے ہیں۔ زین خان اکبر اور جہانگیر کی عہد میں بڑا بھاری امیر ہو گزرا ہے۔ مبتدا اس محلہ کا موقع نیا بھائی ہیا سنگھ سے تا موقع قبر فقیر تاجے شاہ تھا۔ دیکھو ص

تھا۔ جس نے بعد اکبر مرحوم ایک طرف محلہ پیر بہزنگ کے حویلی بنوائی۔ اس واسطے جس قدر آبادی اس کے گرد جوار میں ہوئی۔ اسی کے نام موسوم ہوئی۔ مقبرہ اس کا ہنوز ایک گوشہ موضع بہزنگ میں موجود ہے،

کوٹ کروڑی۔ جانب مشرق محلہ حاجی سوائی جس موقعہ پر مقبرہ شیخ موسیٰ لوہار کا ہی یہ جگہ درمیان محلہ مذکور کے تھی،

محلہ دُلاواری۔ گوشہ شمال و جنوب محلہ پیر بہزنگ کے تھا۔ جس موقعہ پر مقبرہ سید چراغ بخاری کا ہے۔ وسط محلہ تھا۔

قطب غوری۔ لاہوری دروازہ سے باہر تھا۔ جس جگہ قبر قطب غوری کی ہے یہ جگہ درمیان محلہ مذکور کے تھی۔ واضح رہی کہ یہ قطب الدین وہ شخص ہے جس کو اہل تواریخ قطب الدین ایبک لکھتے ہیں۔ جس نی ۶۰۲ھ میں بعد رحلت شہاب الدین محمد غوری کی تخت لاہور اور دہلی پر اجلاس فرمایا۔ جب یہی وہ اس جگہ دفن کیا گیا۔ اس بستی کا نام محلہ قطب غوری قرار پایا۔

لکھی محلہ۔ لاہوری دروازہ کے باہر قطب غوری کی جانب مغرب تھا اس جگہ ایک بازار عالیشان تھا۔ جس میں لاکھ پتی بیٹھتی تھی۔ اسی واسطے اس بستی کو لکھی محلہ کہتے تھے۔

رسول پور۔ پاس مقبرہ سید شاہ چراغ بخاری کے، اس محلہ میں اکثر سید رہتے تھے۔ اور انہوں ہی نے اس بستی کو آباد کرکے رسول پورہ نام رکھا تھا۔

چوک دارا۔ شاہ برج موچی دروازہ سی جانب مشرق ایک گولی بندوق کی مسافت پر داراشکوہ ابن شاہجہان نی بعد شاہجہان اپنی رہنی کو حویلی عالیشان اور بازار مربع اور درمیان میں اس کے چوک مقطع اور ایک باغ بہت عمدہ اور وسیع اور ایک کٹرہ مبنی بہ بیوت متعددہ بنوایا تھا۔ اس لئے بعد اس کے اس بستی کا نام

چوک دارا قرار پایا۔ اور تا وقتیکہ دارا شکوہ جیتا رہا یہ قطعہ نمونہ قطعہ بہشت رہا۔ بعد ویرانی ریاست ذوی الاسلام سکھوں نے یہاں سے لاکھا روپیہ دفینہ ان لوگوں کا جو یہاں رہتے تھے پایا اور عمارات دارا شکوہ سے ہزاروں روپیہ کا پتھر اور قسم جواہر ادتارا مہاراجہ صاحب کی عہد میں اکثر اینٹ اس کی خندق پر لگی۔ بعد اس کی کشمیریوں نے بہت فایدہ اٹھایا۔ سالہائے دراز تک اینٹ بیچتے رہے اور جن کو قسمت نے یاری دی ان کو کھنڈروں سے خزانہ ملا اور جس موقعہ پر خاص حویلی دارا شکوہ کی تھی تا خاتمہ ریاست سکھاں اس جگہ باروت سرکاری بنتا رہا اس عمل میں وہاں جیل زنانہ ہے اور جس جگہ پر باغ دارا شکوہ کا تھا وہاں اب محمد سلطان نے سرائے پختہ بنوایا ولکذا اسنے ایک طرف میں چھوٹا سا باغ بنوایا۔

محلہ جواہریاں۔ چوک دارا شکوہ کی جانب مشرق وجنوب میں جس کی جانب غرب و شمال میں محلہ حاجی سوائے تھا۔

محلہ شاہ کاکو۔ دیوار شرقی مسجد مقبوضہ بھائی گنڈا سنگھ گرنتھی الحال معروف شہید گنج سے محلہ نخاس تک کہ فاصلہ گولی بندوق پر گوشہ شرق وشمال میں تھا۔ شاہ کاکو ایک فقیر خدا پرست تھا جس کی قبر زیر دیوار شرقی مسجد مذکور ہے۔ اسی واسطے یہ بستی اسی کے نام پر موسوم رہی۔

نخاس مکان سرکاری بہ شکل سرائے معمور تھا۔ جو مغلوں کے دوران میں یہاں گھوڑے بکتے تھے۔ بہ سبب ناموری مکان کی بستی محلہ نخاس کہلاتی تھی۔ دروازہ نخاس کا جو کہ مانند دروازہ مسجد وزیر خاں بہت عمدہ وضع پر مقطع اور برنگ آمیزی کانسی و چینی وصنعت کاری وگلکاری متوجہ تھا۔ تا خاتمہ ریاست سکھاں کھڑا رہا جب محمد سلطان نے سرائے بنوائی وہ اینٹ یہاں کار آمد ہوئی۔

محلہ حاجی نالہ دروازہ دہلی سے نخاس تک نولکھا شاہ برج دروازہ زکی کے مقابل بجانب

کی تعداد ۳۰ اور غیبر طلبہ کی ۳۹ ہے - جو یقیناً غیر تسلی بخش ہے - ایم
اے (فارسی عربی) میں داخلے کی کمی اور لاہور سے باہر کے کالجوں کے
بعض اساتذہ کی بے توجہی بہت حدتک اس کی ذمہ وار ہے - سوسائٹی
کا مالی لحاظ سے انحطاط بہت افسوسناک اور بہت سے اندیشوں
کا پیش خیمہ ہے - اس لئے راقم الحروف اس اجلاس عام سے
درخواست کرتا ہے - کہ ارکان کو مالیات کی اصلاح اور ترقی کے
لئے کوئی مؤثر قدم اٹھانا چاہیئے - اور ایسے وسائل اختیار کرنے چاہئیں -
کہ یہ سوسائٹی کی غربت فراوانی اور تمول میں بدل جائے ۔

اورینٹل کالج کے علاوہ دوسرے کالجوں کے عربی فارسی کے طلبہ
کا تعاون حاصل کیا جائے - اور سوسائٹی کا ہر رکن کم از کم ایک نیا
رکن بھرتی کرنے کا عہد کرے ۔

سال زیر بحث کے لئے ارکان میں خان بہادر شیخ عبدالقادر
سرفراز (سابق آئی - ای - ایس - بمبئی) کا اضافہ ہؤا ہے - خان بہادر
صاحب کی رکنیت سے سوسائٹی کا علمی وقار یقیناً بلند ہؤا ہے ۔

سال زیر بحث میں سوسائٹی کا رسالہ (جو اورینٹل کالج میگزین
کے ساتھ بطور ضمیمہ کے شائع ہوتا ہے) چار مرتبہ شائع ہؤا - ان
اشاعتوں کے صفحات کی مجموعی تعداد ۱۵۲ ہے ۔

سوسائٹی کی مالی حالت کی کمزوری کے پیش نظر ڈاکٹر برکت علی
قریشی - ایم - اے - پی - ایچ - ڈی پروفیسر عربی پنجاب یونیورسٹی نے
پچاس روپے کا عطیہ عنایت فرمایا جس کے لئے سوسائٹی ان کی شکر
گزار ہے ۔

جناب صدر - خازن اعزازی - مقررین اور دیگر ارکان و معاونین

نے سوسائٹی کی سرگرمیوں میں سیکرٹری کے
ساتھ جس طرح تعاون کیا۔ سیکرٹری اس کے لئے ان کا بے حد
ممنون ہے

سید عبداللہ سیکرٹری

روداد اجلاس عام

۲۷ - اپریل ۱۹۴۳ء

سوسائٹی کے سالانہ اجلاس عام منعقدہ ۲۷ - اپریل ۱۹۴۳ء
میں سالانہ روداد کارکردگی کے علاوہ ذیل کی کارروائی بھی ہوئی:-

۱ - پچھلے سال کے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی پڑھی گئی - اور
منظور ہوئی

۲ - روداد کارکردگی ۱۹۴۲-۴۳ء پڑھی گئی - جو شائع کی جا
رہی ہے

۳ - خازن اعزازی نے سوسائٹی کے حسابات کی رپورٹ پیش کی
جو پاس ہوئی

اس کے بعد سال آئندہ کے متوقع اخراجات کا تخمینہ پیش کیا
اور مالیات کو بہتر بنانے پر زور دیا - بحث و تمحیص کے بعد چند تجاویز
منظور ہوئیں

۴ - مجلس عامہ کے ارکان کا انتخاب ہوا - ذیل کے اسماء پیش
ہوئے - اور منظور ہوئے:-

۱ - خان بہادر مولوی محمد شفیع - ۲ - ڈاکٹر شیخ محمد اقبال

۳- ڈاکٹر برکت علی قریشی- ۴- ڈاکٹر رشید احمد
۵- ڈاکٹر عنایت اللہ- ۶- مولانا محمد المراکشی
۷- صوفی غلام مصطفےٰ تبسم- ۸ شیخ صادق علی دلاوری
۹- سید عبد اللہ
۵- طے پایا کہ باقی ماندہ ۳ ارکان طلبہ میں سے نومبر ۱۹۴۳ء
میں منتخب کئے جائیں ×
۶- ذیل کی تجاویز پر بحث ہوئی :-
۱- سوسائٹی کے آئین نامہ کی شق نمبر۲ میں یہ الفاظ بڑھائے
جائیں :-
"سوسائٹی ایک رسالہ بھی شائع کرے گی"
۲- ذیل کی تجویز زیر بحث آئی :-
"سوسائٹی کا سال یکم جنوری سے شروع ہوا کرے"
سیکرٹری نے کہا کہ چندے کی تنظیم کی غرض سے اگر یہ تجویز منظور
کرلی جائے- اور سب ارکان اپنا چندہ جنوری میں ادا کردیا کریں- تو
اس سے انتظام میں بہت سہولت پیدا ہو جائے گی- مختلف حضرات
نے اس کے متعلق اظہار رائے کیا- اور بحث کے بعد طے پایا- کہ یہ تجویز
سردست واپس لے لی جائے- چنانچہ محرک نے یہ تجویز واپس لے لی ×

مجلس عاملہ (۹- مئی ۱۹۴۳ء) کی کارروائی

مجلس عاملہ کے اجلاس منعقدہ ۹- مئی ۱۹۴۳ء میں ذیل کے
عہدہ داران منتخب ہوئے :-

۱- سرپرست- وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی
۲- صدر- خان بہادر مولوی محمد شفیع
۳- خازن -ڈاکٹر شیخ محمد اقبال
۴- سیکرٹری- سید عبداللہ
۵- نائب سیکرٹری- شیخ صادق علی دلاوری

سید محمد عبداللہ سیکرٹری

آئین نامہ
پنجاب یونیورسٹی عربک اینڈ پرشین سوسائٹی

نام

۱- سوسائٹی کا نام "پنجاب یونیورسٹی عربک اینڈ پرشین سوسائٹی" ہوگا۔

اغراض ومقاصد

۲- سوسائٹی کے اغراض ومقاصد حسب ذیل ہونگے:-

ا- عربی و فارسی السنہ وادبیات سے متعلق امور ومسائل پر بحث۔

ب- اوران کے مفاد کی حفاظت کے وسائل پر غور۔

ج- وقتاً فوقتاً- عربی فارسی کی نادر کتابوں اور مقالوں کی اشاعت۔

د- ایک سہ ماہی رسالہ کی اشاعت
(ملاحظہ ہو- روداد اجلاس عام منعقدہ ۲۷ اپریل ۱۹۴۲ء)

رکنیت

۳ - سوسائٹی کے ارکان اقسام ذیل پر مشتمل ہونگے :-

ا - طلبہ

ب - یونیورسٹی اور کالجوں کے اساتذہ اور دیگر غیر استاد حضرات جنہیں مجلس عاملہ منتخب کرے -

ج - اعزازی

د - مستقل اراکین مدت العمر کے لیئے (Life member)

۴ - مندرجہ ذیل قسم کے طلبہ کو رکنیت کا حق حاصل ہوگا :-

ا - پنجاب یونیورسٹی کے ایم - اے عربی و فارسی کے طلبہ -

ب - منشی فاضل اور مولوی فاضل جماعتوں کے طلبہ

ج - دیگر طلبہ جن کو سوسائٹی کی مجلس عاملہ منتخب کرے

۵ - صرف ان اساتذہ کو رکنیت کا حق حاصل ہوگا - جو یونیورسٹی یا اس کے ملحقہ کالجوں اور سکولوں میں ملازم ہوں گے -

۶ - اعزازی رکنیت صرف ممتاز حضرات تک محدود ہوگی - جو عربی و فارسی میں خاص دلچسپی کے باعث امتیازی حیثیت حاصل کر چکے ہیں - ان کو سوسائٹی کی مجلس عاملہ منتخب کرے گی ؛

چندہ

۷ - چندہ ہر حالت میں پیشگی ادا کرنا ہوگا -

ا - طلبہ سے ایک روپیہ - طالب علم یکمشت پانچ روپے کی ادائیگی سے لائف ممبر بن سکتا ہے -

ب - اساتذہ سے دو روپے سالانہ ہر استاد پندرہ روپے یکمشت دے کر لائف ممبر بن سکتا ہے +

(ج) اساتذہ اور طلبہ کے علاوہ دوسرے حضرات سے تین روپے سالانہ - اس نوع کا ہر رکن بیس روپے یکمشت دے کر مستقل ممبر بن سکتا ہے +

۸ - وہ ارکان جو پنجاب سے متعلق ہیں - اس یونیورسٹی کو چھوڑنے کے بعد بھی مقررہ چندے کی ادائیگی سے اپنی رکنیت کو برقرار رکھ سکتے ہیں +

عہدہ داران

۹ - سوسائٹی کے حسب ذیل عہدہ دار ہونگے :-

ا - سرپرست وائس چانسلر - (بحیثیت عہدہ)

ب - صدر

ج - سیکرٹری

د - اسسٹنٹ سیکرٹری

ہ - خزانچی

۱۰ - صدر - سیکرٹری - اسسٹنٹ سیکرٹری اور خزانچی کو سالانہ اجلاس عام کے بعد مجلس عاملہ پہلی نشست میں منتخب کرے گی -

۱۱ - ا - صاحب صدر سوسائٹی کے ہر اجلاس کی صدارت کیا کریں گے - ان کی عدم موجودگی میں مجلس عاملہ کا کوئی اور ممبر صدارت کے فرائض انجام دینے کے لیے منتخب کیا جائے گا +

ب - سیکرٹری سوسائٹی کے سب جلسوں نیز مجلس عاملہ کے اجلاس کی روئداد مرتب کیا کرے گا۔ سوسائٹی کے جملہ کاغذات اس کی تحویل میں ہونگے - مجلس عاملہ کے منظور کردہ پروگرام کو جامۂ عمل پہنانے کے لئے سوسائٹی کے جس قدر اجلاس اور جلسے ہوں گے - ان کا اہتمام و انتظام بھی سیکرٹری کے ذمہ ہوگا - اس کے علاوہ اسے تمام وہ اختیارات حاصل ہوں گے - اور تمام وہ فرائض انجام دینے ہوں گے - جو اس عہدہ کے ساتھ لازم ہیں ۔

ج - اسسٹنٹ سیکرٹری ان فرائض کی انجام دہی میں سیکرٹری کی اعانت کرے گا - اور اس کی عدم موجودگی میں اُس کا قائم مقام ہوگا ۔

د - سوسائٹی کا سرمایہ خازن اعزازی کی تحویل میں رہے گا - اور وہ باقاعدہ حساب رکھنے اور آمدنی اور خرچ کی سالانہ رپورٹ مرتب کرنے کا ذمہ وار ہوگا ۔

مجلس عاملہ

۱۲ - مجلس عاملہ ۱۲ ارکان پر مشتمل ہوگی - یعنی صدر[۱] سیکرٹری[۲] - اسسٹنٹ سیکرٹری[۳] - خزانچی[۴] اور عربی و فارسی کے یونیورسٹی پروفیسر[۵] باقی ۱۶ ارکان منتخب ہوں گے - طلبہ میں سے زیادہ سے زیادہ تین ارکان منتخب ہوں گے ۔

۱۳ - مجلس عاملہ کے فرائض حسب ذیل ہوں گے :-

ا - انتخاب عہدہ داران -

ب - سالانہ پروگرام کی ترتیب اور تنظیم

ج - سوسائٹی کے سرمایہ کا تصرف و اختیار

د - اعزازی ارکان کا انتخاب

۷ - متفرقات جو سوسائٹی اپنے اجلاس عام (سالانہ) میں مجلس عاملہ کے سپرد کرے -

۱۴ - مجلس عاملہ کے جلسوں کا کورم چار ہوگا - اجلاس کا دعوت نامہ سیکرٹری کی طرف سے کم ازکم سات روز قبل جاری ہونا چاہیئے ۔

۱۵ - تمام امور کا فیصلہ حاضر ارکان کی کثرت رائے سے ہوگا لیکن مساوی تقسیم کی صورت میں صاحب صدر کو "کاسٹنگ ووٹ" دینے کا حق ہوگا ۔

۱۶ - سال کے دوران میں اگر عہدہ داران یا ارکان مجلس عاملہ میں سے کوئی اسامی خالی ہو جائے تو مجلس عاملہ اس جگہ کو پُر کرے گی اس طریق سے منتخب کئے ہوئے حضرات صرف باقی ماندہ عرصہ کے لئے اُس عہدہ پر فائز رہیں گے ۔

اجلاس

۱۷ - اجلاس تین طرح کے ہوں گے

ا - عام جلسے - اکتوبر سے اپریل تک ہر مہینہ میں کم ازکم ایک بار منعقد ہوا کریں گے ۔

ب - غیر معمولی اجلاس - صدر کی منظوری سے سیکرٹری کی طرف سے فوری اعلان پر

ج - سالانہ اجلاس عام -

۱۸ - ہر سال اپریل میں ایک سالانہ عام جلسہ مندرجہ ذیل امور کو طے کرنے کی غرض سے منعقد ہوگا ؛

ا - مجلس عاملہ کا انتخاب

ب - گذشتہ سال کے حساب کی رپورٹ اور آئندہ سال کی آمدنی اور خرچ کے تخمینے کی منظوری -

ج - سوسائٹی کے قواعد و ضوابط میں کوئی ترمیم یا اضافہ -

د - دیگر ضروری معاملات پر غور و خوض اور ان کا فیصلہ

۱۹ - سالانہ اجلاس عام میں دس ارکان کا کورم ہوگا -

۲۰ - سوسائٹی کے قواعد میں تغیر و تبدل کی تجاویز سالانہ اجلاس عام کے انعقاد کی تاریخ سے کم از کم ایک ماہ قبل سیکرٹری کو پہنچ جانی چاہئیں - سیکرٹری اجلاس سے کم از کم پندرہ دن قبل تمام ارکان کو ان تجاویز کی اطلاع دے گا - سوسائٹی کے ضوابط میں ترمیم و اضافہ کی کوئی تجویز اس وقت تک منظور شدہ نہ سمجھی جائے گی - جب تک اجلاس عام کے حاضر ارکان کا ⅔ حصہ اس سے متفق نہ ہوگا - (ایسے جلسوں میں حاضرین کی تعداد کم از کم دس ہونی ضروری ہے) ؛

نوٹ - سوسائٹی ایک سہ ماہی رسالہ شائع کرتی ہے - جو ارکان میں مفت تقسیم ہوتا ہے ؛

ملک ابو النجم ایاز بن اویماق

(گزشتہ سے پیوستہ)

ایاز کی حیثیت محمود کے دربار میں

اس زمانے میں غلاموں کو بے حد اہمیت حاصل تھی۔ چنانچہ جب ہم بیہقی کے اوراق کو بنظر غائر دیکھتے ہیں۔ تو جا بجا غلام سالاروں کا ذکر آتا ہے۔ جن میں سے بعض آزاد بھی کر دیئے گئے۔ ان غلاموں کا ایک مستقل وجود نظر آتا ہے۔ جن سے غزنی کی ایک منضبط فوج تیار ہؤا کرتی تھی۔ چنانچہ بادشاہ کا خاص حفاظتی دستہ ان غلاموں پر مشتمل نظر آتا ہے۔ محمود کے ہاں موجودہ زمانے کی طرح کوئی خاص مستقل اور باقاعدہ فوج نہیں ہوا کرتی تھی۔ ہاں غلاموں کی ایک بہت بڑی جمعیت جو تربیت یافتہ اور ہر قسم کے ہتھیاروں سے مسلح ہوتی تھی۔ ضرور نظر آتی ہے۔ بعد میں ہندوؤں کا بھی ایک مستقل لشکر بن گیا تھا۔ جن کے سپہ سالار سوندھیرائے ناتھ اور تلک وغیرہ ہم کو نظر آتے ہیں۔ چنانچہ یہ تمام غلام بادشاہ کے زر خرید ہوتے تھے۔ اور شاہی دامن سے وابستہ ہوتے تھے۔ انہیں ہر قسم کی تربیت حاصل ہوتی تھی۔ اور وہ ہر قسم کے ترقی یافتہ آلات سے مسلح ہوتے تھے۔ اس لیے ان کا پلڑا دوسرے سرداروں کے دستوں سے ہمیشہ بھاری رہتا تھا۔ فوج کا قلب یہی دستہ ہؤا کرتا تھا۔ ایاز غلاموں کے اس شاہی دستہ کا سالار تھا اور محمد بن محمود کی تخت نشینی کے بعد وہ اس دستہ کو اپنے ساتھ لے کر مسعود کے پاس بھاگ آیا تھا۔ یہ نہ سمجھ لینا چاہیئے کہ ایاز محض حسن و

خوبی اور کرشمہ و ناز کا ہی ایک مجموعہ تھا۔ نہیں بلکہ وہ محمود کے شاہی حفاظتی دستہ کا سالار تھا۔ اور تقریباً ہر معرکہ میں پیش پیش تھا۔ جہاں اس کی عادات و خصائل نے محمود کو اپنا لیا تھا۔ وہاں اُس کی دلیری اور جانفروشی نے بھی محمود کے دل پر اپنا سکہ بٹھایا ہوا تھا۔ چنانچہ بیہقی ایاز کی تعریف محمود کا منظور نظر ہونے کے علاوہ ایک بڑے سپہ سالار کی حیثیت سے بھی کرتا ہے۔ احمد حسن وزیر جب اُس کا نام رے کی صوبہ داری کے لئے پیش کرتا ہے۔ تو اُسے سالار ہی کہتا ہے۔ فرخی اور رونی کے قصائد سے بھی پتہ چلتا ہے کہ وہ ایک قادر تیر انداز اور شہ سوار تھا۔ آداب الحرب کا مصنف اسے ہندوستانی فوجوں کی قیادت کرتے ہوئے اور قلعوں کو سر کرتا ہُوا دکھاتا ہے۔

چنانچہ آداب الحرب میں ہے۔ "وقتے امیر ایاز بہ ہندوستان بغزا رفت حصاری را در پیچید۔ لشکریاں بیشتر بہ قلعہ رفتند۔ چنانکہ لشکرگاہ خالی شد۔ کافراں از قلعہ تاختن آوردند۔ امیر ایاز بدر حصار شد۔ تا ایشاں را از بیروں آمدن باز دارد۔ پیل سپید بروں آمد۔ و در عقب او (امیر ایاز) سوار بر بار تیر اندازی بود۔ بلند کماں قادر دست محکم انداز اور اعلی بخاری گفتندی امیر ایاز او را گفت۔ یکے تیر لشکر شکن توانی انداخت گفت توانم۔ آئینہ چینی بزرگ بر پیشانی پیل آویختہ۔ بخاری تیر پیکار را سہ سوی فولادی آب دادہ بزد بہ آئینہ پیل۔ آئینہ پارہ پارہ شد۔ بانگ آئینہ بغرسنگے برفت۔ پیل بترسید۔ تیر دیگر بکشاد۔ بزد بہ چشم پیل۔ نیمہ تیر بسر پیل در رفت از درد آں زخم بازگشت۔ و خلقی را زیر پاے بکشت و دیگر لشکر ہزیمت شد۔ و بہ حصار رفتند۔ مسلماناں دل شکستہ بودند ہر یکے چوں شیراں گشتند"[۱] ایاز کے اندر جو دانش کا جوہر اس وقت کھلتا

---

[۱] آداب الحرب ورق ۱۰۰ ؎

ہے جب وہ امیر مسعود کی حمایت میں محمد کے خلاف اٹھتا ہے اور شاہی دستہ کو اپنے ساتھ لے جانے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ اس کی یہ کامیابی مسعود کے لئے بے حد تقویت کا باعث بنتی ہے۔ اور دوسرے سالار بھی محمد سے کٹ کٹ کر مسعود سے آملتے ہیں۔ مسعود اس کا ذکر اپنے ایک خط میں جو قدرخان کی طرف ہے۔ اعتراف خدمات کے طور پر کرتا ہے[۱]۔

ایاز مسعود کی حمائت میں ایاز سلطان محمود کی زندگی تک اسی طرح اپنی حیثیت پر برقرار معلوم ہوتا ہے جب سلطان کا وصال ہو گیا۔ تو امیر مسعود اُس وقت سپاہاں (اصفہان) میں تھا۔ اور محمد گوزکاناں میں حاجب بزرگ علی قریب نے جو اس وقت بے حد اثر و رسوخ کا مالک تھا۔ چپکے سے محمد کو گوزکاناں سے بلا لیا۔ اور اُسے تخت پر بٹھا دیا۔ امیر مسعود اس وقت دور اصفہان میں بے خبر بیٹھا ہوا تھا۔ لیکن بیشتر امرائے دربار کو حاجب بزرگ علی قریب کا یہ انتخاب پسند نہ آیا۔ وہ محمود کی جنگ جویانہ اور فیاض طبیعت کے متلاشی تھے۔ انہیں محمد کی علم دوستی۔ صلح پسندی اور عشرت طلبی پسند نہ آئی۔ قوم کے اندر ابھی غزنوی کے معرکوں کی یاد تازہ تھی۔ ان کی طبیعت میں ابھی جہانگیری اور فتوحات کا بے پناہ ولولہ اور جوش تھا۔ ابھی شمشیر و سناں کی باری تھی۔ وہ طاؤس و رباب کس طرح قبول کر لیتے۔ انہیں ایک ایسے زبردست سردار کی ضرورت تھی۔ جو قوم کے جنگی جذبات کی قدر کر سکے۔ اور انہیں ایک خاص روش پر چلا سکے۔ جس کے وہ پہلے سے خوگر تھے

---

[۱] بیہقی صفحہ ۸۶

اور یہ تمام صفات محمد کے مقابلے میں مسعود میں بدرجہ اتم موجود تھیں۔ مسعود اپنے باپ کی موجودگی میں ہی بہادری اور فیاضی کے مظاہر دیکھ چکا تھا۔ ایاز بھی انہیں میں سے ایک تھا۔ جو مسعود کی ان صفات کے گرویدہ تھے۔ اور سب سے پہلے اُسی نے احتجاج کیا۔ اور جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ علی دایہ اور وہ اپنی اپنی جمعیتیں لے کر لڑتے بھڑتے شاہی فوجوں کے ترغے سے نکل گئے۔ اور نیشاپور میں امیر مسعود کی خدمت میں جا حاضر ہوئے۔ امیر مسعود نے اُن کا پُرتپاک خیر مقدم کیا۔ اور ان کی آمد کو ایک نیک فال تصور کیا۔ اس کے حوصلے بلند ہو گئے۔ اور وہ غزنی پر حملہ کی تیاریاں کرنے لگا۔ ادھر دربار غزنوی کے امرا نے جب دیکھا۔ کہ محمد باوجود قہالشتوں کے ایک قوی دشمن کی موجودگی میں لہو ولعب میں مشغول ہو گیا ہے۔ تو انہیں اپنا انجام صاف نظر آنے لگا انھوں نے بہتری اسی میں سمجھی۔ کہ محمد کو معزول کر کے قید کر لیں اور خود مسعود کی خدمت میں باریاب ہو جائیں۔ چنانچہ انہوں نے مسعود سے نامہ و پیام شروع کر دیا۔ اور یہ کہہ کر اپنی وفاداری کا اظہار کرنے لگے۔ کہ محمد کو تخت پر بٹھانا تو محض دفع الوقتی تھا۔ حقیقت میں ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ مسعود نے بھی مصلحتاً اُن کے دل بڑھائے اور انعام و اکرام کے لالچ دیئے۔ محمد چار ماہ تک راگ رنگ میں مشغول رہا۔ اس کے بعد وہ اپنے بھائی سے تخت سلطنت کے لئے قسمت آزمائی کرنے نکلا۔ جب تگیناباد پہنچا۔ تو امرا نے جن کی سازش مکمل ہو چکی تھی۔ اُسے گھیر لیا۔ گردیزی کے قول کے مطابق امرا نے کہا مُرا اہمی بری پیش خصم کہ ہمہ جہاں شیعہ و متابع اوبند۔ و مایقین دانیم کہ تو با وے مقاومت نتوانی کرد۔ صواب آنست کہ تو بجائے بنشینی

تا ما پیش او رویم و عذر خویش بخواہیم و سخن تو بگوییم۔ تا دل بر ما خوش کند۔ و از تو نیز خوشنود گردد و ترا بہ نزدیک خویش خواند۔ و تو و ما از وے بجان ایمن گردیم"۔ جب امیر محمد نے دیکھا کہ لشکر کا لشکر الٹ چکا ہے۔ تو وہ سمجھ گیا کہ تیر کمان سے نکل چکا ہے سوائے مان لینے کے اور کوئی چارہ کار نہیں۔ چنانچہ امرا نے اُسے وتح کے قلعہ میں نظر بند کر دیا۔ اور خود لاؤ لشکر اور مال و متاع لے کر مسعود کی خدمت میں ہرات کے مقام پر حاضر ہو گئے۔ مسعود جب غزنی میں آیا۔ تو محمد کی آنکھیں نکلوا دیں اور اسے مندیش کے قلعہ میں نظر بند کر دیا۔ فرخی نے لکھا۔ ؎

اے شاہ چہ بود ایں کہ ترا پیش آمد
دشمنت ہم از پیرہن خویش آمد۔
از محنت ہا محنت تو بیش آمد
از ملک پدر بہر تو مندیش آمد[۲]

غزنی کے لوگوں نے اس کا پُرجوش خیر مقدم کیا۔ اور اس پر درہم و دینار نچھاور کئے۔ اس طرح بالآخر وہ تحریک جسے ایاز نے چلایا تھا۔ نہایت خوش اسلوبی سے کامیاب ہوئی اور ایاز کے دانش و تدبر سے مسعود خون کا ایک قطرہ بہائے بغیر غزنی کی وسیع سلطنت کا مالک بن گیا۔

مسعود کی قدر دانی

مسعود نے ایاز کو اس خدمت کے صلے میں بہت نوازا۔ اس پر انعام و اکرام کی بارش کی اور اعلےٰ مراتب پر فائز کیا۔ اُس نے ایاز کے بارے میں اپنی

---

[۱] زین الاخبار گردیزی صفحہ ۹۵۔ [۲] دیوان فرخی صفحہ ۴۴۵۔

فیاضی کی ایک مثال قائم کردی۔ اس نے چہل خروار دینار ایک ہی بخشش میں عطا کئے۔ بست کے صوبہ کی تمام آمدنی اسے بخش دی۔ مکران و قزدار کا خراج اُسے عطا کر دیا۔ اس وقت تک اتنی بخشش کسی اور امیر کے ساتھ نہیں کی گئی تھی۔ مکران اور قزدار ۴۲۲ھ کے شروع میں فتح ہو جاتے ہیں۔ اس لئے اس فیاضی کی تقریب ۴۲۲ھ کے لگ بھگ ہی ہے۔ فرخی نے ان انعامات کو یوں بیان کیا ہے :-

خداوند جہاں مسعود محمود | کہ او را از رہی بخشد بخروار
جز او را از ہمہ میراں کرا داد | بیک بخشش چہل خروار دینار
بدو بخشید مال خطۂ بست | خراج خطہ مکران و قزدار[۵۱]

مسعود اپنے زمانہ حکومت میں ایاز کو ہمیشہ عزت کی نگاہوں سے دیکھتا رہا۔ بدقسمتی سے بیہقی جو اس زمانے کے حالات کی ایک مفصل تاریخ ہے۔ ایاز کے متعلق کچھ زیادہ روشنی نہیں ڈالتا۔ بہرحال اتنا پتہ ضرور چلتا ہے۔ کہ ایاز مسعود کی بارگاہ میں ہمیشہ مقبول رہا۔

ایاز ہندوستان میں

بیہقی کے قول کے مطابق ۳ ذی القعد بروز ہفتہ ۴۲۷ھ امیر مجدود کو امارت ہندوستان کی خلعت پہنائی گئی۔ اور اُسے جاہ و حشم کے ساتھ صوبہ لاہور کی طرف بھیجا گیا۔ بیہقی جاہ و حشم میں ابوالقاسم ترکی۔ سعد سلمان (مسعود سعد سلمان کا باپ) اور سرہنگ محمد کا ذکر کرتا ہے لیکن ایاز کا ذکر نہیں کرتا۔ گردیزی کے قول کے مطابق جب ۴۲۸ھ میں مسعود نے ہانسی اور کئی ایک اور قلعے فتح کرلئے تو جاتی دفعہ اپنے بیٹے مجدود کو حکومت دے گیا۔ گردیزی کے الفاظ ہیں :-

---

[۵۱] دیوان فرخی صفحہ ۱۶۴ + [۵۲] بیہقی صفحہ ۶۲۲ +

"پس امیر مجدود بن مسعود را رحمہما اللہ ولایت لاہور داد - و طبل و علم داد - و او را با حشم و حاشیت سوئے لاہور بفرستاد - و خود سوے غزنین آمد[1]" گردیزی کے بیان کے مطابق فتح ہانسی ۴۲۸ھ میں ہوئی - اور بیہقی کے بیان کے مطابق ۴۲۹ھ کے اوائل میں - بیہقی کی دی ہوئی تاریخوں کے متعلق تو کچھ نہیں کہا جا سکتا - مگر اُس نے ہانسی کی فتح کا جو ذکر کیا ہے - وہ بہت حد تک مبہم اور غیر واضح ہے - اور ایسا معلوم ہوتا ہے - کہ بیہقی اس واقع کو اچھی طرح ذہن نشین نہیں رکھ سکا - برخلاف اس کے گردیزی ہانسی کی فتح کا مفصل ذکر کرتا ہے - اور ہانسی کے ساتھ دوسرے قلعوں کا بھی ذکر کرتا ہے - جنہیں مسعود نے فتح کیا تھا - دونوں کے بیانات سے ایاز کے وہاں ہونے کا پتہ نہیں چلتا لیکن امیر مسعود کی وفات کے بعد جب مسعود اپنے چچا محمد سے اپنے باپ کا انتقام لے کر دوسرے سال لاہور کی طرف بڑھتا ہے - تو ہمیں فرشتہ میں ایاز خاص کا ذکر ملتا ہے - جو مجدود کا دست راست بلکہ اتالیق تھا - فرشتہ لکھتا ہے :-

بعد ازاں ہیچ اندیشہ نماند - اِلّا اندیشہ برادر کوچک مجدود بن مسعود بعد از قضیہ پدر از ملتان بہ لاہور رفتہ باستظہار ایاز خاص از آب سندھ تا ہانسی و تھانیسر کما ہو حقہٗ ضبط کردہ استقلال الکلام بہم رسانیدہ بود[2]

اب ایاز مجدود کے ساتھ کب آیا - تو اغلب یہی ہے - کہ جب سلطان مسعود نے ۴۲۷ھ یا ۴۲۸ھ میں مجدود کو امارت سپرد کی - تو ایاز کو بھی اُس کے ہمراہ بھیجا اور غالباً اُس کی خدمات اور تجربے

---

[1] گردیزی صفحہ ۱۰۴ + [2] فرشتہ صفحہ ۴۴ +

کا اعتراف کرتے ہوئے اور مجدود کی کم سنی کا خیال کرتے ہوئے اس نے ایاز کو اس کا اتالیق مقرر کر دیا۔ مجدود ابھی بچہ ہی تھا اس لئے تمام اختیارات ایاز کے ہاتھ میں ہی تھے۔ اس لئے صحیح معنوں میں ایاز ہی لاہور کا حاکم ہو سکتا ہے۔ دوسرے فرشتہ کے الفاظ سے پتہ چلتا ہے کہ ایاز اس وقت ایک غیر معمولی طاقت کا مالک تھا۔ جس کی مدد سے مجدود ہانسی اور تھانیسر تک تمام علاقوں پر پوری طرح قبضہ جما لیتا ہے۔ مقامی مورخ بھی اسی نتیجہ پر پہنچے ہیں۔ اکبر شاہ نجیب آبادی کہتے ہیں۔ "وہ پھر لاہور میں اپنے بیٹے مجدود کو چھوڑ کر ایاز کو اس کے ہمراہ بطور اتالیق مقرر کیا۔ اور شروع جمادی الاول ۴۲۹ھ میں غزنی پہنچ گیا[۱]" کنہیا لال اپنی تاریخ میں ایاز کے حال میں لکھتا ہے "مدت مدید بہ نیابت شہزادہ ابو محمد (جو مجدود کا دوسرا نام تھا) پنجاب کا حاکم رہا[۲]"۔ چنانچہ مسعود کے مقابلے کے لئے ایاز کا موجود ہونا اس امر کی دلیل ہے کہ ایاز مجدود کے ساتھ اس سے پیشتر ہی موجود تھا۔ اور یہ زمانہ وہی ہو سکتا ہے۔ جب مجدود کو لاہور کی امارت دی گئی۔

ایاز کی صوبہ داری

ایاز کو عموماً پنجاب کا پہلا مسلمان صوبہ دار کہا جاتا ہے۔ اور یہ بات کسی حد تک صحیح بھی ہے بیہقی کی تاریخ کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے۔ کہ سلطان محمود اور مسعود کے اولین زمانے میں صوبہ کے انتظام کا یہ قاعدہ تھا کہ کسی ملک یا صوبہ کا ایک سپہ سالار ہوتا تھا۔ جس کا کام فتوحات حاصل کرنا فوج میں اقتدار قائم رکھنا۔ اور ماتحت راجوں اور رئیسوں سے خراج وصول کرنا ہوتا تھا۔ دوسرا بڑا افسر قاضی ہوتا تھا۔ قاضی

---

[۱] آئینہ حقیقت نما حصہ اول صفحہ ۱۹۱ + [۲] تاریخ لاہور کتب اول صفحہ ۱۴۰+

تمام مالی اور اندرونی انتظام کا ذمہ دار تھا - دونوں کی حیثیت مستقل تھی - اور دونوں ایک دوسرے سے آزاد تھے - انہیں صرف بادشاہ کے سامنے جواب دہ ہونا پڑتا تھا - چونکہ بادشاہ ان دونوں سے دور ہؤا کرتا تھا - اس لئے خرابی کا ہر وقت احتمال تھا - کیونکہ اگر قاضی کی اور سپہ سالار کی آپس میں نہ نبھے - تو ملک کا شیرازہ درہم برہم ہو جانا لازمی تھا - سلطان محمود کے زمانے سے ہندوستان میں قضا کے عہدہ پر قاضی شیراز ابوالحسن علی نظر آتا ہے - قاضی شیراز کو سلطان کے مزاج میں بہت کچھ دخل تھا - اور اس لئے وہ مغرور تھا - چنانچہ یکے بعد دیگرے جو بھی سپہ سالار آیا - قاضی شیراز کی اس سے نہ بن سکی - سب سے پہلے عبداللہ قراتگین کا آنا ظاہر ہوتا ہے - اس کے بعد اریارق[1] آیا - وہ بہت منہ زور اور شجاع تھا - اس نے قاضی کی پرواہ نہ کی - اور بعد میں محمود کے احکام کی بھی چنداں پروا نہ کی[2] محمد کے سامنے بھی وہ اسی طرح اکڑا رہا - مسعود کے زمانے میں احمد حسن کی ترغیب سے اریارق مسعود کی خدمت میں حاضر ہو گیا - مسعود نے اسے ایک ترکیب سے گرفتار کر کے ایک قلعہ میں مقید کر دیا - اور اس کی جگہ نیا لتگین کو بھیجا - لیکن نیا لتگین کے خلاف قاضی نے سازش کی - جس کا نتیجہ یہ ہؤا کہ احمد نیا لتگین باغی قرار دے دیا گیا - اور تلک کے ہاتھوں مارا گیا - جب ۴۲۶ھ و ۴۲۸ھ میں ایاز مجدود کا اتالیق مقرر ہؤا - تو اس کی حیثیت سپہ سالار کی حیثیت سے مختلف تھی -

(حاشیہ: بعد ابوالفتح و اسغانی اور پھر ابوالفرج کرمانی - ازاں *)

---

[1] بیہقی صفحہ ۳۲۷ + [2] بیہقی صفحہ ۲۷۵ +

وہ صوبہ دار یا والسرائے تھا۔ سپہ سالار اور قاضی براہ راست اُس کے ماتحت تھے۔ اس لئے ایاز کو پہلا مسلمان صوبہ دار کہا جا سکتا ہے۔[۱]

لاہور کی تعمیر لاہور کا شہر ایاز کے زمانے سے پیشتر ایک شہر کی حیثیت سے اسلامی تواریخ میں غیر معروف ہے۔ البیرونی جس نے اپنی کتاب الہند محمود کی وفات کے بعد اور سلطان مسعود کے زمانے میں لکھی ہے۔ لاہور کا ذکر ایک صوبہ کی حیثیت سے کرتا ہے۔ جس کا پایہ تخت مندھوکور[۲] تھا۔ مندھوکور کا جغرفیائی مقام ابھی تک غیر متعین ہے لیکن البرونی نے اپنی کتاب میں جہاں اور مقامات کا عرض بلد دیا ہے۔ وہاں مندھوکور کا بھی عرض بلد دیا ہے۔ اس کی پیمائش کے مطابق مندھوکور کا عرض بلد ۵۰۔ ۳۱ ہے[۳]۔ اور موجودہ لاہور کا عرض بلد ۳۴ ۳۱ ہے۔ البرونی کے دیئے ہوئے دوسرے عرض بلدوں کا موجودہ عرض بلدوں سے مقابلہ کیا جائے تو بہت تھوڑا فرق نکلتا ہے۔ اس سے اس کی پیمائش کے درست ہونے میں بہت کم شبہ رہ جاتا ہے۔ اس امر سے پتہ چلتا ہے کہ مندھوکور جو لاہور کا پایہ تخت تھا موجودہ لاہور کے کہیں قریب ہی واقع تھا۔ اور غالباً لاہور کے تباہ ہو جانے کے بعد اسلامی پایہ تخت بن گیا تھا۔[۴] بیہقی اپنی تاریخ میں مندھوکور کا ذکر احمد نیالتگین کی بغاوت

---

[۱] کتاب الہند صفحہ ۱۰۱۔ [۲] البرونی زخاؤ ایڈیشن صفحہ ۳۱۷، [۳] کننگھم مندھوکور کو محمود پور جو لاہور کا دوسرا نام کہا جاتا ہے کی ایک بگڑی ہوئی شکل بتاتا ہے لیکن معاصرین کا بھی محمود پور کو مندھوکور لکھنا اس کے بیان کی تصدیق نہیں کرسکتا یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ مسلمان مورخ ایک اسلامی نام کو چھوڑ کر اُس کی بگڑی ہوئی شکل کا استعمال کریں اور پھر اتنی جلدی یعنی البرونی کے زمانے میں محمود پور جس کا تلفظ اتنا مشکل بھی نہیں۔ کس طرح بگڑ کر مندھوکور بن سکتا ہے جیسا کہ البرونی لکھتا ہے۔

کے سلسلہ میں کرتا ہے۔ جہاں کے قلعے میں اس وقت کے شاہی امرا محصور تھے۔ مسعود کے بعد کی تاریخوں میں مندھوکور کا ذکر بند ہو جاتا ہے۔ اور اس کی جگہ لاہور نمایاں نظر آتا ہے اس کا باعث کیا تھا۔ اس کا جواب سجان رائے اور دوسرے مقامی مورخ دے سکتے ہیں۔ سجان رائے کے الفاظ پہلے بھی نقل ہو چکے ہیں۔ ان سے پتہ چلتا ہے کہ لاہور کے تباہ ہو جانے کے بعد ایاز نے لاہور کو نئے سر سے سے آباد کیا۔ اس میں ایک پختہ قلعہ تعمیر کرایا۔ اور لاہور کو ایک نئی زندگی بخشی۔ سجان رائے کی ہم نوائی کئی دوسرے ہندی مورخ اور شاعر بھی کرتے ہیں۔ جو ایاز کو لاہور کا بانی قرار دیتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ لاہور کی بنیاد حسن ووفا کے دیوتا نے رکھی تھی۔ حبیب اللہ فدا لاہور کا ذکر کرتے ہوئے اپنی مثنوی میں لکھتا ہے ؎

بانیٔ او ایاز و محمود است

زیں بنا حسن و عشق مقصود است

جب لاہور آباد ہو گیا۔ تو پایہ تخت بن گیا۔ اور مندھوکور اپنی اہمیت کھو بیٹھا۔ اور آج اس کے مقام کا تعین کرنا بھی دشوار ہے ۔

مسعود لاہور کی طرف

جب ۴۳۱ھ میں مسعود کو سلجوقیوں کے مقابلے میں دندانقان کے مقام پر سخت ہزیمت ہوئی۔ تو اس نے اپنی پریشان قوتوں کا شیرازہ مجتمع کرنے کے لئے ہندوستان کا رخ کیا۔ مودود کو بلخ کی طرف بھیجا۔ اور مجدود کو جو لاہور میں مقیم تھا۔ حکم ہوا کہ وہ لاہور کو چھوڑ کر ملتان کی طرف متوجہ ہو کیونکہ مسعود خود لاہور کو پایہ تخت بنانا چاہتا تھا۔ لیکن مشیت ایزدی کو کچھ اور منظور تھا۔ جہلم کے کنارے

پر مسعود کے غلاموں نے بغاوت کی۔ مال و خزانہ لوٹ لیا گیا مسعود کو نظر بند کر کے امیر محمد کو جسے مسعود مندیش کے قلعہ سے اپنے ساتھ لے آیا تھا۔ تخت پر بٹھا دیا۔ امیر مسعود آخر کار محمد کے بیٹے احمد کے ایما سے شہید کر دیا گیا۔ مودود نے جب اپنے باپ کی شہادت کی خبر سنی۔ تو وہ تعزیت نشینی کے بعد باپ کا انتقام لینے کے لئے محمد کی طرف بڑھا۔ اس انتقامی لڑائی میں مودود نے فتح پائی۔ اور اس نے اپنے باپ کے قاتلوں کو چن چن کر تہ تیغ کیا۔ امیر مسعود کی وفات کے وقت مجدود تو ملتان میں تھا۔ اور ایاز غالباً لاہور میں باپ کی وفات کے بعد مجدود لاہور میں ہی چلا آیا۔ اور ایاز کے ساتھ مل کر ہندوستان کو ایک علیحدہ سلطنت بنانے کا ارادہ کیا۔ مختلف راجوں اور ٹھاکروں سے سلطان محمود کے زمانے کا مقرر کردہ خراج وصول کیا۔ اور تھانیسر و ہانسی تک تمام ملک کو اپنے قبضہ میں لے آیا۔ ادھر ایاز اور مجدود تو ایک نئی سلطنت کی داغ بیل ڈالنے میں مصروف تھے۔ ادھر مودود کو مجدود ایک کانٹے کی طرح کھٹک رہا تھا۔ ۴۳۳ھ کے اواخر میں وہ ہندوستان کو تسخیر کرنے کے ارادہ سے بڑھا۔ مجدود اس وقت اپنے لاؤ لشکر لے کر ہانسی میں مقیم تھا۔ اور دہلی فتح کرنے کی تدبیریں سوچ رہا تھا۔ جب اُسے مودود کے آنے کی اطلاع ملی۔ تو وہ لاہور کی طرف لوٹا۔ اور اس سے پیشتر کہ مودود قلعہ لاہور پر قابض ہو جائے۔ ۸ ذی الحج ۴۳۳ھ کو لاہور پہنچ گیا۔ مجدود کی ہمت اور ایاز کی تدبیروں سے قریب تھا کہ مودود کے لشکر میں نفاق پڑ جائے۔ کہ اچانک عید قربان کی صبح کو مجدود اپنے خیمہ میں مردہ پایا گیا[1]۔ اس کی

---

[1] تاریخ فرشتہ صفحہ ۴۴۔

وفات کس طرح ہوئی اور کیا یہ کسی خوفناک سازش کا نتیجہ تھا۔ یہ مسئلہ آج تک لاینحل ہے۔ فرشتہ کا بیان ہے۔ کہ اس کے فوراً بعد ہی ایاز بھی مرگیا۔ اور اسی طرح بغیر جنگ و جدال کے ہندوستان مودود کے دست تصرف میں آگیا۔" اُس کے الفاظ ہیں:- "ناگاہ صبح عید قربان مجدود را در خرگاہ مردہ یافتند۔ وکیفیت آں اصلاً معلوم نشد۔ وایاز نیز دریں چند روز وفات کرد۔ بے جنگ و جدل مملکت ہندوستان آں مقدار کہ بدو تعلق داشت بہ تصرف متعلقان سلطان مودود در آمد"[1]۔

ایاز کی وفات

لیکن ایاز کے سنہ وفات کے متعلق دو رائیں ہیں۔ اور دونوں کے لئے کچھ نہ کچھ داخلی تائیدات حاصل ہو جاتی ہیں۔

ریورٹی (RAVERTY) طبقات ناصری کے ترجمے میں فرخ زاد کے عہد پر حاشیہ چڑھاتے ہوئے لکھتا ہے:- "ان مشاہیر میں سے جن کا انتقال اس زمانے میں ہوا۔ ایک ابوالنجم ایاز اویماق یا ایماق تھا۔ جو سلطان محمود کا غلام اور ایاز کے نام سے مشہور ہے۔ اس کا انتقال ماہ ربیع الاول ۴۴۹ھ میں ہوا"[2]۔ اس طرح فرہنگ آنندراج میں اُس کا سنہ وفات ۴۴۹ھ دیا ہوا ہے۔ وہ لکھتا ہے۔ "ایاز عمر معقولی دریافتہ .... و در چہار صد و چہل و نہ وفات یافتہ"[3]۔ لیکن دونوں نے اپنے ماخذ کا حوالہ نہیں دیا۔ بہت کوشش کے بعد بھی یہ معلوم نہیں ہوسکا۔ کہ ان کا اصلی ماخذ کیا ہے

---

[1] تاریخ فرشتہ صفحہ ۴۴۔ [2] ترجمہ طبقات ناصری جلد اول حاشیہ صفحہ ۱۰۲۔

[3] فرہنگ آنندراج۔ ایاز کے تحت۔ قصائد رونی صفحہ ۱۱۶۔

لیکن جس وثوق اور تیقن سے ریورٹی (RAVERTY) اور فرہنگ اندراج کے مولف نے یہ سنہ دیا ہے۔ اُسے درخور اعتنا ضرور بنا دیتا ہے۔ اس کی تائید میں ابوالفرج رونی کا ایک مستقل قصیدہ بھی ملتا ہے۔ جو ایاز کی تعریف میں ہے۔ رونی کا دور عموماً سلطان ابراہیم سے جو ۴۵۱ھ میں تخت نشین ہوا۔ شمار کیا جاتا ہے۔ لیکن اگر ایاز ۴۴۹ھ میں وفات پائے۔ اور رونی نے اسی سال یا اس سے کچھ پہلے یہ قصیدہ لکھا ہو۔ تو رونی کے زمانہ پر چنداں اعتراض نہیں ہو سکتا۔ اس قصیدہ میں جہاں ایاز کی تیراندازی کی بے حد تعریف کی گئی ہے (جو ہم نقل کر چکے ہیں) وہاں ایاز کو وہ یوں خطاب کرتا ہے:-

اے ز تو پر عمارت عالم یافتہ عدل خلعت رازی
مرزبانی قوی تراز عقلی قہرمانی قوی تراز آزی

اس میں وہ ایاز کو ایک مرزبان اور قہرمان کی حیثیت سے یاد کرتا ہے مرزبان آج تک جیسا کہ فرہنگ اندراج سے واضح ہے حاکم سرحد قلعہ بان۔ اور گورنر کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ چنانچہ قاآنی نے اپنے ایک قصیدہ میں بھی ہرات کے گورنر کو مرزبان ہی کہا ہے:-

در حصار برُخ بست مرزبان ہری
کشاد قفل در بروں ریخت گوہر از مخزن[1]

اسی طرح قہرمان بھی ایک آزاد یا طاقت ور حاکم کے لئے مستعمل ہے۔ ایاز کا رونی کے زمانے تک ایک طاقت ور صوبہ دار کی حیثیت سے قائم رہنا اس امر کی دلیل ہے۔ کہ غزنی کے سردار بادشاہوں نے اُسے ایک حاکم کی نسبت سے برقرار رکھا اور یہ کہ

---

[1] قصائد قاآنی۔

ایاز کی صوبیداری کا زمانہ ۴۳۲ھ سے لے کر ۴۴۹ھ تک تقریباً بائیس سال پر مشتمل ہو جاتا ہے۔ وہ روایتی شہرت اور عزت جو ایاز کو لاہور کا بانی اور پہلا مسلمان صوبہ دار ہونے کی حیثیت سے حاصل ہے اس کے طویل زمانہ کی حکومت پر ایک مزید شہادت بن جاتی ہے۔

لیکن فرشتہ کے بیان کے مطابق ایاز محمود کی وفات کے بعد جلدی ہی مر جاتا ہے۔ اور اس طرح مودود ہندوستان کی سلطنت پر آسانی سے قابض ہو جاتا ہے۔ اب ہم تاریخی روشنی میں دیکھتے ہیں۔ کہ واقعات نے اس کے بعد کونسا راستہ اختیار کیا مودود نے جب ہندوستان کو اپنے قبضہ تسخیر میں کر لیا۔ اور واپس چلا گیا۔ تو اس کے بعد اس نے دوبارہ ہندوستان کا رُخ نہیں کیا۔ ۴۳۵ھ میں دہلی کے راجہ نے دوسرے ہندو راجوں کے ساتھ مل کر مذہبی خدمات کے ماتحت تھانیسر، ہانسی اور نگرکوٹ وغیرہ پر چڑھائی کر دی۔ ان اضلاع کے مقیم مسلمان امرا نے امرائے لاہور کے پاس امداد کی درخواست کی۔ لیکن امرائے لاہور نے نا اتفاقی کی وجہ سے ان کی مدد نہ کی۔ جس کی وجہ سے اُن کو یہ علاقے خالی کرنے پڑے۔ اور وہ خود لاہور میں آ گئے۔ نگرکوٹ اور تھانیسر وغیرہ کی کامیابی دیکھ کر پنجاب کے ہندو راجوں نے بھی لاہور کا محاصرہ کر لیا۔ یہ محاصرہ سات ماہ تک جاری رہا۔ مودود نے لاہور مدد بھیجنے کا ارادہ کیا۔ مگر مدد کے آنے سے پیشتر لاہور کے امرا ہندو راجوں پر فتح پا چکے تھے[۵]۔ لاہور کو حاصل کرنے کی یہ آخری کوشش تھی۔ جو ہندوؤں نے کی

---

[۵] تاریخ فرشتہ صفحہ ۴۵ *

اس کے بعد لاہور کی سلطنت بہت مستحکم ہوگئی۔ اور مودود کو ہندوستان میں دوبارہ آنے کی ضرورت نہ پڑی۔ البتہ فرشتہ کا قول ہے۔ کہ "در سنہ اربعین و اربعمایہ ۴۴۰ھ مودود دہر دو پسران کلاں ابو القاسم محمود و منصور را دریک روز خلعت وطبل وعلم دادہ ابوالقاسم محمود را بجانب لاہور و منصور را بہ پرشور (پشاور) روان کرد[۱]"

اُدھر غزنی میں مرکزی قوت کمزور ہوگئی۔ بادشاہی مہرے جلد جلد بدلنے شروع ہوگئے۔ مودود نے ۴۴۱ھ میں وفات پائی۔ اس کے بعد مسعود بن مودود اور علی بن مسعود نے یکے بعد دیگرے مل جل کر تین ماہ تک حکومت کی۔ علی بن ربیع ایک امیر جس نے مسعود بن مودود کی حمایت کی تھی۔ علی بن مسعود کے تخت نشین ہونے کے بعد پشاور کی طرف بھاگ آیا۔ اور فرشتہ کے قول کے مطابق "آں خطہ را تا ملتان ستدہ در ضبط خود آوردہ[۲]" جب عبدالرشید ۴۴۱ھ میں تخت پر بیٹھا۔ تو اس نے علی بن ربیع کو بطائف الحیل واپس بلایا اور نوشتگین کرخی کو ہندوستان کا امیر الامرا مقرر کیا اور لاہور کی حکومت اُسے دیدی نوشتگین کرخی نے نگرکوٹ کے علاقے کو پھر فتح کر لیا۔ جب عبدالرشید کا جرنیل طغرل عبدالرشید کو قتل کر کے ۴۴۳ھ میں خود تخت نشین ہوگیا۔ تو نوشتگین کرخی کی سازش سے ہی طغرل کا خاتمہ ہوا۔ اور فرخ زاد بن مسعود کو تخت پر بٹھایا گیا۔ اس کے زمانے میں ہندوستان کے حالات پر کوئی روشنی نہیں پڑتی ۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے۔ کہ ایاز اگر زندہ تھا۔ تو اس پُر آشوب زمانہ میں کیوں نمایاں نہیں ہوتا۔ ہانسی اور تھانیسر کا ہاتھوں

---

[۱] تاریخ فرشتہ صفحہ ۴۶۔ [۲] فرشتہ صفحہ ۴۷ ۔

سے نکل جانا لاہور کا محاصرہ ہو جانا۔ مودود کا اپنے بیٹے ابوالقاسم محمود کو لاہور کا امیر بنا کر بھیجنا۔ علی بن ربیع کا ملتان تک اپنا تصرف قائم کر لینا۔ عبدالرشید کا نوشتگین کو ہندوستان کا امیرالامرا بنا کر بھیجا گیا ظاہر کرتے ہیں۔ کیا اس سے یہ تو ظاہر نہیں ہوتا۔ کہ ایاز کا زبردست ہاتھ موجود نہیں۔

یا شاید یوں ہو کہ ایاز اس پرآشوب زمانہ میں اپنے منصب سے ہٹا دیا گیا ہو۔ لاہور کے امرا کا نفاق اور ریشہ دوانیاں اسی سلسلہ کی کڑیاں ہو سکتی ہیں۔ اس عرصے میں مختلف آدمی ہندوستان میں امیر بن کر آئے اور گئے ہوں۔ اور آخر جب فرخ زاد تخت نشین ہؤا تو ایاز بھی پھر مسند عزت پر آگیا ہو۔ سیاست کے کھیل میں ایسی مثالوں کی کمی نہیں۔ رونی کا قصیدہ بھی فرخ زاد کے اواخر حکومت کا ہے۔ جب کہ ایاز لاہور کا مرزبان (صوبہ دار) نظر آتا ہے۔ فرخ زاد اس مسعود کا بیٹا تھا جس کی تخت نشینی میں ایاز نے مدد دی تھی۔ اور ہو سکتا ہے کہ ایاز کے فرخ زاد سے تعلقات مودود کی نسبت زیادہ اچھے ہوں۔ اور اس طرح وہ دوبارہ عُروج پر آگیا ہو۔ چونکہ فرخ زاد کے زمانہ کے ہندوستان کے حالات پر تاریکی کا پردہ پڑا ہؤا ہے۔ اس لئے ہم اس کے متعلق کچھ وثوق سے نہیں کہ سکتے۔ بہر حال ایاز کے سنہ وفات کے متعلق فی الحال کوئی قطعی اور ناطق فیصلہ نہیں دیا جا سکتا۔

ایاز کا مزار ایاز نے یہیں ہندوستان میں وفات پائی۔ اور اس کا مزار آج تک محفوظ ہے مقامی تاریخوں میں اس کا ذکر موجود ہے۔ عوام اسے ملک الیاس کی خانقاہ کہتے ہیں۔ جو یقیناً

ایاز یا ایاس کی بگڑی ہوئی شکل ہے۔ یہ مزار رنگ محل بازار سے مغرب کی طرف ایک کوچہ میں ایک خانقاہ کی شکل میں واقع ہے۔ صحن میں قبر کا تعویذ ہے۔ اور تعویذ کے مغرب میں ایک برآمدہ۔ جسے مسجد کی شکل میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ تعویذ کے گرد لکڑی کا جنگلہ ہے۔ جس کے اوپر چھت ہے۔ اس کے گرد و نواح کا علاقہ اس مزار سے متعلق تھا۔ لیکن سکھوں کے زمانے میں یہ مکانات چھن گئے۔ اور جن کی بازیابی کے لئے بعض مسلمان سرکار انگریزی کے عہد میں مقدمہ بازی کرتے رہے۔ شہر کے لوگ اس مزار کو متبرک جانتے ہیں۔ اور کئی دوسرے مزاروں کی طرح یہ بھی مرجع خلائق ہے:۔

ایاز کے لواحقین ایاز کے لواحقین میں سے صرف دو کا پتہ چل سکا ہے۔ عوفی اپنی کتاب جوامع الحکایات میں ابونصر مشکان کی زبانی جو محمود کا دبیر رسالت تھا ایک حکایت بیان کرتا ہے عوفی لکھتا ہے":۔

آوردہ اند۔ کہ سلطان یمین الدولہ محمد سبکتگین انار اللہ برہانہ مدتی بود۔ کہ ہر خواہر ایاز مفتون شدہ بود۔ و خاطر مبارک او بدے مائل گشتہ و می خواست کہ اورا در عقد خویش آرد۔ و لیکن اندیشہ مے کرد۔ کہ ملوک اورا بداں عیب کنند۔ و خواص او وے را بداں نیکو ندانند۔ چند مرتے دراں می پیچید۔ ابونصر مشکان می گوید۔ شبی من در خدمت سلطان بودم۔ چوں مجلس خالی شد۔ پای دراز کرد و مرا فرمود۔ کہ پائے من بمال۔ مرا یقین شد۔ کہ مرا این با من سرّے خواہد گفت۔ پس فرمود۔ کہ حکیماں گفتہ اند۔ کہ راز از سہ کس نباید نہفت یکے از طبیب استاد۔ دوم از دوست مشفق و ناصح۔ سوم

از خدمت گار مخلص عاقل و من مدتی است کہ ایں اندیشہ مے کنم۔ امشب ایں سر با تو درمیان نہم۔ تا تو دراں چہ گوئی"۔ ابونصر سلطان کے حسن ظن کا شکریہ ادا کرتا ہے۔ اور وعدہ کرتا ہے کہ حتی الامکان خدمت میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرے گا۔ سلطان نے کہا "دیرگہ مدت است کہ می خواہم کہ ایں سر پوشیدہ یعنی خواہر ایاز را در نکاح خود آورم۔ اما می اندیشم کہ نباید۔ ملوک اطراف ایں را بہ مستخافت عقل ورای نسبت کنند۔ شما کہ خدم و خاص ماشید۔ . . . . خود درین معنی چہ می بینی۔ در ہیچ تاریخ خواندہ ای کہ کس از پادشاہاں بندہ زادگاں خود را در نکاح آوردہ است[۱]" ابونصر اس کے جواب میں بہرام گور اور قباد کی داستانیں سناتا ہے۔ کہ کس طرح انھوں نے معمولی خاندان کی لڑکیوں سے ازدواجی تعلقات قائم کئے۔ جب سلطان نے یہ حکایتیں سنیں "تو در بغایت خرم شد۔ و ابونصر را مداں انعام فرمود و گفت مرا از رنج برہانیدی و بعد از دو روز خواہر ایاز را در عقد خود آورد[۲]"

محمود اور ایاز کے تعلقات کے استوار رہنے کا شاید یہ بھی ایک سبب ہو۔ اور ایاز کے اثر و رسوخ میں شاید اس رشتہ کا بھی بہت تعلق ہو۔

دوسرا بیان بیہقی کا ہے۔ وہ ایک امیر میکائیل کا ذکر کرتا ہے جس نے ایاز کی بہن سے شادی کی تھی۔ بیہقی وزیر حسنک[۳] کے پھانسی

---

[۱] جوامع الحکایات قسم دوم۔ یونیورسٹی نسخہ ورق ۴۳۴ ب تا ورق ۴۳۵ ب۔

[۲] توفی جوامع الحکایات قسم دوم یونیورسٹی نسخہ ورق ۴۳۵ ب [۳] حسنک محمود کا وزیر تھا۔ مسعود کے ساتھ اس کے تعلقات کچھ اچھے نہ تھے۔ مسعود نے اسے پھانسی پر چڑھا دیا تھا۔

پنیرلے جانے کے واقعہ پر لکھتا ہے "میکائیل بدانجا اسب داشتہ بود۔ پذیرہ وے آمدہ وَے را مواجر فواند۔ و دشنامہاے زشت داد۔ حسنک وروے نگریست ہیچ جواب نداد۔ عامہ مردم اورا لعنت کردند بدیں حرکت ناشیریں کہ کرد۔ و پس از حسنک ایں میکائیل کہ خواہر ایاز را بزنی کردہ بود۔ بسیار بلاہا دید۔ و محنت ہا کشید وامروز بر جایست و بعبارت بقرآں خواندن مشغول شدہ است[۱]" بیہقی کے بیان کے مطابق یہ میکائیل ۴۵۰ھ میں جب کہ بیہقی اپنی تاریخ لکھ رہا تھا عابد وزاہد ہو چکا تھا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایاز کی دو بہنیں تھیں ایک سلطان محمود کے عقد میں تھی۔ اور دوسری امیر میکائیل کے عقد میں۔

ایاز اور اس کے ہم عصر شعرا اس کے ہم عصر شعرا میں سے ہم عنصری کی رباعی۔ رونی کا قصیدہ اور فرخی کے ایک قصیدہ کا ذکر کر چکے ہیں۔ غفاری نے بھی ایاز کی تعریف میں دو شعر کہے ہیں۔ جن کا حوالہ مولانا شبلی نے شعرالعجم میں دیا ہے فرخی کے ہاں ایک اور قصیدہ بھی ہے جو ایاز سے متعلق ہے مولانا شبلی مجمع الصفحا کے حوالے سے شعرالعجم میں لکھتے ہیں۔ "ایاز جو سلطان کا محبوب خاص تھا۔ فرخی کا نہایت قدر دان تھا۔ اور اس سے نہایت خلوص رکھتا تھا۔ ربط زیادہ بڑھا تو محمود کو رشک ہوا۔ یہاں تک کہ فرخی کا دربار بند کر دیا۔ فرخی نے متعدد قصیدے معذرت میں لکھے۔ بآخر سلطان صاف ہو گیا۔ اور فرخی بدستور دربار میں جانے آنے لگا۔"[۲] استاد گرامی پروفیسر شیرانی اس پر تنقید کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

---

[۱] بیہقی صفحہ ۲۱۷۔ [۲] شعرالعجم جلد اول صفحہ ۶۹۔

یہاں شبلی نے مجمع الفصحا کی روایت کو فروغ دے کر فرخی کو سلطان کا رقیب بنا دیا ہے۔ اگر مولنا قصائد فرخی کو ذرا زحمت گوارا فرما کر غور سے مطالعہ کرتے تو ان کو علم ہو جاتا کہ یہ روایت بالکل لغو اور بے سروپا ہے فرخی کے قصائد سے ثابت ہے کہ سلطان محمود فرخی سے کسی وقت ناراض نہیں ہوا۔ اور نہ اس نے معذرت میں کوئی قصیدہ لکھا۔ نہ لباب الالباب میں اور نہ چہار مقالہ میں فرخی اور ایاز کی محبت کا قصہ آتا ہے۔ مجمع الفصحا میں اور بھی مزخرفات بھری ہیں۔ لیکن ہمیں کیا ضرور ہے۔ کہ تحقیق اور تنقید کے فرائض کو بالائے طاق رکھ کر اور دروغ برگردن راوی کہ کر صرف نقالی پر اتر آئیں۔ نقل را چہ عقل یہ کام تو ہر شخص کر سکتا ہے۔ لیکن نقال اور ہے۔ محقق اور[1]

لیکن تحقیق کا دروازہ ہر وقت کھلا ہے۔ کوئی تحقیق بھی حرف آخر نہیں بن سکتی۔ ترمیم و تنسیخ کی ہر وقت گنجائش ہے۔ چنانچہ میں اپنے مطالعہ سے اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ متعدد معذرت کے قصیدے نہ سہی۔ کم از کم ایک قصیدہ معذرت کا ضرور ملتا ہے۔ جس سے پتہ چلتا ہے کہ فرخی کا دربار بند ہو گیا تھا۔ اور اس جرم کی پاداش میں جس کا ذکر مولنا شبلی نے کیا ہے۔ فرخی نے اس تمام قصیدہ کو اپنی واقعہ نگاری کی تمام خصوصیات کے ساتھ بیان کیا ہے۔ یہ قصیدہ اپنی قدامت اور صداقت کا زبان اور معانی کے لحاظ سے خود گواہ ہے۔ واقعہ نگاری فرخی کا ایک امتیازی نشان ہے۔ اور یہ تمام قصیدہ ایک واقعہ کی روداد ہے۔ وہ لکھتا ہے :۔

---

[1] مجموعہ رسائل اردو ۱۹۲۳ء صفحہ ۱۶۵۔

(در حسب حال و لال خاطر سلطان از روے مطلب عفو گوید)

اے ندیمان شہریار جہان ۔ اے بزرگان درگہِ سلطان

. . . . ۔ . . . .

پیشِ شاہ جہاں شما گوئید ۔ سخن بندگانِ شاہ جہاں

. . . . ۔ . . . .

شاہ از من بدل گراں گشتہ است ۔ بہ گناہی کہ بے گناہم ازاں

سخنی باز شد بہ مجلس شاہ ۔ بیشتر بود زاں سخن بہتان

سخن آں بُد کہ بادہ خوردہ ہمی ۔ بغلا بجائے فرخی و فلاں

ایں سخن ناتقضا برابر گشت ۔ از قضاہا گریختن نتواں

راد مردی کُنید و فضل کنید ۔ بر شہ حق شناس حرمت داں

من دریں دو ماہ جز آں یک روز ۔ مے نہ خوردم بحرمت یزداں

بسراے در دں شدم روزے ۔ با لبے خشک و با دلی بریاں

گفتم آنجا یکے خبر پرسم ۔ ز آنچہ ذرد مرا بود درماں

خبرے یافتم چنانکہ مرا ۔ راحت روح بود و رامشِ جان

قصہ کردم کہ باز خانہ روم ۔ تا دہم صدقہ و کنم قرباں

آں خبر دہ مرا تضرّع کرد ۔ کہ مرو مر مرا بزی و بماں

تا بدیں شادی و نشاط خوریم ۔ قدحی چند بادہ از پسِ ناں

من بیاد داخل آن خبر کہ بداد ۔ خُردم او را بدیں سخن فرماں

خوردم آنجا دو سہ قدح سیکی ۔ بودم آنجا بداں سبب بجہاں

ملہ شاہی محل کو سرائے کہا جاتا تھا۔ چنانچہ بیہقی اور گردیزی میں جا بجا شاہی غلاموں کو غلاماں سراے کہا گیا ہے۔ ملہ جوہی شراب۔

خویشتن را چو ایں ندانم جرم
من مرگشتہ مصحف قرآن
اگر ایں جرم در خود ادب است
چوب و شمشیر و گردن اینک و آں

. . . .

کون ہے جو اس قصیدہ میں فرخی کے انداز بیان کو پہچاننے میں غلطی کر سکتا ہے۔ سرائے شاہی میں کس کے ساتھ شراب پینے سے فرخی کا دربار بند ہو سکتا ہے۔ جس کے لئے وہ امرائے دربار سے شفیع بننے کی درخواستیں کرتا ہے کیا یہ ایاز نہیں۔ جو محمود کا منظور نظر اور سرائے کا رہنے والا ہے۔

ایاز اور سرمایہ ادب

ایاز فارسی اور اردو میں جو حیثیت حاصل کر چکا ہے۔ محتاج بیان نہیں۔ محمود و ایاز ایک مستقل استعارہ بن چکا ہے۔ جس سے ہزارہا قسم کے مضامین پیدا کئے جا چکے ہیں۔ اگر ان تمام اشعار کو اکٹھا کیا جائے۔ تو شاید کئی دفتر تیار ہو جائیں۔ صرف ایک زلالی نے اس پر پونے پانچ سو صفحے کی ضخیم مثنوی لکھی ہے۔ اس کی شخصیت۔ اس کا اخلاص و وفا اور اس کی بے لوث خدمت ضرب المثل ہو چکی ہے۔ اس کے نام سے متعلقہ اشیا تک نے ادب میں اپنی جگہ پیدا کر لی ہے۔ ہر لطیف و نفیس مزاج اپنی یادگار کچھ نہ کچھ چھوڑ جاتا ہے جس طرح عطر گلاب نورجہاں کی نفاست طبع کا ایک نشان ہے۔ اسی طرح ایاز کے متعلق بھی ایک اختراع مشہور ہے۔ جسے ایاس کہتے ہیں۔ (ایاز کو ایاس بھی کہتے ہیں یہ ایک خاص قسم کا باریک اور اکثر سیاہ رنگ کا کپڑا ہوتا ہے۔ جو سردیوں کے سفر میں برف سے آنکھوں کی حفاظت کے لئے ابروؤں کے اوپر باندھ لیا جاتا ہے۔ چنانچہ شفروہ لکھتا ہے : ؎

لہ دیوان فرخی صفحہ ۲۶۹ تا ۲۷۱۔ لہ فرہنگ انندراج ایاز کے تحت۔

لبست عاشق نوازی از کہ آموخت
دل من عشقبازی از کہ آموخت

ندیدم آنکہ بُرقعے داشت خورشید
رخت رسم ایازی از کہ آموخت

مدتیں گزریں کہ ایاز زیر خاک ہوگیا۔ زمانے کا کیمیائی عمل اس کی ہڈیاں تک جذب کرچکا۔ لیکن اس کے حسن وا خلاص اور صدق و صفا کا یہ ایک ادنےٰ کرشمہ ہے کہ اس کی شخصیت سے سینکڑوں قسم کی روایتیں اور داستانیں وابستہ ہیں۔ اس کی ذات سے ہزاروں قسم کے اخلاقی اور عاشقانہ نکات پیدا کئے گئے ہیں۔ اس کی قبر آج تک زیارت گاہ اور مرجع خلائق ہے۔ سرمایہ ادب اس پر نازاں ہے۔ اس کا ذکر سرد سے سرد دل میں بھی حرارت پیدا کر دیتا ہے۔ گو وہ مرچکا ہے۔ لیکن ابھی ہمارے درمیان ہے۔ ؎

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

مشتاق احمد بھٹی۔ ایم۔ اے
یونیورسٹی ریسرچ سکالر

تنقید و تبصرہ

Modern Islam in India.

مصنفہ مسٹر ولفرڈ کینٹول سمتھ، لیکچرار فورمن کرسچن کالج لاہور - ۱۹۴۳ء

(منروا بک شاپ - انارکلی لاہور)

کتاب کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حصہ اول میں ان ذہنی تحریکوں پر بحث ہے۔ جو زمانۂ غدر سے لے کر ۱۹۴۲ء تک وجود میں آئیں - ان میں سب سے پہلی تحریک وہ تھی جس نے مسلمانان ہندوستان کو جدید مغربی تہذیب کی دامنگیری کی ترغیب دی - اس تحریک کے بانی سر سید احمد خاں تھے اور اس کا مرکز علیگڈھ تھا - دوسری تحریک کا نصب العین اسلام کی گذشتہ تہذیب کا احترام اور اس کا احیاء تھا - اس کے سب سے بڑے علمبردار سید امیر علی مرحوم تھے - تیسری تحریک جو مسلمانوں کو آئندہ کے لئے ایک نئی تہذیب کے تعمیر کرنے پر ابھارتی ہے علامہ سر محمد اقبال مرحوم کے فکر دوراں کا نتیجہ ہے

حصہ دوم میں بعض ان سیاسی تنظیموں کا ذکر ہے جو گذشتہ چند سال سے ہندوستان کے مسلمانوں میں پیدا ہوئی ہیں مثلاً تحریک خلافت - کانگرس پارٹی، مسلم لیگ، احرار پارٹی، خدائی خدمتگار، تحریک خاکسار - آزاد مسلم کانفرنس وغیرہ،

فاضل مصنف نے ایک ایماندار تاریخ نویس کے فرائض انجام دئے ہیں اور واقعات کو جوں کا توں لکھ دیا ہے - اپنے آپ کو کسی خاص تحریک یا پارٹی کا حامی یا مخالف ظاہر نہیں کیا - البتہ ایک یورپین ہونے کی حیثیت سے وہ طبعاً عورتوں میں پردے کی رسم کو استحسان کی نظر سے نہیں دیکھتے

اسی طرح فرقہ وار تنظیم کو وہ مسلمانوں کی ترقی کے راستے میں رکاوٹ سمجھتے ہیں
جہاں تک واقعات نویسی کا تعلق ہے کتاب بہت مفید اور پر از معلومات
ہے۔ لیکن ایک مسلمان پڑھنے والے کو شاید یہ شکایت ہو کہ مصنف کو ہمارے
قومی مطمح نظر کے ساتھ ہمدردی نہیں ہے لیکن ایک مغربی غیر مسلم مصنف سے اس
قسم کی توقع رکھنا بیجا نہیں ہے ٭

کتاب کی طباعت بہت عمدہ ہوئی ہے خصوصاً اسباب کو دیکھتے ہوئے کہ
آجکل کاغذ اور دیگر لوازم طباعت کس قدر نایاب ہیں۔ تعداد صفحات ۴۸۴
قیمت دس روپے ٭

(ادارہ)

ناصر جنگ شہید

صفحات ۱۸۷ - ملنے کا پتہ سن برج ہاؤس عابد بلڈنگ
مصطفیٰ بازار۔ حیدر آباد دکن - قیمت دو روپے۔ آٹھ آنے

یہ کتاب نظام الملک آصف جاہ اول بانی سلطنت آصفیہ دکن کے خلف الرشید
جانشین نواب میر احمد خاں نظام الدولہ کے سوانح پر مشتمل ہے۔ جس کے مصنف
قاضی معین الدین رہبر فاروقی ہیں۔ کتاب کے چار باب ہیں۔ باب اول لڑکپن سے
تخت نشینی تک باب دوم تخت نشینی اور دوسرے واقعات باب سوم ناصر جنگ
کی شہادت باب چہارم علوم و فنون سے دلچسپی۔ کتاب زیر بحث میں مصنف نے سلطنت
آصفیہ کی تاریخ کا ایک گم شدہ ورق پیش کیا ہے۔ ماخذ کی فہرست سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ
مصنف نے بہت سی قلمی اور مطبوعہ کتابوں سے فائدہ اٹھایا ہے۔ بایں ہمہ یہ محسوس ہوتا ہے
کہ ان ماخذ کے علاوہ اور بھی کتابیں اس موضوع کے متعلق ہیں۔ جن کو پیش نظر نہیں رکھا گیا۔
بہ حیثیت مجموعی کتاب قابل قدر ہے۔ اور یہ بات لائق تحسین ہے کہ حیدر آباد کے
اکابر مشاہیر کے سوانح دلچسپ انداز میں ہمارے سامنے پیش کئے جا رہے ہیں یہ تالیف
بھی اسی کوشش کا ایک حصہ ہے ٭

(ادارہ)

چراغِ روانش فروزنده باد   دل عالم افروز او زنده باد
سرافگنده در پای شان[1] هر که هست   فدای سراپای شان هر چه هست
سخن بر دعای رسانم به بن   که بعد از دعاشان ندارم سخن[2]
چو نشست تحریر آن در خیال   زبان در کشیدم ز بیم ملال
اگر بر دعا ختم کردم رواست   که از ختم مقصود کلی دعاست
سخن[2] را نهایت نیامد پدید   ورق در شکستم[3] چو این جا رسید

[1] ج - او
[2] ب - سخن را نیامد نهایت پدید - ج - سخن را نباشد الخ
[3] ب - قلم در شکستم ج - ورق در نوشتم

غلط نامه

صفحه	سطر	غلط	صحیح
۳	۲	بهای	همای
۴	۱۲	کنجوی	گنجوی
۹	۸	ہمہ	تتمہ
۹	۱۲	چھہ سو	پانچ سو
۱۴	۷	باو لطفت	با دل لطفت
۱۶	۴	بر بانش	بر یانش
۲۵	۱۱	داخ	داغ
۲۶	۱	مبنیاد	مبیناد
۲۶	۳	گ شتہ	گشتہ
۲۶ حاشیہ	۳	ب	۵ ب

صفحه	سطر	غلط	صحیح
۲۷	۳	نباگاه	بناگاه
۲۷	۱۴	ازبن	ازین
۲۹	۱۵	دسست	دستت
۳۰	۱۸	فیرور	فیروز
۳۶	۱۲	بجان	بجای
۴۰	۷	مرای سپنج	سرای سپنج
۴۰	۱۴	ستهنشاه	شهنشاه
۴۱	۱۰	چون زاغ	چوزاغ
۴۷	۱۶	فرفتش	فرقتش
۴۹	۱۵	جیمش	چشمش
۵۰	۱۵	دیدیدش	دیدیش
۷۸	۱۶	شمیم	شمیم
۸۰	۱۷	از	ار
۸۲	۱۰	بدنیانت	بدبنیانت
۸۲	۱۸	وگر	دگر
۸۴	۱۰	زنخیر	زنجیر
۱۰۱	۱۷	رخشنده	زخشنده
۱۰۲	۱۶	مینیاد	مبناد
۱۰۴	۳	نحست	نجست

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۰۵	۱۲	بادم	بادام
۱۰۷	۱۳	بوریتہ	بلوریہ
۱۱۰	۱۱	ییش	پیش
۱۱۱	۹	زخبر	ازخبر
۱۱۱	۱۲	ستوفی	ستوفی
۱۱۲	۱۷	بند	بیند
۱۱۴	۱	رطارم	زِطارم
۱۱۴	۲۰	آزد	آزاد
۱۱۵	۱۲	رور	روز
۱۱۶	۱۷	کیرد	گیرد
۱۱۷	۱۴	آتشبنت	آتشینت
۱۱۷	۱۶	کشن	کفن
۱۲۰	۳	بچوکان	بچوگان
۱۲۰	۳	کوی	گوی
۱۲۰	۷	زاده	زده
۱۳۳	۷	حہان	جہان
۱۲۹	۳	لستان	بستان
۱۳۰	۱۲	کره	گره
۱۳۲	۱	شکرجا	شکرخا
۱۳۷	۱	بتیرہ زن	تبیرہ زن

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۳۷	۱۳	لودی	بودی
۱۳۸	۶	از	ار
۱۴۹	۱۷	آتش ڤشان	آتش فشان
۱۵۰	۱۳	پرمشال	برمشال
۱۵۱	۷	ستم	شُتم
۱۵۶	۱	کافوز	کافور
۱۵۷	۱۴	خونیاب	خوننباب
۱۶۱	۱۳	سنجن	سخن
۱۶۲	۱۶	دوستت	وستت
۱۶۳	۱۱	ہمجو	ہمچو
۱۶۶	۸	آشبان	آشیان
۱۶۹	۴	سیتان	بستان
۱۶۹	۱۱	نگیز	نگیرد
۱۷۰	۱۴	سشد	شدم
۱۷۱	۸	برچیرخ	برچرخ
۱۷۱	۱۲	لولوی گرفت	لولوی تر گرفت
۱۷۱	۱۳	خسروافی	خسروانی
۱۷۲	۱۳	خطر	خط
۱۷۷	۱۵	کشش	مکش
۱۷۸	۱۵	بنوذست	بجوست

صفحه	سطر	غلط	صحیح
۱۷۹	۱۲	بحشرت	لعشرت
۱۸۰	۴	فکر	مکر
۱۸۰	۱۳	نه ور	نه ور
۱۸۰	۱۸	چه عقلست	چه عقلت[۹]
۱۸۱	۱۰	نمان	زمان[۳]
۱۸۱	۱۴	هی	مهی
۱۸۱	۱۶	مُل	گل
۱۸۱	۱۶	جام مِی	جام می[۴]
۱۸۱	۱۷	لبِ نخل	لبِ لعل
۱۸۱	۱۷	دمی خالی[۶]	دمی[۷] خالی
۱۸۲	۱۱	گردند	گردنده
۱۸۳	۳	بتیره	تبیره
۱۸۳	۱۳	۳۳ ب	سطر ۱۴ - ۳۳ ب
۱۸۳	۱۴	خوامست	خواست
۱۸۶	۱۷	برجای	برجای
۱۸۷ حاشیه	۱	محرمش	محرمش
۱۸۸	۱۱	گمان کاندم	گمان برد کاندم
۱۸۸	۱۷	جام	بام
۱۹۰	۱	هوای	هوائی
۱۹۰	۲	دردمندانِ می	دردمندانِ حیّ
۱۹۰	۱۷	زرِ نبرگسین	زرنرگشین[۵]

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۹۱	۱۴	سروی	سردی
۱۹۲	۲	بہ میانش	بر میانش
۱۹۲	۱۵	بپذیروش	بپذیردش
۱۹۴	۱۴	خرددرہم	خرد درہم
۱۹۵	۱	قرص زر	قرص زر ۳۵ ب
۱۹۵	۲	پرآوارہ	پرآوازہ
۱۹۶	۶	شہ یار	شہریار
۱۹۶	۱۶	گرد	کرد
۱۹۷	۴	لبسر دابد	لبسر دابہ
۱۹۷	۴	زندگی جای	زندگی کرد جای
۱۹۹	۹	خطامی	خطائی
۲۰۰	۱۶	دل برقرین	دلبر قرین
۲۰۰	۱۸	لہد	مہد
۲۰۲	۵	زدی بر	زدی طوف بر
۲۰۲ حاشیہ	۳	قندخیر	قندفیر
۲۰۳	۱۴	برِج نست	برج لست
۲۰۴	۵	رفت	برفت
۲۰۴ حاشیہ	۲	درذرگرفت	درزرگرفت
۲۰۶ حاشیہ	۵	برافگندلس	برافگندپس
۲۱۱	۱۴	بالیت سفت	بالیثت سفت
۲۱۶	۷	تادرحرم	تادرحرم
۲۱۶	۸	لمبسن	بمن

صفحه	سطر	غلط	صحیح
۲۱۸	۱۱	محل	لعل
۲۲۲	۴	رہِ روستان	رود وستان
۲۲۳	۱۸	آید (ئے)	آمد (ئے)
۲۲۴	۱۶	افگند	آفگنند
۲۲۵	۶	بفطاق	لیغطاق
۲۲۵	۹	روشین	ووشین
۲۲۷	۶	دل	دل ئے
۲۲۷	۱۶	نسیم حس	نسیم ختن
۲۲۷	۱۷	لالہ برگ	لالہ برگ
۲۲۹	۸	خنیاگران	خنیاگران
۲۳۰ حاشیه	۱	ساعر	ساغر
۲۳۱	۴	آذر	آزر
۲۳۱	۱۲	شیشه باد	شیشه باز
۲۳۲ حاشیه	۱	نیسی	نیستی
۲۳۳	۵	کشتند	گشتند
۲۳۴	۱	دیبای وچین	دیبای چین
۲۳۵	۹	سازامدند	ساز آمدند
۲۳۶	۹	چوحون	چوخون
۲۳۹	۱۳	گه	که
۲۳۷	۸	ورگمان	درگمان
۲۳۸	۱۶	منزلگهی	منزلگه
۲۳۹	۱۴	گهی بر نکند شش - الخ	×

۲۴۰ اندراج حاشیه - که حصهٔ متن بالغ بر اشعار ۲۶ از نسخهٔ ب و ۳۰ از نسخهٔ د و ج (از ۲۶م و تا ۶۴م ب) عمداً حذف کرده شد که مضمون آن بصراحت مراسم مباشرت متعلق بود و مذاق سلیم اجازهٔ اشاعت آن نداد + این متن بعد سطر ۶ درج گردید +

صفحه	سطر	غلط	صحیح
۲۴۲	۸	مجرم	مجرم
۲۴۵	۵	می خروش	می فروش
۲۴۵	۱۴	فرورنده	فروزنده
۲۴۶	۵	برگشته تخت	برگشته بخت
۲۴۷	۳	بزآورد	برآورد
۲۴۸	۴	درندخام	درزرخام
۲۵۱	۱۱	خروشد	فروشد
۲۵۳	۹	لیشاه	لشاه
۲۵۴	۱۴	مقربت	بقربت
۲۵۴	۱۶	گی	کی
۲۵۵	۳	جواجگی	خواجگی
۲۵۵	۹	دلستانسرای	دستانسرای
۲۵۵	۱۳	پادشاہی	پادشاہی
۲۵۶	۹	می	مَئی
۲۵۷ حاشیه	۲	۵-ب-زبہ	۵-ب-ز-بہ
۲۵۸	۱۴	آبی ست	آبیست
۲۶۲	۱۳	برآورده	برآورد
۲۶۳ حاشیه	۲	صلی اللہ و علیہ	صلی اللہ علیہ
۲۶۵	۳	بزوگو	بروگو
۲۶۵	۵	رتمکین	زتمکین

۱۶۱ ب

صد یک از اوصافِ آن ذاتِ شریف — استماعی کرده بود از شیخ و شاب
نیز از اشعارِ لطیفِ دلکشت[۱] — چند بیتی خوانده بود اندر کتاب
تا بسوی اصفهان وادی[۲] عنان — نصرت و اقبال و دولت در رکاب
از وصولِ مقدمِ میمونِ تو — شد سرآب[۳] آن کجا بودی سراب
چون شنیدم بر میان بستم کمر — از برای عزمِ آن عالی جناب
لیکن آن دولت میسر چون نشد — آمدم با طالعِ بد در عتاب
من زجان غائب تو غائب از رهی[۴] — راست آمد معنی من غاب غاب[۵]
آری آری آفتاب از دیدها — هم ز نورِ خویش باشد در حجاب
اول این خدمت فرستادم که نیست — بی وسیلت شاه را دیدن صواب
زیره چون[۶] من کس سوی کرمان نبرد — هیچ عاقل کرده است این ارتکاب
ذره را گر خود نمائی می کند — شرم بادا با وجودِ آفتاب

در مدح جلال الدین مسعود شاه

صفحه ۵۵

ای ز شرم روی چون ماهِ تو در خوی آفتاب — شمع چون پروانه پیشِ عارضت در سوز و تاب[۷]
ماه را با آفتابِ چهرهات دیدن خطا — شمع را پروانه خواندن پیشِ رخسارت صواب

---

۱ ا- تیز، ۲ ب- وادی، ۳ ب- شراب، ۴ ب- من زجان غائب از رهی (کذا)، ۵ ب- پس چه باشد- من غاب غاب- هر که غائب گشت محروم ماند، ۶ ب- زین چو من الخ، و زیره بکرمان بردن کنایه از کار بے فائده کردن- مانند گل بگلستان و زر بکان و فلفل به هندستان بردن- زیرا از کرمان به بلاد دیگر مے رود نه از بلاد دیگر بکرمان آید، ۷ این قصیده که در هر شعر ازان التزام ماه و آفتاب و پروانه و شمع کرده است در نسخهٔ ا موجود نیست،

آفتاب از مهر تاب طلعت در مهر و تاب شمع چون پروانه از مهر ریخت در اضطراب
با وجود شمع مهرت گر قمر پروانه است آفتاب و ماه شاید گر بماند در حجاب
ماه اگر پروانه‌اش نبود ز شمع طلعتت آفتاب آسا سپر بنداز داز تیر شهاب
همچو پروانه بسوز شمع در تاب او فتد آفتاب از ماه عارض گر بر اندازد نقاب
شمع رخسار تو گر پروانه جوید از هوا آفتاب و ماه را بینی که افتد بر تراب
ماه اگر پروانه نورش دهی از شمع روی آفتاب خاوری گو تا ابد هرگز متاب
آفتاب روی چون ماهت چو طالع شد ز شرق شمع چون پروانه مرد از مهر شد جانش کباب
ز آفتاب و مهر ناشغ رود آفاق ار دهد شمع را پروانه را ن شهریار کامیاب
ماه برج برپا و آفتاب اوج ملک شمع عالم تاب مه پروانه گردون جناب
آفتاب شرق و غرب اعظم جلال ملک و دین آنکه شد پروانه شمع جلالش ماهتاب
شمع خور پروانه شاه کامران مسعود شاه آفتاب ماه خرگه خسرو مالک رقاب
ماه برج سعدست آن کافتاب مهر او شمع را سوزد چو پروانه ز فرط التهاب
آفتاب ماه جاهش می نهد گیتی لقب شمع مه پروانه می خواند سپهرش در خطاب
ای که شد پروانه رای تو شمع اختران آفتاب و ماه تا بد سایه بانت را طناب
چون ز شمع دولتت پروانه گیرد آفتاب چرخ توسن را ز ماه نو کند زرین رکاب
شمع بی پروانه حکمت ز مجلس محترز ماه را بی آفتاب رایت از چرخ اجتناب
گشته از پروانه‌ات شمع سپهری مقتبس کرده ماه از آفتاب خاطرت نور اکتساب
کار ماه رایت از پروانه رایت بلند تیغ شمع از آفتاب استقامت در ضراب
بس که چون پروانه سوزد پیش شمع از تاب دل آفتاب از ماه خرگاه تو باشد در عذاب

---

۱ اصل - بپندارد ۲ اصل - کوتا ابد هرگز ۳ اصل - روانه

۴ اصل - نایب مناب

ماه را گشت آفتاب احتشامت[1] نوربخش — شمع را پروانهٔ رای تو شد نائب مناب
زآفتاب و ماه بردی در جهانبانی سبق — شمع اقبال تو گر پروانه دیدی بخواب
گر ز شمع خاطرت پروانه یابد آفتاب — آفتاب و ماه را سازد ز زر و سیم مذاب
شمع را پروانهٔ بخت تو شد مجلس فروز — آفتاب از ماه خرگاه[2] تو شد صاحب نقاب
کمترین پروانهٔ شمع جلالت در جهان[3] — آفتاب و ماه را بینم ز روی انتساب
تا نگیرد آفتاب از ماه نو از هیچ وجه — تا نیابد شمع از پروانه روی از هیچ باب
در چنان مجلس که باشد شمع را پروانه روح — آفتاب و ماه بادت باده و جام شراب
وآفتاب شمع عشرت خانهٔ پروانه دل — آنکه گردد از شراب مدحتت مست و خراب
آفتاب دولتت را ماه زنده تا بحشر — شمع جاهت را فلک پروانه تا یوم الحساب

در مدح خسرو اعظم صفی الحق والدین[4]

صفحه ۱۱ ب

پیش از آن کین خیمهٔ فیروزهٔ زرین طناب — بادبان آتشین زورق پدید آمد ز آب
صبح مجروری[6] در گردن کدامش قرصه داد — کز شگوفه طشت سیمین گرد بر صفرای ناب[5]
مشتعل شد[7] آتش گیتی فروز از تیغ کوه — گشت همچون شب نیلوفری غائب ز غاب
گرگ[8] را از گله رانده صبح سیمین عمود — دلو را در چه فگنده چرخ[9] باز زرین طناب
معجر زرقه بر سر شاهد چرخی لباس — قرطهٔ گل ریز در بر لعبت شمسی نقاب
خسرو آتش رخ مشرق فروز نیم روز — همچو بیژن از سر بر آورد از چه[10] افراسیاب

---

[1] اصل - احتشاق، [2] اصل - خرماه، [3] اصل - هیچ، [4] این قصیده در نسخهٔ لو مفقود است، [5] اصل - بر گرد بر صفرای ناب، [6] اصل - مجروری در گردن دکذا، [7] اصل - سند، [8] اصل - گرک را از گله، [9] اصل - چرخ، [10] اصل - ار چه،

وز فرازِ طارمِ فیروزه درچاه اوفتاد — تا ببوسد لعل[1] شبرنگِ خدیو[2] کامیاب

خسروِ اعظم معزّ الحق والدین انکه هست — شمعِ اقبالش چو قندیلِ فلک در التهاب

حامی انصاف او آفاق را نعم النصیر[3] — تابعِ فرمانِ او افلاک را مالک رقاب

انکه سازند از برای نقرهٔ خنگش هرمهی — پیشه کارانِ سپهری از مه زرین رکاب[4]

طبعش ار[5] چشمِ تغیر افگند بر کائنات — در زمان آرد درنگ و در زمین ارد شتاب

در هوای مجلسش هر صبح در بزمِ افق — رعد گردد زهرهٔ خنیاگر و بربط رباب

هرکه جز نامش نراند بر زبان[6] خیر الانام — وانکه جز خاکِ درش سازد مکان شر الدواب

ای ز رشکِ طبعِ گوهرپرورت ابرِ مطیر — در کفِ دریا[7] گسسته عقدِ لولوءِ خوشاب

رای رخشانِ تو شمع و چرخِ زنگاری لگن — گوهرِ پاکِ تو گنج و عالمِ خاکی خراب

رفعتِ قدرِ تو شکسته پنجهٔ[8] کعب الخضیب — مدتِ عمرت گرفته دامنِ یوم الحساب

خاطرِ گیتی فروزت آفتابی بی کسوف — دولتِ کشورکشایت عالمی بی انقلاب

خاک گردد از تواضع پیش درگاهت سپهر — وآب گردد از حیا از دستِ دُربارت[9] سحاب

قرصِ مهر از آتشِ کینِ تو چون زر در گداز — شیرِ چرخ از صدمهٔ قهرِ تو چون خر در خلاب

بحرِ اخضر با وجودِ جودِ فیاضت غدیر[10] — نیلِ گردون با محیطِ طبعِ مواجت سراب

در قفس[11] کرد است بلبل را بخوش خوانی[12] که هست — طوطیِ کلکِ تو تا مرغانِ عرشی در خطاب

بعد ازین کو فتنه سر بر[13] نه ببالینِ عدم — زانکه با عدلِ تو بیند روی بیداری بخواب

گرنه رای باقیت بروی فگندی سایهٔ — محترق گشتی شهِ سیاره چون دیو[14] از شهاب

---

[1] اصل - لعل
[2] اصل - نعم الطیف (کذا)
[3] اصل - پیشه کاران از سپهر از ماه زرین رکاب
[4] اصل - از
[5] اصل - بزبان
[6] اصل - دریای
[7] اصل - پنجه
[8] اصل - فیروزه
[9] اصل - دریا شب ب (کذا)
[10] اصل - خدیو
[11] اصل - قفص
[12] اصل - بجوش خوانی
[13] اصل - به
[14] اصل - دیوار شهاب
(۱۹) انجمن کا معمولی جلسہ سلسلہ وار پندرہ دن کے بعد ہؤا کرتا تھا +

(۲۰) اول تو صدر صاحب کبھی غیر حاضر ہی نہیں ہوئے - مگر جب انجمن کی کارروائی بہت باقاعدہ ہوگئی تو دوسرے کاموں کی وجہ سے غیر حاضر ہو جاتے تھے - ۱۸۶۹ء فروری میں یہ قاعدہ پاس کرنے کی ضرورت ہوئی کہ

اگر صاحب صدر کسی ضروری کام کی وجہ سے نہ آسکیں تو سب کمیٹیوں کے صدر صاحبان میں سے جو صاحب پہلے تشریف لائیں - ان کو صدر انتخاب کر لیا جائے - اگر کسی موقع پر کسی کمیٹی کا صدر موجود نہ ہو تو ممبروں میں سے جو صاحب سب سے پہلے جلسہ گاہ میں تشریف لائیں ان کو صدر تصور کیا جائے +

انجمن سے سرکاری افسران کی دلچسپی

میرے پاس انجمن کے چھ سات سال کے رسائل ہیں۔ ان کو پڑھ کر میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں۔ کہ یہ انجمن سرکار کے ایماء پر بنائی گئی تھی۔ ۱۸۵۷ء کے بعد سے عوام انگریزوں سے بے حد بدظن اور بدگمان ہو گئے تھے۔ انگریز افسر اس بدگمانی کو دور کر کے کسی قدر اطمینان سے حکومت کرنا چاہتے تھے۔ اس مطلب کو حاصل کرنے کے لئے انہوں نے پنڈت من پھول کو اشارہ کیا۔ اور پنڈت صاحب نے اس کے لئے میدان تیار کر دیا۔ پنڈت صاحب خود اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر تھے۔ اور اس وقت گورنر پنجاب کے میر منشی کے عہدے پر فائز۔ وہ ایک ایسی انجمن جاری کرنے کی کبھی جرأت نہیں کر سکتے تھے جو سرکار کے کاروبار میں رکاوٹ کا باعث ہو سکے۔ انجمن کے پہلے جلسے میں جن لوگوں کو ممبر انتخاب کیا گیا۔ وہ سب کے سب سرکاری عہدہ دار۔ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر۔ تحصیلدار آنریری مجسٹریٹ رئیس اور جاگیردار وغیرہ تھے۔ بہر حال ان قیود اور پابندیوں کے باوجود اس انجمن نے نہایت شاندار کام کیا۔ جس کے لئے وہ تحسین کی حقدار ہے۔

اس باب میں میں آپ کو یہ دکھانا چاہتا ہوں کہ سرکاری افسر کس انہماک اور شوق سے انجمن کے جلسوں میں شریک ہوتے اور اس کے مقاصد کو کامیاب بنانے میں کوشش کرتے تھے۔

۲۴ مارچ ۱۸۶۵ء کو انجمن کا جلسہ ہوا۔ اس میں ڈاکٹر لائٹنر صاحب نے اعلان کیا۔ نواب لفٹننٹ گورنر پنجاب نے اس انجمن کے قیام کی خبر سن کر

خوشنودی کا اظہار فرمایا ہے - اور خواہش ظاہر کی ہے کہ اس انجمن کے مفصل حالات لکھ کر ان کو بھیجے جائیں +

۱۷- اپریل ۱۸۶۵ء کے جلسہ عام میں مسٹر تھارنٹن سیکرٹری گورنمنٹ پنجاب مسٹر اچیسین ڈپٹی کمشنر لاہور - مسٹر کولڈسٹریم اسسٹنٹ کمشنر - مسٹر گریفین جج عدالت خفیفہ لاہور اور بہت سے روساء رونق افروز محفل ہوئے، صاحبان والا شان نے کتب خانہ انجمن کو دیکھ کر بے حد پسند کیا - اس کے بعد جلسۂ عام میں شریک ہوئے - ڈاکٹر لائٹنر نے اس جلسہ میں ایک نہایت فصیح و بلیغ تقریر فرمائی - انجمن کے مقاصد بتلاتے ہوئے انہوں نے ان صاحبان کا نام بنام ذکر فرمایا جنہوں نے اس انجمن کی امداد فرمائی ہے، صاحب موصوف نے مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے فرمایا :-

مسٹر کوپر کمشنر لاہور بھی تشریف لانے والے تھے - ایک ضروری کام کی وجہ سے نہیں آسکے - انہوں نے ایک چٹھی کے ذریعے معذرت کی ہے - اور لکھا ہے کہ میں اس انجمن کے کاموں میں دلی شوق رکھتا ہوں - آپ میری مجبوری کا ذکر جلسہ میں کر دیں، جب بھی آپ مجھے بلائیں گے ضرور آؤں گا +

یہ جلسہ بڑا پُر جوش تھا - پنڈت من پھول نے اس میں مروجہ تعلیم کے خلاف ایک زوردار مضمون پڑھا - اس میں انہوں نے یہ بتلایا تھا کہ دفتروں میں کلرکوں کو از سر نو تعلیم دینی پڑتی ہے - پنڈت صاحب کا دوسرا مضمون اصلاحی طرز کا تھا - اس میں انہوں نے ہندوؤں سے اپیل کی تھی - کہ بیاہ برات کے موقع پر آپس میں گالم گلوچ نہ کیا کریں اور اس رسم بد کو ہمیشہ کے لئے ختم کر دیں - جلسہ ختم ہونے سے پہلے مولوی محمد حسین صاحب نے ترقی و تجارت ہندوستان پر اپنا مضمون پڑھا

اسے سن کر حاضرین جلسہ بہت خوش ہوئے۔ اور مسٹر تھارنٹن سیکرٹری پنجاب گورنمنٹ نے مولوی صاحب کو اپنے پاس بٹھا کر تحسین کی۔

آخر میں صاحب سیکرٹری حکومت پنجاب نے استادہ ہو کر اپنی خوشنودی کا اظہار فرمایا اور انجمن کو بہمہ وجوہ کامیاب ہونے کی دعا دی۔ اس جلسے کے دوسرے دن مسٹر ایچیسن نے ۹ کتابیں کتب خانہ انجمن کے لئے بھیجیں اور ایک خط میں لکھا۔ "میں اس سوسائٹی سے دلی تعلق رکھتا ہوں اور حتی الامکان امداد کرتا رہوں گا"۔

۲۲۔ اپریل کے جلسۂ عام میں ڈاکٹر لائٹنر نے نواب لفٹنٹ گورنر بہادر پنجاب کی چٹھی پڑھ کر سنائی۔ اس میں مرقوم تھا۔ "ہم اگلے جلسے میں شامل ہونگے۔ اور ہماری خواہش ہے۔ کہ ہم اکثر شامل ہؤا کریں۔ مگر بے تکلف اور بلا اطلاع۔ جس سے یہ نہ پایا جائے کہ ہمارے واسطے خاص جلسہ ہؤا ہے"۔

۲۹۔ اپریل ۱۸۶۵ء کے جلسۂ عام میں نواب لفٹنٹ گورنر بہادر پنجاب بہ نفس نفیس مع دونین اور صاحبان کے جلسۂ انجمن میں رونق افروز ہوئے۔ اول کتب خانہ کا ملاحظہ فرمایا اور بہت محظوظ ہوئے۔ ڈاکٹر لائٹنر صاحب نے اپنی تقریر میں تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے انجمن کی مختصر کیفیت سنائی۔ امتحانات کے انتظام اور ان کی کمیٹیوں کے ذکر کو سن کر گورنر بہادر بہت خوش ہوئے۔ انہوں نے ایک سو پچاس روپے کامیاب طالب علموں کو دینے کے لئے عنایت فرمائے۔ اور ارشاد فرمایا "جن مقاصد کو لے کر یہ انجمن جاری ہوئی ہے خدا ان کو سر سبز کرے۔ یہ وہ مقاصد ہیں جن کی مدت سے ہمیں تمنا تھی۔ جن لوگوں کی سعی سے اس کی ترقی ہوگی، وہ لائق تحسین ہونگے"۔

اس جلسے میں پنڈت من پھول نے طریقۂ تعلیم انگریزی کے نقائص بیان کیئے۔ اس تقریر کو سن کر گورنر صاحب نے فرمایا "دیسی زبانوں کا طریقہ تعلیم بھی جیسا ہونا چاہیئے نہیں ہے۔ جیسی تعلیم فارسی کی دیسی مکتبوں میں ہوا کرتی تھی سرکاری سکولوں میں نہیں ہوتی۔ طالب علموں کو چاہیئے اپنے دیس کی زبانوں میں زیادہ ترقی کریں۔ یہ ٹھیک نہیں کہ غیر زبان میں ترقی کریں اور اپنی زبان سے بے بہرہ رہیں۔ اگر وہ اپنی زبان میں ترقی کریں گے تو غیر زبان میں ترقی کرنی آسان ہوگی۔ پرنسپل صاحب اور ڈائرکٹر صاحب کو اس بارے میں خوب کوشش کرنی چاہیئے"۔

اس کے بعد مولوی محمد حسین صاحب دہلوی نے ایک مضمون درباب راہ ورسم سابق فی مابین ہنود و اہل اسلام و طریق فیمابین اہل ہند و اہل انگلینڈ پڑھا۔ یہ مضمون بہت طویل مگر بہت دلچسپ تھا نواب گورنر بہادر نے اسے بہت پسند فرمایا۔ اور مولوی صاحب کو تحسین کی۔ نیز فرمایا "اگر یہ ہمارے پاس انگریزی میں ترجمہ ہوکر آئیگا۔ تو بہت خوب ہوگا۔ ہم اس انجمن کے کامیاب ہونے میں بہت خوش ہیں۔ اور اس کے کاموں کی کیفیت سننے کے واسطے مشتاق ہیں"۔

انجمن کے بڑے بڑے ممبر جو سرکاری عہدوں پر فائز تھے جب لاہور سے تبدیل ہوکر کسی اور جگہ جاتے تو وہاں انجمن کی شاخیں کھولتے اور انجمن کے ممبر بناتے تھے۔ مسٹر کولڈ سٹریم جج عدالت خفیفہ نے دہلی میں انجمن کی شاخ کھولی۔ سر سکندر حیات خاں کے والد ماجد سردار محمد حیات خاں نے بنوں میں انجمن جاری کی۔ اور

تین سو روپیہ چندہ جمع کرکے مرکزی انجمن کو بھیجا - بیڈن پول صاحب جج عدالت خفیفہ نے ایک دوربین ستارہ نما - اور ایک سو پچاس روپیہ نقد براے لکچر فنڈ عنایت فرمائے - کرنل لیک فنانشل کمشنر کمال خوشی سے انجمن کے ممبر بنے - اس کے ساتھ ہی دو سو چالیس ۲۴۰ روپے لکچر فنڈ کے لئے عنایت فرمائے - سر رابرٹ جوڈیشل کمشنر پنجاب اور فورسائیڈ صاحب کمشنر جالندھر انجمن کے جلسے میں شریک ہونے کے لئے خود لاہور تشریف لائے ❊

گورنمنٹ اور انجمن

اس باب میں مَیں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں - کہ ۱۸۶۶ء سے لے کر ۱۸۶۸ء تک کس قدر کتابیں اور مضامین وغیرہ پیشگاہ گورنمنٹ سے اور ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن اور دیگر مصنفین کی جانب سے برائے طلبی کے لئے انجمن پنجاب کے سپرد ہوئے - اس سلسلے میں یہ ذکر کر دینا بھی دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ ارباب انجمن نے ان امور میں کیا کیا فیصلے صادر فرمائے ❊

نام کتاب	نام مصنف	نام صاحب رائے	خلاصہ رائے
(۱) مسئلہ شرعی در باب وراثت نسواں	فورتھ صاحب کمشنر جالندھر	فقیر شمس الدین و دیگر اہل اسلام	بموجب شرع شریف کے حصہ ملنا چاہیے۔
(۲) ہرک سنگرہ و بیدانت سار	پنڈت بھان دت	بابو نوبین چندر رائے	پسند ہوئی

نام کتاب	نام مصنف	نام صاحب رائے	خلاصہ رائے
(۳) قاطع برہان مرزا غالب	محکمۂ گورنمنٹ پنجاب	شیخ فیروز الدین صاحب	پسند ہوئی
(۴) کتاب اخلاق یعنی چراغ ہدایت	منشی محمد علی	رائے کمیٹی	پسند ہوئی
(۵) صرف و نحو اردو	سید مہدی حسن	فقیر سید جمال الدین	پسند ہوئی
(۶) مرزا آقا	مولوی الفت حسین آمدہ محکمہ ڈائرکٹری	مولوی محمد حسین	پسند ہوا
(۷) اشارات التعلیم	محکمۂ ڈائرکٹری پنجاب	مولوی علمدار حسین	قابل دستور العمل معلمان کے ہے
(۸) قصیدہ در مدح نواب لفٹنٹ گورنر بہادر	مولوی نجف علی قاضی - جھجر - از محکمہ لفٹنٹی پنجاب	مولوی محمد حسین	پسند ہوا
(۹) مضمون مولوی محمد حسین درجواب دسوالات نقص ہائے ریلوے	آمدہ محکمہ گورنری	ارباب کمیٹی	پسند ہوا
(۱۰) عجائب غرائب	محمد سرفراز خاں سررشتہ نہر جمن غربی آمدہ محکمہ گورنری پنجاب	صاحب سیکرٹری	بخوبی صحت اس کی نہیں ہے اور قابل ترویج اطفال نہیں ہے
(۱۱) گلزار ہندی	راے کنہیا لعل - آمدہ محکمہ ڈائرکٹری پنجاب	مولوی محمد حسین سیکرٹری	پسند ہوا
(۱۲) اہلکار ضلع لاہور	درباب انتظام جاتری لوگوں کے آمدہ محکمۂ ڈائرکٹری	"	پسند ہوا

نام کتاب	نام مصنف	نام صاحب رائے	خلاصہ رائے
(۱۳) منتخبات فارسی	آمدہ محکمۂ ڈائرکٹری	مولوی محمد حسین سیکرٹری	بعض بعض جگہ نقص ہیں۔
(۱۴) قواعد اردو	" " "	" "	" "
(۱۵) رسالہ کلاں قواعد اردو	" " "	" "	" "
(۱۶) منتخبات اردو	" " "	" "	پسند ہوئی
(۱۷) گلشن اخلاق	منشی بھولا ناتھ میرٹھ	مولوی علمدار حسین	"
(۱۸) رسالہ بزبان ناگری	لالہ نہال چند	مولوی محمد حسین	ناپسند ہوا بسبب عبارت عاشقانہ
(۱۹) اوپدیش پنجاب تعلیم نسواں	آمدہ ڈائرکٹری	"	پسند ہوا
(۲۰) ذخیرہ بال گوپنہ (رسالہ ماہواری)	"	"	"
(۲۱) اخلاق بہادری	منشی بہادر سنگھ فیروزپور از محکمہ ڈائرکٹری	"	"
(۲۲) پانچ جلد کتب گرمکھی	لالہ بہاری لعل	"	پسند ہوئیں
(۲۳) تزکیۃ الاخلاق	رحیم بخش مدرس دہلی آمدہ محکمہ ڈائرکٹری	مولوی علمدار حسین	عبارت اچھی نہیں ہے۔

انجمن کے فوائد

انجمن کے فوائد دو اصول پر مبنی تھے - اول ترقی علوم مشرقی دوسرا اشاعت مطالب مفیدہ - ترقی علوم کے سلسلے میں صرف یہی کہنا کافی ہوگا کہ انجمن کی طرف سے شروع ہی میں اشاعت تعلیم کی کوششیں جاری ہوئیں - مدرسوں مکتبوں اور پاٹھ شالوں کو امداد دینے کا اعلان ہوا - پھر عربی - فارسی - سنسکرت - ہندی - اردو کے امتحانات جاری کرنے کا انتظام کیا گیا - انعامات اور سندیں دینے کا بندوبست ہوا - جس سے عوام کی توجہ حصول تعلیم کی طرف منعطف ہوتی چلی گئی - اس سے اگلا قدم انجمن کے ممبروں نے یہ اٹھایا کہ پنجاب میں ایک یونیورسٹی قائم کرنے کی تجویز سوچی - اگرچہ یہ تجویز بہت دیر میں پروان چڑھی لیکن وہ یہی انجمن تھی جس نے پنجاب میں یونیورسٹی قائم کی - انجمن پنجاب نے یونیورسٹی قائم کرنے کے لئے جیسی سر توڑ کوششیں کیں ان کا ذکر میں یونیورسٹی کے باب میں کروں گا - اس وقت صرف اس قدر عرض کر دینا کافی ہے - کہ آج جس یونیورسٹی سے سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں ہزاروں نہیں لاکھوں طلبہ علم کی پیاس بجھا کر بلند مدارج حاصل کر چکے ہیں - وہ اسی مرحوم انجمن کی کوششوں کا نتیجہ ہے ٭

(۱) انجمن کے عام جلسوں میں ایسے مضامین پڑھے گئے جن کے سننے سے

اخلاق کی تہذیب ہوئی۔ اکثر مؤلفین مروجہ رسوم قبیحہ کا ذکر کرکے عوام کو ان کے ترک کر دینے کا مشورہ دیتے تھے۔ بیشتر مضامین تحصیل علوم و فنون کی ترغیب کے لیئے پڑھے جاتے تھے ظاہر ہے اس قسم کے مضامین تمام ملک کے لئے مفید تھے۔ اور یہی وجہ تھی کہ تھوڑے ہی دنوں میں یہ انجمن خاص و عام میں دور و نزدیک محبوب و مقبول ہوتی چلی گئی۔

(۲) انجمن کے جلسوں میں بعض ایسے معاملات پیش ہوتے تھے جن کا تعلق ہندوستان کے رہنے والوں کی بہتری اور بہبودی سے ہوتا تھا۔ مگر وہ بغیر حکومت کی عنایت اور توجہ کے حل نہیں ہو سکتے تھے۔ ایسے معاملات کو انجمن کے ممبر ضروری گفتگو اور بحث کے بعد سرکار کو بھیج دیتے تھے۔ اسے حسن اتفاق کہیئے کہ انجمن نے جن معاملات کو سرکار میں پیش کیا۔ ان پر سرکار نے ہمیشہ بہت ہمدردی سے غور کیا۔ اور انجمن کی رائے کو اکثر افسران کی رائے پر ترجیح دی۔

(۳) بعض معاملات سرکاری افسر بغیر رائے عامہ دریافت کئے طے نہیں کر سکتے تھے۔ ایسے معاملات سرکار کی طرف سے انجمن کو بھیج دیئے جاتے۔ ارباب انجمن ان پر کمال ہمدردی سے غور کرتے اور پھر اپنی رائے سے حکومت کو مطلع کرتے تھے۔

(۴) رفاہ عام کے لئے انجمن نے ایک کتب خانہ جاری کیا تھا۔ اس میں انگریزی، فارسی، عربی اور سنسکرت، ہندی، اگورمکھی وغیرہ مختلف علوم و فنون کی کتابیں موجود تھیں۔ اس کتب خانے میں

انگریزی، اردو فارسی، عربی، ہندی کے اخبارات ورسائل
بھی آتے تھے۔

(۵) ہفتے کے دن شام کے وقت مکان انجمن میں ہفتہ وار ایک
علمی لکچر اور مشاعرہ ہوا کرتا تھا۔ اس میں اہل فضل وکمال اور
طلبہ بڑے ذوق وشوق سے شریک ہوتے تھے۔ اوسط حاضری
ایک سو کے قریب ہوا کرتی تھی۔

انجمن کی ۱۸۶۷ء کی رپورٹ مولوی محمد حسین صاحب نے لکھی تھی
متذکرہ سال میں انجمن کی کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے
تحریر فرمایا:-

(۱) یونیورسٹی علوم شرقیہ کا بار آور درخت یہیں سے نکلا۔
(۲) کتابوں کا محصول چنگی معاف کرایا گیا۔
(۳) پاگل خانوں میں واجب الرحم پاگلوں سے جو مشقت لی جاتی تھی
حکام کو اس کی طرف متوجہ کیا۔
(۴) عجائب خانہ میں سیر عام کی اجازت لی۔
(۵) قانونی سوسائٹی بنائی جو انجمن کی شاخ ہے۔
(۶) ضلع ضلع میں انجمن کی شاخیں کھولیں۔
(۷) حق مالکانہ و مزارعانہ کے باب میں حضور نائب السلطنت بالا جلاس
کونسل کو متوجہ کیا۔
(۸) مقام فخر یہ ہے کہ دفعات مذکورہ بالا میں جس دفعہ کو خیال کریں۔
خواہ تربیت وشائستگی خواہ ملکی خواہ مالی ہر جگہ کل پنجاب میں
پریسیڈنٹ انجمن ڈاکٹر لائٹنر صاحب کی برکت شامل حال ہے
الغرض اس ترقی کی کچھ حد نہیں معلوم ہوتی۔ قابل لحاظ کے بات یہ ہے

کہ ترقی نہ صرف علم کتابی میں ہے بلکہ ہمت حوصلہ اصلاح عادات
واطوار میں بھی اس کا اثر ظاہر ہے - اور امورات مذکورہ نہ
فقط رعایا میں بلکہ حکام میں بھی مثل کشش آہن ربا برابر زیادہ
ہوتے جاتے ہیں" ۔

امتحانات

انجمن کا سب سے بڑا مقصد مشرقی علوم کو ترویج دینا تھا - اس
مطلب کو حاصل کرنے کے لئے دیسی زبانوں میں امتحان لینے کی تجویز
ہوئی - باقاعدہ ایک امتحان کمیٹی بنائی گئی - بابو نوبین چندر رائے
اس کے صدر منتخب ہوئے - ہندی امتحانات کے متعلق انھوں نے
مندرجہ ذیل تجاویز پیش کیں - جو جلسہ عام میں پسند ہو کر منظور
ہوئیں - غور فرمائیے یہ تجاویز کس قدر سادہ اور جامع ہیں :-

(۱) یہ امتحان اکتوبر کے مہینے میں ہوگا -

(۲) جسے امتحان دینا منظور ہو آخر جولائی تک اپنی تحریری درخواست
پریسیڈنٹ امتحان کمیٹی یا سیکرٹری انجمن کے پاس بھیجدے -

(۳) اعلیٰ لیاقت والوں کو پچاس روپے تک انعام معہ سند لیاقت
ملے گا -

(۴) اس امتحان کی دو قسمیں ہونگی :-

قسم اول - دو طرح کے مضمون لکھوائے جائیں گے :-

(۱) ہر انسان کو واجب ہے کہ حتی الامکان پر او بکار یعنی بیگانے
کام میں تن دہی سے کام کرے - یا اپنے ہم جنس کو فائدہ
پہنچاوے پس دلائل سے ثابت کیا جاوے کہ بھلا و بکار کتنی

طرح سے ہو سکتا ہے۔

(۲) راست بازی کی ضرورت اور اس کے فوائد دلائل سے ثابت کئے جائیں۔ اور ان دونوں میں سے ایک مضمون کو ٹھیٹھ ہندی بھاشا جس میں کوئی لفظ فارسی زبان کا نہ ہو۔ لکھ کر امتحان کے وقت پیش کرنا ہوگا ۔

قسم دوم۔ امتحان کے وقت ایک پرچہ سوالات کا دیا جائیگا۔ جس میں آسان نیاے۔ ویدانت اور نیتی شاستر کے ہونگے اور جواب ان کا اسی وقت لکھنا ہوگا۔ تحریری سوالات کے ماسوا کچھ سوالات زبانی بھی پوچھے جاویں گے ۔ چند اشلوک بہت آسان ایک پرچے پر لکھے ہوئے دئے جائیں گے ۔ ترجمہ ان کا اسی وقت زبان بھاشا میں کرنا ہوگا ۔

امتحان کا اعلان امتحان سے چھ ماہ پیشتر کیا جائیگا ۔

ہر امتحان کے لئے الگ الگ کمیٹیاں بنائی گئیں۔ اس سلسلے میں ۲۷- اپریل ۱۸۶۵ء کے جلسہ خاص میں مصر رام داس جی کا ایک خط پڑھا گیا۔ یہ خط نہایت دلچسپ تھا۔ مصر صاحب نے لکھا تھا کہ مجھے صرف امتحان عربی کمیٹی کا ممبر بنایا گیا ہے۔ اس سے پایا جاتا ہے کہ میں دوسری زبانوں یعنی فارسی۔ اردو۔ اور سنسکرت ۔ ہندی سے ناواقف ہوں۔ یہ امر موجب تحقیر ہے ۔ میں سب زبانیں جانتا ہوں اور ان میں امتحان لے سکتا ہوں ۔ اگر انجمن مجھ کو سب امتحانوں کا ممبر مقرر کرے تو مجھ کو منظور ہے "۔

اس کے جواب میں ارباب انجمن نے مصر صاحب کو لکھا کہ امتحان کمیٹیوں کے سب ممبر دو دو تین تین زبانیں جانتے ہیں۔ لیکن ان کو ہر کمیٹی

میں اس لئے شامل نہیں کیا گیا کہ کام بہت زیادہ ہوگا۔ اگر ایک شخص کئی امتحان کمیٹیوں کا ممبر ہوگا۔ تو اس کو محنت بہت پڑیگی پھر بھی اگر آپ کی مرضی ہو تو انجمن کو عذر نہیں"۔

یہ معقول جواب سن کر مصر صاحب ٹھنڈے ہو گئے۔ حقیقت یہ ہے۔ کہ مصر صاحب فارسی کے اچھے فاضل تھے۔ انجمن کے مشاعروں میں عموماً فارسی غزلیں کہہ کر لاتے تھے۔ اور اچھے اچھے شعر نکالتے تھے۔

کاغذات دیکھنے سے پتہ چلتا ہے۔ اس وقت عوام کی توجہ تحصیل علوم کی طرف بالکل نہ تھی۔ اس جمود کی حالت کو دیکھتے ہوئے۔ (۲۹۔ اگست کے جلسہ خاص میں) ڈاکٹر لائٹز نے تجویز پیش کی کہ عوام میں مشرقی زبانوں کے امتحان دینے کا شوق بڑھانے کے لئے اور امتحان دینے والوں کی ہمت بڑھانے کے واسطے امتحانات کے اشتہار کے ساتھ یہ اعلان بھی جاری کیا جائے کہ جو طالب علم منجملہ نمبر مقررہ کے نصف نمبروں سے کم حاصل نہ کرے گا اس کو ایک اعزاز کی سند بھی عطا ہوگی۔ اور جو طالب علم نمبر مقررہ کے تین چوتھائی نمبروں سے کم حاصل نہ کرے گا اس کو علاوہ سارٹیفکیٹ اعزاز کے کچھ روپیہ انعام ملیگا۔ اور سارٹیفکیٹ اور انعام دربار عام میں تقسیم ہوگا"۔

اطلاع عام کے لئے یہ اشتہار کوہ نور میں چھاپا گیا۔ اور ایک ہزار علیحدہ چھپوا کر مشتہر ہوا۔ ان اشتہارات میں سے چار سو اشتہار ڈائرکٹر صاحب کی خدمت میں بھیجے گئے کہ سرکاری اخبار کے ساتھ مشتہر کر دئے جائیں۔

ہندی کے اصول امتحان آپ نے سن لئے۔ اسی طرح عربی فارسی اور سنسکرت کے قواعد بھی مرتب ہوئے۔ ہر امتحان کے متعلق الگ الگ

عرض کرنا باعث طوالت ہوگا۔ اس لئے میں صرف امتحان عربی کے قواعد پر اکتفا کرتا ہوں ؂

عربی کمیٹی کے پریسیڈنٹ ڈاکٹر لائٹنر صاحب تھے اور فقیر شمس الدین مصر رام داس مولوی علمدار حسین اور مولوی محمد حسین ممبران۔ امتحان عربی کے تین درجے مقرر ہوئے۔ اعلےٰ اوسط اور ادنےٰ۔ ہر درجے میں چھ مراتب مقرر تھے:۔

(۱) صرف و نحو۔ (۲) علم وادب۔ (۳) انشاء۔ (۴) املا۔ (۵) خوشخطی۔ (۶) تلفظ ؂

یہ امتحان سکشا سبھا کے مکان میں ہؤا۔ تین درجوں کے امتحان کے لئے ایک سو پچاس روپے انعام مقرر تھا۔ جو طلبا لاہور نہیں آ سکتے تھے۔ ان کا امتحان سوالات بھیج کر ضلع کے ڈپٹی کمشنروں کی معرفت لینا قرار پایا۔ ان امتحانات میں عمر کا لحاظ نہیں رکھا گیا تھا۔ ہر عمر کا آدمی امتحان میں شامل ہوسکتا تھا۔ ۶۶ء میں پانچ زبانوں کے امتحانات لئے گئے۔ ۱۰۹ امیدواروں نے درخواستیں بھیجیں۔ ۷۴ نے امتحان دیا۔ ۳۵ امیدوار غیر حاضر رہے۔ ۷۴ امتحان دینے والوں میں سے ۳۳ نے سند لیاقت حاصل کی۔ درجہ اول میں آٹھ۔ درجہ دوم میں ۱۷۔ اور درجہ سوم میں ۸ امیدوار کامیاب ہوئے۔ ان سب کو ۶۷۶ روپے انعام دیا گیا۔ عربی کے امتحان میں ۱۳ طلبہ شامل ہوئے۔ ان میں سے آٹھ درجہ دوئم میں پاس ہوئے اور ان کو ۱۸۰ روپے انعام ملا۔ فارسی میں ۱۳ طلبہ شامل ہوئے۔ ان میں سے ۳ درجہ اول میں دو درجہ دوئم میں کامیاب ہوئے۔ اور ان کو ۱۲۵ روپے انعام ملا ؂

امتحان کے بعد طلباء کو ایک دعوت بھی دی گئی۔ جس پر ۲۷ روپے

صرف ہوئے ۔

سنسکرت میں ۱۲ طلبہ شامل ہوئے۔ ۴ درجہ اول میں دو درجہ دوم (؟) اور دو درجہ سوئم میں پاس ہوئے۔ ۱۷۰ روپیہ انعام ملا۔ ہندی میں ۱۳ طلبہ شریک ہوئے۔ ایک درجہ اول میں ایک درجہ دوئم میں اور پانچ درجہ سوم میں پاس ہوئے۔ ۱۱۰ روپیہ انعام پایا۔

اردو میں ۱۴ طلبہ شریک ہوئے۔ ۴ درجہ دوئم میں اور تین درجہ سوم میں پاس ہوئے۔ ۹۰ روپے انعام ملا ۔

اس نقشہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مشرقی علوم کا بازار کس قدر سرد پڑ گیا تھا۔ جب یہ معاملہ جلسۂ انجمن میں پیش ہوا۔ تو کہا گیا کہ ہمیں مایوس نہیں ہونا چاہئے۔ بہت سے لوگوں کو قواعد امتحانات کی واقفیت نہیں۔ بعض لوگ اسے اپنی سبکی خیال کرتے ہیں۔ اس امتحان میں صرف لاہور کے قرب وجوار کے لوگ شامل ہوئے ہیں۔ جب اس امتحان اور اس کے نتائج کی اطلاع دور دور پہنچے گی تو زیادہ تعداد میں لوگ شریک ہوں گے۔ ایک ممبر نے کہا مایوسی کی کوئی وجہ نہیں۔ کلکتہ یونیورسٹی ۱۸۵۷ء میں قائم ہوئی تھی۔ اور ۱۸۵۸ء میں جبکہ احاطۂ بنگال اور ممالک مغربی کے تمام کالج اس کی مدد پر تھے۔ اس کے امیدواروں کی تعداد صرف ۲۴۴ تھی۔ جن میں سے صرف ۱۶۲ نے امتحان انٹرینس پاس کیا تھا ۔

غرض انجمن کے سند یافتہ امیدواروں میں سے چند نے تھوڑے ہی عرصے میں انجمن کے ممبروں کی سفارشوں سے معقول نوکریاں پالیں۔ اگرچہ یونیورسٹی ابھی قائم نہیں ہوئی تھی۔ تجویزیں اور جلسے ہی ہو رہے تھے۔ لیکن اس تجویز اور انتظام امتحانات کی بدولت انجمن نے یونیورسٹی

زبان ہائے دیسی کا خطاب حاصل کر لیا۔ اور ہندوستان سے
انگلستان تک تمام اخباروں میں اس دلچسپ خبر سے ایک غلغلہ بپا
ہوگیا ٭

اس پہلے امتحان پر [illegible] ۱۲ر۲ پائی صرف آئے۔ جس میں [illegible] ۱۳ر۱۱ پائی
بطریق چندہ وصول پائے۔ اور باقی [illegible] یونیورسٹی فنڈ سے لے کر
صرف کیئے گئے ٭

مناسب ہوگا کہ میں ۱۸۶۶ء کے امتحان کا گوشوارۂ خرچ ہی پیش
کر دوں جس کو دیکھ کر آپ از خود اندازہ کر لیں کہ یہ انجمن ان ابتدائی
سالوں میں کس قدر مفید خدمات تعلیمی انجام دے رہی تھی ٭

جمع

بابت چندہ امتحان ابتدائے ۱۸۶۵ء سے آخر ۱۸۶۷ء تک	[illegible] ۱۳ر۱۱ پائی
یونیورسٹی فنڈ سے لے کر	[illegible] ۱۴ر۷ پائی
	[illegible] ۱۲ر۲ پائی

خرچ

انعامات جو طلبہ زبانہائے مختلفہ کو ایک جلسہ منعقدہ مارچ ۶۶ء میں تقسیم ہوئے	[illegible]
مصارف متفرق ابتدائے ۶۵ء سے ۱۸۶۸ء تک	[illegible] ۱۲ر۲ پائی
چھپائی اشتہارات وسوالات امتحان وسندہائے امتحان وغیرہ	[illegible]

صرف دعوت طلبہ . . . . سو عہ

قیمت ٹکٹ ڈاک برائے اجرائے اشتہارات و سوالات وغیرہ } ٣/٦ پائی

قیمت کاغذات وغیرہ . . . . . ۳ صر

قیمت پارچہ لٹھہ برائے بستنی ہائے مبالغ امتحان عیم

---

۸ للو عہ ۱۲/٦ پائی

کتب خانہ انجمن

انجمن پنجاب کے پہلے جلسے میں پنڈت من پھول صاحب نے اپنی افتتاحی تقریر میں فرمایا تھا "ایسی مجلس کو امداد کتب علمی بھی ضرور ہے۔ لہٰذا اس مکان سکشا سبھا میں ایک کتب خانہ بھی جمع کیا جائے۔ جس میں سب زبانوں کی کتب علمی اور نیز اخبارات و کتب ماہواری چھاپہ موجود ہوں۔ اور ان کو جس کا جی چاہے بے تامل بہر کرے۔ مگر چونکہ ابھی ایسے کتب خانہ کے لئے روپیہ موجود نہیں ہے لہٰذا مناسب ہے کہ فی الحال ایسی کتب صاحبان شوق سے صرف عاریتاً ہی لے کر رکھی جاویں اور آیندہ وقتاً فوقتاً اس کی رونق اور ترقی میں تائید کی جاوے"

اس تجویز کو سب حاضرین جلسہ نے پسند کیا۔ اور ایسے جوش و خروش سے اس کا خیر مقدم کیا تھا۔ کہ تاریخ میں اس کی مثال نہیں مل سکتی۔ اگر میں یہ کہوں تو بیجا نہ ہوگا۔ کہ جادو کے زور سے، پلک جھپکتے میں ایک

عظیم الشان کتب خانہ تیار ہوگیا۔ انجمن قائم ہونے کے پانچ مہینے بعد انجمن کے دفتر سے ایک گشتی مراسلہ دوسری انجمنوں سے الحاق کے لئے جاری ہوا۔ اس مراسلہ میں یہ فقرہ لکھا ہوا نظر آتا ہے "اور اس انجمن میں ایک کتب خانہ بھی قائم ہوا ہے۔ جس میں قریب ڈیڑھ ہزار کے کتب علمی ہر زبان انگریزی۔ فارسی۔ عربی۔ سنسکرت بھاشا اردو وغیرہ کی مرسلہ امراء ورؤساء صاحبان علم وہنر و شائقان رفاہ و فلاح ہر خاص وعام داخل ہوچکی ہیں۔ جن میں سے کسی قدر صرف عاریت ہیں اور بہت سی بطور امداد ملک انجمن بلاقیمت عنایتی امراء ورؤساء ہیں۔ یہ امر دلیل کامل شوق و توجہ خاص صاحبان ممدوح متصور ہے اس کتب خانے کی سیر بالکل بے تعرض ہوسکتی ہے۔ جس کا جی چاہے سیر کرے"۔

اس زمانے میں یعنی آج سے تقریباً ستر اسی سال پہلے علم کے شایقین اپنی کتابوں کی جان سے زیادہ حفاظت کرتے تھے۔ کیونکہ آجکل کی طرح کتابیں آسانی سے دستیاب نہیں ہوسکتی تھیں۔ لیکن اس انجمن کے بابرکت نام نے سب کے دلوں میں علم کا ایک شعلہ روشن کردیا تھا۔ انجمن کے ممبروں نے ایک دوسرے سے بڑھ کر دریا دلی سے کام لیا۔ اپنے علمی خزانے نکال نکال کر بے دریغ انجمن کے سپرد کردیئے تاکہ خاص وعام اس سے فائدہ اُٹھائیں۔ شروع شروع میں کتابوں کی حفاظت کا کام سکشا سبھا کے ممبر صاحب کے سپرد ہوا۔ انہوں نے اس فرض کو نہایت جانفشانی اور محنت سے ادا کیا۔ جب کتابیں کافی تعداد میں جمع ہوگئیں تو انجمن نے کتبخانہ کے لئے کچھ قواعد مرتب کئے۔ میں ان قواعد کو آپ کی خدمت میں پیش کرتا

ہوں - صرف یہ دکھانے کے لئے کہ ہمارے کتب خانوں کے بنیادی قواعد کیا تھے - جن سے ترقی کرتے کرتے آج ہم تنظیم وترتیب کتب کی معراج پر پہنچ چکے ہیں ×

قاعدہ سیر کتب خانہ

۱ - کتب خانہ ۸ بجے صبح سے ۷ بجے شام تک یعنی تمام دن کھلا رہے گا ×

۲ - جو صاحب سیر کتب کو آئیں اپنا نام معہ نام کتاب جس کی سیر کریں ایک کتاب یادداشت میں لکھ دیں - جو میز پر موجود رہے گی ×

۳ - ممبران انجمن جو فیس دینے والے ہیں ان کو ایک ہفتے تک اپنا پرچہ دستخطی دے کر کتاب اپنے گھر لے جا کر سیر کرنے کا اختیار ہوگا - اس سے زیادہ ناجائز ہے ×

۴ - اگر کتاب گم ہو جائے گی تو قیمت کتاب کی دینی ہوگی - اور درصورت خراب کر دینے کتاب کے ہرجانہ حسب تشخیص کمیٹی کا رکن دینا ہوگا ×

۵ - سیر کنندگان عام کو صرف کتب خانہ میں بیٹھ کر ہر کتاب یا اخبار کے دیکھنے کا اختیار ہوگا - کتب خانہ کے باہر لے جانے کا اختیار ہرگز نہ ہوگا ×

۶ - جو کتاب ایک شخص کی سیر میں ہوگی - تا آنکہ وہ حسب مرضی خود سیر نہ کر لے دوسرے کو اس پر تفوق نہ ہوگا ×

۷ - احتیاط گم شدگی وغیرہ کتاب کا اندر کتب خانہ کے ذمہ دار محافظ کتب خانہ کا ہوگا +

جب کتابیں بہت زیادہ ہوگئیں - اور ممبر چاروں طرف سے دریافت کرنے لگے کہ کتب خانے میں کون کون سی کتابیں موجود ہیں تو تجویز ہوا کہ سال میں ایک مرتبہ کتب خانہ کی فہرست شائع کی جائے - اور وہ ہر ایک ممبر کے پاس رہے - تاکہ ہر ایک ممبر بغیر کسی تکلیف کے اپنی پسند کی کتابیں انتخاب کر سکے - اس مضمون کی اطلاع رسالہ انجمن میں شائع کی گئی +

۱۷ - اپریل ۱۸۶۵ء کے جلسہ عام میں پنڈت من پھول صاحب نے تجویز کیا تھا کہ " انجمن کے کتب خانہ کی ترقی کی صورت میری رائے میں یہ ہے - کہ منتخب کتابوں کی فہرست تیار کی جائے اور پھر وہ کتابیں جہاں جہاں سے دستیاب ہوں - منگائی جائیں - اسی سلسلے میں پنڈت صاحب نے سولہ کتب ہندی وگورمکھی کے نام اور پتے بھی بتائے - اسی جلسے میں کتب خانہ کے لئے مندرجہ ذیل تجاویز پاس ہوئیں :-

(۱) ایک ایک جلد میں جو کئی کئی کتابیں بندھی ہوئی ہیں اس سے قباحت یہ ہے کہ جب ایک کتاب ایک صاحب کی سیر میں ہوگی - تو باقی ماندہ کتب جو اس جلد میں ہونگی اس کے ساتھ خواہ نخواہ نہ دی جائینگی - اس لئے ہر کتاب کی جلد الگ بندھوائی جائے +

(۲) جن کتب کی جلدیں بوسیدہ ہو چکی ہیں - ان کی جلد بندی کرائی جاوے +

(۳) جن کتابوں پر جلدیں نہیں ہیں - ان کی بھی جلد بندی کرا دی جاوے - اور ان میں سے جو کتابیں عاریتاً گئیں - اُن کی جلد بندی کے دام

مالک کتب سے وصول کئے جاویں ۔

اسی جلسے میں یہ بات بھی معرض بحث میں آئی کہ کتب خانے کی ترتیب بڑی محنت سے ہوئی ہے ایک محافظ اور ایک محرر مقرر ہونا چاہئے۔ فیصلہ ہوا کہ فی الحال گنجائش نہیں ہے۔ جن لوگوں نے اس کام میں محنت کی ہے۔ ان کو مناسب انعام دے دیا جائے۔ اور آیندہ بھی یہی طریقہ رہے جب گنجائش ہوگی۔ معاملہ پر غور کیا جائیگا۔ چنانچہ سکشا سبھا کے ملازمین کو جنہوں نے کتب خانے کی ترتیب اور حفاظت کا کام کیا تھا۔ بیس۲۰ روپے انعام دیا گیا ۔

انجمن کی انتہائی کوشش تھی۔ کہ پڑھے لکھے لوگوں میں کتب بینی کا شوق پیدا ہو۔ چنانچہ ۲۷ - اپریل ۶۵ء کے جلسہ خاص میں یہ تجویز دوبارہ پیش کی گئی کہ کتب خانے کے اوقات اور قواعد کے متعلق اطلاع عام دی جا چکی ہے۔ پھر بھی بہت کم لوگوں کو اس کا علم ہے۔ لہٰذا مولوی صاحبان اور ماسٹر صاحبان شہر لاہور کو جو مہتمم مکتبوں کے ہوں خاص طور پر اطلاع دی جائے ۔

معلوم ہوتا ہے انجمن کو بھی اپنے کتب خانہ پر بڑا فخر تھا۔ جو لوگ انجمن کے جلسوں میں شریک ہونے آتے تھے انجمن کا کتب خانہ انہیں بڑے اہتمام سے دکھایا جاتا تھا۔ اصل میں یہ کتب خانہ شمالی ہندوستان میں اپنی قسم کا پہلا کتب خانہ تھا۔ جو بغیر سرکاری امداد کے جاری ہوا تھا۔ ۲۹ - اپریل کو جب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر پنجاب جلسہ انجمن میں شریک ہوئے۔ تو انہوں نے بھی اس کتب خانہ کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھا۔ اور اس کی تعریف کی ۔

جوڈیشل کمشنر صاحب بہادر نے بھی اس کتب خانہ کو پسند کیا تھا۔

اور محمد برکت علی خاں صاحب تحصیلدار لاہور کے ذریعے ۱۳ جلد کتب عنایت فرمائی تھیں ۔

۲ مئی ۱۸۶۵ء کے جلسے کے فیصلے کے مطابق کتب خانے کی تیاری کا کام مولوی علمدار حسین اور مولوی محمد حسین کے سپرد کر دیا گیا ۔ اور ان دونو صاحبوں نے بڑی جانفشانی سے کتب خانہ کی مکمل فہرست تیار کر دی ۔ جو بعد میں چھاپ کر تمام ممبروں کو بھیجی گئی ۔

۱۹ دسمبر ۱۸۶۵ء کے جلسہ میں ڈاکٹر صاحب کی تحریک سے یہ تجویز پیش ہوئی ۔ کہ سرکاری ملازمین ہفتہ بھر میں صرف اتوار کے دن فارغ ہوتے ہیں ۔ دن بھر وہ گھر کے کام میں مصروف رہتے ہیں ۔ اس لئے انہیں کوئی موقعہ نہیں ملتا کہ کتب خانہ کی سیر یا اخبارات کا مطالعہ کر سکیں ۔ اگر کتب خانہ رات کے دس بجے تک کھلا رہے تو وہ بھی مستفید ہو سکتے ہیں ۔ اس کام کے لئے لالہ ہردیال سنگھ محافظ کتبخانہ کی تنخواہ پندرہ روپیہ سے بیس روپے ماہوار کر دی جائے ۔ سب نے اس تجویز پر صاد کیا ۔ اور کتب خانہ کا فیض صبح ۶ بجے سے لے کر رات کے دس بجے تک جاری ہو گیا ۔ اس سے آپ بخوبی اندازہ کر سکتے ہیں ۔ کہ یہ کتب خانہ کس قدر مقبول ہو رہا تھا ۔

ایک مرتبہ سیکرٹری نے ایک جلسے میں شکایت کی کہ وہ صاحبان جنھوں نے کتابیں عاریتاً دے رکھی ہیں اپنی کتابیں واپس لئے جا رہے ہیں ۔ اس کی روک تھام ہونی چاہیئے ۔ اس پر لائٹنر صاحب نے تمام ممبروں سے درخواست کی کہ وہ اپنی کتابوں سے عوام کو فائدہ اٹھانے کا موقعہ دیں اور کتابیں واپس نہ لیں ۔

آہستہ آہستہ انجمن کی اپنی زر خرید کتابیں بھی کافی ہو گئیں -
قیاس کہتا ہے - کہ آخر کار جب یونیورسٹی قائم ہو گئی - اور انجمن پنجاب اپنے فرائض سے سبکدوش ہوئی ہو گی - تو یہ کتب خانہ یونیورسٹی کو جوں کا توں مل گیا ہو گا *

اس عظیم الشان کتب خانہ کے محسنوں اور سرپرستوں کی فہرست بہت طویل ہے - بس ان میں سے محض چند افراد کے نام اور ان کے پیش کش آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں :-

(۱) گورنمنٹ پنجاب نے -/۱۳۳ روپے کی کتب انگریزی و اردو اور دو سو روپے نقد برائے خرید کتب عنایت کئے *

(۲) -/۶۳ روپے کی کتب انگریزی و فارسی ڈاکٹر لائٹنر صاحب نے عنایت کیں اور -/۲۱۰ نقد دئے *

(۳) -/۵۶۷ روپے کی کتب منشی ہرسکھ رائے مالک کوہ نور اخبار نے عنایت فرمائیں اور وعدہ کیا کہ نو مطبوع کتب انجمن کو دیا کرونگا *

(۴) -/۹ روپے کی کتب مسٹر ایچیسن ڈپٹی کمشنر لاہور نے عنایت فرمائیں *

(۵) -/۵۰ روپے کی کتب منشی نولکشور نے عنایت کیں اور نو مطبوع کتب دینے کا وعدہ کیا *

(۶) -/۴۷ روپے کی کتب لاہور کرانیکل نے پیش کیں *

(۷) -/۱۰۰ روپے کپتان فولر ڈائرکٹر پنجاب نے عنایت فرمائے *

کتب خانہ کی فہرست مطبوعہ ۱۸۶۸ء دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے اس وقت کتب خانے میں حسب ذیل تعداد کتب کی موجود تھی :-

کتب ملکیت انجمن

فارسی	انگریزی	ہندی ناگری	میزان کل
۱۱۵	۲۳۵	۶۵	[illegible]

کتب عاریتی

عربی فارسی	انگریزی	ہندی	میزان کل
۴۳	۲۱۸	۵۹	۳۱۹

میزان کل ۸۳۴

یہاں ان لوگوں کا ذکر خیر نہ کرنا حد درجہ کی نا انصافی ہوگی جنہوں نے انجمن کو اپنی کتابیں مستعار دے رکھی تھیں یا بطور عطیہ پیش کی تھی ۔

مستعار کتابیں دینے والے حضرات ہیں

(۱) نفیر سید شمس الدین خاں کتب فارسی و اردو و عربی ۲۰ کتب ۔
(۲) پنڈت من پھول صاحب کتب فارسی و اردو و پشتو ۲۱ کتب
(۳) پنڈت رادہا کشن صاحب ۲ کتب
(۴) پنڈت من پھول صاحب کتب انگریزی ۲۰۱
(۵) پنڈت رادہا کشن صاحب کتب انگریزی ۱۵
(۶) پنڈت رادہا کشن صاحب کتب ہندی ۵۹

اخبارات و رسائل

انجمن کے کتب خانے میں علاوہ کتابوں کے اخبارات بھی موجود رہتے تھے۔ بہت سے پرچے انجمن کے رسالے کے تبادلے میں موصول ہوتے تھے۔ انجمن کے جلسوں کی کارروائیاں پڑھنے سے پتہ چلتا ہے کہ کسی رسالے یا اخبار کو چندہ نہیں دیا جاتا تھا۔ ہاں انجمن کے ہر رسالے میں سیکرٹری کی طرف سے شکریے کے عنوان سے ایک نوٹ شائع ہو جاتا تھا۔ اس نوٹ کے تحت میں ان اخبارات اور رسائل کے نام اور ایڈیٹروں کے اسمائے گرامی درج کر دیئے جاتے تھے جو انجمن کو اپنا رسالہ یا اخبار ارسال فرماتے تھے۔ اور اس کے ساتھ ہی دوسرے اخباروں سے درخواست کی جاتی تھی کہ وہ بھی اپنا رسالہ یا اخبار انجمن کو بھیجیں۔

مئی ۱۸۶۵ء میں مندرجہ ذیل اخبارات انجمن کو موصول ہو کر کتب خانے کی زینت کا باعث ہوئے۔ یہ بتا دینا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ اخبارات کی تعداد کے لحاظ سے اس وقت بھی لاہور سارے ہندوستان کے شہروں سے آگے تھا:-

(۱) کوہ نور اخبار لاہور۔ ایڈیٹر منشی ہرسکھ رائے
(۲) کرانیکل لاہور " گارڈن صاحب
(۳) سرکاری اخبار لاہور۔ ایڈیٹر بابو چندر ناتھ کیوریٹر ڈائرکٹری
(۴) پنجابی اخبار لاہور۔ ایڈیٹر منشی محمد عظیم
(۵) مجمع البحرین لودہیانہ۔ ایڈیٹر محمد ناصر خان و سید محمد شاہ
(۶) نجم الاخبار میرٹھ۔ ایڈیٹر محمد امیر احمد صاحب

(۷) لارنس گزٹ میرٹھ - ایڈیٹر محمد اسماعیل صاحب

ستمبر ۱۸۶۵ء کے مہینے میں ان اخبارات کے علاوہ کچھ اور اخبارات انجمن کو موصول ہوئے - ان کے نام بھی ملاحظہ فرمائیے :

(۱) اخبار عام میرٹھ - ایڈیٹر محمد وجاہت علی خاں
(۲) نور الابصار آگرہ - ایڈیٹر منشی سدا سکھ لال
(۳) نیّر راجستان جے پور - ایڈیٹر محمد سلیم اللہ
(۴) اردو دہلی گزٹ آگرہ - ایڈیٹر
(۵) کانپور گزٹ آگرہ - ایڈیٹر منشی نولکشور
(۶) شمس الاخبار مدراس - ایڈیٹر سید عبد الستار
(۷) رفاہِ خلائق شاہجہانپور - ایڈیٹر کنور بہادر
(۸) نارتھ انڈین ہیرلڈ - ایڈیٹر مسٹر کرپ

دسمبر ۱۸۶۵ء میں مندرجہ ذیل تین اخباروں کا اور اضافہ ہوا :-

(۱) خیر خواہ پنجاب - سیالکوٹ - ایڈیٹر حکیم دیوان چند
(۲) آبحیات ہند - آگرہ - ایڈیٹر پنڈت بنسی دھر
(۳) میرٹھ گزٹ - میرٹھ - محمد حمایت علی خاں

جن اخبارات کے نام ہیں نے آپ کی خدمت میں پیش کئے ہیں - ان میں سے اکثر اخبارات کے نام سے بھی آج کل کوئی شخص واقف نہیں - بلکہ ہم لوگ تو یہ سمجھے بیٹھے ہیں کہ اخبار نویسی نے موجودہ دور میں فروغ پایا ہے - اس طویل فہرست سے یہ اندازہ ہوتا ہے - کہ اخبار نویسی کی ابتدا ہوتے ہی ملک کے کونے کونے سے اخبارات اور رسائل حشرات الارض کی طرح نکل پڑے تھے ٭

اس باب کو ختم کرنے سے پہلے میں آپ کی خدمت میں ۱۸۶۹ء کے ان اخبارات کے نام پیش کرنے کی جسارت کروں گا۔ جو کتب خانہ انجمن کی دلکشی کا باعث بنے ہوئے تھے۔

پہلے ان اخبارات کا نام سن لیجئے۔ جو لاہور سے شائع ہوتے تھے:۔

(۱) انڈین پبلک اوپینین بحروف انگریزی

(۲) پنجابی اخبار (اردو) منشی سید محمد عظیم صاحب ایڈیٹر

(۳) گیان پرداہنی پترکا (اردو ہندی بھاشہ) پنڈت مکند رام ایڈیٹر۔

(۴) کوہ نور (اردو) منشی ہرسکھ رائے ایڈیٹر

(۵) سرکاری اخبار (اردو) بابو چندر ناتھ کیوریٹر محکمہ ڈائرکٹری پنجاب۔ ایڈیٹر۔

(۶) انوارالشمس (اردو) دیوان بوٹا سنگھ ایڈیٹر۔

(۷) کلید امید (اردو) منشی محمد منیر ایڈیٹر

اب ہندوستان کے دوسرے اخبارات کے نام سنئے:۔

(۱) السٹریٹیڈ لنڈن نیوز (لنڈن) بحروف انگریزی

(۲) پبلک اوپینین (لنڈن) بحروف انگریزی

(۳) انڈین پبلک اوپینین لاہور

یہ تینوں اخبار ڈاکٹر لائٹنر صاحب کتب خانے کو عنایت فرماتے تھے۔

(۴) سائنٹفک سوسائٹی۔ علی گڑھ (اردو انگریزی) ایڈیٹر حافظ محمد عبدالرزاق۔

(۵) لارنس گزٹ میرٹھ (اُردو) سید جمیل الدین صاحب ہجر
(۶) میرٹھ گزٹ میرٹھ ۔ (اُردو) محمد وجاہت علی خاں
(۷) اخبار عالم میرٹھ (اردو) ایڈیٹر محمد وجاہت علی خاں
(۸) خیر خواہ پنجاب گوجرانوالہ (اردو) حکیم دیوان چند
(۹) رفاہ خلائق شاہجہانپور (اردو) کنور بہادر سنگھ
(۱۰) مجمع البحرین لدھیانہ (اردو) سید محمد ناصر خاں
(۱۱) آب حیات ہند آگرہ (اردو ہندی) پنڈت بنسی دھر
(۱۲) تتا بودھن پترکا بریلی (اردو ناگری) پنڈت گلاب شنکر
(۱۳) نجم الاخبار میرٹھ ۔ (اردو) محمد امیر احمد
(۱۴) نور الابصار الہ آباد (اردو) منشی سدا سکھ لال
(۱۵) مفرح القلوب کراچی بندر (فارسی) میرزا محمد مخلص علی
(۱۶) نیر راجستان جے پور (اردو) محمد سلیم اللہ
(۱۷) ذخیرہ بالگو بند آگرہ (اردو) منشی بال گوبند
(۱۸) نیر اکبر بجنور (اردو) محمد ظہور الحسن
(۱۹) نوبہار ملتان (اردو) (ملتان) سید محمد حسین
(۲۰) رسالہ تہذیب لکھنؤ (لکھنو) (اردو) منشی شیو نرائن سیکرٹری ۔
(۲۱) آئینہ عالم الہ آباد (اردو) منشی سدا سکھ لال
(۲۲) صادق الاخبار بہاولپور ۔ (اردو) پنڈت دوارکا ناتھ
(۲۳) گوڑگانوہ اخبار ۔ گوڑگانوہ (اردو) منشی رام نرائن
(۲۴) رہنمائے پنجاب سیالکوٹ (اردو) منشی حسین بخش
(۲۵) جام جہاں نما کلکتہ (فارسی)

(۲۶) رسالہ انجمن کانگڑہ (اردو) منشی پولومل ۔ (۲۷) رسالہ انجمن گوجرانوالہ (اردو) حکیم جے سنگھ ۔ (۲۸) رسالہ انجمن دہلی (اردو) منشی پیارے لال

پنجابی قصے فارسی میں

(گذشتہ سے پیوستہ)

سسی وپنوں از فرح بخش فرحت

پیر فرح بخش فرحت مخدومی غلام دستگیر صاحب نامی کے والد کے نانا تھے نامی صاحب نے ہی مجھے پیر فرح بخش کے فارسی کلیات کے مخطوطات عنایت فرمائے ہیں - جن میں سسی پنوں کا ایک مخطوطہ شامل ہے - اس بزرگ خاندان کا ایک مجمل سا ذکر میں فرح بخش فرحت کے سب سے بڑے بھائی پیر مراد شاہ مرادؔ کی ایک تصنیف کے سلسلے میں رسالہ اردو (اشاعت اکتوبر ۱۹۴۲ء) میں کر چکا ہوں - اس لئے اس کو دہرانا تحصیل حاصل ہے - یہاں صرف یہی کہ دینا کافی ہوگا کہ پیر فرح بخش صاحب سنہ ۱۱۹۱ھ / ۱۷۷۷ء میں لاہور میں پیدا ہوئے - آپ کے والد کا نام کرم شاہ المشہور بہ میتا شاہ تھا - سنہ ۱۱۹۶ھ / ۱۷۸۱ء میں پیر کرم شاہ اپنے اہل وعیال سمیت لاہور سے لکھنو روانہ ہوئے - اور جب کچھ عرصہ کے قیام کے بعد واپس لوٹنے لگے تو راستے سفر میں شاہجہان پور کی منزل میں قزاقوں کے ہاتھ شہید

سلہ نامی صاحب کی اطلاع + سلہ تذکار قلندری ورق ۲۵۵ - سلہ مفتی غلام سرور لاہوری - خزینۃ الاصفیا، ص ۴۸۵ +

ہوئے۔ پیر فرح بخش اپنے بڑے بھائی مراد شاہ کے ساتھ ۱۲۰۴ھ / ۱۷۸۹ء میں لاہور واپس پہنچے اور بقیہ عمر غالباً یہیں بسر کی۔ گو آپ کی تصنیف اذکار قلندری سے آپ کے خاندان اور آپ کے لواحقین کے سوانح حیات کی تفصیل ہم تک پہنچی ہے لیکن آپ کے سوانح حیات کے متعلق کوئی تفصیل کہیں سے دستیاب نہیں ہوتی۔ صرف نامی صاحب کے بیان سے اتنا پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے خاندانی روایات سے یہ اندازہ لگایا ہے کہ پیر فرح بخش ۶۵/۶۶ سال کی عمر میں ۱۲۵۶ھ / ۱۸۴۰ء میں فوت ہوئے تھے اور دتہ پیراں ضلع شیخوپورہ میں دفن ہوئے۔ جہاں آپ کا مزار ابھی تک موجود ہے۔ اولاد ذکور میں آپ کا صرف ایک صاحبزادہ پیر حیدر شاہ تھا۔ جو ۱۲۸۹ھ / ۱۸۷۲ء میں لاولد فوت ہوگیا۔ پیر حیدر شاہ کی وفات کے متعلق نامی صاحب کے جد امجد پیر نبی بخش نے مندرجہ ذیل اشعار لکھے تھے۔ جو ہمارے بیان کی تائید کرتے ہیں ؎

حسرت و افسوس واویلا ہزار آہ و فغاں
کان فرح بخشی دلاں را قطع شد نسل از جہاں
اعنی حیدر شاہ پوری آں شہی روشن ضمیر
فوت شد از وی نماندہ ہیچ نام و ہم نشاں
بہر نسلش کوشش بسیار شد سودی نکرد
ای نبی بخشا چہ چارہ از قضای آسماں
یا الٰہی عام کن تصنیف ہای آں جناب
تا قیامت تا بماند در جہان نامش عیاں

۱؎ نامی صاحب کی اطلاع۔ ۲؎ نامی۔ تاریخ جلیلہ ص ۲۰۷۔ ۳؎ ایضاً۔ ۴؎ کلیات فرح بخش، ورق ۲۸۰۔

پیر فرخ بخش پیر کرم شاہ کے سب سے چھوٹے صاحبزادے تھے۔ ان کی تصنیفات سے پتہ چلتا ہے۔ کہ آپ کی تعلیم و تربیت کے ذمہ دار اور کفیل آپ کے بڑے بھائی پیر قلندر شاہ تھے۔ جن کو یہ باپ کی جگہ سمجھتے تھے۔ آپ ان کا نام نہایت ادب سے لیتے ہیں۔ ملاحظہ ہو:۔

"روزی این افسردہ خاطر شکستہ دل سوگوارانہ درماتم
رہرو راہ شریعت و طریقت سالک مسالک حقیقت
و معرفت افضل زمان و اکمل دوران قطب بلااشتباہ
اخویم بجای قبلہ گاہ پیر و مرشد حضرت قلندر شاہ
قدس سرہ سر در گریبان تفکر فرو بردہ مجنون وار بیقرار
نشستہ بودکہ ملہم غیبی در گوش جان این ناتوان فرو
خواند: از غم و الم کہ فی الحال سودی ندارد در رنج بردن
و صرف اوقات بیہودہ کردن انسب و اولاست کہ
در تحریر احوال آن ستودہ خصال اشتغال ورزی"[1]

پیر فرخ بخش نہ صرف اپنے مادی وسایل کے لئے اپنے بڑے بھائی کے مرہون احسان تھے۔ بلکہ ان کے روحانی فیضان سے بھی فیضیاب ہوتے رہتے تھے۔ اور اُن کو اپنا مرشد تسلیم کرتے تھے۔ چنانچہ اس سلسلے میں آپ نے ان کی مدح میں چند اشعار بھی لکھے تھے۔ جو درج ذیل ہیں:۔

بیا ای خامہ شیریں زبان بمدح مرشدم گو داستانی
چہ مرشد بحر مواج معانی چہ مرشد دُرِ درج نکتہ دانی

---

[1] اذکار قلندری، ورق ۲۵۲ ب و ۲۵۳۔

چو مرشد نیر برج ہدایت　　　چو مرشد جوہر کان ولایت
چو مرشد رہنمائی راہ توحید　　　چو مرشد تاجدار ملک تجرید
چو مرشد نقد عرفان راست گنجی　　　شراب شوق را پیمانہ سنجی
مہ برج سپہر عز و تمکین　　　شہ مسند نشین ملت و دین
نقادہ دودمان اہل دلہا　　　مجرد با وجود جملہ دنیا
بظاہر در شریعت بستہ داماں　　　بباطن از طریقت راز گویاں
ہمیشہ از شراب شوق سرشار　　　ہدایت از جبین او پدیدار
ببزم نکتہ سنجاں چون ہند پاہ　　　بود ہر نکتہ اش لولوء لالا
عدیل او نہ کس در نیکخوئی　　　ندارد ہمسری در شعر گوئی
اگر منکر سخن باور ندارد　　　نظر اندر بیان حق گمارد
کہ چون شرح عقاید را بیان کرد　　　ز ہر لفظی چہا معنی عیاں کرد
بہ بینید حلیہ پاک پیمبر　　　چہ خوش تصنیف کرد آن نیک گوہر
دگر معراج ختم المرسلین را　　　رسول اولین و آخرین را
کہ در تصنیف آن زان پاک طینت　　　چہ سرزد جوش دریائی طبیعت
اگر جامی بدی یا خود نظامی　　　شدی تحسین خواں بر نظم نامی
کنم تحریر نام آن سخنور　　　سری قاری دل علم برادر
یکی کم کن ز لفظ نادر آنگاہ　　　بکن معلوم نام آن شہنشاہ
بخلق و علم آن شاہ یگانہ　　　ندارد مثل خود اندر زمانہ
ببزم اہل معنی شمع روشن　　　برادر او ستاد و مرشد من
الٰہی تا بدور چرخ دوار　　　بزیر سایہ اش ما را نگہ دار

جیسا کہ ابھی بیان کیا گیا ہے۔ پیر فرخ بخش کے کلیات کے قطعات

[1] تحفۂ عبید اللہ درادہاں، ورق ۳۸۹

مجھ تک غلام دستگیر صاحب نامی کی وساطت سے پہنچے ہیں - پیر فرح بخش کے بڑے بھائی بھی شاعر اور مصنف تھے لیکن ان کا مجموعہ تالیف و تصنیف دوسرے تینوں بھائیوں کے نتیجۂ افکار کے مجموعہ سے کچھ ہی کم ہے۔ کسی اور فرصت میں ان کی دیگر تصنیفات پر بھی روشنی ڈالی جائیگی - فی الحال ان کی تصنیفات کی فہرست درج کر دی جاتی ہے یہ تمام تصنیفات ابھی تک غیر مطبوعہ ہیں اور نامی صاحب کے پاس ہی مخطوطات کی شکل میں محفوظ ہیں :-

۱- **اذکار قلندری** :- ۱۳۴ اوراق پر مشتمل ایک تذکرہ ہے۔ جس میں فرح بخش نے اپنے بڑے بھائی پیر قلندر شاہ کے سوانح حیات مرتب کئے ہیں - اور اپنے شجرہ نسب کے علاوہ ان مشائخ کا ذکر کیا ہے جن کو پیر قلندر شاہ سے عقیدت ہے ۔

۲- **قصہ عبید اللہ و راد ہاں** : ۳۴ اوراق پر مشتمل ایک منظوم مثنوی ہے جس میں کسی مقامی روایت کو نظم کیا گیا ہے ۔

۳ **قصہ جنگ و جدل سیالکوٹ**: ۱۲ اوراق پر مشتمل ایک ناکمل منظوم مثنوی ہے - جس میں راجہ سالباہن والئے سیالکوٹ اور راجہ تکریاجیت کی جنگ کا حال بیان کیا گیا ہے ۔

۴- **مکتوبات** : تین منظوم مکتوب ہیں جو فرح بخش نے اپنے خویش و اقارب کو لکھے ہیں ۔

۵- **سسی و پنوں**[۱] : منظوم مثنوی ہے ۔

---

[۱] ورق ۴۵، تقطیع ۱۱" × ۶ ½" فی صفحہ ۱۵ سطور، ہر سطر = ۴"، کاتب عطاء اللہ بہرام پوریہ، تاریخ کتابت ۲۰ شوال ۱۲۵۰ھ مطابق ۱۲ محرم ۱۸۹۹ء در مقام لاہور ۔

یہ تمام تصنیفات فارسی میں ہیں۔ پیر فرخ بخش نے ان تصنیفات میں کسی جگہ نظم میں اپنا پورا نام تخلص کے طور پر استعمال کیا ہے اور کہیں فرحت تخلص استعمال کیا ہے۔ سسی وپنوں کی مثنوی میں پورا نام تخلص کے طور پر منظوم ہوا ہے:۔

اے فرخ بخش از کجا رفتی کجا   باز گردو باز گردان کلک را[1]

اے فرخ بخشا تو بگذر زین بیان   کین بیان ہست بحر بیکران[2]

اے فرخ بخشا کجا رفتی تو باز   جان عاشق ہست در سوز و گداز[3]

بکن فرحت دہن زاب ادب پاک   بس آنگہ نعت آن شاہ شہ لولاک[4]

بود فرحت طلبگار لقایش   بکن ہر آن ورد خود ثنایش[5]

کہ فرحت عشق عبداللہ بیان کن   گذشت آنچہ پر ویک یک عیاں کن[6]

پیر فرخ بخش صاحب کی تالیف سسی وپنوں کی تاریخ تصنیف معلوم نہیں ہوسکتی نہ ہی ان کی کسی اور تصنیف کی تاریخ تصنیف معلوم ہوسکتی ہے۔ لیکن چونکہ ان کی وفات $\frac{۱۲۵۶}{۱۸۴۰}$ میں ہوئی ہے۔ اس لئے ظاہر ہے کہ مثنوی $\frac{۱۲۵۶}{۱۸۴۰}$ سے پہلے ہی نظم ہوئی ہوگی۔ آپ کی کلیات کے جو مخطوطات مجھے ملے ہیں ان میں سسی و پنوں کا قصہ ترتیب کے لحاظ سے آخری ناکمل مثنوی جنگ صدل سیالکوٹ سے پہلے ہے۔ آخری مثنوی غالباً پیر فرخ بخش کی وفات کی وجہ سے ناکمل رہ گئی ہے۔ اس لئے گمان غالب ہے کہ سسی وپنوں

---

[1] سسی وپنوں ورق ۲۳۰ ب ۔ [2] سسی وپنوں ، ورق ۲۳۴ ۔

[3] ایضاً " ۲۳۸ ۔ [4] قصہ عبیداللہ و دادکان ورق ۳۸۷ ب ۔

[5] قصہ عبیداللہ و دادکان ورق ۳۸۸ ب ۔ [6] " " " ورق ۳۹۱ ب ۔

پیر فرح بخش نے اختتام حیات سے کچھ عرصہ ہی پہلے نظم کی ہوگی۔
اس مثنوی میں کل ۱۳۲۱ اشعار ہیں *

مثنوی سسی و پنوں کے مطالب

جیسا کہ تعداد اشعار سے ظاہر ہے یہ مثنوی نہ بہت طویل ہے۔ اور نہ بہت مختصر۔ مثنوی کا آغاز توحید خالق سے ہوتا ہے۔ جس مقصد کے لئے بارہ اشعار نظم کئے گئے ہیں۔ اس کے بعد معاً قصہ شروع ہو جاتا ہے۔ اور آخر تک قصہ ہی نظم کیا گیا ہے۔ ہر ایک بیان کا ایک عنوان قائم کیا گیا ہے۔ جو زیر نظر مخطوطہ میں سُرخ سیاہی سے لکھا ہوا ہے۔ اور ہر بیان کے اختتام پر دو تین یا چار اشعار ساقی نامے کے درج ہیں۔ یہ اشعار موقعہ و محل کے لحاظ سے موزوں ہیں *

قصّہ

مثنوی کا قصہ بہت حد تک دوسرے قصوں سے ملتا ہے لیکن پیر فرح بخش نے معین طور پر کسی ایک روایت کی تقلید نہیں کی۔ سسی کے باپ کا نام فرح بخش نے بھی آدم جام مقرر کیا ہے :-

بود شاہی بر رعیت مہربان ‏ ‏ ‏ ‏ نامش آدم جام مشہور جہاں
تخت گاہی آن شہ باز روز ور ‏ ‏ ‏ ‏ مشتہر اندر جہاں نامش بھنبور

شہباز خاں کی طرح فرح بخش نے بھی سسی کو پالنے والے

سلہ سسی و پنوں، ورق ۱۲۴ ب *

سلہ ایضاً ، ورق ۱۲۶ ب *

دھوبی کا نام آتا نظم کیا ہے :-

ساکن آن شہر مردی ہوشیار　　نامش آتا بود در شہر و دیار
بود گاذر لیک باہوش و خرد　　فرق دانستی میاں نیک و بد

فرح بخش نے پنوں کو کیچ کے بادشاہ اکبر علی کا ایک بیٹا بتایا ہے۔ اور اس کے نام کی وجہ تسمیہ بھی بیان کی ہے :-

درمیان کیچ بد گیتی پناہ[۱]　　صاحب اقلیم دیہیم و کلاہ
فوج بیحد بود او را این قدر　　کہ نیاوردی کسے را در نظر
باز و گنج و خزینہ ملک و مال　　از خدیواں جہاں فرخندہ فال
کس نہ بد در عہد او خاطر گراں　　داد گر بود آن شہی گیتی ستان
بہر چشم عالمی چوں نور بود　　نام او اکبر علی مشہور بود
بود او را یک پسر عین خوبرو　　ہمچو روی خوب او خوی نکو
مشتہر آفاق در علم و ادب　　ہم بجای خویشتن حلم و غضب
درمیاں بزم بزرگان حیا　　بد ولی عہد پدر آں خوش لقا
یوسف ثانی بعہد خویش بود　　ہر یکی در عشق او دل ریش بود
. . . .　　. . . . .
. . . .　　. . . . .
نام آن شہزادہ زیبا جوان　　داشتہ بود ند پنوں بہر آن
مادر او چونکہ بی اولاد بود　　بندگی ہا کرد زاریہا نمود
در جناب قادر رب الرحیم　　پس بداد بخشید این در یتیم
چونکہ حاصل مادرش را شد مراد　　نام آن فرخ لقا پنوں نہاد

---

[۱] سسی و پنوں، ورق ۲۳۶ ب — ۲۳۸ و۔

معنی پنوں میاں ہندوی | این چنین می باشد از ما بشنوی
چوں برابر میشود اُمید کس | پس ورا پُنّی ہمیں گویند بس
ہم دگر آمد فراز خاطرم | معنی پنوں کہ می سازم رقم
چوں بہیل چار دہ گشتہ تمام | بدر کامل می شود ای نیک نام
نام آن شب را میان ہندیاں | پنیاں گویند در ہندی زبان
در ازل چوں آں خدای بیچگوں | عشق سسی با پنوں ای ذوفنون
کردہ بودش نام شان با ہمدگر | پس موافق ترُفتا ای خوش سیر

فرح بخش کا نظم کیا ہُوا قصہ دوسرے بہت سے قصوں سے ملتا ہے۔ سسی پیدا ہونے پر صندوق میں بند کرکے بہادی جاتی ہے۔ اور آتا گاذر کے ہاں پلتی ہے۔ اس کے جوان ہونے پر بہت سے دھوبیوں کی خواستگاری کی درخواستیں موصول ہوتی ہیں۔ اور سسی خدا سے التجا کرتی ہے۔ کہ اسے ان لوگوں سے نجات ملے۔ اس وقت اپنی گردن سے وہ تعویز کھولتی ہے جو اس کے باپ نے دریا میں بہاتے وقت باندھ دیا تھا۔ اس تعویذ سے اُسے اپنا حسب ونسب معلوم ہوتا ہے۔ اور وہ اپنے دھوبی باپ سے ایک مکان اور باغ بنانے کے لئے کہتی ہے۔ اسی زمانے میں بھنبور کا ایک تاجرزادہ غزنی بھی اس شہر میں ایک باغ بناتا ہے جس میں وہ دنیا کے بادشاہوں کی تصویریں بھی تیار کرکے آویزاں کرتا ہے۔ سسی کو جب اس باغ کی خبر ملتی ہے تو وہ اس باغ کو دیکھنے آتی ہے اور وہاں پنوں کی تصویر دیکھ کر اُس پر عاشق ہو جاتی ہے:۔

در رقم آرم صفات باغ را[۵] | ہم ز تاجرزادہ فرخ لقا

---

[۵] سسی و پنوں، ورق ۴۳۰ ب ــــ ۴۳۵

بود تاجرزاده با مال و منال　نام غزنی داشت آن نیکو خصال
درمیان تاجران هر نامور　داشتی شوق عمارت بیشتر
هرکجا جا و مکان خوش یافتی　پس در آنجا او عمارت ساختی
بود زمینے نزد آن شهر کلان　پُر فضا و بر لب آب روان
چون گذر افتاد تاجر را برو　گفت با معمار آن فرخنده خو
کین زمین نیک خوش دارد فضا　هان بکن این جا بنای باغ را

. . . .

. . . .

گشت چون آرایش از گلها باغ　باغبان را شد ازین حاصل فراغ

. . . .

دید تاجر چون چنین رنگین مکان　در دلش آمد خیال آن زمان
که طلب سازیم خوش صورتگری　بهر تصویرات از هر کشوری
تا دهد بر سقف دیوار و سرا　اول از صنعت گری خود جلا
پس کند تصویرها آن خوش سیر　از خدیوان جهان با زیب و فر
هم کشد تصویر از هر مه وشی　رو برویش عاشقی سختی کشی
پس طلب کرد و رسید از هر دیار　هر یکی در فن خود مشهور کار
چون مصور آمدند از هر مکان　شد درون خانه رشک جنان

. . . .

هر یک از صنعت گری صورت کشید　مانی چین مثل آن هرگز ندید

. . . .

هر مصور از شاه و از شهزادگان　کرده بودند اوستادان جهان

. . . .

ای فرح بخشا تو بگذر زین بیان کین بیان هست بحر بیکران

. . . .

حالیا تو حالتی سسی به بین تا چگونه میکند زار و حزین
چون ز سیر باغ آن گردید سیر گفت همرا دان خود را بعد دیر
که بباید دیدبان این خانه را از درون هم تا چگونه شد بنا

. . . .

شد درونش دید پر تصویرها هر در و دیوار آن عالی سرا
هر یکی از دیگری بس خوبتر اندر ایشان دید چون رشک قمر
صورت شاهزاده فرخ جبین چونکه دیدش کرد غش آن نازنین

. . . .

چون بهش آمد پری در نیم پاس گشته گم از طاقت هوش و حواس
سوی همرازان خود آورد روی در تکلم آمد آن فرخنده خوی
که چو من هرگز نباشد در جهان زار و حیران شد دگرای همدمان
کشتهٔ تیغ نگاهی گشته ام مبتلای عشق ماهی گشته ام
صورت تصویر او را دیده ام بس بعید جان مبتلای گردیده ام
همتی هان همتی ای همرهان تا شود معلوم اصل این جوان

. . . .

چون رفیقان را چنین گفت آن صنم هر یکی در جستجویش زد قدم
جستند خانهٔ تصویر گر یافتند آن مهوشان سیمبر
پس با دگفتند کای مرد خدا تا بباغ تاجری آئی بما
چونکه آمد روبرویش ساختند پس باستفسار زو پرداختند

کای مصور اصل این تصویر را زود برگو دیدهٔ اندر کجا
کیست او نامش چه وجایش کجاست زادهٔ شاه است و یا قسم گداست
چونکه صورت گر شنید این گفتگو گفت بی تعجیل با آن ماه رو
یوسف ثانیست با حسن لطیف نسل او عالیست اصل او شریف
پور شاه کیچ آں ماه تمام نام پنوں دارد اندر خاص و عام

اس سے آگے قصے کی تفصیل تقریباً وہی ہے جو شہباز خاں کی ہے ۔سسی ماں کی نصیحت سے گذرگاہوں کی حاکم بنتی ہے ۔ اور جب کیچ کے سوداگر بھنبور میں آتے ہیں ۔ تو ان کو گرفتار کرلیتی ہے ۔ ان سوداگروں کے قافلہ سالار کرم و اکرم ہیں ؛

قافلہ ذاحد ولے سالار دو ہر یکی ہمچوں فرشتہ نیک خو
نام ایشاں را بتو گویم عیاں یک بکرم وآن دگر اکرم بدان

سسی ان سوداگروں سے تقاضا کرتی ہے کہ وہ اپنے شہزادے کو کیچ سے بھنبور لائیں ۔سوداگر پہلے توپس وپیش کرتے ہیں ۔پھر قافلہ سالار شہزادے کے سامنے جاکر سسی کے حسن کی تعریف کرتے ہیں اور سسی کے حسن وجمال کی تحریص سے اُسے بھنبور لے آتے ہیں اس سے آگے قصہ معمولی سے اختلافات کے ساتھ شہباز خاں کے قصے کی طرح ختم ہو جاتا ہے ؛

پیر فرح بخش کا نظم کیا ہؤا قصہ اندرجیت منشی کی مثنوی کو نہیں پہنچتا ۔ منشی نے جہاں فرح بخش کی طرح قصے کی ضروری تفصیلات نظم کرنے میں بخل سے کام نہیں لیا ۔ وہاں منشی کا اسلوب بیان فرح بخش

---

۵ ۔ سسی وپنوں ، ورق ۱۴۸ ؛

کے بیان کی بہ نسبت زیادہ رنگین اور اس لئے زیادہ کامیاب ہے۔ منشی کی مثنوی سے قاری کا ذہن وہ تمام تاثرات قبول کرتا ہے۔ جو ایک رومانی قصے کی خصوصیات میں شامل ہیں۔ پیر فرخ بخش کی مثنوی ایک بے روح سی داستان معلوم ہوتی ہے۔ جس میں شاعر نے تمام حقائق بیان کر دیئے ہیں لیکن جذبات کی رنگ آمیزی سے قطعی احتراز کیا ہے۔ رومانی قصے کو جذبات سے معرا اشعار میں نظم کر دینا ایسا ہی ہے جیسے کوئی ناظم تاریخ کے غیر دلچسپ واقعات کو نظم کر ڈالے۔ ذیل میں ایک مختصر سا انتخاب سسی و پنوں سے درج کیا جاتا ہے:

انتخاب کلام

جس وقت شاہزادہ پنوں کیچ سے سفر کرتا ہوا بھنبور پہنچتا ہے اور سسی کے باغ میں ستانے لگتا ہے۔ اس وقت باغ کا مالی سسی سے جا کر شکایت کرتا ہے کہ کوئی اجنبی نوجوان اس کے باغ میں اونٹ لے کر گھس آیا ہے۔ سسی یہ کیفیت سن کر باغ کی طرف روانہ ہوتی ہے:۔

چوں شنید از باغباں حال چمن ۔۔ با دل خود گفت آن نازک بدن
کہ مجال تا جران باشد کجا ۔۔ ہاں مگر باشد در ایشاں یار ما
در دلش افزود روی شوق یار ۔۔ بی تحمل گشت بی صبر و قرار
بہ امید وصل یار سیمتن ۔۔ شد روان با ہمدمان سوئی چمن
ہر قدم بود آں پری رود رقیاس ۔۔ گہ خوشی امید و گہ اندوہ یاس
لیک شوق دلربائی خوشش دماغ ۔۔ دامن دل میکشیدش سوی باغ
ہمدمش چون بر در باغ رسید ۔۔ پردہ ہودج ز سر بالا کشید

شد درون باغ آن سروچمان | گفت برگیرید هان ای همدمان
هر یکی در دست خود شاخ گلاب | آنکه باشد همچو تیغ تیز آب
بر زنید این تاجران را بر زنید | هر همه را از درون بیرون کنید
خود بسوی خوابگاهی شد روان | که در و بد خفته آن جان جهان
چون بنزدیک در آن خوابگاه | آمد و افتاد بر بستر نگاه
دید بر روی خفته رو اندر نقاب | چونکه زیر ابر باشد ماهتاب
جلوه جنبش برون از پرده بود | هر در و دیوار رخشان می نمود
بد نقاب روی آن فرخنده خوی | بر جنبش اوفتاد تو بتوی
می نمود از زیر آن پرده جبین | همچو خور از آسمان چار بین
بل مگو پرده بگو دامی فریب | بهر صید مرغ جان ناشکیب
چون تحرک کرد عشق فتنه گر | هر دل و جانش از آن گشته اثر
عشق با او گفت چشم خویش باز | کن تو ای سرمایهٔ ناز و نیاز
گشت بیدار آن مه فرخ لقا | روی خود وا کرد چشم خویش را
با دو دست خویشتن مالید و دید | شوق یکدیگر ز اول شد مزید
غلبهٔ عشق و محبت کرد جوش | او به بستر او بدر گم کرد هوش
همدمانش ساربانان راز در | چون برون کرده بسوی سیمبر
آمدند و حال آن مه را تباه | چون چنین دیدند، همچون گرد ماه
هاله می باشد همه حلقه زدند | یکدگر با خود بگفتند و گوشدند
گفت یک زیشان که در بستر جوان | هست خفته دیده اید ای مهوشان
شاید آن باشد که بر تصویر او | بود عاشق این مه فرزانه خو
نیک شد بی تاب از تاب نظر | رفت عقل و هوش او از سر بدر
زود می باید که کس آرد شتاب | بهر پاشیدن بروی وی گلاب

بود یک زیشان بسی چالاک تر — رفت آورد و بروی سیمبر
خوب تر پاشید تا آن جان جان — چشم بکشاد و بتن تاب و توان
از سر نو شد بهوش خود رسید — چادر خود را بروی خود کشید
خاست و بنشست با آن مهوشان — گفت ما را گشت این زیبا جوان
طاقتم شد طاق صبر از جان ما — رفت تاراج نگاه مه لقا
این بگفت و شد روان رشک قمر — سوی آن شهزاده عالی قدر
زد بدست خود بروی او گلاب — شد دو چندان حسن او از آب و تاب
کرد عشق سیمتن در وی اثر — شد بعشق او از ان هم زار تر
هوش در سر آمد و در تن توان — چشم را وا کرد و لیکن هم ز جان
هر که اول بر کسے عاشق شود — درجهٔ ثانی بمعشوقی رسد
جذبهٔ عشقش کند معشوق را — همچو خود در عشق بی برگ و نوا
عشق مجنوں کرد لیلیٰ را بخویش — همچو خود مجنوں بجان زار و ریش
جذبهٔ نل در دمن شد جاگیر — همچو او در دام عشقش شد اسیر
عشق عذرا کرد در وامق اثر — گشت او در عشق عذرا زار تر

هم چنان عشق سسی اندر پنوں
شد موثر کرد حال او زبون

(سسی و پنوں، ورق ۴۴۵ —— ۴۴۶)

اس مقالہ کی تدوین میں مندرجہ ذیل کتب سے استفادہ کیا گیا ہے :-

۱ اذکار قلندری
۲ قصہ عبید اللہ ورادہان
۳- قصہ سسی وپنوں
۴- جنگ وجدل سیالکوٹ
۵- مکتوبات فرحت

} از پیر فرح بخش فرحت لاہوری } مخطوطات مملوکہ غلام دستگیر نامی

۶- نامۂ عشق؛ از اندر جیت منشی
۷- خزینۃ الاصفیا- از منشی غلام سرور لاہوری، مطبوعہ لاہور ۱۲۸۴ھ*
۸- کتاب خانہ برٹش میوزیم کے فارسی مخطوطات کی فہرست، از ریو مطبوعہ لندن ۱۸۸۳ء*
۹- کتاب خانہ انڈیا آفس کے فارسی مخطوطات کی فہرست، از ایتھے مطبوعہ اکسفورڈ ۱۹۰۳ء*
۱۰- شاہان اودھ کے کتاب خانوں کے عربی، فارسی اور ہندوستانی مخطوطات کی فہرست، از شپرنگر، مطبوعہ کلکتہ ۱۸۵۴ء*
۱۱- جریدہ اسلامک کلچر، اشاعت اکتوبر ۱۹۴۲ء*
۱۲- جریدہ اردو- اشاعت اکتوبر ۱۹۴۲ء*
۱۳- دستورِ عشق- از جوت پرکاش، مطبوعہ فیروز پور، ۱۸۶۵ء*
۱۴- وقایع پنوں- از شہباز خان و محمد حسین، مطبوعہ لاہور ۱۳۴۳ھ*
۱۵- تاریخ جلیلہ- از غلام دستگیر نامی، مطبوعہ لاہور، ۱۹۳۷ء*
۱۶- The Muhammadan Dynasties - از لین پول، مطبوعہ پیرس ۱۹۲۵ء

۱۷- Gazetteer of The Province of Sind, Karachi Distt. از J. W. Smith مطبوعہ بمبئی ۱۹۱۹ء۔

۱۸- Imperial Gazetteer of India, Baluchistan از R. Hughes - Buller مطبوعہ کلکتہ، ۱۹۰۸ء۔

۱۹- تحفۃ الکرام - از میر علی شیر قانع تتوی مخطوطہ مملوکہ برٹش میوزیم شمار ایڈیشنل ۲۱۵۸۹۔

۲۰- The Travels of Marco Polo مطبوعہ لندن ۱۹۳۱ء۔

۲۱- Oriental Biographical Dictionary از Beale مطبوعہ لندن ۱۸۹۴ء۔

۲۲- تاریخ پنجاب (انگریزی) از سید محمد لطیف - مطبوعہ کلکتہ ۱۸۹۱ء۔

۲۳- تاریخ لاہور - (انگریزی) - از سید محمد لطیف - مطبوعہ لاہور ۱۸۹۲ء۔

۲۴- ضلع ملتان کی گزیٹیئر (انگریزی) اشاعت ۲۴-۱۹۲۳ء، مطبوعہ لاہور۔

۲۵- سیر المتاخرین، از غلام حسین - جلد اول و دوم - مطبوعہ مدراس ۱۹۲۶ء۔

۲۶- مآثر الامرا - از نواب صمصام الدولہ شاہ نواز خاں - جلد دوم - مطبوعہ کلکتہ ۱۸۹۰ء۔

۲۷- The Legends of the Panjab تین جلد، مطبوعہ بمبئی ۱۸۸۶ء۔

۲۸- انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا - اشاعت ۱۹۲۹ء۔

۲۹- جریدہ ہسٹاریکل ریویو - اشاعت جنوری ۱۸۸۸ء۔

(باقی باقی) محمد باقر

کتاب الفہرست کے ملحقات

(ترجمہ از Z.D.M.G ج ۹۰ - ص ۲۹۸ - ۳۲۱)

(فضل الرحمٰن عربک ریسرچ سکالر)

(۱)- ٹونک والا مخطوطہ

جیسا کہ بینے انسائیکلو پیڈیا آف اسلام میں اپنے مقالہ "الندیم" میں اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے، کتب خانہ سعیدیہ ٹونک (راجپوتانہ) میں کتاب الفہرست کے ایک ایسے قدیم نسخہ کا دوسرا جزو محفوظ ہے جو دراصل تین اجزاء میں تھا۔ اس جزو کا متن فلوگل کے مطبوعہ نسخہ کے متن (ص ۱۴۶ س ۲۷ سے ص ۲۵۴ س ۸ تک) کے مطابق ہے میرے دوست مولانا عبدالعزیز المیمنی (علی گڑھ) کی اطلاعات سے معلوم ہوا۔ کہ مذکورہ نسخہ کی روایت فلوگل کے مطبوعہ نسخہ کی روایت سے سراسر مختلف ہے چونکہ کتب خانہ سے اسے نکلوانا یا اس کا عکس لینا ممکن نہ تھا۔ لہٰذا میں گزشتہ سال ٹونک پہنچا تاکہ وہیں جا کر اسے تنقیدی نگاہ سے دیکھ سکوں۔ میں اس موقع پر اس عنایت ناظرہ کا جو ہز ہائینس نواب ٹونک کی طرف سے میری اور میری بیوی کی کی گئی۔ صمیم قلب سے شکریہ ادا کرتا ہوں بعد ازیں ہز ہائینس مدبر دیوان دبیر الملک مختار جنگ ملک محمد دین کا ممنون ہوں جنہوں نے کتب خانہ کے استعمال میں سہولتیں بہم پہنچائیں۔ سب سے

پہلے میں مذکورہ مخطوط کی کیفیت بیان کرتا ہوں :

جلد بوسیدہ بادامی رنگ کی، ورق ۴۴ لیکن نمبر اعداد سے خالی، کاغذ کھردرا اور بادامی رنگ کی طرف مائل، قدرے دیمک خوردہ لیکن تحریر کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ تقطیع مع حاشیہ ۱۸۰۵ × ۲۷ س م اور بغیر حاشیہ ۱۲۰۵ × ۱۹ س م، ہر صفحہ میں ۱۳ سطور، خط نسخ، نقاط حروف کثیر، اعراب نہایت قلیل۔ پہلے صفحہ پر عنوان ہے: "فہرست اخبار العلماء و اسماء تصانیفہم من محمد بن اسحاق الندیم المعروف بابن ابی یعقوب الوراق" عنوان کے نیچے تین مختلف مہروں کے نشانات مخطوطہ کے سابق مالکین کے موجود ہیں۔ لیکن ایسے مدھم ہیں کہ پڑھے نہیں جا سکتے۔ ہاں اوپر والے نشان میں صرف یہ عبارت صاف پڑھی جاتی ہے: "خواجہ نقشبند اکبر" جیسا کہ آگے چل کر ذکر ہوگا۔ دسویں ورق کے بعد کم از کم ایک ورق مفقود ہے عنوان سرخ روشنائی میں لکھے ہیں اور بہت نادر ایسا ہوا ہے کہ عنوان کی جگہ خالی چھوڑ دی گئی ہو۔ نقل کرتے وقت ناسخ نے بیرونی حواشی پر چند کلمات لکھ دئے تھے اور ارادہ تھا کہ بعد میں انہیں سرخ روشنائی سے لکھیگا لیکن ان میں سے اکثر تجلید کے وقت تیغ کی نذر ہو گئے اور اب بجز چند قلیل آثار کے ان میں سے کچھ بھی نہیں رہا۔ جو حواشی مختلف نسخوں کے مقابلہ کا نتیجہ ہیں وہ اکثر کاتب کے اپنے ہیں۔ بعض تصحیحات بھی موجود ہیں۔ جو کسی متاخر ہاتھ سے صادر ہوئیں۔ ص ۱۲ (ب) پر کتاب کے کسی سستی مطالعہ کرنے والے نے کتاب اس سستی پر اپنی ۔۔۔ کو حاشیہ میں ایک تعلیق کی صورت دے کر حیات جاوید بخشی ہے (ص ۱۷۵ س ۱۱ - ف - ل، ص ۱۴ (ب) پر ۔۔۔ کے عنوان کے نیچے (ص ۱۸۰ - س ۲۶ ف - ل)

کسی شخص مسمی محمد حسن کے ہاتھ سے لکھا ہوا ہے۔ ابو داؤد نسائی اپنی سنن میں اس سے نقل کرتے ہیں۔ اسی کے قریب ہمیں مختلف ہاتھوں کے کئی غیر مرتبط اور غیر مرتب حواشی نظر آتے ہیں۔ اہل السنۃ قارئین کتاب میں سے کسی نے کلمۂ دعاء "علیہ السلام" جس کو شیعہ حضرت علی اور ائمہ کے نام کے ساتھ ذکر کرتے ہیں کی سرخ روشنائی سے تصحیح کی ہے۔ اور اس کو سنی کلمۂ دعا "رضہ" (یعنی رضی اللہ عنہ) کے ساتھ بدل دیا ہے خاتمہ کی عبارت یہ ہے:۔

"تم الجزء الثانی من کتاب الفہرست بعون اللہ ولطفہ ویتلوہ انشاء اللہ تعالیٰ فی الجزء الثالث اخبار یحیی النحوی، و کتبہ خضر بن عبد اللہ سبط یحیی الجوھری، والحمد للہ رب العالمین"

تاریخ اختتام مفقود ہے لیکن میرے نزدیک مخطوطہ کم از کم تین سو سال کا لکھا ہوا ہے۔ اس کے ماخذ کا بھی مجھے پتہ نہیں چل سکا۔ نواب **محمد علی خاں** (مدت حکومت ۱۸۳۴ء — ۱۸۷۰ء) کا خزانۂ کتب اس موجودہ کتب خانہ سعیدیہ کا راس المال تھا۔ اس میں تقریباً ۲۵۰۰ مخطوطات تھے۔ نواب موصوف کو مروجہ علوم سے بڑی محبت تھی۔ بہت ممکن ہے کہ فہرست کا مخطوطہ بھی انہیں کا خرید کردہ ہو۔ یہ بھی ناممکن نہیں کہ دوسرے دو اجزاء جو یہاں مفقود ہیں ہندوستان کے کسی

ﻄﻠﻄﻪ یہ ذہبی کا قول ہے (میزان الاعتدال۔ط۔ قاھرہ ۱۳۲۵ھ ج ۱۔ ص ۰۰ ۰) لیکن ابن حجر (تہذیب التہذیب۔ ج ۲ ص ۲۸۴) اور سیوطی (بغیۃ الوعاۃ ص ۲۶۰) ابو داؤد کے بدلے ترمذی کا ذکر کرتے ہیں۔

دوسرے کتب خانہ میں اب تک محفوظ ہوں۔

یہ نسخہ ص ۱ (ب) پر ان الفاظ کے بعد: بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم صلی علی سیدنا محمد و آلہ وصحبہ وسلم" وسط متن بین ان ابیات کے ساتھ شروع ہوتا ہے جو ص ۱۴۶ س ۲۷ ف-ل پر موجود ہیں۔ جب اس نسخہ کا مقابلہ پیرس کے نسخہ سے کیا جائے جس پر فلوگل کا نسخہ مبنی ہے تو چوتھے مقالہ میں دونوں روایتوں کے اندر بے شمار اختلافات نظر آتے ہیں۔ نہ صرف قرائت میں بلکہ اس بات میں بھی کہ ہمارے مخطوطہ میں پورے کے پورے قطعے مفقود ہیں (مثلاً ص ۱۵۵ پر س ۱۷ تا ۲۱، ص ۱۵۶ پر س ۴ تا ۲۵) اور اس کے برعکس کئی زیادات پر مشتمل ہے (مثلاً ص ۱۶۲ س ۲۷ ... جو کہ سولہ شاعروں کے اسماء کا اضافہ ہے) دسویں ورق کے بعد کے ورق کے نقصان سے نہ صرف چوتھے مقالہ کا خاتمہ ضائع ہوا ہے (ص ۱۷۰ س ۱۰ ف-ل سے مقالہ کے اختتام تک) - بلکہ پانچویں کی ابتداء بھی - لیکن اس نقصان کے باوجود یہ مخطوطہ اس مقالہ میں استنبول کے اس مخطوطہ سے کہیں زیادہ پہلے شروع ہوتا ہے جس پر فلوگل کا مطبوعہ نسخہ اس خاص حصہ میں مبنی ہے - لہذا مذکورہ مخطوطہ میں ہمارے لئے اس فصل سے جو معتزلہ کے متعلق ہے - ایک ایسا حصہ محفوظ ہے جو آج تک روشنی میں نہیں آسکا - آیندہ سطور میں میں اس ٹکڑے کو شائع کرتا ہوں، جہاں جہاں اس مخطوطہ کا مقابلہ فلوگل کے نسخہ کے متن سے ممکن ہے (ص ۱۷۲ - س ۱۱ بعد) وہی چوتھے مقالہ والی خصوصیات نظر آتی ہیں - اور یہاں بھی اختلافات بہت زیادہ ہیں - وہ خلا جو ابن المعلم کے ترجمہ میں پایا جاتا ہے ۔

(ص ۷۸ س ۶ - ف - ل) اس حد تک پر کیا گیا ہے: "قریب من مائتین[1] مصنف کبار وصغار، وفہرست کتبہ معروف، ومولدہ سنۃ ثمان وثلاثین وثلاثمائۃ، وتوفی لیلتین خلتا من رمضان سنۃ ثلاث واربعمائۃ"۔ چونکہ خود ابن الندیم کی وفات ۳۸۵ھ میں ہے اس لئے اس اضافہ کا صدور اس کے قلم سے ممکن نہیں، ابن المعلم کے دوسرے ترجمہ میں (ص ۱۹۷ س ۲۶) اس کی چھبیس مصنفات کے نام گنوائے گئے ہیں۔ اور مواضع میں بھی کئی اضافات پائے جاتے ہیں جن سے خالی جگہوں کی خانہ پری کی گئی ہے۔ لیکن ان سب سے بڑھ کر یہ بات ہے کہ ناقص روایات مثلاً "واسمہ .... ولہ من الکتب ...." جن سے استنبول والے مخطوطہ پر اور فلوگل کے نسخہ پر جس کا انحصار تمامتر اس مخطوطہ پر ہے ایک ناقص مسودہ کا رنگ غالب آجاتا ہے ہمارے مخطوطہ میں یکسر قلم انداز کر دی گئی ہیں۔ اس طرح ٹونک والے مخطوطہ کے متن کو جلاء اور سہولت قرأت سے حظ وافر حاصل ہو گیا ہے چھٹے مقالہ میں پھر یہی اسلوب نظر آتا ہے۔ لیکن یہ عجیب بات ہے کہ ساتویں مقالہ میں (جہاں تک مخطوط میں ملتا ہے۔ مخطوطہ ص ۲۵۴ س ۱۸ ف - ل پر منقطع ہو جاتا ہے) ٹونک کا متن فلوگل کے متن سے غیر معمولی طور پر موافق ہے۔ اگرچہ قرأت میں اختلافات ضرور ہیں۔

---

[1] ظاہر ہے کہ "مائتی مصنف" ہونا چاہئے تھا۔

[2] دیکھو کا مقالہ" "یں ج ۱۷، ص ۲۰ بعدہ۔

ان سب باتوں سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ٹونک کے مخطوطہ میں ہمارے سامنے کتاب الفہرست کی ایک مستقل روایت ہے اور سابق روایتوں یعنی پیرس کے مخطوطہ (جس پر چوتھا مقالہ مبنی ہے) اور استنبول کے مخطوطہ (جس پر پانچواں چھٹا اور ساتواں تینوں مقالات مبنی ہیں) سے مستقل ہونے کی وجہ سے یہ ان دونوں سے منفرد اور مختلف بھی ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ٹونک کا مخطوطہ ان دونوں مخطوطوں کی نسبت جن پر فلوگل کے متن کا بالواسطہ یا بلاواسطہ انحصار ہے ایک جدید تر روایت پیش کرتا ہے۔ لیکن کس طریق سے ہم اس نسبتاً جدید روایت کی سند ابن ندیم تک لے جاسکتے ہیں؟ ایک ایسا سوال ہے جس کا جواب ممکن نہیں۔ تاہم یہ بعید از حقیقت نہ ہوگا۔ اگر ہم یہ کہیں۔ کہ استنبول کا مخطوطہ متن کو اس کی ابتدائی صورت میں نقل کرتا ہے۔ جیسے کہ مصنف نے اس کو اول ۳۷۷ھ میں لکھا تھا لیکن آئندہ سالوں میں ابن الندیم نے اپنی اسی کتاب کے اور نسخے شائع کئے جو اسلوباً پہلے سے واضح اور اتم تھے ہاں! اور یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ اس کتاب کے تمام نسخے محض عملی ضروریات کے پیش نظر وجود میں آئے اور اس لئے نسّاخ کے لئے یہ ممکن نہ تھا کہ مصنف کے لفظ کا اس امانت کے ساتھ لزوم کریں جس کی رعایت نسخ میں نہایت ضروری ہے۔ پس جہاں کہیں ان سے یہ بن پڑا کہ متن کے کسی خلل کو پر کردیں یا کسی ذیل الاسماء کا اضافہ کردیں یا کوئی تاریخ وفات یا کسی کتاب کا نام بڑھا دیں انہوں نے یہ سب کچھ بلا دھڑک کیا بغیر اس کے کہ اپنے اضافوں پر کوئی ایسی علامت دیں جس سے ظاہر ہو کہ یہ ان کے ہیں۔ اور ان تمام

باتوں میں انہوں نے اصل مصنف کا سا تصرف کیا۔ اور ایسا کیوں نہ ہوتا؟ خود مصنف نے ص ۱۹۳ - س ۷، ۱ ت - ل پر اپنے قارئین سے استدعا کی ہے کہ وہ چند کتب کے نام اضافہ کر دیں جو اس کو نہیں مل سکے - پھر انہوں نے اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ جیسا کہ ٹونک کے مخطوطہ سے معلوم ہوتا ہے۔ انہوں نے اس کی بھی پروا نہیں کی کہ ان ناقص روایات کو جن کی کوئی عملی اہمیت نہیں سرا سر اڑا دیں، یہی وجہ ہے کہ متفرد مخطوطات میں شدید اختلافات ہے مثلاً اسماء کتب میں — پیدا ہوگئے حتی کہ ابن حجر کے اقتباسات بھی جن پر ابھی ہم بحث کریں گے اس صورت سے بچ نہیں سکے۔ **یاقوت** کی **ارشاد** کے اقتباسات کا بھی فی الجملہ یہی حکم ہے اگرچہ وہ روایت جسے **یاقوت** نے استعمال کیا وزیر مغربی کے نام سے تعلق کی وجہ سے ایک مصنف غفل کی ظلمت سے نکل گئی ہے۔

۲ - ٹونک کے مخطوطہ کا ایک ٹکڑہ

(فصل المعتزلہ میں سے)

یہ بات پوشیدہ نہیں کہ مخطوطہ "س" میں جس پر ان دونوں مخطوطوں "ا" اور "ک" کا[1] انحصار ہے جنہیں فلوگل نے اس حصہ کے لئے استعمال کیا پانچویں

---

[1] مخطوطہ "ک" ص ۱۸۳ س ۹ سے شروع ہوتا ہے — ص ۱۷۱ س ۱۱ سے ۱۸۳ ص ۹ تک بھی فلوگل کو مجبوراً ایک ہی مخطوطہ پر اعتماد کرنا پڑا۔ مخطوطے "ا" "ک" ... دو مخطوطہ "Kopsulu" (۱۱۳۴ھ) کے نسخے ہیں۔ جو خود مخطوطہ "س" کا ایک نسخہ ہے۔ دیکھو H. Ritter کا مقالہ "Islam" میں — ج ۱۸ ص ۱۵ بعد۔

مقالہ کا ابتدائی حصہ مفقود ہے اور جیسا کہ کتاب الفہرست کی فہرست مضامین (ص ۱۴۳ ف۔ ل۔) سے ظاہر ہے پانچویں مقالہ کا فن اول علم الکلام کی ابتداء اور متکلمین معتزلہ اور مرجئہ کے متعلق ہے۔ مخطوطہ "س" واسطی کے ترجمہ سے شروع ہوتا ہے۔ (وفات ۳۰۶ھ دیکھو ابن خلکان ط۔ بولاق ۱۲۹۹ھ ج ۱۔ ص ۱۸۔ اور لسان المیزان لابن حجر ج ۵ ص ۱۷۳) جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے ٹونک کے مخطوطہ میں اس جگہ خلل معلوم ہوتا ہے۔ لیکن اس کے باوجود اس کی ابتداء برذعی (م۔ ۲۹۷ھ) کے ترجمہ سے ہوتی ہے) میں اس جدید حصہ کو آیندہ سطور میں شائع کرتا ہوں اور جہاں میں نے متن میں متصرف کیا ہے مخطوط کی قرأت کو پائین صفحہ میں حاشیہ کی صورت میں لکھ دیا ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ میں نے لسان المیزان سے اقتباسات جہاں ممکن ہوا دئے خصوصاً اس لئے تاکہ ان اقتباسات سے ابن حجر کے کام کی کیفیت واضح ہو جائے۔ اس کے بعد متن کے ساتھ چند افادات کا اضافہ کر دیا ہے ❊

[ابو الحُسین الخیّاط ؟]

. . . .

علی ابن الراوندی۔ کتاب نقض الزمرد[1] علی الراوندی فی ذالک۔ کتاب نقض کتاب عبّاد بن سلیمان[2] فی العکس۔ کتاب نقض کتاب التاج علی الراوندی۔ کتاب نقض الدامغ علی الراوندی۔ کتاب نقض کتاب البرھان

---

[1] الزموذ۔ [2] سلما۔

البرذعی

هو ابو الحسن احمد بن عمر بن عبد الرحمن البرذعی، واصله من برذعة آذربیجان، وکان من کبار المعتزلة البغدادیین[1]

الشطوی

هو ابو الحسن احمد بن علی الشطوی، من جلة المعتزلة[2] وکان بخیلا غیورا، ومات سنة سبع وتسعین[3] مخنوقا، خنقه ابنه وابنته، وذالک ان ابنته سألته ان یزوجها بانسان اختارته فابی علیها وضیق حجرها، فاصطلحت هی وابنه علی ان جاء الجزار من باب محول[4] فخنقه، وکان ینزل بدرب القناب بالکرخ۔

---

[1] قال فی لسان المیزان م ۱: ص ۲۳۶ "وقال الندیم کان من کبار المعتزلة البغدادیین"

[2] قال فی لسان المیزان م ۱: ص ۲۳۳ "قال الندیم کان من جلة المعتزلة ومات سنة ۲۹۷:

[3] تسع وسبعین، والتصحیح عن تاریخ بغداد م ۴: ص ۳۰۸ ولسان المیزان م ۱: ص ۱۳۳۔ [4] جاء الجزار من باب محول۔

الحارث الورّاق[1]

قال البلخی فی کتاب المحاسن: هو ابو القاسم الحارث بن علی، من اهل خراسان علی الاطلاق، من اهل الدین و الورع و التقی، و رئیس من رؤساء اهل النظر، قلیل النظیر فی زمانه - وله تالیف محکم و کتب جیاد و نقوض لعدة کتب من کتب ابن الراوندی - وکان فی ایام ابی علی الجبائی - و له معه مناظرات و اجتماعات لبسوق الاهواز - قال: وکان وراقا بیبیع الکتب و یورق للناس بقصر وضاح من الجانب الغربی -

ولہ من الکتب: ۱- کتاب المخلوق - ۲ کتاب الأسماء و الاحکام - ۳- کتاب الامامة - ۴ کتاب نقض الدامغ - ۵ - کتاب نقض الزمردة - ۶ - کتاب نقض لعنت الحکمة - ۷- کتاب نقض التاج - ۸- کتاب متشابه القرآن - ۹- کتاب حدوث العالم و الأدلة علیها*

۲۰

---

[1] قال فی لسان المیزان ۲۲: ص ۱۵۴ الحارث بن علی الوراق ابو القاسم من اهل خراسان من طبقة ابی علی الجبائی وله معه مناظرات بالاهواز، ذکره ابو زید البلخی وذکر انه کان من اهل الورع ومن رؤساء المعتزلة وله کتب جیاد وکان یورق بالجانب الغربی من بغداد وذکر له النديم عدة تصانیف*

ابوالقاسم

هو ابو القاسم عبد الله بن احمد بن محمود البلخی،
ویعرف بالکعبی[۱] عالم، متکلم، رئیس اهل زمانه، وکان
یکتب لقائد من قواد نصر بن احمد یعرف باحمد بن سهل؛
وکان احمد بن سهل خلع نصر بن احمد، و اقام بنیسابور،
فلما ظفر باحمد اخذ البلخی فی جملة من اخذ، فاعتقل،
وبلغ علیّ بن عیسی الوزیر امره، فانفذ من اشخصه، هذا
فی وزارة حامد بن العبّاس، حضر البلخی مجلس ابی احمد
یحیی بن علی الذی کان یحضره المتکلمون، وهم مجتمعون، ۳۰
فاعظموه ورفعوه، ولم یبق احد الا اهر الیه، ودخل
یهودی، وقد تکلم بعضهم فی نسخ الشرع، فبلغوا الی موضع
من الکلام حکموا فیه ابا القاسم وکان الکلام علی الیهودی؛
فقال ابو القاسم: الکلام علیک؛ فقال له الیهودی: وما
یدریك ما هذا؟ فقال له ابو القاسم: انتظر یا هذا!
تعرف[۲] ببغداد مجلسا للکلام اجل من هذا؟ قال:
لا. قال: اتعلم من المتکلمین احدا لم یحضره؟ قال:
لا: قال: افرأیت منهم احدا لم یقم الیّ ولم یعظمنی؟ قال:

---

[۱] قال فی لسان المیزان م ۳: ص ۲۵۵ "قال ابن النديم فی الفهرست
الیه نسب الطائفة البلخیة واخذ الکلام عن ابی الحسین الخیاط"۔ [۲] مخرق۔

لا فالی: فتی اهم نعدوا ذالك وانا فارغ؟

وتوفی البلخی اول یوم من شعبان سنة تسع عشرة و ثلثمائة وله من الکتب:

۱-کتاب المقالات، واضاف الیه عیون المسائل و الجوابات -۲-کتاب الغرر والنوادر -۳-کتاب کیفیة الاستدلال بالشاهد علی الغائب -۴-کتاب الجدل وآداب اهله وتصحیح علله -۵-کتاب السنة والجماعة ۶-کتاب المجالس الکبیر -۷-کتاب المجالس الصغیر ۸-کتاب نقض کتاب الخلیل علی برغوث -۹-کتاب الکتاب الثانی علی ابن علی فی الجنة -۱۰-کتاب مسائل الجندی فیما خالف فیه اباعلی -۱۱-کتاب تائید مقالة ابی الهذیل فی الکرسی -۱۲-کتاب المضاهاة علی برغوث -۱۳-کتاب التفسیر الکبیر للقرآن -۱۴-کتاب فصول الخطاب علی رجل ینبی بخراسان، ۱۵-کتاب النهایة فی الاصلح علی ابی علی، ونقضه علیه الصیمری -۱۶-کتاب الکلام فی الامامة علی ابن قبة -۱۷کتاب النقض علی الرازی فی العلم الالهی

۴۵

---

(۱) فی الاصل تسع وثلثمائة والتکمیل عن تاریخ بغداد م ۹: ص ۳۸۴ ولسان المیزان م ۳: ص ۲۵۵، وقال ابن خلکان (ط-بولاق ۱۲۹۹) ۱: ۲۵۱ انه مات فی سنة سبع عشرة وثلثمائة (۲) کذا فی الاصل- (۳) الجندی -(۴) قال فی لسان المیزان م ۳: ص ۲۵۶، وذکر له ابن الندیم فی الفهرست کتابی التفسیر وتأیید مقالة ابی الهذیل وغیر ذلک (۵) فی الاصل اعنی فی (ZDMG) الامة وهو تصحیف، انظر الافادة علی هذا ص-

وممن كان على عهد البلخي من المتكلمين: ابوبكر الخلقاني[1] وابو[2] اسحق الواحبي[3] - ۵۰

الصيمري

هو ابوعبد الله محمد بن عمر الصيمري، من اهل الصيمرة، يعد فى معتزلة البصريين لانه كان يزعم انه اخذ عن ابى على الجبائى، واليه انتهت الرياسة بعد وفاة ابى على، وكان فى سن ابى على اوقريب منها۔ وتوفى سنة خمس عشرة وثلثمائة، وحكى عن ابى على انه كان يقول "شيخنا ابوعبد الله" وعنه اخذ ابوسعيد البيرانى فى علم الكلام، وكان استاذ ابى بكر ابن الاخشيذ، وله من الكتب:

۱- كتاب المسائل والجوابات له- ۲- كتاب نقض كتاب ابن الراوندى فى الطبائع، ۳- كتاب نقض كتاب البلخي المعروف بكتاب النهاية فى الاصلح على ابى على الجبائى،

الباهلي

ابوعمر محمد بن عمر بن سعيد الباهلي البصري، ۱۰ من باهلة، مولده بالبصرة ومنشأه بها، حسن الاصطلاح

---

[1] الخلقانى - [2] الواحى - [3] فى الاصل فى (Z) M 9 ("الاصطلاع" وهو واضح الفساد - ف - م*

بصناعة الکلام علی مذھب البصریین، وکان قاصاً ً

یحضر مجلسه المتکلمون، وحکی ان اباعلی کان یحضر مجلسه

وکان لحسن قصصه ورقة عبارته یبکی الناس والمتکلمون

وله من الکتب:

۱-کتاب اعجاز القرآن -۲- کتاب الاصول فی التوحید

۳-کتاب التوحید، مفرد عن الاصول *

احمد بن یحی المُنجم

ابوالحسن احمد بن یحي بن علی بن یحی بن ابی منصور

المنجم حَسَن الادب، جید المعرفة بالکلام، وله فی ذالک

کتب- وفی غیرذالک من الاداب، وقد استقصینا ذکره

فی اخبارالندماء- وله من الکتب فی الکلام:-

۱-کتاب اثبات نبوة محمد علیه السلام -۲- کتاب

التوحید والرد علی المشبهة

۷۰

قرأت بخط ابی احمد یحي بن علی قال ابوالقاسم البلخی:

ارباب المعتزلة الذین الفوا الکتب وتنصروا بالاعتزال

بعد واصل بن عطاء :-

۱- ابوالھُذَیل -۲- النظّام -۳- مُعَمّر بن عباد -۴-

ھشام الفوطی ابن عمرو -۵- بشر بن المعمر -۶- ثمامة-

---

۷۰ قال فی ترجمته فی لسان المیزان م ۱: ص ۳۲۴" ذکره ابن الندیم فی

مصنفی المعتزلة وقال کان حسن الادب جید المعرفة بالکلام"

۷- الجاحظ - وبعد هؤلاء: ۸- بشر ابن خالد - ۹- علی الأسواری - ۱۰- عیسی بن صبیح - ۱۱- جعفر بن حرب - ۱۲- جعفر بن مبشر - ۱۳- قاسم الدمشقی - ۱۴- الاسکافی - ۱۵- عیسی بن الهیثم - ۱۶- ابو شعیب الصیرفی[۱] - ۱۷- الشحام - ۱۸- الآدمی - ۱۹- ابو زفر[۲] - ۲۰- محمد بن سوید - ۲۱- ابو مجالد - ۲۲- ابو الطیب البلخی - (۲۳ محمد بن علی المکی[۳]) - ۲۴- ابو الحسین الخیاط[۴] - ۲۵- الشطوی - ۲۶- محمد بن سعید بن زنجبة [امام[۵] نیسابور - ۲۷- محمد بن عبد الوهاب - ۲۸- المنانی - ۲۹- البلخی - ۳۰- الحارث الوراق - ۳۱- الهیمری ٭

أسماء جماعة من المتکلمین لا یحقق

أهم من المعتزلة ام من المرجئة - وهم:

حمید بن سعید بن بختیار[۶] - المتکلم[۷] وله من الکتب:

۱- کتاب خلق القرآن - ۲- کتاب الفضل فی الرد علی

---

[۱] قال فی لسان المیزان م ۶: ص ۳۹۲ "ابو شعیب الصیرفی ذکره ابن الندیم فی الفهرست" [۲] قال فی لسان المیزان ۶: ۳۷۹ "ابو زفر ذکره ابن الندیم فی مصنفی المعتزلة" [۳] قال ابن حجر ۵: ۳۰۱ فی ترجمة ابی طالب محمد بن علی المکی "ذکره ابن الندیم فی مصنفی المعتزلة" وهو غلط - [۴] الخیاط [۵] سقط من الاصل، قال ابن المرتضی فی المنیة والأمل ط حیدرآباد ۱۳۱۶ ص ۴۸ "ومنها (ای ومن الطبقة الثامنة) محمد بن سعید زنجه وکان ایضا امام نیسابور - [۶] فی الاصل بلا نقط - [۷] قال فی لسان المیزان ۲: ۳۶۴ "حمید بن سعید بن بختیار احد متکلمی المعتزلة ذکره ابن الندیم فی مصنفی المعتزلة -

المشبهة -۳- کتاب نفی التجسیم عن الله -۴- کتاب الرد علی یوشع بخت مطران فارس -۵- کتاب الرد علی المجوس ۶- کتاب الرد علی اهل القول بالأجرام وأزلیتها -۷- کتاب جراءة اهل الفلك -۸- کتاب اثبات التحریف فی الحدیث ۹- کتاب اضافة العلوم -۱۰- کتاب علی النصاری فی النعیم والاکل والشرب فی الآخرة وعلی جمیع من قال بضد ذلك- ۱۱- کتاب متکلمی اهل الاسلام -۱۲- کتاب فیما احدث بعض المسلمین من القراءات ووجوهها-

محمد بن عبد الکریم

من المتکلمین وله من الکتب: ۱- کتاب المخلوق علی برغوث -۲- کتاب المعرفة ابوعثمان الرقی -

واسمه عبد الرحمن بن مسلم، من المتکلمین، وله من الکتب:-

۱- کتاب علی برغوث فی المساواة بینه وبین الملحدین
۲- کتاب المسائل التی جرت بینه وبین الاسکافی فی مجلس

ـه مطران . ـه حرات - ـه قال فی لسان المیزان ۵: ۲۴۲ "محمد بن عبد الکریم ذکره الندیم فی مصنفی المعتزلة" ـه فی الاصل الفارقی والتصحیح عن کتاب الانتصار ص ۲۶: س ۳، وعن لسان المیزان ۳: ۴۳۷- قال ابن حجر "عبد الرحمن بن مسلم ابوعثمان الرقی من مصنفی المعتزلة - ذکره ابن الندیم"

ابن ابی دواد - ۳ - کتاب التولد علی الاسکافی -

افادات

س - ۱ : اس قول کے لئے کہ ابتدائی سطور میں ہم خیاط کے ترجمہ کا اختتام دیکھتے ہیں (دیکھو آگے ابن حجر کا سولھواں اقتباس) ہمارا یہ تصریح ہے کہ خیاط نے ابن الراوندی کی مصنفات کا رد لکھا ہے ان میں سے ایک کتاب الزمرد ہے - دیکھو ابن الجوزی ط - (Ritter اور " Islam " ج ۱۹ - ص ۳ - ۴ ، ور کتاب الفہرست کا وہ جز و جو لیڈن میں ہے (WZKM ج ۴ ص ۲۲۳ ، و تکملہ کتاب الفہرست طبع القاہرہ ۱۳۴۸ھ ص ۵ س ۲) خیاط کی کتاب الانتصار کی فہارس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کتاب سے مراد کتاب الزمرد ہے (دیکھو الانتصار ص ۱۵۵ س ۵ ص ۱۳۷ س ۲) اور ان میں سے ایک کتاب الدامغ ہے - (دیکھو WZKM ج ۴ ص ۲۲۴ ، و تکملۃ الفہرست ص ۵) اس کتاب کی فہرست مضامین کے لئے دیکھو Ritter کا مقالہ Islam میں ج ۱۹ ص ۱ ببعد *

س - ۲ : عباد بن سلمان کے لئے دیکھو آگے ابن حجر کا چھٹا اقتباس - یہ متعین نہیں ہو سکا کہ اس نقص کا تعلق عباد کے اس عقیدہ سے ہے جو لیڈن کے نسخہ میں مذکور ہے کہ لفظ اور اس کے معنی کے درمیان ایک طبعی اور ذاتی مناسبت ہے اور یہ کہ اس بنا پر (جیسا کہ اشعری نے اپنے مقالات میں تصریح کی ہے - ص ۱۹۷) کہ یہ عقیدہ

عباد کا تھا) خدا اس بات پر قدرت نہیں رکھتا کہ اسماء کو ان کے اضداد میں تبدیل کر سکے ،

س - ۳ : کتاب البرہان کا مصنف کون ہے ؟ میرا علم اس سے قاصر ہے -

س - ۴ : برغوث (م ۲۹۷ھ - دیکھو تاریخ بغداد ج ۷ ص ۲۹۰، اور کتاب المینۃ والامل لابن المرتضیٰ ص ۵۲ - ۵۳) ابوعلی الجبائی اور ابومجالد کا معاصر تھا ، ابھی کم عمر ہی تھا کہ جب اپنے وطن سے بصرہ آیا تو جاحظ کی زیارت کو گیا جو اس وقت کافی معمر ہو چکا تھا - (م ۲۵۵ھ) لیکن اس نے ملنے سے انکار کر دیا ، (دیکھو الامالی للمرتضیٰ ط - القاہرہ ۱۹۰۷ء ج ۱ ص ۱۴۲ س ۱۱)

س - ۷ : الشطوی کی وفات ۲۹۹ھ میں ہوئی (دیکھو تاریخ بغداد ج ۷ ص ۳۰۸ ؛ اس نسبت کے معنی ہیں "شطا کے کپڑے بیچنے والا" دیکھو کتاب الانساب للسمعانی ص ۳۳۷ (ب) شطا کے لئے دیکھو معجم البلدان لیاقوت ج ۳ ص ۲۸۸ - ۱ اور الخطط الجدیدۃ لعلی مبارک ج ۱۲ ص ۱۲۹ ، اور "Renaissance des Islams" تصنیف A. Mez ص ۳۲ ، اشعری نے مقالات میں شطوی کے دو عقائد بیان کئے ہیں (ص ۳۵۸ اور ۴۲۷)

س ۱۱ : باب المحوّل کے لئے دیکھو "بغداد بنی عباس کی خلافت میں" (ط - اکسفورڈ سنہ ۱۹۰۰ء ص ۱۳۴ ببعد) تصنیف Le Strange) ۔

س ۱۴ : بلخی سے مراد ابوالقاسم عبداللہ بن احمد البلخی الکعبی

ہے۔جس کا ترجمہ سطر ۲۵ کے ماتحت آئے گا۔ابن حجر نے غلطی سے اسے مشہور و معروف ابو زید بلخی خیال کیا ہے، لیدن کے نسخہ میں اس کی کتاب المحاسن کا ذکر ہے (دیکھو WZKM ج ۴ ص ۲۲۳ اور تکملۃ کتاب الفہرست ط۔القاہرہ ص ۴ ببعد) لیکن وہاں اس کا نام پورا یہ دیا ہے "کتاب محاسن خراسان"۔ اور وہاں یہ کتاب ابن الراوندی پر ایک طویل مقالہ کا ماخذ ہے۔ بہت ممکن ہے کہ "کتاب فضائل خراسان" بھی، جس کے اقتباسات کتاب الفہرست میں دئے گئے ہیں (ص ۵۲۔س ۲۳۔ت۔ل) یہی کتاب ہو۔

س ۱۹: قصر وضاح کے لئے دیکھو تصنیف (Le Strange) (ص ۵۸ اور ۹۲ اور نقشہ IV نمبر ۴۹) اس کا بیان گزر چکا ہے۔

س ۲۰: کتب ۴ تا ۷ ابن الراوندی پر نقض ہیں۔

س ۲۵: ابو القاسم بلخی کے لئے دیکھو "Islam" (ص ۱۸ و ۳۹) اور جو اشارات وہاں دئے گئے ہیں، نیز تاریخ بغداد ج ۹۔ص ۳۸۴ لسان المیزان ج ۳ ص ۲۵۵ ببعد، لسان المیزان میں فہرست سے ایک ایسا اقتباس موجود ہے جو ٹونک والے متن میں نہیں ملتا۔

س ۲۷: احمد بن سہل بن کامرکار کی نصر ثانی سامانی کے خلاف بغاوت جس کی طرف یہاں اشارہ ہے ۳۰۷ھ میں واقع ہوئی۔ دیکھو ابن الاثیر جلد ۸ ص ۸۶

س ۲۸: علی بن یحیٰی الوزیر سے مراد ابن الجراح ہے، لیکن وہ اس زمانے میں منصب وزارت پر فائز نہ تھا۔ بلکہ ۳۰۶ھ سے ۳۱۱ھ تک حامد بن العباس وزیر تھا۔

س ۳۰ : یحیی بن علی (۲۴۱ تا ۳۰۰ ھ دیکھو کتاب الفہرست ص ۱۴۳ س ۲۴ ف ۔ل ۔ و تاریخ بغداد ج ۱۴ ص ۲۳۰، و ارشاد لیاقوت ج ۷ ص ۲۸۷) بنو المنجم میں سے تھا چونکہ اس کی وفات ۳۰۰ھ میں ہوئی اس لئے ظاہر ہے کہ بلخی نے کم از کم ایک بار ضرور بغداد میں قیام کیا قبل اس کے کہ اس نے اخیر بار ۳۰۰ھ میں وطن کو خیرباد کہا اور دار السلام میں آبسا۔

س ۴۰ : نمبرا : Ritter نے مقالات سے اقتباسات جمع کئے ہیں جن کا ذکر گزر چکا ہے۔ جیسا کہ کتاب الفہرست (ص ۳۴۲ س ۲۴) سے پتہ چلتا ہے عیون المسائل میں الخرمیہ کی تاریخ، عقائد، رسوم، اور مذہبی عوائد پر مفصل کلام تھا،

نمبر ۵ : اس سے مراد شاید وہ نقض ہو جو بلخی نے حرب بن اسماعیل سیرجانی کی "کتاب السنہ والجماعۃ" پر لکھا ہے (دیکھو معجم البلدان لیاقوت ج ۲ ص ۲۱۳ بعد ۔ سیرجان)

نمبر ۶ : جیسا کہ ابن حجر نے لسان المیزان (ج ۳ ص ۲۵۵) میں کہا بلخی نے عروض پر ایک کتاب لکھی جس میں خلیل کو نشانۂ تنقید بنایا اس لئے کتاب الخلیل سے مراد اس کی کتاب عروض ہے۔ (دیکھو الفہرست ص ۴۳ س ۲۶ ف ۔ل) لیکن یہ ممکن نہیں کہ خلیل کے عروض پر بلخی کی تنقید کا تعلق برغوث سے ہو جو کہ ایک مذہبی فلسفی تھا، (دیکھو Livre du Triomple تصنیف Nyberg ص ۲۱۶ : اور Ritter کی فہرس الاسماء لمقالات الاشعری ص ۶) ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس جگہ متن مختل ہے۔ اگلا نمبر ۹ بھی محرف ہے کیونکہ "الکتاب الثانی" کسی کتاب کا نام نہیں ہو سکتا، ابو علی سے مراد جبائی ہے،

نمبر ۱۰ : معلوم نہیں یہ خجندی کون ہے ؟

نمبر ۱۳ - یہ کتاب فہرست ص ۲۴ س ۱۳ پر بھی مذکور ہے -

نمبر ۱۵ : صیمری کا نقض ایک بار پھر سطر ۶۵ کے ماتحت مذکور ہو گا - رہا

نمبر ۱۶ تو اس کا سبب تصنیف ایک مناقشت تھا جو بلخی اور ابن قبۃ امامی کے باہین دَمے بیں ہؤا (دیکھو فہرست ص ۱۷۶ س ۱۷، وطوسی ص ۲۹۷) عَلَم الھدی نے نقد الا یضاح (ص ۱۷۳ بعد) میں لکھا ہے - کہ بلخی نے ابن قبہ کی "کتاب الانصاف فی الامامہ" کے رد میں "کتاب المسترشد فی الامامہ" لکھی - پھر اس کا جواب ابن قبہ نے کتاب "المستثبت فی الامامہ" سے دیا جس نے بلخی کو نقض کا ایک اور موقع دیا، اس کے کچھ عرصہ بعد ابن قبہ فوت ہو گیا *

نمبر ۱۷ : ابن الندیم نے رازی کی کتابوں میں دو نقضوں کا ذکر کیا ہے - : (۱) کتاب نقض ابن البلخی للعلم الالٰہی (دیکھو فہرست ص ۳۰۱ س ۱۰ ت - ل) - (۲) کتاب الرد علی ابی القاسم البلخی فی نقضہ المقالۃ الثانیۃ - فی العلم الٰہی (فہرست ص ۳۰۰ س ۲۱)

س ۴۹ و ۵۰ دونوں مذکور شخص نامعلوم ہیں - شاید طلقانی وہی شخص ہے جسے اشعری نے مقالات میں ذکر کیا ہے (ص ۱۸۱ - س ۱۳)

س ۵۱ : صیمری کا ذکر فہرست ص ۱۷۳ - س ۲۸، ص ۱۷۴ س ۶، اور ص ۱۷۴، س ۲۷ ت - ل - پر ہؤا ہے - اور صیمری پر ابن حجر کا مقالہ (لسان المیزان ج ۵ ص ۳۲۰) فہرست سے زیادہ ہماری معلومات میں کوئی اضافہ نہیں کرتا - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ مقالہ خود یا لواسطہ یا بلا واسطہ فہرست پر مبنی ہے *

س ۵۷ : ابن الراوندی کی کتاب الطبائع کے محتویات خیاط کی کتاب الانتصار میں مجملاً مذکور ہیں، س ۵۶ (دیکھو ایضاً مقدمہ Nyberg ص ۳۲) ۔

س ۵۸ : ابن حجر (دیکھو لسان المیزان ج ۵ ص ۳۲۰) کے قول پر بلخی سنہ ۳۱۹ھ فوت ہوا۔

س ۶۶ : ابن المنجم (۲۶۲ تا ۳۲۷ھ - دیکھو تاریخ بغداد ج ۵ ص ۲۱۵، والارشاد لیاقوت ج ۲ ص ۱۵۴، لسان المیزان ج ۱ ص ۳۲۴) پر فہرست میں دو اور مقالے ملتے ہیں (ص ۱۴۳ س ۲۹ اور ص ۲۳۵ س ۱۶) ۔

س ۷۳ : ابن الندیم کا اسماء مشاہیر معتزلہ کی یہ فہرست ابن المنجم کی اخبار میں ملی (م سنہ ۳۰۰ھ دیکھو اوپر افادہ بر سطر ۳۰) جو بلخی سے نقل کرتا ہے، (دیکھو اوپر افادہ بر سطر ۳ مذکورہ اشخاص میں سے اکثر کا ابن الندیم نے مستقل طور پر علحدہ ذکر کیا ہے - اور ٹونک کے مخطوطہ میں ہمارے لئے شطوی (نمبر ۲۵) اور حارث الوراق (نمبر ۲۸) پر مستقل مقالات محفوظ ہیں - دیکھو اوپر افادات بر سطور ۷ و ۱۳ - لیدن کے نسخہ (دیکھو M. K. 2 لد ج ۴ ص ۲۲۰ بعد تکملۂ کتاب الفہرست ص ۱) میں ابو الہذیل (نمبر ۱) النظام (نمبر ۲) ثمامہ (نمبر ۶) جاحظ (نمبر ۷) ابو علی الجبائیؒ (نمبر ۲۷) پر اقتباسات موجود ہیں - پھر ان اشخاص پر جو اخیر میں مذکور ہیں باستثنائے ابو الہذیل اور معمر (نمبر ۳) فوطی (نمبر ۴) اور جعفرین (نمبر ۱۱ و ۱۲) اسکافی (نمبر ۱۴) ابن الھیثم (نمبر ۱۵) شحام (نمبر ۱۷) ابو مجالد (نمبر ۱۸) اور خیاط ـــــ

ان سب پر فہرست سے اقتباسات لسان المیزان میں موجود ہیں۔ چونکہ ان اقتباسات پر آیندہ فصل میں بحث ہوگی لہذا یہاں چند افادات باقی ماندہ اسماء پر کافی ہیں +

نمبر۵: بشر بن المعمر (م۔ ۲۱۰ھ ۔ دیکھو فنادس الاشعری ص ۶-۸ میں Ritter کے افادات، وایضاً Revue du Tremple ازقلم Nyberg ص ۱۹۴) پر ایک مقالہ فہرست ص ۱۶۲ ف۔ل میں ملتا ہے ۔ اسی مقالہ میں اس کی اکثر کتابیں مناظرہ اور جدل میں بیان کردی گئی ہیں۔

نمبر۸: ابن المرتضیٰ (ص ۲۵) نے بشر بن خالد کو پانچویں طبقہ میں گنا ہے۔ لیکن جیسا کہ لسان المیزان (ج ۵ ص ۱۰۸) میں مذکور ہے، وہ جاحظ اور شیطان الطاق کا معاصر تھا +

نمبر۹: أسواری (یا أُسواری ؟) کے لئے فنادس الاشعری دیکھو۔

نمبر۱۰: مُردار (م ۔ ۲۲۶ھ) کے لئے دیکھو لسان المیزان ج ۴ ص ۳۹۸ اور فنادس الاشعری۔

نمبر۱۳: قاسم الدمشقی بعینہٖ وہی شخص ہے جسے لسان المیزان (ج ۴ ص ۴۵۹) پر قاسم بن خلیل الدمشقی تلمیذ الفوطی بتایا گیا ہے، لیکن وہاں اسے رافض سے منسوب کیا گیا ہے دیکھو ایضاً فنادس الخیاط۔

نمبر۱۶: ابو شُعَیب الصَیرفی ۔ ابن حجر نے بھی لسان المیزان (ج ۶ ص ۳۹۴) میں اسی طرح ضبط کیا ہے، اور ابن حجر

کا معتمد علیہ یہی فہرست کی عبارت ہے جو ہمارے سامنے ہے صیرفی
کو صوفی میں تبدیل کرکے اس کی شخصیت کو ابوشعیب صوفی میں
متعین کرنا محال معلوم ہوتا ہے، اس ابوشعیب صوفی کی طرف
اشعری نے مقالات میں (ص ۲۱۴ س ۹ وص ۲۸۸ س ۱۲) اشارہ
کیا ہے اور مشبھہ کے عقائد اس کی طرف منسوب کئے ہیں —
Ritter نے فہارس الاشعری میں اسے ابوشعیب البراثی العونی
بتا دیا ہے۔ لیکن تاریخ بغداد (ج ۴، ص ۲۱۸) اور معجم یاقوت (ج ۱
ص ۵۳۲) میں ترجمہ براثی میں ایسے عقائد کا ذکر تک نہیں، اس
کے برعکس ابن حزم (ج ۴۔ ص ۲۲۷) نے اسی قسم کے عقائد
ابوشعیب القلاءلی (؟) کی طرف منسوب کئے ہیں،

نمبر ۱۸: آدمی کے لئے دیکھو فہارس مقالات الاشعری،

نمبر ۱۹: ابن المرتضی (ص ۵۴) کے بیان پر ابو زفر کا نام
محمد بن علی المکی ہے، اور وہ آٹھویں طبقہ میں سے ہے۔

نمبر ۲۰۔ محمد بن سُوَید: اس نام کے کئی شخص تاریخ بغداد
(ج ۵۔ ص ۳۳۰) اور لسان المیزان (ج ۵ - ص ۱۹۷) میں مذکور
ہیں۔ لیکن ظاہر ہے کہ ان میں سے کوئی بھی یہاں مراد نہیں۔

نمبر ۲۲: مجھے معلوم نہیں ابوالطیب البلخی کون ہے۔

نمبر ۲۳: محمد بن علی المکی بعینہ وہی ابو زفر ہے جو ابھی
نمبر ۱۹ کے ماتحت گزرا ہے۔ اور بعید نہیں کہ یہ حاشیہ کے الفاظ
ہوں جو غلط موقع پر رکھ دئے گئے ہیں، یہ ابن حجر کی سنگین غلطی
ہے کہ وہ محمد علی مکی مذکور ہیں ابو طالب مکی مصنف "قوت القلوب"

کو دیکھتا ہے، (دیکھو لسان المیزان ج ۵ - ص ۳۰۰) - حالانکہ یہ شخص سالمی تھا اور اس کی وفات ۳۸۶ھ میں ہوئی، اور ہمارے متن میں ضروری طور پر تیسری صدی کا ایک معتزلہ مراد ہے،

نمبر ۲۹: محمد بن سعید مجھے صرف مصنف ابن المرتضیٰ ص ۵۴ میں ملا ہے اور مثانی (نمبر ۲۸) کے متعلق میں سراسر کچھ نہیں جانتا۔

ص ۸۴: حُمَید بن سعید کے قبیلہ کا نام میرے نزدیک قطعیت کے ساتھ نہیں متعین ہو سکا - لیکن ابو الفرج نے اغانی (ج ۱۷ ص ۲ بعد) میں ایک مقالہ سعید بن حُمَید شاعر کے لئے وقف کیا ہے - وہ کہتا ہے کہ اس کا قبیلہ مرازبۂ فارس کی نسل سے تھا جس کو اپنے نسب پر بڑا فخر تھا[۱]، وہ یہ بھی کہتا ہے کہ حمید معتزلہ تھا - عقائد کی بعض ضروب میں اس نے احمد بن ابی دواد کی مخالفت کی، ابن ابی دواد نے معتصم کے دربار میں اسے زندقہ اور تشعب کا اتہام دیا اور اسے طویل مدت قید میں رہنا پڑا، اس کے برعکس ابن الندیم نے فہرست (ص ۱۲۳ س ۲۷ ت - ل) میں ایک شخص سعید بن حمید بن البختکان نامی سے بحث کی ہے اور اسے متکلم ٹھیرایا ہے - اور کہا ہے کہ اس نے اس کی تصانیف متعلقہ علم الکلام کو مناسب جگہ پر بیان کر دیا ہے، پس یہ محتمل ہے کہ ہم دونوں ناموں - سعید اور حمید - کو ایک دوسرے سے بدل کر حمید بن سعید پڑھ لیں - اور اس کی شخصیت کو اس

---

[۱] طبع بولاق میں وہ سعید بن حمید بن سعید بن بکر (بدل کختیار ہے) یہ غلط ہے اور اسی سے ابن حجر نے حمید بن بکر نام لیا ہے - لسان المیزان ج ۲ - ص ۳۶۲ میں اس کا یہی نام لیا ہے لیکن صحیح حمید بن سعید ہے۔

متکلم میں متعین کردین جو ہماری موجودہ بحث کا موضوع ہے، بالخصوص اس لئے کہ ابھی ص ۲۳ اس ۱۹ پر ایک شخص سعید بن حمید نامی کا ذکر گزرا ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ سعید بن حمید وہی ابن حمید ہے جو ہمارا موضوع بحث ہے۔

س ۸۶ : یہ وہی بوشع بخت ہے جس کے رد میں حمید کی یہاں چوتھی کتاب تصنیف کی گئی ۔

۲۔ اقتباسات لسان المیزان

ابن حجر نے اپنی کتاب لسان المیزان ۔ جو کہ ذہبی کی "میزان الاعتدال فی نقد الرجال" کی جدید صورت ہے۔ کے اس مقالہ میں جو اس نے ابن الندیم کے لئے وقف کیا ہے ہمیں بتایا ہے (ج ۵ ۔ ص ۷۲) کہ اس نے کتاب الفہرست کو پڑھا ہے، کس پختگی سے اس نے پڑھا ہے وہ ان وافر عبارات سے ظاہر ہے جو اوپر شائع شدہ ٹونک والے متن کے پائیں صفحات میں لسان المیزان سے لے کر درج کی گئی ہیں۔ اس باب المعتزلہ کو ابن حجر نے جہاں تک اس کے لئے ممکن ہوا استعمال کیا۔ اور اسی باب سے اُس نے دو تہائی سے زائد اقتباسات لئے چونکہ اس کے سامنے اس کتاب کا ایک کامل نسخہ موجود تھا اس لئے جیسا کہ آگے آئیگا ۔ ہمیں تقریباً بیس عبارتیں ایسی ملتی ہیں جو ہمارے مخطوطوں میں مفقود ہیں، ہاں! اس کے اقتباسات کوئی بہت طویل نہیں کیونکہ کبھی تو وہ متن کو مختصر کر کے پیش کر دیتا ہے ۔ اور کبھی ایک مجمل اشارہ پر ہی اکتفا کر جاتا ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے ۔ کہ بعض عبادات اسے اتفاقاً "ذیل تاریخ بغداد" لابن النجار (م ۶۴۳ھ)

کے واسطے سے مل گئی ہوں[۵] اور فہرست سے بلا واسطہ نہ لی ہوں، لیکن ان سب باتوں کے باوجود اس کے اقتباسات کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ کیونکہ وہ پانچویں مقالہ کے آغاز میں ایک خلل عظیم کی غمازی کرتے ہیں اور یہ بھی بتاتے ہیں کہ وہ خلل کس کس چیز پر مشتمل تھا، اس لئے میں ان اقتباسات کو مطبوعہ صورت میں پیش کرتا ہوں۔ ابن حجر کی ابجدی ترتیب کی بجائے میں نے وقتی ترتیب اختیار کی ہے۔ ہر اقتباس سے پہلے علامت وحدانی ( ) کے اندر کے نمبر طبع حیدر آباد (۱۳۲۹ھ تا ۱۳۳۱ھ) کی جلد اور صفحہ کی طرف اشارہ ہے۔ جہاں کہیں اصل متن میں تغیر کیا ہے متن کی قرأت پائیں صفحہ میں دے دی ہے۔

۱ (۳: ۲۰۳) ضرار بن عمرو القاضی: .... وذکر ابن الندیم فی الفہرست وقال انہ کان یکنی ابا عمرو - و ذکر لہ ثلاثین کتابا نیصا" الردعلی المعتزلۃ والخوارج والروافض" ولکنہ کان معتزلیا لہ مقالات ینفرد بہا۔

۲- (۱: ۶۷) ابراھیم بن سیار بن ھانی النظام : ...... ولہ کتب کثیرۃ فی الاعتزال والفلسفۃ ذکرھا الندیم -

۳- (۶: ۷۱): مُعَمَّر بن عَبّاد السلمی : بالتشدید

---

[۵] یہ قول کم از کم لسان المیزان کی اس عبارت (ج ۳ - ص ۲۹۱ - س ۱) پر صادق آتا ہے۔ جہاں ابن حجر کہتا ہے کہ ابن النجار کتاب الفہرست سے نقل کرتا ہے۔

معتزلی من اہل البصرة، ثم سکن بغداد وناظر النظام مات سنة خمس عشرة ومائتین - ذکرہ ابن الندیم[۱]

۴ (۶: ۱۹۵) - **ہشام بن عمرو[۲] الفوطی** بضم الفاء واسکان الواو، کان من اصحاب ابی الہذیل و ۱۰ کان داعیة الی الاعتزال - ذکرہ ابن الندیم -

۵ (۶: ۸۴): **ثمامة بن اشرس** .... قال الندیم کان المامون اراد ان یستوزرہ فاستعفاہ[۳] -

۶ (۳: ۲۲۹) **عباد بن سلمان[۴] الضمری** (؟) من کبار المعتزلة وبینه وبین عبد اللہ بن سعید بن کلاب مناظرة وکان فی ایام المامون، وہو الذی زعم ان بین اللفظ والمعنی طبیعة مناسبة فرد واعلیه ذالک، وکان اخذ عن ہشام بن عمرو وکان ابو علی الجبائی یصفه بالحذق - قاله ابن الندیم فی الفہرست

۷ (۳: ۳۳۴) **عبد الرحمن بن محمد العسکری** ابو مسعود ذکرہ ابن الندیم فی مصنفی المعتزلة وقال

---

[۱] عمر - [۲] قال فی تاج العروس م ۵: ص ۲۰۰ "وہشام بن عمرو الفوطی احد رؤس المعتزلة ضبطه الندیم فی الفہرست - [۳] روی فی تکملة الفہرست (ط - القاہرة ۱۳۴۸ - ص ۲) "وارادہ علی الوزارة فامتنع وله فی ذالک کلام مشہور فی المامون حتی اعفاہ" - [۴] سلیمان +

انه من اکابرهم، اخذ عن ابی الهذیل واخذ منه جماعة۔

۸ (۵ : ۴۱۲) **محمد بن هارون الورّاق البوعیسی** ...... وقال ابن الندیم فی الفهرست :

کان من نظاری المعتزلة ثم خلط، وعنه اخذ ابن الراوندی۔ ۲۰

۹ (۴ : ۳۵۶) **عمرو بن بحر الجاحظ** ......

وقال ابن الندیم: قال المبرد ما رأیت احرص علی العلم من ثلاثة الجاحظ واسمٰعیل القاضی والفتح بن خاقان وقال ابن الندیم لما حکی قول الجاحظ: لما قرأ المامون کتبی قال هی کتب لا تحتاج الی حضور صاحبها۔ عندی ان الجاحظ حسّن هذا اللفظ تعظیماً لنفسه وتفخیما لتألیفه والا فالمامون لا یقول ذالک۔ وحکی عن میمون بن هارون انه قال قال لی الجاحظ اهدیت کتاب الحیوان لابن الزیات فاعطانی خمسة آلاف دینار واهدیت کتاب البیان والتبیین لابن ابی دُواد فاعطانی خمسة آلاف دینار واهدیت کتاب النخل والزرع لابراهیم الصُولی فاعطانی خمسة آلاف دینار قال فلست احتاج الی شراء ضیعة ولا غیرها، وسرد ابن الندیم کتبه وهی مائة ونیّف وسبعون کتابا فی فنون مختلفة۔ ۲۰

۱۰ (۲ : ۱۱۳) **جعفر بن حرب** ...... وقال ابن الندیم کان زاهداً عفیفا ورعا۔

۱۱ (۲ : ۱۲۱) **جعفر بن مُبشّر** ...... قال الندیم:

كان جُيش ايضاً متكلما ولكنه لم يقارب جعفرا، وكان جعفر متكلما صاحب حديث وله خطابة و بلاغة وزهد و عفة وذكر له تصانيف كثيرة -

۱۲ (۵ : ۲۲۱) **محمد بن عبد اللہ الاسکافی:...**

قال النديم: كان عجيب الشان في العلم والذكاء والصيانة ونبل الهمة والنزاهة، بلغ في مقدار عمره مالم يبلغه احد وكان المعتصم يعظمه جدا، مات سنة اربعين ومائتين وكان ابنه جعفر كاتبا بليغا،

۱۳ (۴ : ۴۰۸) **عيسى بن الهيثم الصوفي يكنى**

ابا موسى ذكره ابن النديم في الفهرست وقال: كان من جلة المعتزلة ثم خلط وعنه اخذ ابن الراوندي مات سنة خمس واربعين ومائتين -

۱۴ (۶ : ۳۲۵) **يوسف بن عبد الله الشحام**

ابو يعقوب البصري شيخ ابي على الجبائي قال ابن النديم: "انتهت اليه رياسة المعتزلة بالبصرة في وقته اخذ عن ابي الهذيل" - وذكر انه كان على ديوان الخراج ايام الواثق وانه كان قد وعظ العلوي صاحب الزنج لما خرج بالبصرة فاراد قتله ثم تركه -

۱۵ (۱ : ۱۶۲) **احمد بن الحسين ابو مجالد الضرير**

...... وقال النديم: كان جده عبداً للمعتضد فاعتقه، وقال ابو بكر ابن الاخشيد كان متكلما فقيها صاحب

حدیث، وابیہ انتقت ریاسۃ المعتزلۃ ببغداد وکان
ورعازاھداً سمی الداعیۃ، وکان یفتی علی مذھب جعفر
بن مُبشر[1] ولہ مع داؤُد بن علی مناظرات (فی) حضرۃ 10
الموفق، منھا فی خبر الواحد فقال داؤد للموفق: اصلح
اللہ الامیر قد اھلک ابومجالد الناس، فقال لہ الموفق:
شھدت لہ بانہ قطعک لان اللہ ھو الذی یھلک وابو
مجالد لا یھلک، فسکت داؤد،

۱۶ (۲: ۸) عبد الرحیم بن محمد بن عثمان ابو
الحسین الخیّاط: ...... قال ابن الندیم فی مصنفی
المعتزلۃ: "کان رئیسا متقدما عالما بالکلام فقیھا صاحب
حدیث واسع الحفظ یتقدم سائر المتکلمین من اھل بغداد
وقال البلخی[2] کان من اھل الدین والورع والعلم بلغ فی العلم
ما جاوز نظراءہ وتقدم کثیراً ممن سلف - ولہ کتب
نا ھیک بھا جودۃ واتقانا وانصافا مع الاخلاق الجمیلۃ
والعلم بالحدیث والفرائض وکان ھوالصدر فی زمانہ"۔
وذکر لہ ابن الندیم کتبا منھا "الرد علی من اثبت خبر الواحد"

۱۷ (۳: ۳۴) عبد اللہ بن محمد بن عبد اللہ
بن مالک الناشی ...... قال ابن الندیم: "یقال
انہ کان ثنویّا فسقط من طبقۃ اصحابہ المتکلمین" قلت

---

[1] بشر۔ [2] سماہ ابن حجر ابا زید البلخی وھو غلط۔

ولا تغتر بقول ابن الندیم فان ھٰذا من کبار المسلمین،

۱۸ (۵: ۲۷۱) **محمد بن عبد الوھاب بن سلام** بن زید بن ابی السکن الجبائیؑ ابو علی ...... وذکر الندیم له سبعین تصنیفا منھا "الرد علی الأشعری فی الروایۃ" وھو من العجائب لان الاشعری کان من تلامذته ثم خالفه وصنف فی الرد علیه فنقض ھو بعض تصانیفه وله الرد علی ابی الحسینؑ الخیاط والصالحی والجاحظ والنظام و البرذعی وغیرھم من المعتزلۃ فیما خالفھم فیه۔

۱۹ (۳: ۳۴۷) **عبد اللہ بن محمد ابو الحسین البغدادی** احد المعتزلۃ من تلامذۃ ابی القاسم الکلبی، قال ابن الندیم فی الفھرست" افادنیه الشیخ المفید" وذکر ان له "کتاب الارشاد لمن طلب الاسترشاد"

۲۰ (۴: ۲۴۸) **علی بن عیسیٰ الرمانی** ......وقد ذکر ابن الندیم فی الفھرست ان مصنفات علی بن عیسیٰ الرمانی التی صنفھا فی التشیع لم یکن یقول بھا و انما صنفھا تقیۃ لاجل انتشار مذھب التشیع فی ذالک الوقت، وذکر له مع السری الرفاء حکایۃ مشھورۃ فی ذالک *

لے فی الاصل فی ZDMG "الحسیبت" وھو غلط کما لا یخفیٰ ۔
ت-ر لے والخیاط * سے والحافظ *

۲۱ (۲ : ۱۶) عبد السلام بن الشیخ ابی علی محمد بن عبد الوهاب لشیخ المعتزلة ابو هاشم الجبائی ۔۔۔۔۔۔ وقال ابن الندیم فی الفهرست "کان بصیراً بالنحو واللغة قرأ علی ابیه وغیره"۔

افادات

اقتباس نمبرا: ضرار بن عمرو جسے ابن الندیم نے معتزلہ میں شمار کیا ہے (اگرچہ اس کی کتاب کا نام اس بات کی تردید کرتا ہے)۔ نے اپنے لئے ایک خاص مذہبی طریقہ معین کر لیا تھا، اس پر کلام کرتے ہوئے اشعری نے اپنے مقالات میں یہی کہا ہے (ص ۲۸۱)، خیاط نے بھی کتاب الانتصار (ص ۱۳۳ - س ۵) میں ابن الراوندی کے اس قول کی تردید کی ہے کہ ضرار معتزلہ تھا، بعض نے اسے مجبرہ میں شمار کیا ہے، (مثلاً خوارزمی نے مفاتیح العلوم ط۔ V. Vloten - ص ۲۶ پر) Le Livre du Triomphe ص ۱۸۵ پر Nyberg کے قول کے مطابق ضرار واصل بن عطاء (۸۰ تا ۱۳۳ھ) کا معاصر تھا، لیکن لسان المیزان کی ایک اور روایت جس کا مصدر ذہبی کی میزان الاعتدال (ج ۱ ص ۴۷۳) ہے اسے متاخر زمانہ کی شخصیت بتاتی ہے۔ اور سعید بن عبد الرحمن قاضی بغداد منصب قضا پر تقریباً ۱۶۱ھ سے ۱۷۸ھ تک فائز رہے، (دیکھو تاریخ بغداد ج ۹ ص ۶۷

بعدازاں، اور اس میں شک نہیں کہ یہ روایت جیسے کہ ہمارے سامنے موجود ہے صحیح نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ ابن حنبل کی ولادت ۱۶۴ھ کے قریب قریب ہوئی۔

اقتباس ۲: نظام کی وفات ۲۲۱ھ اور ۲۲۸ھ کے درمیان کہیں واقع ہوئی، (دیکھو انسائیکلو پیڈیا آف اسلام میں Nyberg کا مقالہ، اور مفاتیح العلوم طبع V. Vloten) اس کے ترجمہ سے ایک اور اقتباس لیدن کے ناقص نسخہ میں موجود ہے۔ (دیکھو WZKM ج ۴ ص ۲۲۰ بعد۔ تکملہ کتاب الفہرست طبع القاہرہ ۱۳۴۸ھ ص ۲)

اقتباس ۳: مُعَمَّر بن عباد (م۔ ۲۱۵ھ) کا خیاط اور اشعری کئی بار ذکر کرتے ہیں۔

نمبر ۴: فوطی[1] ابو الھذیل کا معاصر تھا۔

نمبر ۵: ثمامۃ بن الاشرس ۲۱۳ھ میں فوت ہوا۔ (دیکھو فہارس الاشعری اور "مختلف الحدیث" لابن قتیبہ۔ ص ۶۰ اور اسی کی "عیون الاخبار" کی فہارس، "کتاب البیان والتبیین" للجاحظ۔ [ط۔ قاہرہ ۱۳۱۱ھ] ج ۱ ص ۵۴۔ س ۱۳۔ ۱ ورج ۱۔ ص ۷۴۔ س ۲۶) اس موقع پر پہلی بار اب ہم اس قابل ہوئے ہیں کہ ابن حجر کے قول کا لیدن کے مخطوطہ کے متن سے مقابلہ کریں (دیکھو WZKM ج ۴۔

---

[1] - سمعانی نے فَوَطی (بفتح الواو) بدل فُوْطی (بسکون الواو) منضبط کیا ہے، دونو الفاظ کے معنے ہیں " فوط فروش "۔ فوطہ ایک کپڑا ہے جو تہ بند کا کام دیتا ہے اور ہندوستان سے آتا ہے (دیکھو لغات) اور اس لفظ کو ایرانی اور ترک بھی استعمال کرتے ہیں۔

ص ۲۲۱ - **تکملہ کتاب الفہرست** ص - ۲) کیونکہ **لیدن** کے نسخہ کی عبارت ابن حجر کی اس عبارت سے زیادہ طویل ہے، جیسا کہ یہ بات اس عبارت سے "کہ اس نے اپنے آپ کو وزارت کے لئے پیش نہ کیا" سے ظاہر ہے جو ہمارے سامنے ہے، (دیکھو سابق میں مطبوع متن پر بائیں صفحہ میں حاشیہ)۔ اس سے یہ ثابت ہوا کہ ابن حجر ہمارے سامنے متن کو مختصر صورت میں پیش کرتا ہے۔ آیا یہ عبارت اسے اپنے فہرست کے مخطوط میں اسی طرح ملی یا اس نے اصل عبارت کو خود مختصر کیا؟ یہ معلوم کرنے کا کوئی ذریعہ ہمارے پاس نہیں[۵۱]۔

نمبر۶: عباد بن سلمان (اکثر مخطوطات میں سلمان" کی بجائے سلیمان ہے، لیکن مقدم الذکر قابل ترجیح ہے کہ "سلیمان" کی نسبت اس میں زیادہ غرابت ہے) فوطی کے تلامذہ میں سے تھا۔ ابن الکلاب کے ساتھ اس کی مناقشات کا تذکرہ فہرست (ص ۱۸۰ س ۱۰ تا ۱۰۔ ل) میں بھی ہے۔ اس کے عقائد کے لئے دیکھو مقالات الاشعری اور کتاب الانتصار للخیاط،

نمبر۷: ابو مسعود العسکری: ابن المرتضی (ص ۳۳) نے اس کے متکلم اور محدث ہونے کا مختصر ذکر کیا ہے۔

نمبر۸ - ابو عیسی الوراق کی وفات ۲۴۷ھ میں ہوئی۔ (دیکھو Ritter کا مقالہ "Islam" میں ۔ ج ۱۸ - ص ۳۵ ابا)

---

[۵۱] میں علی سبیل الاعتراض کہتا ہوں کہ مخطوط لیدن کا نقل ۔ ZKM ۳۶ - ج ۲ - ص ۲۲۱ - س ۲) تاریخ بغداد (ج ۷ - ص ۱۲۸ - س ۲) کی مدد سے پر کیا جا سکتا ہے۔

کا ذکر فہرست میں ایک اور دفعہ ان لوگوں میں آیا ہے جو بظاہر اسلام کے مدعی تھے لیکن بہ باطن زندیق تھے۔

نمبر ۹: جاحظ کی وفات ۲۵۶ھ میں ہوئی۔ جاحظ کے ابن الزیات کی طرف مرسلہ سے ایک اقتباس لیدن کے نسخہ میں موجود ہے (دیکھو WZKM ج ۴- ص ۲۲۲- تکملہ کتاب الفہرست ط- القاہرۃ- ص ۳، مبرد کا کتب ثلاثہ کے بارے میں جو قول ہے اس کی نظیر کتاب الفہرست (ص ۱۱۶ س ۲۷ ف-ل) پر موجود ہے۔

نمبر ۱۰: جعفر بن حرب ۱۷۷ سے ۲۲۶ تک زندہ رہا (دیکھو Ritter کا مقالہ" Islam میں- ج ۱- ص ۳۵ - اور تاریخ بغداد ج ۷ ص- ۱۶۲) کتاب الفہرست (ص ۲۶ س ۲۰ ف- ل) پر اس کی ایک کتاب "متشابہ القرآن" کا ذکر ہے۔ اور ص ۱۸۲- س ۱۶ پر ایک اور کتاب "المسائل التی جرت بین یحیی بن کامل و بین جعفر بن حرب" مذکور ہے۔

نمبر ۱۱: جعفر بن مبشر کی وفات ۲۳۴ھ میں ہوئی۔ (دیکھو فہارس الاشعری) اس کی ایک "کتاب الناسخ والمنسوخ" کا ذکر فہرست (ص ۳۷- س ۲۶ ف-ل) پر ہے۔ اس کے بھائی حبیش متوفی ۲۸۸ھ کے لئے دیکھو تاریخ بغداد ج ۸ - ص ۲۷۲، اور تہذیب التہذیب ج ۲ ص ۱۹۵-

نمبر ۱۲: اسکافی کی وفات ۲۴۰ھ میں ہوئی۔ دیکھو تاریخ بغداد - ج ۵- ص ۴۱۶) خیاط اور اشعری اس کا کئی بار ذکر کرتے ہیں

نمبر ۱۳: اسی طرح اشعری عیسی بن الہیثم کی طرف کئی بار اشارہ

کرتا ہے،

نمبر۱۴: شحّام کے لئے دیکھو فہارس الاشعری، اس کا سنہ وفات نامعلوم ہے، تاہم ابن الندیم کی روایت سے اتنا پتہ چلتا ہے کہ اس کی وفات ۲۵۰ھ کے بعد ہوئی۔ یہ وہی سال ہے جس میں عبید الزنج نے بصرہ کو تہ و بالا کر دیا تھا۔

نمبر۱۵: ابو مجالد کی وفات ۲۶۸ھ میں ہوئی (دیکھو تاریخ بغداد ج ۴ ص ۹۵) لیدن کے نسخہ میں بھی اس کا نام ملتا ہے (WZKM ج ۴ ص ۲۲۵ - تکملۂ کتاب الفہرست ص ۴ - س ۶) اور وہاں یہ بھی بتایا ہے کہ ابو علی جُبائی اس کی مجالس میں حاضر ہوا کرتا تھا) "خبر الواحد" کا مسئلہ جس میں ابو داؤد ظاہری اور ابو مجالد کی مناقشت رہی اس کا ذکر ابو داؤد نے اپنی ایک تصنیف میں کیا ہے۔ کذا فی الفہرست ص ۲۱۷ - س ۱۳ ت - ل۔

نمبر۱۶: خیّاط (تیسری صدی کے اواخر میں فوت ہوا) کے لئے دیکھو کتاب الانتصار کے پہلے Nyberg کا مقدمہ، وایضاً سابق میں مطبوع متن ٹونک پر میرا افادہ برسطرا۔ بیعد

نمبر۱۷: الناشی المصری (م - ۲۹۳ھ) دیکھو تاریخ بغداد ج ۱۰ - ص ۹۲ اور ابن خلکان نمبر ۳۵۲، حسن المحاضرہ للسیوطی ج ۱ - ص ۲۵۶، Houtsma کا مقالہ WZKM میں ج ۴ - ص ۲ (کے تین ابیات لیدن کے نسخہ میں نقل کئے گئے ہیں - WZKM ج ۴ ص ۲۲۴ - تکملہ کتاب الفہرست ص ۵)، صاحب الفہرست کے قول پر - ص ۱۶۷ - س ۲۰ ت - ل "زُهمة الله" کی بجائے "عبد الله"

صحیح ہے)۔ ناشی مذکور کے اشعار ایک پچاس ورق کا دیوان تھا، ابن الندیم نے ص ۲۳۸ ف۔ل پر کہا ہے کہ وہ درپردہ زندیق تھا، اس کی تردید ابن حجر نے اس اقتباس میں شدت سے کی ہے، لوگ اسے مضطرب الذہن شخص خیال کرتے تھے (ملاحظہ ہو فہرست ص ۱۴۲ س ۱۹ ف۔ل جہاں واسطی نے اس کی ہجو کی ہے) اس کی نقد پسند طبیعت نے تمام مروجہ علوم۔منطق۔عروض۔شعر۔پر شدت سے حملے کئے، خلیل کے عروض کے نظام پر سخت تنقید کی، علم طب پر اس کی شدت تنقید نے رازی کو اس کے نقض پر برانگیختہ کر دیا۔(دیکھو فہرست ص ۲۹۹۔س ۲۸ ف۔ل) اسی طرح وہ داؤد ظاہری کے مقابلہ کے لئے طیار ہؤا لیکن ابن داؤد نے اس کا رد لکھ دیا (دیکھو فہرست ص ۲۱۷۔س ۲۷۔ف۔ل) اس نے تمام علوم پر اپنی آراء کو ایک نونیہ قصیدہ میں جمع کر دیا ہے۔یہ ایک درسی قسم کا قصیدہ ہے۔جس میں چار ہزار اشعار ہیں، اس درسی شعر کے دو نمونے ابن رشیق نے عمدہ (ط۔قاہرہ ۱۳۴۴ھ ج ۲۔ص ۱۹۱ اور ص ۹۲ بعد) میں پیش کئے ہیں۔

نمبر ۱۸: ابو علی الجبائی (۲۳۵ھ تا ۳۰۳ھ) اشعری کا مشہور و معروف استاد ہے لیڈن کے نسخہ میں (دیکھو ZDMG ۴۷ ص ۲۲۴ بعد۔تکملہ کتاب الفہرست ص ۲) اس کے ترجمہ سے ایک اقتباس ہمارے لئے محفوظ ہے، لیکن اس میں اس کی تصانیف کا قطعاً ذکر نہیں، تاہم ان میں سے بعض ہمیں ابن حجر کے واسطے سے معلوم ہوئی ہیں، اور وہ "رد" جسے ابن حجر نے ذکر کیا ہے اس سے

مراد کوئی ایک معین کتاب نہیں بلکہ ایک سلسلہ کتب ہے - جو خیاط - صالحی - جاحظ - نظام اور برذعی وغیرہ معتزلہ کے رد میں لکھا گیا (دیکھو ابن المرتضیٰ ص ۴۰)

نمبر ۱۹ : میں نے ابو الحسین البغدادی کو اس کتاب کے سوا اور کہیں نہیں پایا، ٹونک کے نسخہ میں بھی کعبی کے تلامذہ میں اس کا کہیں ذکر نہیں، الشیخ المفید سے مراد ابن المعلم ہے (۳۳۶ھ تا ۴۱۳ھ دیکھو تاریخ بغداد ج ۳ ص ۲۳۱، طوسی ص ۳۱۴، میزان الاعتدال ج ۳ ص ۱۲۹ و ۱۳۱، اور لسان المیزان ج ۶ ص ۳۶۸) یہ ابن الندیم کا معاصر اور عمر میں اس سے چھوٹا تھا، ابن الندیم اسے ذاتی طور پر جانتا تھا، (دیکھو فہرست ص ۱۷۸ س ۶ ف ـ ل، اور ص ۱۹۷ س ۲۶ ف ـ ل اور س ۳ سابق ہیں)

نمبر ۲۰ : رُمّانی ۲۹۶ھ سے ۳۸۴ھ تک زندہ رہا - (تاریخ بغداد ـ ج ۱۲ ص ۱۶، نزھۃ الالبا لابن الانباری ص ۳۵۹ یبعد، ارشاد الاریب ج ۵ - ص ۲۸۰ - ۲۸۳، ابن خلکان نمبر ۴۴۶، میزان الاعتدال ج ۲ ص ۲۳۵، بغیۃ الوعاۃ للسیوطی ص ۳۴۴) ابن الندیم نے پہلے اس کا ذکر نحات میں کیا ہے، (ص ۶۳ ف ـ ل) پھر مختصراً معتزلہ میں (ص ۱۷۳ س ۱۵ تا ۱۹ [یہ عبارت "من غیر خطہ : ھو الرمانی" لازمی طور پر حاشیہ کے الفاظ تصور ہونے چاہئیں]) مخطوطہ "س" میں اس جگہ پر خلل واقع ہوا ہے - لیکن ہم اسے اس اقتباس کی مدد سے جو لسان المیزان میں موجود ہے ایک حد تک پُر کر سکتے ہیں، اور یہ حکایت کہ کیسے رمانی نے

سری رفاء کو (م- ۳۶۶ھ- دیکھو فہرست ص ۱۲۹ ف-ل-
تاریخ بغداد ج ۹ ص ۱۹۴، یتیمۃ الدھر للثعالبی ج ۱- ص ۴۵۶-
بعد، اور ارشاد الادیب ج ۴- ص ۲۲۲- وغیرہ وغیرہ) جو کہ
شیعہ تھا اعتزال کی دعوت دی... ابن حجر نے نہیں روایت کی اگرچہ
اس نے کتاب الفہرست کے اپنے نسخہ پڑھی ضرور تھی، لیکن یہ لیدن
کے نسخہ میں ہمارے لئے محفوظ ہے (W Z K M ج ۴ ص ۲۲۵ تکملہ
کتاب الفہرست ط- القاہرہ- ص ۶)" اس روایت سے یہ بھی ثابت
ہوتا ہے کہ جو تشیع کے عقائد اہل السمرمانی کی طرف منسوب کرتے ہیں وہ
شیعہ کے نزدیک محض افتراء ہے، رہا تقیۃ تو وہ شیعہ کے ساتھ
مخصوص نہیں،

نمبر ۲۱: ابو ھاشم الجبائی ۲۷۷ سے ۳۲۱ھ تک زندہ رہا۔
(تاریخ بغداد ج ۱۱- ص ۵۵، الانساب للسمعانی (ص ۱۲۱- الف -)
اور میزان الاعتدال ج ۲- ص ۱۳۱) یہ اقتباس بھی مخطوطہ "س" میں
مفقود ہے (= ص ۲۷۴ ف-ل)"

آخر کے تین اقتباسات (۱۹ و ۲۰ و ۲۱) جو ہمارے کسی بھی مخطوطہ میں
نہیں پائے جاتے۔ (اگرچہ وہ اجزاء جن کے ساتھ ان اقتباسات کا تعلق ہے موجود
ہیں) ایک دفعہ پھر اس بات کی ناقابل تردید شہادت دیتے ہیں کہ کتاب
الفہرست کی ایک دوسرے سے منفرد روایات میں صد درجہ تزاحم اور اختلاف
پایا جاتا ہے، رہا یہ سوال کہ فلوگل کے مطبوعہ نسخہ میں نسق اور التئام کہاں
سے پیدا ہوا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ نسخہ دراصل ایک ہی نسخہ پر

مبنی ہے۔ جس کی طرف مختلف اور بعید طریق روایت سے فلوگل کے نسخہ
کی سند آخر کار جا کر پہنچتی ہے۔ ان حالات کے پیش نظر لیدن کا نسخہ
بھی ہمارے سامنے نئی روشنی میں آتا ہے، جیسا کہ مشہور ہے ــ
(Houtsma) کی رائے یہ ہے کہ یہ نسخہ کتاب الفہرست کو اس
کی ابتدائی صورت میں ہمارے سامنے پیش کرتا ہے اور فلوگل کا مطبوعہ
نسخہ اس کی منقح اور مصحح شکل ہے، لیکن آج یہ قول ناقابل قبول ہے۔
اور کیوں ہو؟ ہم اس نسخہ میں ایسی وافر عبارات پاتے ہیں جو خاص
اس حصہ کو جس کا تعلق سیر اور معرفت کتب سے ہے خارج کر کے حکایات
کو اس پر ترجیح دیتی ہیں، اور جہاں کہیں بھی ہمارے لئے یہ ممکن
ہؤا کہ ہم اس نسخہ کے متن کا اپنے مخطوطات اور فہرست کے
اقتباسات سے مقابلہ کریں وہیں لیدن کے نسخہ کا متن باقی سب
متون سے اکمل اور اتم نکلا، اور پھر جب ہم اس نسخہ (جو کہ دوسری
کتابوں سے اقتباسات کے ساتھ اس طرح خلط ملط ہؤا ہؤا ہے۔
کہ ایسی کوئی علامت نہیں جس سے ہم یہ معلوم کر سکیں کہ یہ عبارات
دراصل اقتباسات ہیں اور نفس کتاب میں سے نہیں) کے اسلوب پر نظر
ڈالتے ہیں تو اس میں کتاب الفہرست کی ابتدائی صورت کو تلاش کرنا ایک
امر محال ہو جاتا ہے۔ بلکہ اس کے برعکس یہ رائے زیادہ صائب اور سدید
معلوم ہوتی ہے۔ کہ لیدن کے نسخہ میں باقی تمام مخطوطات سے زیادہ
کامل کتاب الفہرست کی روایت موجود ہے ؎

تنقید و تبصرہ

دستور الفصاحت | فارسی زبان میں یہ ایک قابل قدر تصنیف ہے جس کے مصنف سید احمد علی یکتا لکھنوی غازی الدین حیدر اور نصیر الدین حیدر کے زمانے میں گزرے ہیں۔ کتاب کے تین حصے ہیں، پہلے حصے میں اُردو زبان کی پیدائش، ترقی اور حلقۂ اثر سے بحث کی گئی ہے۔ دوسرے حصے میں اُردو کی صرف و نحو، معانی، بیان بدیع اور عروض کے قواعد و ضوابط بیان ہوئے ہیں اور آخر میں ۲۵ ایسے شاعروں کا ذکر کیا گیا ہے جن کے شعر کتاب کے اندر سند میں پیش کئے گئے ہیں[1]۔

سید امتیاز علی صاحب عرشی رامپوری نے کتاب کے پہلے اور آخری حصے کو نہایت جانفشانی کے ساتھ مرتب کر کے شائع کیا ہے۔ متن کی تصحیح کی ہے اور ۱۷۱ صفحے کا ایک جامع مقدمہ لکھا ہے جس میں مصنف، موضوعِ کتاب اور بالخصوص اردو شعراء کے تذکروں کے بارے میں نہایت مفید معلومات بہم پہنچائی ہیں، ان تذکروں میں بہت سے ایسے ہیں جو قلمی ہیں اور ابھی تک شائع نہیں ہوئے۔ "کتاب کا مقدمہ اُردو زبان کی تاریخ پر مفید روشنی ڈالتا ہے اور خاتمے کے مباحث شعراء کے بارے میں متعدد دلچسپ اور اہم بیانوں اور نکتوں پر مشتمل ہیں"[2]۔ فاضل مرتب نے اپنے فاضلانہ حواشی سے کتاب کو ایک معدنِ معلومات بنا دیا ہے۔ ایک نہایت عمدہ کام جو انہوں نے کیا ہے وہ یہ ہے کہ ہر شاعر کے متعلق اپنے حاشیوں میں یہ بتایا ہے کہ اور کونسی کتابوں میں اس کا ذکر ملتا ہے۔ فلہذا کتاب اُردو شاعری کے مؤرخ کے لئے مآخذ کا سرچشمہ بنا دی گئی ہے۔

دستور الفصاحت سلسلۂ مطبوعات کتابخانۂ رامپور کی چوتھی کڑی ہے۔ پہلی تین کتابیں بھی ہمارے مکرم سید امتیاز علی عرشی کے اعتناء سے طبع ہوئیں۔ سید صاحب ہندوستان میں چند گنتی کے کام کرنے والے لوگوں میں سے ہیں، کثّر اللہ فینا أمثالہ!

کتاب ٹائپ کے حروف میں نہایت دیدہ زیب چھپی ہے۔ باوجود ان تمام خوبیوں کے قیمت صرف دو[2] روپے ہے۔

---

[1] مقدمہ مصحح، ص ۳، [2] ایضاً،

لاہور قدیم

(گذشتہ سے پیوستہ)

اب لکھا جاتا ہے بیان آبادی عہد مہاراجہ رنجیت سنگھ

جس زمانہ میں مہاراجہ رنجیت سنگھ نے لاہور لیا گرد و جوار لاہور کے ٹوٹے پھوٹے ہوئے مکان اور کھنڈرین رہ گئی تھیں - اندر شہر کا حال بھی بہت خراب تھا تھوڑے برسوں پرانے مکانات جو کہ برائے نام تھے نشان رہا اور بطرز جدید آبادی ظہور میں آئی - میدان انارکلی میں چھاؤنی فوج جنرل ونتورا صاحب ولارن صاحب وتوپ خانہ ہائے الٰہی بخش وغیرہ معمور ہوئے اور موضع دارالضلع میں چھاؤنی شہزادہ کھڑک سنگھ اور سامنے اس کے مشرق کی طرف میں جہانتک اب کالج اور گرجا گھر ہے چھاؤنی امیر چند کمان افسر چند توپ اور میدان میانمیر میں چھاؤنی فوج ماتحت جمعدار خوشحال سنگھ و سردار تیجا سنگھ وغیرہ تھی' یہ بڑی بھاری چھاؤنی تھی - جس میں تخمیناً پچیس ہزار سوار و پیادہ رہا کرتا تھا - جس جگہ پر بالفعل بنگلہ آسائش گاہ جناب مستطاب لفٹنٹ گورنر بہادر پنجاب ہے جمعدار خوشحال سنگھ رہا کرتا تھا - یہ گھر پہلے ایک مقبرہ عظیم الشان کسی امیر متوسل چغتائیاں کا تھا - جمعدار نے اس کی ترمیم بوضع خاطر خواہ کرا کر اپنا آرامگاہ بنایا اور ارد گرد میں اس کے باغ عالی شان جس میں نایاب پھل پھول پیدا ہوتا تھا - اب اگرچہ اور وضع کے معمور و آراستہ ہے - مگر اس سے زیادہ تر بہتر ہے قریب و جوار میں اس کے کمان افسران ماتحت کے بنگلے

تھے اور ہر ایک نے بحسب حیثیت آراستگی کی ہوئی تھی ساور موضع باغبانپورہ کے مغربی طرف میں نزدیک لاہور تک چھاؤنی مصر رام کشن اور جنرل گلاب سنگھ پوہوونڈیہ اور جنرل اویتویلہ اور جنرل کورٹ صاحب کی تھی۔ اور جہاں اب کوڑھی خانہ ہے فوج سوار ماتحت سردار لہنا سنگھ مجیٹھیہ کی رہا کرتی تھی۔ یہ چھاؤنی بہت تھوڑی جگہ پر تھی۔ مگر رونق بہت تھی۔ ہنوز علامت اس کی ایک احاطہ پختہ موجود ہے۔ جس میں کوڑھی رہا کرتے ہیں۔ نولکھہ میں جو کہ بیرون دہلی دروازہ وزکی کے قریب شہید (گنج ؟) کے ایک قطعہ زمین کا نام ہے لہنا سنگھ رہا کرتا تھا۔ نولکھا باغ علی مرادان خان امیر شاہجہان کا تھا۔ جس کوٹھی کا نام کوٹھی سردار لہنا سنگھ زبان زد انام ہے۔ بارہ دری باغ مذکور کی تھی۔ لہنا سنگھ نے اس کو بطرز آخر آباد کیا۔ کما سنذکر ان شاء اللہ تعالیٰ[1] ایک چھاؤنی اندر دروازہ زکی اور ایک اندر دروازہ خضری اور ایک اندر ٹکسالی کے تھی۔ اور گرداگرد قلعہ شاہی اندر باہر شہر کے چند توپ خانے اور ایک زنبور خانہ رہا کرتا تھا۔ اور قواعد سب جگہ فرانسیسی ہوتی تھی۔ ورائے اس کے امراء ریاست نے بہت باغ اور کوٹھیاں عالی شان تعمیر کرائیں اور فقراء نے بہت مقبروں اور مزاروں کی رونق کو تازہ کیا۔ اور جابجا مکانات سکنی بطور تکیہ آراستہ اور معمور کرائے عوام کے مکانات کی تو کچھ گنتی نہ تھی۔ مگر جو بڑے بڑے آدمیوں نے باغ بنوائے یا بحکم سرکار پرانے باغوں کو آراستہ کیا وقت خاتمہ ریاست سکھاں ایک سو ستائیس گنتی میں آئے۔ ایک باغ شالامار اس تعداد سے مستثنےٰ ہے ماورا اس کے ہر ایک باغ نیا یا پرانا معمورہ یا آراستہ عہد مہاراجہ صاحب و پس ماندگان مہاراجہ صاحب باستثنا ان باغوں کے جو کہ اراستہ

---

[1] انہیں سے بعض کا ذکر ظفرنامۂ رنجیت سنگھ ص ۱۷۲ بعد پر دیکھیں ۔

ہو کر پھر ویران ہو گئے - اگر ہر ایک باغ کی کیفیت اور ماہیت لکھوں تو خوف تطویل کلام ہے۔ اس لیئے ان میں سے جو قابل تعریف اور بڑے شوق و ذوق سے تیار ہوئے لکھے جاتے ہیں +

باغ جمعدار بیرون دروازہ مستی بڑا عالی شان باغ ہے جس میں اکثر طرح کا پھل ہوتا ہے۔ شیر سنگھ کے وقت میں سکھوں نے ازراہ تمردی اس کو ویران کر دیا تھا - مگر جمعدار نے پھر وبسا بنا لیا - جمعدار اور دونوں اس کے بیٹے یہاں ہی سسکارے گئے تھے اور راجہ تیجا سنگھ کی بھی اسی جگہ پر سمادھ ہوئی - آمدنی اس کی سال تمام تخمیناً ایک ہزار روپیہ اور رقبہ اس کا کچھ زیادہ تیس بیگھہ سے اس باغ کا ایک حصہ راجہ تیجا سنگھ نے بحالت صغر سنی سردار بھگوان سنگھ اپنے ولی عہد ہرنس سنگھ کو دے دیا تھا - اس واسطے وہ قطعہ الگ ہو گیا سڑک ریلوے پشاور اس باغ کی زمین کے بیچ میں سے ہو کر گئی ہے اور قرب وجوار میں اس باغ کے زمینداروں اور رانیوں کے کوٹھے اور رعایا کے چھوٹے چھوٹے باغیچے ہیں - اور کچھ فاصلہ پر اس سے :-

باغ منگلاں کنیز رانی جنداں والدہ مہاراجہ دلیپ سنگھ تھا - اب وہ قطعہ چند لوگوں میں منقسم ہے - اس کے مشرق و شمال میں +

باغ جگت سنگھ اٹاری والہ یہ باغ اگرچہ تھوڑے قطعہ پر ہے۔ لیکن اس وقت میں اس کے بہت چرچے تھے - گرداگرد اس کے دیوار پختہ اور وفور اشجار سے روز روشن میں رات نظر آتی ہے - اب اگرچہ ویران نہیں مگر وبسا نہیں رہا سردار کاہن سنگھ نبیرہ سردار جگت سنگھ برائے نام اس کا مالک ہے

اس کو اس کی رہائش کا کچھ شوق نہیں۔ پاس اس کے باغ سردار نا ہر سنگھ اٹاری والے کا ہے۔ یہ بھی برائے نام ہے ورنہ ویران پڑا ہے پاس اس کے مغربی طرف میں

باغ راجہ سوچیت سنگھ یہ باغ بھی کبھی جنت نظیر ہو چکا ہے۔ راجہ سوچیت سنگھ اسی جگہ پر سکارا گیا تھا سمادھ اس کی بنی ہوئی ہے اب یہ باغ بقبضہ مہاراجہ جموں برادر زادۂ راجہ سوچیت سنگھ ہے۔ اس لئے یہاں کی آرائش اور رونق بنی رہی عرض و طول اس کا بھی باغ جمعدار سے کمتر ہے۔ اس باغ کے مغربی طرف میں

باغ سرکاری تھا۔ اس میں سوائے ایک کوٹھ یا [رہ] دری کے کوئی عمارت نہ تھی۔ مگر سب باغوں میں زیادہ سرسبز اور تر و تازہ اور وضعدار تھا۔ درخت کم تھے موسم ربیع میں گلزار کی بہار ہوتی تھی۔ اور ایام ہولی میں یہاں بڑا بھاری میلا ہؤا کرتا تھا۔ پاس اس کے شمال کی طرف میں باغ چھوٹے رام کا تھا۔ جس میں درخت بادام بہت افراط سے تھے۔ اگرچہ یہ باغ ضبط ہوکر ساتھ سرکاری باغ کے ملا لیا گیا تھا۔ لیکن اوسی کے نام پر مشہور رہا۔ اس عمل میں ان دونوں قطعوں پر جوکہ زیادہ ڈیڑھ سو بیگہ سے تھے۔ آرائش نہج جدید کرکے کمپنی باغ بنایا گیا تھا۔ اور علاوہ ان کے بہت قطعات زمین گرد وجوار سے ساتھ اس کے ملائے گئے تھے۔ اور چند سال تک بہت آرائش اور افزائش رہی تھی۔ مگر کسی باعث سے بعد چند سال نیلام کیا گیا۔ اب وہاں زراعت ہوتی ہے۔ پاس اس کے بر لب نالہ راوی بمقابلہ شاہدرہ مہنتوں کی آبادی تھی۔ انہوں نے چھوٹے سے قطعہ پر

ایک باغ اور تھا کردوارہ بنایا ہوا تھا۔ کہ ہنوز قائم ہے" سرکاری باغ سے تخمیناً آدھ میل پرشرق و شمال میں براہ شاہ بلاول :۔

نازنینی بساط معبود است ۔۔۔ خوش نشینی مقام محمود است

چون فزاید قیام شب میلش ۔۔۔ طرف دامن کشد قُمِ الّیلش

قد چو در فاستقم علم میکرد ۔۔۔ قدم از بار او درم میکرد

اسی نعت میں خلفائے راشدین کی بھی تعریف کی گئی ہے۔ اور یہ نعت ۸۶ اشعار میں ختم ہوئی ہے۔ اس کے بعد حضرت شیخ محی الدّین عبدالقادر جیلانی کی تعریف میں فدآ نے ۵۳ شعر نظم کئے ہیں۔ جن میں سے چند اشعار درج ذیل ہیں :-

صورت و معنی نبی و ولی ۔۔۔ آشکار و نہان خفی و جلی (ورق ۱۰)

وارث و نائبِ رسولِ امین ۔۔۔ حافظ و ناصر و زمان و زمین

منبر از روی او چو مشرق ماہ ۔۔۔ ہست بر نقش سجدہ نام اللہ

اس مدح کے بعد ۴۲ اشعار کی ایک مناجات شیخ عبدالقادر جیلانی کے حضور میں لکھی گئی ہے۔ اور اس کے بعد بابا فرید شکر گنج کی مدح میں ۹۰ شعر نظم ہوئے ہیں۔

ان ابتدائی نظموں کے بعد شاعر نے قصّے کی وجہ تصنیف بیان کی ہے۔ جو اس کی زبان سے ہی سُنئے :-

من و یاری نشستہ ہمزانو ۔۔۔ چون دو آینہ از صفا یکرو (ورق ۱۷)

چون دو دریا ز بیخودی در جوش ۔۔۔ چون دو ساحل بیکدگر آغوش

از صفای دل خدا آگاہ ۔۔۔ چون دو دیدہ بہم زدہ خرگاہ

چون کمان حلقہ دست در زانو ۔۔۔ سر چو ابرو نہادہ بر زانو

جمع چون غنچہ با لب خاموش ۔۔۔ دل بہ تنگی گرفتہ در آغوش

سر بضبط نفس فرو کردہ ۔۔۔ قطرہ را بحر در سبو کردہ

چون بدریای دل شنا کردیم | سر چو طوفان زخود برآوردیم
آفتابِ رخش بجلوه گری | پیش او من ستارهٔ سحری
چون دماغ سحر رسائی کرد | معنی و لفظ آشنائی کرد
روی گرمش در انجمن تابید | شد سهیلی و بر یمن تابید
تنگ شکّر شد و تبسّم کرد | درج گوهر شد و تکلّم کرد
زد سر انگشت بر لبم چو هلال | مطلعی در بدیهه کرد سوال
یک بیتی بلند شد موزون | در همین بحر چون دُرِ مکنون
چون دو ابرو بلند و برجسته | هر دو مصرع بربط پیوسته
دو سه بار از زبان گوهربار | ریخت قندی مکرّر از تکرار
سر موی در آن ترازو یافت | راه ایمای چشم و ابرو یافت
جای استاد دید چون خالی | کرد دخلی بجا درو حالی
زان تراش و خراش آن گوهر | آب دیگر گرفت و رنگ دگر
کرد اصلاح و یادگار گذاشت | خال بر روی آن نگار گذاشت
غنچه اش در شگفتن انجمین | در خطاب از حدیقه شد گلچین
وادی رمزها بریدم من | چو نخودی چو تو ندیدیم من
کم بود کم بیک دگر مانند | عشق را چون من و چو تو فرزند
قلمت را بگوهر افشانی | گردش چشم ابر نیسانی
شور نظمت بشکر افتاده | عسل از شان کمر افتاده

. . . .

. . . .

مدّتی شد کہ ہچو نافهٔ مشک | گشته کام تو از خموشی خشک

چون صدف خند بالب خاموش | تو کہ دریای گوہری می جوش
دست درکار و دل بیار نشین | درمیان باش و بہ کنار نشین
کردہ ام از فسانہ گوی گوش | قصۂ میرزا و صاحبہ کوشش
داستانی چنین نگفتہ چراست | گوہراین چنین نسفتہ چراست
روزگارت دہد اگر فرصت | از تو گفتن بود ز من رخصت
سرنہ پیچیدش از رضای دلش | از برای چہ از برای دلش

وجہ تصنیف کے بعد مصنف نے حکایت کا ایک مجمل ساخاکہ چند اشعار میں پیش کیا ہے۔ اور اس کے بعد قصّے کا آغاز جھنگ سیال کی تعریف سے ہوتا ہے۔ ہر ایک مضمون کا الگ عنوان قائم کیا گیا ہے۔ اور ساقی نامے کے اشعار کے بغیر قصہ مسلسل بیان کیا گیا ہے۔ قصّے کے اختتام پر مصنف نے خاتمہ کتاب کے سلسلے میں کچھ شعر لکھے ہیں۔ اور پھر ۴۸ اشعار لاہور کی تعریف میں لکھتے ہیں۔

افسانہ

فدؔا کا بیان کیا ہوا قصہ عام پنجابی قصّوں اور تسکینؔ کی روایت سے کچھ ہی مختلف ہے۔ یہ قصہ جھنگ کی تعریف کے بعد صاحبہ کی پیدائش سے شروع ہوتا ہے صاحبہ کی طفولیت کی تفصیل بیان کرنے کے بعد شاعر اُس مکتب کی تعریف کرتا ہے جس میں صاحبہ کو تعلیم حاصل کرنے کیلئے بھیجا جاتا ہے۔

مکتبی بود مجمعِ خوبان | محفل ناز عالم آشوبان (ورق ۲۳)
نسخۂ زلف جزو ابتر او | خال و خط مشق تختہ در او
مکتبی نی خیال فانوسی | نی پری خانہ چتر طاؤسی
مکتبی چون مرقعِ تصویر | کلک نیرنگ مانوی تحریر
چیدہ ہر سو طبیعت موزون | بر بساطِ سخن دُرِ مکنون

شوخ طفلان سادۂ پرکار　　چون صنم خانہ صورت دیوار

صاحبہ اس مکتب میں داخل ہوتی ہے۔ اور کچھ دیر کے بعد میرزا اپنے وطن رادی سے اپنی گھوڑی پر سوار ہوکر اپنے ننھیال جھنگ سیال آتا ہے ننھیال پہنچ کر چند دنوں کے بعد اُسکا دل اُداس ہوجاتا ہے۔ اسی اداسی کی کرشمہ کاری سے میرزا کی پہلی دفعہ صاحبہ سے ملاقات ہوتی ہے۔ میرزا کے غمگسار اس کی اداسی رفع کرنے کیلئے اُسے مکتب بھیج دیتے ہیں:-

(ورق ۴۱)

غافل از خاطر یکہ ناشاد است　　ہر کاہش بہانہ ایجاد است

دل بہ امیکہ می طپید اورا　　جذبہ دوست میکشید اُورا

آخر از موم بازیٔ تقدیر　　شمی افروخت محفل تدبیر

کہ بمکتب اگر سبق گوید　　لوح خاطر ز گرد غم شوید

خو بیاران ہم سخن گیرد　　بوی الفت ازین چمن گیرد

ای فدای دل شکستہ عشق　　ای طلسم شکستہ بستہ عشق

عشق در کار خود جوانمرد ست　　بارہا آنچہ می کند کردست

میرزا را ز خود ربود آخر　　رہ سوی صاحبہ نمود آخر

مکتب کی ہم نشینی نے میرزا اور صاحبہ کو ایک دُوسرے سے مانوس کردیا۔ اور رفتہ رفتہ یہ اُنس محبت کی شکل اختیار کرگیا۔ اشاروں کنایوں سے بات بڑھتے بڑھتے عشق جنون انگیز تک پہنچی ؎

(ورق ۴۳)

گرچہ خون چو آتش ناموش　　در دل ہر دو زد ز اُلفت جوش

چون دو نازک نہال نورستہ　　جا بمکتب قرین ہم جستہ

در نشستن ہمیشہ ہم زانو　　در سبق سودہ چون ورق پہلو

چوں دو ابرو بحرف پیوستن　　ہر دو مایل بگوشہ بنشستن

لب بشور سبق جنون آمیختہ　　چشم و ابرو بہم تبسم خیز

بحث ابیات چون بلند شدی　　حالی ہر دو دلپسند شدی

این غزل آن قصیدہ سر می کرد　　این زدل آن زدیدہ سر میکرد

چندے یہ کیفیت رہی۔ اور پھر ایک طالب علم نے اُستاد سے غمازی کی۔ کہ میرزا اور صاحبہ ایکدوسرے کو چاہتے ہیں ؂

صاحبہ می دہد عنان از دست　　در طلسم سلامتست شکست　　(ورق ۳۶)

میرزا راہ نام و ننگ زند　　بر نشان ہوس خدنگ زند

معلم نے یہ تقریر سُنی تو اُسے تشویش ہوئی۔ کہ اگر یہ بات باہر نکلی تو اس سے بڑا فتنہ برپا ہوگا۔ چنانچہ اُس نے فیصلہ کیا۔ کہ پہلے خود طالبعلم کے بیان کی تحقیق کریگا۔ اور اگر اس میں کوئی حقیقت ہوئی تو اُسکا تدارک بھی کریگا۔ چنانچہ ایک دن معلم مکتب کا کام ختم کرنے اور طلباء کے گھر چلے جانے کے بعد مکتب میں سونے کے لئے لیٹ گیا۔ میرزا اور صاحبہ مکتب بند ہوجانے کے بعد گھر جاکر لوٹ آیا کرتے تھے۔ اور یہیں اُن کی ملاقاتیں ہوتی تھیں۔ اس دن بھی وہ حسب معمول سہ پہر کے قریب مکتب میں آئے۔ میرزا نے معلم کو لیٹے ہوئے دیکھا تو سمجھا کہ سو رہا ہے۔ لہٰذا وہ کسی خوف و ہراس کے بغیر صاحبہ کی محبت سے محظوظ ہونے لگا۔ لیکن ابھی دونوں چین سے بیٹھنے بھی نہ پائے تھے کہ

شد معلم بناگہان بیدار　　گام زد گشت بادۂ دیدار　　(ورق ۳۸)

ہر دو را دید گوشہ بنشستہ　　چون دو ابرو بحرف پیوستہ

آن دو راہ گریز گم کردہ　　آہوی جست و خیز گم کردہ

زود گردند از ادب ہر دو　　چون دو ابرو زہم تہی پہلو

جست رنگ شکستہ از رُخسار　　ریخت برگ خزانی از گلنار

عرق شرم از جبین می ریخت — شبنم از برگ یاسمین می ریخت

معلم نے ناراض ہو کر دونوں کے کان مروڑے اور فضیحت بسیار کے بعد نصیحت کی۔ پھر صاحبہ کی ماں کو صورت حال سے آگاہ کیا۔ ماں نے جب معلم کی شکایت سُنی تو صاحبہ کو پاس بلا کر نصیحت کی :-

(ورق ۴۰)

کای چراغ ادب ستارۂ تو — دودمان حیا نظارۂ تو
چشم نرگس کہ وا نجستت بود — سورۂ صاد خواند و کرد سجود
غنچہ از شرم عصمت محجوب — نرگس از چشم تو حیا منسوب
تسبیح زان نم کہ این مصلا شست — گردی از دامن نمازی تست
گوہرت کنہ ستارہ تابان است — صدفش بارور ز نیسانست
دختری کنہ چنین پدر زاید — چون تو باشرم و باحیا ناید
شوخی و دلبری چہ کم داری — آنچہ دارد پری تو ہم داری
چین زلفت چو حلقہ می ریزد — ماہ نورا بشانہ آویزد
جا چو از تنگیٔ دہن گم شد — جستن رنگ پان تبسم شد
مشک خال تو در ترازو ریخت — کفۂ نافہ را علاقہ گسیخت
نمکی از ملاحتت جو شد — لالہ خواہد بداغ بفروشد
نونہالت کنون بسرو کشید — موسم جلوۂ تدرو رسید
شکرت چون بگفتگو ارزد — شکر آبی بآرزو ارزد
مکن اے نور دیدہ ام حالی — خانہ چون مردمک زخود خالی

صاحبہ کی ماں کی یہ خوشامد آمیز نصیحت کارگر ثابت ہوئی اور صاحبہ نے مکتب جانا ترک کر دیا اور میرزا سے ملنا بھی بند کر دیا۔ میرزا پر صاحبہ کا فراق بہت گراں گذرا۔ اور وہ مایوس ہو کر جھنگ سیال سے اپنے وطن کو واپس لوٹ آیا۔ لیکن اس فراق اور

بُعد نے اُس آتشِ عشق کو خاموش نہ کیا جو میرزا اور صاحبہ کے دلوں میں جل رہی تھی۔ بلکہ دھیمی دھیمی اور خاموش چنگاڑیوں نے بھڑکتی ہوئی آگ کا رُوپ دھار لیا۔ اور دونوں ایک دوسرے سے دُور ایک دُوسرے کی یاد کو سینہ سے لگائے ہوئے دن رات بیقرار رہنے لگے ×

اس اثنا میں صاحبہ کے حُسن و جوانی کی شہرت آگ کی طرح پھیل نکلی :-

گشت چون حسن صاحبہ مشہور — شد جہان از ملاحتش پُر شور (ورق ۴۹)
رم سوادِ نگاہ جادُو شُد — سرمہ دام شکار آہو شد
سایۂ سرو او درازی کرد — با پری رفتہ رفتہ بازی کرد
گوش تابید ہر ہوس بازی — دید مالید ہر ہوس بازی

اور ایک شاعر نے اس شہرت سے متاثر ہو کر صاحبہ کو دیکھنے کیلئے جھنگ سیال کی راہ لی۔ جھنگ پہنچ کر اُس نے اُس باغ میں ڈیرہ لگا دیا جہاں صاحبہ گلگشت کیلئے آیا کرتی تھی۔ کچھ دیر کے بعد صاحبہ بھی وہاں اپنی سہیلیوں کے ساتھ آنکلی۔ اور ایک سرو کے نیچے کھڑی ہو کر گانے لگی :-

کای نسیم سحر نیاز کسی — می رسانی بدل نواز کسی (ورق ۵۲)
گذری می کنی بہر کوی — میرسانی زہر گلی بوی
از دیار دلم رہ آوردیست — نالہ نارسا دم سردیست
در پیت گرد کاروانی ہست — برلبت نیم کشتہ جانی ہست
میرزا را دعا بگو از من — بشنو این ماجرا بگو از من
ای کہ گاہی نمی کنی یادم — خود زیادم نمی روی شادم
دل کہ از گرمیٔ محبت سوخت — چند خواہد بداغ فرقت سوخت

شاعر نے یہ فریاد سُنی تو باغبان سے پُوچھا۔ کہ یہ لڑکی کون ہے۔ اُس نے آسے

بتایا کہ یہی صاحب ہے۔ شاعر حصولِ مراد میں کامیاب ہو کر وہاں سے راوی کی طرف چل دیا۔ اور اس جگہ آ پہنچا جہاں میرزا فراق کی گھڑیاں گن گن کر گزار رہا تھا۔ میرزا نے دیکھا۔ کہ ایک تھکا ماندہ بڑھا عصا لئے ایک درخت کے نیچے دم لینے کے لئے بیٹھ گیا ہے۔ وُہ اس سے مخاطب ہوُا۔ اور اس سے پوچھا کہ وہ کہاں سے آرہا ہے۔ اور کہاں جائیگا۔ شاعر نے جواب دیا:-

(ورق ۵۷)

آمدم از کجا مپرس از من — رفتم از خود بیا مپرس از من
گوش داری فسانۂ دارم — ہوش داری ترانۂ دارم
عقل دیوانہ ہوش معذورست — نوجوانی و بادہ پر زورست
گوش واکن دماغ می سوزم — سینہ پیش آر داغ می سوزم
نازنین دختران جھنگ سیال — جرگہ آہوانہ خیل غزال
دوش بر دوش چون خرام کنند — سرو آزاد را غلام کنند

. . . . — . . . .

. . . . — . . . .

زآنمیان دختری بجلوہ گری — چون در انجم ستارۂ سحری

. . . . — . . . .

مایل نازنین جوانی ہست — زان جوان این طرف نشانی ہست

. . . . — . . . .

یاد آن یار مہر جو نکند — دل گرفتہ ست آرزو نکند

میرزا تجاہل سے کام لیکر یہ ساری کہانی سُنتا رہا۔ اور جب شاعر چلا گیا تو فوراً جھنگ کی طرف روانہ ہو پڑا۔ مگر جھنگ میں صاحب سے ملاقات کی کوئی صورت نہ نکل سکی۔ اور میرزا کو مایوس لوٹنا پڑا۔ ادھر صاحب کی حالت دن بدن خراب ہو رہی تھی۔ یہاں

تک کہ وہ شدید طور پر بیمار ہو گئی۔ میرزا جب اس دفعہ لوٹ کر وطن پہنچا۔ تو اُس کی آشفتہ حالی پر اُس کے باپ کو بہت رحم آیا۔ اور اُس نے صاحبہ کے باپ کے پاس ایک پیغامبر اپنے بیٹے کے لئے صاحبہ کا رشتہ مانگنے کے لئے بھیجا۔ لیکن صاحبہ کے باپ نے جواب دیا :-

(ورق ۴۴)

گوہرِ خود بسنگ نتواں داد　　نام خود را بہ ننگ نتواں داد
صاحبہ را بمیرزا ندہم　　گرچہ باشد قضا رضا ندہم

اور اس کے بعد فوراً صاحبہ کو ایک اَور لڑکے کے ساتھ نامزد کر دیا ❊

اس سے آگے افسانے کی تفصیلات وہی ہیں جو تسکینؔ نے پیش کی ہیں۔ سوائے اس کے کہ فداؔ نے صاحبہ کے گھوڑی سے گرنے کے واقعہ کو حذف کر دیا ہے۔ اور نیز یہ کہ میرزا اور صاحبہ کی موت اس طرح دکھائی ہے۔ کہ اُن دونوں کو صاحبہ کے بھائیوں نے قتل کر دیا تھا :-

(ورق ۴۸)

صاحبہ چادر از سر افگندہ　　موء آشفتہ در بر افگندہ
شرم در چشم و خشم در ابرو　　از حجاب حیا عرق بر رو
فتنہ جویان کہ خشمگین بودند　　تشنۂ خون نازنین بودند
خون آن لالۂ سر افگندہ　　گشت چون جوش می بر افگندہ
خون آن گلبدن چو دختر تاک　　در پس پردہ ریختند بخاک
تا نشانش درین زمین نبود　　فتنۂ خفتہ در کمین نبود
سر چو از تن بخاک می غلطید　　میرزا را بگرد سر گردید
میرزا ہمچنان فتادہ بخاک　　چون لحد سینہ تا گریبان چاک

انتخابِ کلام

خیر اللہ فداؔ کی مثنوی تسکین کی مثنوی سے نسبتاً طویل ہے۔ لیکن فدا کا امتیاز

بیان تسکین کی بہ نسبت زیادہ سُلجھا ہُوا ہے۔ اور زبان بھی زیادہ شگفتہ ہے۔ مثنوی میں ایک خوشگوار تسلسل ہے۔ اور الفاظ اسقدر سادہ اور برمحل استعمال کئے گئے ہیں۔ کہ پڑھنے والا کبھی اُکتاتا نہیں۔ قصّے کے متن سے بہت سے اشعار پہلے نقل کئے جا چکے ہیں۔ یہاں وہ اشعار پیش کئے جاتے ہیں جو خاتمۂ کتاب کا ایک جزو ہیں۔ اور فدآ نے لاہور کی تعریف میں نظم کئے ہیں ؛

تعریف دارالسلطنت لاہور

(ص ۵۵)

منکہ مشتبِ غبار نمناکم — ہر ہوای نمی برد خاکم

آسمان فتادہ ام از پاء — چون زمین نیست رفتنم از جاء

دوش پرورد سایۂ خویشم — پستی افزاء پایۂ خویشم

تشنہ کام زلال پنجابم — دور زین خطّہ در شکر آبم

نونہالم ز آب و خاک وطن — کرده نشوونما درین گلشن

نمک شعرتم کہ پرشور است — از نمکدان شہر لاہور است

گلزمینی بہشت آئین است — بر زمین گر بود بہشت این است

راه دہلی مرو بود مشہور — مثلی در عوام دہلی دُور

آتش آنجا بہای زر دارد — آب ہم قیمتِ گہر دارد

گل کشمیر بو نداشتہ است — رنگ عصمت برو نداشتہ است

غنچہ اش آبناک میرویید — پی بکارت زخاک میرویید

نیست در ہیچ کشوری مشہور — شہر دیگر بخوبی لاہور

زین بنا حسن و عشق مقصود است — بانی او ایاز محمود است

سیر دارد ہوای بازارش — وسعتِ دل فضاء بازارش

حسن دلال زاده اش مپرس — مرد سودانۂ بہاش مپرس

قیمت دل شکست می ارزد — سر دست آنچه هست می ارزد
میدهد نکهت گل اسرار — کوچه بازار رستهٔ عطار
خاک آن رهگذر چو می بوید — غنچه بی دردسر همی روید
گز نخس روبیش نسیم آید — سنبل الطیب دسته پیرابد
خاک این رهگذر چو آب زنند — بر خیابان گل گلاب زنند
جان اگر فی المثل بها دارد — در همین رسته است جادارد
شوخ عطار زادها چون گل — عنبرین خال و مُشکبو کاکل
چون گل و مل گداختلاط کنند — پاس دلها باحتیاط کنند
بر نچیده بتی بطاق بلند — شیشه خاطر وفا پیوند
درد فهم دل دوا مقصود — نبض دان نگاه اشک آلود
شرگمین چهره خون اندوده — پاک از نگاه آلوده
دردها را دوا نوشته همه — نسخهاء شفا نوشته همه
طرز ترکان لشکری دگراست — ناز دیگر ستمگری دگراست
ساعد و سینه ساده پرکار — کوه سیمین سرین لنگردار
همه دارند گر نداشته اند — از نزاکت کمر نداشته اند
دست و تیغ کرشمه واکرده — صحن بازار کربلا کرده
صلح و دشمن بهانه جنگ همه — کوچه گردان بهانه جنگ همه
برهمن دلبران الفت جو — دشمن دین و دل محبت جو
قشقه نی بر جبین چون ماه است — لغزش پای دین بناگاه است
وحشی را اگر بدام کنند — از ره رحم رام رام کنند
پاکبازان بهر گذرگاهی — گوشهٔ خلوتی نظرگاهی

زاہدان زہد بے ریا کردہ | فرش کاشانہ بوریا کردہ
چلما چون کمان کشیدہ ہمہ | ناوک بر نشان رسیدہ ہمہ
پاسداران راہ مجذوبان | عاشقان خدا و محبوبان
سالکان سودہ در سلوک قدم | زدہ بر افسر ملوک قدم
عارفان از دل خدا آگاہ | گشتہ مرات عکس وجہ اللہ
از کرامات ساکنان قبور | نتوان کرد شمۂ مسطور
از بود خود بجای شان درگاہ | مستی خفتہ دوستی بیدار
علما جملہ حجت الاسلام | فقہا رہبر خواص و عوام
شاعر چون فدا کم از کمتر | حنفی قادری ز جد و پدر
باد روز جزا برین دستور | با مریدان قادری محشور
بار دیگر دعای شہر کنم | حصن روئین بہاد شہر کنم

تا بود مدتی سنین و شہور
باد چشم بد از سوادش دور

محمد باقر

گیلانی الیکٹرک پریس لاہور میں باہتمام مہتہ ایشرداس پرنٹر طبع ہؤا۔ اور بابو محمد صدیق احمد خان پبلشر نے اورنٹیل کالج لاہور سے شائع کیا۔

پروفیسر پنجاب یونیورسٹی لاہور

جلد ۲۱ - عدد ۱ | بابت ماہِ نومبر ۱۹۴۴ء | عدد مسلسل ۷۹

فہرستِ مضامین

گیلانی الیکٹرک پریس لاہور میں باہتمام مہتا ایشر داس پرنٹر طبع ہوا۔ اور بابو
صدیق احمد خان پبلشر نے اورینٹل کالج لاہور سے
شائع کیا۔

اورینٹل کالج میگزین

عرضِ واجب

اغراض و مقاصد | اس رسالے کے اجرا سے غرض یہ ہے۔ کہ احیاء و ترویج علوم شرقیہ کی تحریک کو تا حدِ امکان تقویت دی جائے۔ اور خصوصیت کے ساتھ ان طلباء میں شوقِ تحقیق پیدا کیا جائے جو سنسکرت، عربی اور دیسی زبانوں کے مطالعہ میں مصروف ہیں ۔

کس قسم کے مضامین کا شائع کرنا مقصود ہے | کوشش کی جائے گی کہ اِس سلسلہ میں ایسے مضامین شائع ہوں جو مضمون نگاروں کی ذاتی تلاش اور تحقیق کا نتیجہ ہوں۔ غیر زبانوں سے مفید مضامین کا ترجمہ بھی قابلِ قبول ہوگا۔ اور کم ضخامت کے بعض مفید رسالے بھی باقساط شائع کئے جائینگے ۔

رسالے کے دو حِصّے | یہ رسالہ دو حصّوں میں شائع ہوتا ہے۔ حصّہ اول عربی۔ فارسی، پنجابی (بحروفِ فارسی) حصّہ دوم سنسکرت، ہندی، پنجابی (بحروف گورمکھی) ہر ایک حصّہ الگ الگ بھی مل سکتا ہے۔

وقت اشاعت و قیمتِ اشتراک | یہ رسالہ بالفعل سال میں چار بار یعنی نومبر، فروری، مئی، اگست[1] میں شائع ہوگا۔ سالانہ چندہ حصّہ اُردو کیلئے ۱؎۔ اورینٹل کالج کے طلبہ سے چندہ داخلہ کے وقت وصول ہوگا۔ کسی سہ ماہی رسالہ کے نہ پہنچنے کی شکایت رسالہ شائع ہونے کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے۔ ورنہ ایسی شکایت پر غور نہ ہوسکیگا۔ یہ ایک ماہ کی مدت فروری، مئی، دسمبر اور نومبر کے آخر سے شمار کرنی چاہیئے ۔

خط و کتابت و ترسیلِ زر | خرید رسالہ کے متعلق خط و کتابت اور ترسیلِ زر صاحب پرنسپل اورینٹل کالج کے نام ہونی چاہیئے۔ مضامین کے متعلق جملہ مراسلات ایڈیٹر کے نام بھیجنے چاہئیں ۔

محلِ فروخت | یہ رسالہ اورینٹل کالج کے دفتر سے خریدا جاسکتا ہے ۔

---

[1] چونکہ اگست میں کالج بند ہوتا ہے۔ اس لئے یہ نمبر مجبوراً جون یا ستمبر میں شائع ہوتا ہے ۔

سیف الدولہ محمود بن ابراہیم بن مسعود بن محمود غزنوی

یہ مضمون آل انڈیا اسلامک ہسٹری کانفرنس کے دوسرے اجلاس
اپریل ۱۹۴۲ء منعقدہ پشاور میں پڑھکر سنایا گیا۔ مشتاق بھٹی

غزنوی خاندان نے شمال مغربی ہندوستان پر کوئی پونے دو سو برس تک حکومت کی۔ لیکن یہ طویل عرصہ تاریخی لحاظ سے اس قدر تشنۂ تکمیل ہے کہ مفصل سے مفصل تاریخ میں بھی محمود کے جانشینوں کا ذکر مجموعی طور پر سات آٹھ صفحات سے زیادہ نہیں۔ تاریخی مواد کا اتنا فقدان ہے اور واقعات اتنے مختصر کہ تاریخ کے ایک عام طالبعلم کی نگاہیں محمود سے ہٹ کر فوراً شہاب الدین غوری پر جا پڑتی ہیں۔ اُس کا ذہن بھول جاتا ہے۔ کہ پونے دو سو سال کا ایک وسیع خلا پیدا ہوگیا ہے تسلسل اور ربط کی اس غیر موجودگی سے بہت سے اہم مسائل اس کی نظروں سے اوجھل ہوجاتے ہیں یہ ایک بیّن حقیقت ہے۔ کہ غزنوی خاندان ہندوستان کے دوسرے تمام اسلامی حکمران خاندانوں میں نتائج اور اثرات کے لحاظ سے ایک نمایاں حیثیت رکھتا ہے۔ یہی وُہ دور تھا۔ جب اسلام اور ہندو مذہب کی عام آویزش ہوئی۔ اور مختلف تمدن اور تہذیبیں جن میں اساسی طور پر شدید افتراق تھا آپس میں مؤثر طور پر دوچار ہوئیں۔ اسلام نے ہندو مذہب کا مطالعہ کیا۔ اور ہندو مذہب نے اسلام کے اصولوں پر غور کیا۔ اس ملاپ سے ایک نئے تمدن کی بُنیاد پڑی جس کے اثرات آج بھی ہماری روزمرہ زندگی میں کارفرما نظر آتے ہیں۔ قومیں، قوموں کے تمدن اور ان کی معاشرتیں اپنے ارتقائی مدارج طے کرنے میں برسوں بلکہ صدیوں کا عرصہ چاہتی ہیں۔ محمود کے بعد اُس کے جانشینوں کا یہ دور یہی ارتقائی اور تغیراتی دور تھا۔ اس دور کے نتائج حیرت انگیز طور پر نہایت دُور رس

تھے۔ مختلف وجوہ سے یہ دور اتنا اہم ہے۔ کہ آج زندگی کے مختلف شعبوں کا طالبعلم اُس زمانے کی تاریخی حالت سے بے بہرہ رہکر کبھی صحیح نتائج پر نہیں پہنچ سکتا۔ اُسکے افکار کبھی مسلمہ اور متیقن نہیں ہوسکتے۔ لیکن شومیٔ قسمت اور سوئے اتفاق سے ہندوستان کے مسلمانوں کی تاریخ میں صرف یہی ایک ایسا دور ہے جس کی تاریخ نہایت افسوسناک طریقے سے نامکمل ہے۔ اور یہی ایک ایسا زمانہ ہے جس کے واقعات کا کوشش و جستجو کے باوجود پتہ نہیں لگ سکتا۔ اور اگر کچھ پتہ لگتا ہے تو نہایت تشنہ اور سرسری۔ اس مضمون میں میری کوشش یہ ہے۔ کہ اُس زمانے کے ایک مختصر عرصے کے نقوش کو اجاگر کروں۔ اور اس ظلمت کو جو غزنوی دور پر چھائی ہوئی ہے کچھ کم کرنے کی سعی کروں۔

ہمعصر تاریخی کتابوں کے ناپید ہوجانے یا بحد مختصر ہونے کی وجہ سے ہمیں لامحالہ شعر و ادب کی کتابوں میں تاریخی حقائق کی جُستجو کرنی پڑتی ہے۔ خوش قسمتی سے اُس زمانے کے دو شاعروں کے دیوان کسی حد تک ہمارے پاس محفوظ ہیں۔ یہ دونوں شاعر ابوالفرج رونی اور مسعود سعد سلمان، پنجاب کے دارالسلطنت لاہور میں عرصہ تک مقیم رہے۔ انہوں نے ہر معاصر غزنوی سلطان کی جو تخت غزنی پر بیٹھا مدح کی۔ اور ہر اس معاصر شہزادے وزیر یا سپہ سالار وغیرہ کی جو لاہور میں مقیم ہؤا۔ تعریف کی۔ اُنکا ایک مشترکہ ممدوح سیف الدولہ محمود ہے۔ میرے اس مضمون کا عنوان یہی سیف الدولہ محمود ہے۔ ان دونوں شاعروں کے دیوانوں میں کثرت سے ایسے قصائد ملتے ہیں جو اس کی تعریف میں لکھے گئے ہیں۔ ان میں کہیں کہیں کسی تاریخی واقعہ کی طرف بھی اشارہ ملتا ہے۔ میں نے انہی منتشر اشاروں کو ایک منضبط طریقے سے جمع کرنے کی کوشش کی ہے۔ شعر و ادب سے "تاریخ" کے مرتب کرنے میں مَیں کس حد تک کامیاب ہؤا ہوں اسکا فیصلہ مَیں آپ پر چھوڑتا ہوں۔

ذکر

"تاریخ کی کتابوں میں سیف الدولہ کے متعلق کوئی ذکر نہیں ملتا۔ تمام مؤرخ اس سے

بے خبر معلوم ہوتے ہیں۔ صرف طبقاتِ ناصری[1] کے مصنف منہاج سراج نے ابراہیم غزنوی کے بیٹوں کی طویل فہرست دیتے ہوئے پہلا نام محمود گنوایا ہے۔ اس کے اس طرح ذکر کرنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہ ابراہیم غزنوی کا سب سے بڑا بیٹا تھا۔ اور بظاہر وارثِ تخت و تاج۔ اس اشارے کے سوا کسی تاریخی کتاب میں اسکے متعلق ایک بھی حوالہ تو نہیں ملتا۔

نام

مسعود سعد سلمان نے اس کا پورا نام جس میں اس کے آبا و اجداد کا بھی تذکرہ کیا ہے یوں دیا ہے ؎

ملک محمود ابراہیم مسعود ابن محمود آن
کہ ہستش حشمت جمشید و قدر و قدرت دارا[2]

اس کی کنیت ابو القاسم تھی۔ مسعود لکھتا ہے ؎

سرِ شاہنشہِ غازی پناہ ملک ابو القاسم
کہ خورشید جلال است و سپہرش حضرتِ سلطان[3]

اور پھر کنایۃً یوں لکھتا ہے ؎

امیر غازیِ محمود سیف دولت و دین
بنام سیرت و کنیت چو احمد مختار[4]

اور جیسا کہ ہمیں معلوم ہے آنحضرت کی کنیت ابو القاسم تھی۔

سلطان ابراہیم غزنوی کا سن ولادت متفقہ طور پر ۴۲۴ھ مانا جاتا ہے[5]۔ ادھر رونی کے ایک قصیدے سے جو اس نے سیف الدولہ محمود کی شان میں لکھا ہے پتہ چلتا ہے۔ کہ

---

[1] طبقاتِ ناصری منہاج سراج صہ ۱۹ حاشیہ۔ [2] دیوان مسعود سعد سلمان مرتبہ پروفیسر رشید یاسمی طہران ص ۲۲
[3] ایضاً صہ ۲۴، [4] ایضاً صہ ۲۶۹، [5] طبقات ناصری صہ ۲۰۔

سیف الدولہ محمود ہندوستان کی مہموں میں ۴۵۶ھ سے شریک تھا۔ رونی سلطان ابراہیم کا قرب حاصل کرنے کے لیئے اُسکا توسل ڈھونڈتا ہے۔ چنانچہ وہ لکھتا ہے ؎

خسروا بندہ را درین ۳ سہ سال — در مدیح تو شعرہاست متین
ہر یکے کردہ راوئ انشاد — در سن اربعمائہ و ستین ۴۶۰......
حال من بندہ تا کے خواہد راند — با خداوند مشرق و شاہ گزین
گوید اے شاہ بندہ ایست ترا — خاطرش نظم را چنان و چنین [1]......

گویا رونی نے سیف الدولہ محمود کی مدح میں ۴۶۰ھ سے دو تین سال قبل یعنی ۴۵۷ھ کے قریب متعدد قصیدے لکھے تھے جنہیں ۴۶۰ھ میں پڑھے جانے کا اتفاق ہوا۔ یہ وہ زمانہ ہے جب کہ سیف الدولہ ہندوستان کی مہموں میں دلچسپی لے رہا تھا۔ اور اتنی اہمیت اور اہلیت رکھتا تھا۔ کہ سخن شناسی کے علاوہ بادشاہ کے سامنے ایک شاعر کی سفارش کر سکے۔ سیف الدولہ کی اس ذمہ دار حیثیت کا خیال رکھتے ہوئے ماننا پڑتا ہے۔ کہ اس کی عمر اس وقت کم از کم پندرہ سولہ ہونی چاہیئے۔ اور چونکہ وہ سلطان کا سب سے بڑا بیٹا تھا۔ اس لیئے سلطان ابراہیم کی عمر محمود کی ولادت کے وقت پندرہ سولہ کے لگ بھگ ہونی چاہیئے۔ گویا اس لحاظ سے سیف الدولہ کا سنہ پیدائش ۴۲۴-۱۵ ۴۲۴-۱۶ یعنی ۴۰۹ یا ۴۰۸ھ ہوگا۔ یہ اندازہ اس لحاظ سے بھی قابلِ قبول ہے۔ کہ مسعود جو بعد میں علاء الدولہ مسعود ثالث کے نام سے تختِ غزنی پر بیٹھا ۴۵۹ھ میں سنجر کی بہن مہد عراق سے بیاہا گیا [2]۔

القاب

محمود کا سب سے پرانا لقب سیف الدولہ والدین تھا۔ اور تقریباً ہر ایک قصیدے میں

---

[1] دیوان ابوالفرج رونی مرتبہ پروفیسر چایکن ص ۱۳۱۔

[2] بحوالہ رشید یاسمی دیباچہ دیوان مسعود ص ۱۲۔ (مسعود محمود کا چھوٹا بھائی تھا)

اسے اس لقب سے پکارا گیا ہے۔ گویا محمود کے عروج حاصل کرنے اور شعرا کے قصیدے لکھنے کے زمانے تک اسے یہ لقب خلیفۂ بغداد سے مل چکا تھا۔ اس کے کچھ عرصہ بعد اُسے عزّ الملّت کا لقب عطا کیا گیا۔ بعد ازاں خلیفۂ بغداد نے اسے صنیع امیرالمومنین کے پُرشکوہ لقب سے سرفراز کیا۔ مسعود ایک قصیدہ یوں شروع کرتا ہے ؎

اے ترا خوانده صنیع خود امیرالمومنین — ہم چنین بادا جلالت بر زیادت ہم چنین
سیفِ دولت مر ترا زین پیشتر بوده لقب — عزّ ملّت را برافزون کرد امیرالمومنین[1]

اور پھر ؎

تو سیف دولتی و عزّ ملّتی کہ ترا — صنیع خویش بنامہ خلیفہ کرد خطاب[2]

گویا یہ تینوں لقب خود اختیار کردہ لقب نہیں تھے بلکہ خلیفۂ بغداد کی طرف سے عطا ہوئے تھے۔ اُس زمانے میں خلیفۂ بغداد القائم بامر اللہ ۴۲۲ھ۔ ۴۶۷ھ (۱۰۳۱ء۔ ۱۰۷۵ء) تھا۔ اور پہلے دو القاب غالباً اسی کے دئے ہوئے تھے۔ تیسرے لقب کا ذکر چونکہ اُسکے والیِ ہند ۴۶۹ھ بننے تک نہیں ہوتا۔ اس لئے لامحالہ وہ القائم کے جانشین خلیفۂ بغداد المقتدی بامر اللہ ۴۶۷ھ۔ ۴۸۷ھ (۱۰۷۵ء۔ ۱۰۹۵ء) کا عطا کردہ ہے ‌*

عروج

ابو الفرج رونی کے بیان کے مطابق تقریباً ۴۵۸ھ میں سیف الدولہ محمود کا زمانۂ عروج شروع ہو چکا تھا۔ چنانچہ اسی قصیدے میں رُونی لکھتا ہے۔ کہ تو جس طرف جاتا ہے مضبوط قلعوں کو سر کرتا جاتا ہے۔ سلطنت تجھ سے مستحکم ہے اور باطل تیری وجہ سے پریشان ہے[3] سیف الدولہ محمود کے سوانح حیات میں یہ سب سے پرانی تاریخ ہے۔ ۴۵۸ھ کے بعد دوسری تاریخ ۴۶۵ھ اور ۴۶۷ھ کے درمیان کی کوئی تاریخ ہے۔ جسے علامہ قزوینی نے بالواسطہ

---

[1] دیوان مسعود صفحہ ۴۶۰، [2] ایضاً صفحہ ۳۳۵-۳۴، [3] دیوان رُونی صفحہ ۱۰۶-۱۰۷ *

متعین کیا ہے[1]۔ مسعود نے ایک قصیدہ میں لکھا ہے ؎

خجستہ بادت نوروز و این چنین نوروز
ہزار جفت شدہ با مہ رجب دریاب[2]

اب علامہ قزوینی کی تحقیق کے مطابق یہ نوروز ۴۶۵ھ، ۴۶۶ھ یا ۴۶۷ھ کے ماہ رجب میں ہی واقع ہوسکتا ہے۔ اسی قصیدے۔ سے پتہ چلتا ہے کہ ہندوستان میں اسی زمانہ سے محمود کا نام خطبہ میں شامل تھا۔ چنانچہ مسعود لکھتا ہے ؎

چو کرد خطبہ بنامت خطیب بر منبر
کشادہ کرد برحمت بر آسمان ابواب[3]

لیکن ان سے زیادہ اہم تاریخ ۴۶۹ھ نظر آتی ہے۔ اس سال سلطان ابراہیم نے اُسکی خدمات کا صلہ دیتے ہوئے اور اس کے کارناموں کو سراہتے ہوئے اُسے ہندوستان کا والی مقرر کر دیا۔ ایک عظیم الشان دربار منعقد کیا گیا۔ اور شعراء نے اس موقعہ پہ دھوم سے قصیدے لکھے۔ چنانچہ مسعود لکھتا ہے ؎

چو روئے چرخ شد از صبح چوں صحیفۂ سیم ز قصر شاہ مرا مژدہ داد بادِ نسیم
کہ عزِ ملتِ محمود سیفِ دولت را ابو المظفر سلطانِ عادل ابراہیم
فزود حشمت و رتبت بدولت عالی چو کرد مملکتِ ہند را بدو تسلیم
بنامِ فرخ او خطبہ کرد در ہمہ ہند نہاد بر سر اقبالش از شرف دیہیم[4]

اور اسکے بعد وہ ایک پیشگوئی کے پورا ہونے کا ذکر کرتا ہے ؎

منجمان ہمہ گفتند کہ این دلیل کند بحکم زیج بتانی کہ ہست در تقویم
نہ دیر زود خطیباں کنند بر منبر بنام سیف دول خطبہائے ہفت اقلیم

---

[1] مسعود سعد سلمان قزوینی ترجمہ براؤن ۱۹۰۶ء ص ۲۵، [2] دیوان مسعود ص ۴۰، [3] ایضاً ص ۴۰
[4] دیوان مسعود ص ۳۲۲-۳۲۳

بسال پنجہ ازیں پیش گفت بوریحاں	درآں کتاب کہ کرد است نام او تفہیم[1]

کہ پادشاہی صاحب قراں شود پیدا	چو سال ہجرت بگذشت تا دو سین و سہ جیم[2]

تفہیم میں جیساکہ علامہ قزوینی اور رشید یاسمی لکھتے ہیں۔ اس قسم کی کسی پیشگوئی کا ذکر نہیں[3]۔ اور یوں بھی یہ امر بعید از قیاس ہے کہ ایک کتاب میں جو مبادیاتِ نجوم سے متعلق ہو ایسی پیشگوئی کا ذکر ہو۔ لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ صاحب قراں کے ظہور کا خیال اُن ایام میں عام تھا۔ کیونکہ ابوالفرج رونی بھی اس موقعہ پر لکھتا ہے ؎

گردوں ترا سگالد کیخسروی ہمی	اینک بہ نقد والیٔ ہندستانیا

ہمت بلند باید کردن کہ تو ہنوز	بر پایۂ نخستیں از نزد بانیا

ایدون شنیدہ ایم کہ صاحبقراں شود	ہم نام تو کسے ملکا و تو آنیا[4]

رونی کے قصیدے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ سیف الدولہ محمود غزنی سے ہندوستان میں امیر بناکر بھیجا گیا تھا۔ اس امر کی تائید مسعود کے ایک اور قصیدے سے بھی ہوتی ہے۔ جہاں وہ لکھتا ہے ؎

الا ای بادشب گیری گذر کن سوئے ہندستان	کہ از فر تو ہندوستاں شود آراستہ بستان

بہر شہرے کہ بگذشتی بآں شہر ایں خبر می دہ	کہ آید بر اثر اینک ملک خسرو ایراں[5]

---

[1] تفہیم کا سنہ تالیف ۴۲۰ھ مانا جاتا ہے لیکن رونی ۴۶۹ھ میں اسی تقریب پر ایک قصیدہ لکھتے ہوئے تفہیم کی طرف اشارہ کرکے کہتا ہے ؎

مظفرا ملکا خسروا خداوندا	ہمی نباید بر شاہزادگیت گواہ

بدیں صفت کہ رسید می رسیدہ بود خبر	خبر عیاں شد و بفزود بر یکی پنجاہ

یعنی اس خبر کو ۵۱ برس گزر گئے ہیں اس حساب سے تفہیم کا سنہ تالیف ۴۱۸ نکلتا ہے مسعود کا پچاس کہنا تو ایک اندازہ ہوسکتا ہے لیکن رونی کا تکلف سے اکیاون بتانا کچھ معنی رکھتا ہے۔ [2] دیوان مسعود ص ۳۳۲-۳۳۳

[3] قزوینی ترجمہ براؤن ص ۲۳، رشید یاسمی دیباچہ ص یا۔یب، [4] دیوان رونی ص ۸-۹، [5] دیوان مسعود ص ۴۴۷،

اس قصیدے میں مسعود نے نہایت تفصیل سے سلطان ابراہیم کی نوازشوں کو گنوایا ہے جو اس نے سیف الدولہ پر کی تھیں۔ مسعود کے بیان کے مطابق سلطان نے کسی اور پر انعام و اکرام کی بارش کرنے میں اتنی فیاضی سے کام نہیں لیا تھا۔ چنانچہ اس نے ہر قسم کے تحائف اور خلعت خاصہ سے اُسے سرفراز کیا، قیمتی اور نادر ہتھیار مثلاً تلواریں، گُرز، خنجر، زرہیں ڈھالیں، دوشاخے اور برچھیاں عطا کیں۔ ایک کثیر تعداد میں غلام ساتھ کئے، یہ غلام رزم و بزم میں برابر کے نامور تھے اور ساز و سامان سے پوری طرح آراستہ۔ اور ہر قسم کے ہتھیاروں سے پوری طرح لیس تھے........... بہت سے عربی گھوڑے سامان سے لدے ہوئے اور زین و لگام سے آراستہ بخشے۔ ایک اونٹ دیا جس کی عماری پر زردوزی کا کام تھا۔ اور جو ایک سرے سے دوسرے سرے تک ہیروں اور جواہرات سے جڑی ہوئی تھی۔ اس عماری میں ہندوستان کی حکمرانی کا منشور رکھا گیا جس میں سیف الدولہ کو مکمل اختیارات تفویض کئے گئے تھے۔ خاص سیف الدولہ کے تلوار رکھنے کے لئے ایک جڑاؤ پیٹی تھی۔ انعام و اکرام اور شوکت و حشمت کے سامان کے علاوہ بے اندازہ فوج دی گئی۔ تاکہ تمام ملک کو تسخیر کیا جائے۔[1]

رُونی کے ایک قصیدے سے جو اسی موقعہ پر لکھا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ ان تفصیلات پر مزید اضافہ ہوتا ہے۔ وہ لکھتا ہے ؎

زین کرامات شاہگان کہ سزد | بتو اقبال مقتدائے جہان
سگ تازی دیوز دیاز سفید | درع رومی وخود و تیغ و سنان[2]

رُونی ایک اور قصیدے میں لکھتا ہے ؎

شکر آں خدائے را کہ بجائے تو باز بست | این شغل و این ولایت و این قہرمانیا
باز آمدند با تو ہمہ بندگان تو | با عاملی و شحنگی و پہلوانیا[3]

[1] دیوان مسعود ص ۴۴۴-۴۴۷ ، [2] دیوان رُونی ص ۹۸ ، [3] ایضاً ص ۸-۹ ،

ان اشارات سے مزید معلوم ہوتا ہے۔ کہ محمود باقاعدہ طور پر ہندوستان کا والی مقرر ہونے سے پہلے بھی ہندوستان پر حکومت کرتا رہا تھا۔ اور اب اس کا امیر ہند بنایا جانا محض ایک رسمی کارروائی تھا۔ ورنہ اس کے اختیارات پہلے بھی کافی وسیع تھے مسعود لکھتا ہے کہ اُس کے نام کا خطبہ پڑھا جانے لگا۔ لیکن خطبہ کا یہ پڑھا جانا ۴۶۹ھ پر ہی موقوف نہیں کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ ماہ رجب کے نوروز پر بھی اسکا نام خطبہ میں داخل تھا۔ خطبہ قدیم زمانے سے ایک مسلمان حکمران کیلئے ایک اہم حیثیت رکھتا ہے۔ کوئی بادشاہ اس وقت بادشاہ تسلیم نہیں کیا جاسکتا جب تک اُس کے نام کا خطبہ نہ پڑھا جائے۔ شاید سیف الدولہ کا نام خطبہ میں پہلے شہزادہ کی حیثیت سے ہو۔ اور پھر نائب اور والی ہند کی حیثیت سے۔

والیٔ ہند بنائے جانے کے کچھ عرصہ بعد سیف الدولہ بیمار ہو گیا۔ لیکن جلد ہی شفایاب ہو گیا۔ سلطان ابراہیم نے اس شفایابی پر ایک خلعتِ فاخرہ بھیجی۔ اس خلعت کی تفصیل اس زمانے کے شاہی مراسم اور لوازمات پر بہت کچھ روشنی ڈالتی ہے مسعود لکھتا ہے[1]

ابوالمظفر شاہ زمانہ ابراہیم — کہ پادشاہِ زمین است و خسروِ دنیا
بتازگیست فرستاد خلعتی عالی — کہ عاجز است از وہم و فکرتِ شعرا
قبائے خاصہ و پشتیٔ خود بسیج بزر — یکے مکلل کردہ کمر بگوہرہا
ستام زر مرصع بگوہر الوان — کہ چرخ پیر نداند ہمیش کردبہا
زبس بدائع چوں بوستاں پُر از انوار — زبس جواہر چوں آسماں پُر از انوا
زپشت مرکب تازی ہمی بتاخت چنانک — ستارہ نیم شب از روئے گنبدِ خضرا
بساں بادِ صبا مرکبے کہ اندر تگ — اندو بماند حیران و خیرہ بادِ صبا
بسے سلاح و بسے خود و جوشن و خفتان — کہ در خزینہ اش بود از خزائن خلفاء

خلعت کے ساتھ ابراہیم نے یہ پیغام بھیجا۔ کہ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان کی گرم

[1] دیوان مسعود ص ۱۰۱؛

آب و ہوا نے تمہارے مزاج کو جادہ اعتدال سے منحرف کر دیا تھا۔ لیکن خدا کا شکر ہے کہ اب تم خیریت سے ہو۔ ہمیں دلی مسرت ہے۔ کہ تم نے ہندوستان میں رسم جہاد کو تازہ کر دیا ہے۔ اور پھر سے

بدادہ ایم امارت ترا دو رخور تست سپردہ ایم بتو ہند و مرتر است سزا
بگیر قبضۂ شمشیر عدل و جُنبش کن بگرد گرد ہمہ ہند بادشاہ آسا
کسے کہ اشہد ان لا الٰہ الا اللہ نگوید اورا سرکن بہ تیغ تیز جُدا

اسی طرح ایک اور قصیدے سے تخت غزنی سے سیف الدولہ کو خلعت کا عطا ہونا معلوم ہوتا ہے[۱]۔

رونی اور مسعود کے متعدد قصائد سے پتہ چلتا ہے۔ کہ سیف الدولہ نے ہندوستان میں بہت سی جنگیں لڑیں۔ کئی قلعے فتح کئے۔ کئی رایوں اور راجوں سے خراج وصول کیا۔ لیکن معرکوں کی یہ تفصیل اکثر مبہم اور شاعرانہ ہے۔ اور ان سے عموماً کسی تاریخی اشارہ کا پتہ نہیں چل سکتا۔ البتہ مجموعی طور پر ایک تاثر پیدا ہو جاتا ہے کہ سیف الدولہ یہاں ہندوستان میں کیا کرتا رہا ہے۔ تقریباً تمام قصیدے جو سیف الدولہ کی شان میں ہیں ایسی ہی تعریفوں سے مملو ہیں۔ صرف ایک دو جگہ تاریخی واقعات کا تفصیلاً یا اشارۃً ذکر ملتا ہے۔

سب سے نمایاں واقعہ جو سیف الدولہ کی تاریخ میں ایک امتیازی حیثیت رکھتا ہے، اس کا آگرہ فتح کرنا ہے۔ مسعود نے اس فتح کو پوری طرح بیان کیا ہے۔ اور الفاظ کی جادو گری سے اس معرکے کی زندہ تصویر کھینچ دی ہے۔ جس میں صرف شاعری ہی نہیں بلکہ تاریخ بھی بہت حد تک محفوظ ہے۔ اس قصیدے سے سیف الدولہ محمود کا مقصد جنگ، جنگ کے طریقے، رستے کی پیچیدگیاں، قلعۂ آگرہ کا استحکام یہ سب چیزیں پوری طرح ظاہر ہوتی ہیں۔ اس واقعہ کے بیان میں مسعود کے دو قصائد ملتے ہیں۔ چنانچہ ان دونوں سے مندرجہ ذیل نتائج

---

[۱] دیوان مسعود صفحہ ۔ [۲] ایضاً صفحہ ۱۹۱،

مترتّب ہوتے ہیں ۔

ایک بہار کے اوائل میں سیف الدولہ محمود چالیس ہزار سواروں کا ایک منتخب لشکر جرار لیکر پایۂ تخت غزنی سے ہندوستان کی طرف بڑھا ۔ رستہ طویل اور کٹھن تھا ۔ زمین سنگلاخ تھی اور خاردار جھاڑیوں کے سوا کوئی روئیدگی نہ تھی ۔ اس کی آمد کی خبر سُن کر ہر طرف سے چھوٹے چھوٹے سردار خراج اور نذرانے لیکر حاضر ہوئے ۔ ادنےٰ سے ادنےٰ نذرانہ ٹنکوں کی ایک سو تھیلی اور ادنےٰ سے ادنےٰ تحفہ ایک سو خروار ملبوسات تھے ؎

کمینہ خدمتِ ہر یک ز تنکہ صد بدرہ
کمینہ ہدیۂ ہر یک ز جامہ صد خروار[1]

چھوٹے چھوٹے سرداروں سے خراج وصول کرتا اور قلعوں کو تسخیر کرتا ہوا سیف الدولہ جنگلوں اور پہاڑیوں سے گزرتا ہوا آگے بڑھا ۔ آخر آگرہ کے قلعہ کے برج فضا میں ظاہر ہوئے ؎

حصار آگرہ پیدا شد از میانۂ گرد
بسانِ کوہ بروبارہ ہائے چوں کہسار[2]

اس کے استحکام کا یہ عالم تھا کہ آغاز تعمیر سے لیکر اس وقت تک کسی غنیم کے ہاتھوں نے اس قلعہ کو سر نہیں کیا تھا ۔ زمانے نے کبھی اس کی فصیلوں اور دروازوں کو دشمن کے آگے سرنگوں نہیں دیکھا تھا ۔ یہ قلعہ نہ تھا ایک ولایت تھی ۔ جو نبرد آزما بہادروں سے آباد تھی ۔ یہ قلعہ لوہے اور پتھر کا بنا ہوا تھا ۔ اور ہر طرف سے اتنے گھنے اور سبز جنگلات سے گھرا ہوا تھا ۔ کہ ہوا اور سانپ تک کا گزر مشکل سے ہوتا تھا ؎

کشوری بود نہ قلعہ ہمہ پر مرد دلیر　　بہ ہوا بر شدہ ساختہ از آہن و سنگ
گرد او بیشۂ کوکش و سبز چنانک　　گذر باد و رہ مار درو ناخوش و تنگ[3]

اس کے راجہ کا نام جے پال تھا ۔ سیف الدولہ نے اپنا لشکر ایک دائرہ کی صورت میں

---

[1] دیوان مسعود صفحہ ۲۹۳ ، [2] ایضاً صفحہ ۲۹۱ ، [3] ایضاً ۳۰۷ ،

قلعہ کے گرد پھیلا کر محاصرہ شروع کر دیا۔ جنگ چھڑ گئی۔ اور فضا سنسناتے ہوئے تیروں سے بھر گئی۔ اسی رات جے پال نے خواب دیکھا۔ کہ وہ ایک ہولناک بلند مقام پر کھڑا ہے۔ اور خوفناک شیروں اور زہریلے سانپوں نے اُسے ہر طرف سے گھیرا ہُوا ہے۔ اتنے میں اُسے دور ایک شاداب مرغزار نظر آیا۔ مرغزار میں ایک زرنگار سائبان تنا ہُوا تھا۔ سائبان کے نیچے سونے کا ایک تخت بچھا ہُوا تھا۔ تخت پر ایک فرشتہ شمائل انسان بیٹھا ہُوا تھا۔ اس کے دائیں بائیں ہر قسم کے ہتھیاروں سے لیس دو فوجیں کمر بستہ کھڑی تھیں۔ جب اُفق سُورج کی روشنی سے منوّر ہوگیا۔ تو ؎

امیر آگرہ جے پال از سرِ گنبد فرود و بہ پست آمد از بلند حصار[1]

سرائے پردۂ سیفی بدید و خدمت کرد بند دو دست و بکند از میاں زنّار

اور کہا ؎

پیام داد بخسرو کہ اے بزرگ ملک گناہ کردم و کردم بداں گنہ اقرار

بہ بندگیت مقرم توام خداوندی گذاشتم ہمہ عصیاں تو جرم من بگزار

اگر تو عفو کنی بردلم بہ بخشائی کنم ز تنگہ بہ بالائے این حصار انبار[2]

لیکن سیف الدولہ نے اس قلعہ فروشی کو پسند نہ کیا۔ اور کہا کہ مَیں اس ملک میں غزا کی نیّت سے آیا ہُوں۔ یوں تو مَیں نے بہت سے قلعے فتح کئے ہیں۔ لیکن میری اولو العزم ہمت کو ایسے قلعہ کی تلاش تھی جس کو کسی نے سر نہ کیا ہو۔ اور اب جیسا کہ مَیں نے آگرہ کے قلعہ کو اس وصف پر مغرور پایا ہے۔ میں اسے نوکِ شمشیر سے ہی فتح کروں گا۔ سیم و زر کسی اَور کا مقصد ہوگا۔ مَیں رضائے الٰہی کا متلاشی ہوں ؎

ملوک را ہمہ مقصود سیم و زر باشد

مرا مراد ہمہ عفو ایزد دادار[3]

---

[1] دیوان مسعود صفحہ ۲۹۳، [2] ایضاً صفحہ ۲۹۴، [3] ایضاً صفحہ ۲۹۵،

جے پال اس مبارز طلب جواب کو سُن کر لوٹ آیا اور قلعہ بندیوں میں مشغول ہو گیا۔ سیف الدولہ نے لشکر کو محاصرہ کرنے کا حکم دیا۔ منجنیقوں نے وزنی پتھر برسانے شروع کر دیئے۔ بہادر سپاہی قلعہ کی فصیل پر سانپ کی طرح رینگ رینگ کر چڑھنے لگے۔ قلعہ کے بُرجوں سے آگ پتھر اور تیر برسنے لگے۔ کئی دن اسی محاصرہ کی حالت میں گزر گئے۔ آخر ایک اندھیری رات کو سیف الدولہ محمود نے شبخون مارنے کا حکم دیا۔ رات کی تاریکی سے فائدہ اُٹھا کر اور غیر معمولی جرأت اور بہادری سے کام لیکر سپاہی فصیل پر چڑھ گئے۔ اور قلعہ میں داخل ہو کر نعرۂ تکبیر بلند کر دیا۔ ہر طرف ایک کھلبلی مچ گئی۔ دشمن کے حوصلے پست ہو گئے۔ ہر طرف خون کی ندیاں بہنے لگیں۔ اور نہایت قلیل عرصہ میں قلعہ سر کر لیا گیا۔ سیف الدولہ خود اس معرکہ میں بپھرے ہوئے شیر کی طرح حصہ لے رہا تھا۔ مسعود لکھتا ہے ؎

خدایگاں را دیدم بگرد رزم اندر ‎ ‎ چو شرزہ شیر بدست اژدہائے مردم خوار[1]

تبارک اللہ چشم بد از کمالش دور ‎ ‎ چو نور بود بر آں مرکب جہندہ چو نار

آگرہ کی یہ فتح نوروز سے کچھ دن پہلے ہوئی۔ جیسا کہ مسعود لکھتا ہے ؎

دو سعادت بیکے وقت فراز آمد تنگ ‎ ‎ یکے از گردش سال و یکے از گردش جنگ

ماہِ نوروز دگر بار بما روئے نمود ‎ ‎ قلعہ اگرہ در آوردہ ملک زادہ بچنگ[2]

اور پھر اس طرح بہادری سے فتح حاصل کرنے کی نسبت لکھتا ہے ؎

این چنین قلعہ محمود جہاندار گرفت ‎ ‎ بدلیری و شجاعت و نہ بہ مکر و نیرنگ[3]

اس قلعہ سے محمود نے کئی زنجیر ہاتھی حاصل کیئے ؎

بُردہ زنجیر بہ زنجیر وزاں قلعہ قطار ‎ ‎ ہم چناں است کہ بر روئے ہوا صف کلنگ[4]

اس فتح کے بعد مسعود کہتا ہے۔ کہ اب ہر طرف کے راجے تیری اطاعت قبول کرینگے۔ اور سونا چاندی اور ہاتھی خراج میں دینگے۔ اور پھر مشورہ دیتا ہے ؎

---

[1] دیوان مسعود ص ۲۱۵، [2] ایضاً ص ۳۰۶، [3] ایضاً ۲۰۷، [4] ایضاً ۲۰۷ +

چو پیل جمع شود پیل نامہ کن قنوج به پیل بانی پیلانت جند را بگمار[1]

اور پھر ؎

گاہ لشکر کشی بہ تبت و بلغار گہ سبر آری بہ سرستی و بدالمان[2]

جے پال کی شکست اور ایک اور فتح کا حال ایک اور قصیدے میں ملتا ہے۔ جو رونی اور مسعود دونوں کے دیوانوں میں شامل ہے۔ سیف الدولہ کی تعریف میں کہا گیا ہے ؎

بحرے است کہ موج بخلش گرد برانگیخت از قلعہ رودابہ واز لشکر جے پال

چنداں علم شیر برافراشت کہ بفزود زیشاں بفلک برچو اسد بے عدد اشکال

چنداں گلہ پیل برآورد کہ برخاست زیشان بزمین اندر زلزلہ بے زلزال[3]

رودابہ کا قلعہ جس کا ذکر ان اشعار میں کیا گیا ہے متعین نہیں ہو سکا۔

مسعود کے قصیدے سے پتہ چلتا ہے۔ کہ آگرہ کی فتح ۴۶۹ھ کے بعد کی ہے۔ کیونکہ اس میں اس کے صاحبقراں ہونے کی تائید کی گئی ہے۔ اور اس کی اس فتح کو مزید شہادت سمجھا گیا ہے۔ رونی ایک قصیدے میں اُسے دہلی پر چڑھائی کرنے کا مشورہ دیتا ہے ؎

سور دہلی کہ کار حرست کرد قصد والیش بے سر و سامان

چوں رسیدی بر آن حصار ببار بیخ آن را بزد بر نوک سنان

بر اشگی و بر سپاہش دم آیت کُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ[4]

یہ قصیدہ ۴۶۹ھ کے بعد کا معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ اس میں اُس کے امیر ہند بنائے جانے اور دوسرے لوازمات عطا کئے جانے کا صریحا ذکر موجود ہے۔

---

[1] دیوان مسعود ص ۳۹۵ (محمود تو نبر قنوج فتح نہ کر سکا۔ البتہ اس کے جانشین اور بھائی علاؤالدولہ مسعود ثالث نے قنوج کو فتح کیا۔ اور وہاں کے راجہ ملہی کو شکست دی۔ دیکھو دیوان مسعود ص ۲۴۹۔ ۲۵۰) دیوان رونی ص ۱۰۴ اور ص ۴۵) [2] ایضاً ۳۹۶، [3] ایضاً ص ۷۲، اور دیوان رونی ص ۷۷۔۷۸، [4] دیوان رونی ص ۹۷۔۹۸

سیف الدولہ کی فتوحات کا یہ سلسلہ کئی سال تک جاری رہا۔ لیکن اس عرصہ کی مزید تاریخی تفصیلات نہیں مل سکیں۔ سیف الدولہ ہندوستان میں عملی طور پر خود مختار تھا۔ بیشمار فتوحات نے اُس کے خزانے بھر دیئے تھے۔ جُرأت اور ہمت سے وہ اس اجنبی ملک میں لاہور کو مرکز بناکر کئی سال تک حکمران رہا۔ لیکن آخر کار

ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں

اُس کی زندگی میں ایک مایوس کُن انقلاب آیا۔ سلطان ابراہیم کو اس پر شک ہوا۔ اور وہ محبوس ہوکر عملی طور پر دُنیا کے سامنے سے ہمیشہ کے لئے غائب ہو گیا۔ اس کی گرفتاری کی مستند تاریخ موجود نہیں۔ لیکن ان محدود معلومات کی روشنی میں جو مسعود اور رونی کے ذریعے سے ہم کو میسر ہیں میں کوشش کروں گا۔ کہ اُس کی یہ تاریخ ابتلا مقرر کی جا سکے۔

نظامی عروضی سمرقندی کا بیان ہے:۔

در شہور سنہ اثنیں و سبعین و خمسمایہ صاحب غرضے قصہ بہ سلطان ابراہیم بر داشت کہ پسر او سیف الدولہ محمود نیت آن دارد۔ کہ بجانب عراق برود۔ بخدمت ملک شاہ، سلطان را غیرت کرد۔ و چناں ساخت۔ کہ او را ناگاہ بگرفت و بہ بست و بحصار فرستاد و ندیمان او را بند کرد و بہ حصارہا فرستاد۔ از جملہ یکے مسعود سعد سلمان بود[1]۔

نظامی عروضی کے اس بیان کی تمام تفصیلات جیسا کہ علامہ محمد قزوینی نے ظاہر کیا ہے درست نہیں ہیں[2]۔ سب سے پہلے ۵۷۲ھ کہنا قطعاً غلط ہے۔ کیونکہ قید کرنے والا سلطان ابراہیم اس سے کہیں پہلے وفات پا چکا تھا۔ کہا جا سکتا ہے کہ ۵۷۲ھ کی بجائے ۴۷۲ھ ہونا چاہئے۔ ایک صدی کا فرق کاتب کی غلطی ہے۔ لیکن ۴۷۲ھ بھی کئی وجوہ سے غلط ہے (جنہیں آگے بیان کیا جائے گا) ۴۷۲ھ کی تاریخ ایک اور سلسلے سے بھی تعلق رکھتی ہے

---

[1] چہار مقالہ نظامی عروضی سمرقندی مرتبہ علامہ محمد قزوینی ص ۴۴-۴۵،

[2] مسعود سعد سلمان، قزوینی، ترجمہ براؤن ص ۴۱-۴۲،

اور وہ یہ ہے۔

تواریخ سے سلطان ابراہیم کا ہندوستان میں آنا صرف ایک بار ثابت ہوتا ہے۔ تاریخ فرشتہ میں یہ ۴۷۲ھ دیا ہوا ہے[1]۔ لیکن تاریخ الفی میں ۴۸۱ھ[2]۔ تواریخ میں اس کے آنے کی وجہ محض اس کا شوقِ غزا ظاہر کیا گیا ہے۔ اور یہ بات کافی حد تک حیران کن تھی۔ کیونکہ ہندوستان میں سیف الدولہ کے معرکے گونج رہے تھے۔ اور اسلامی مملکت کی حدیں روز بروز پھیل رہی تھیں۔ اور ایسی حالت میں سلطان ابراہیم کے لئے ذاتی طور پر آنے کی ضرورت نہ تھی۔ مسعود سعد سلمان کے ایک قصیدے سے یہ الجھن صاف ہو جاتی ہے۔ اس کے قصیدے سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان دنوں ہندوستان کی فوجوں کا سپہ سالار نجم الدین زریر شیبانی تھا۔ سلطان ابراہیم نے اسے چالیس ہزار سواروں کا ایک لشکرِ جرار دے کر ہندوستان کی فتوحات کیلئے بھیجا تھا۔ شیبانی نے ناپن (نرادوڑی) مالوہ کالنجر اور بہت سے دوسرے مقامات کو فتح کیا۔ اور بے شمار دولت حاصل کی۔ ان فتوحات نے اسکے دماغ میں رعونت پیدا کر دی۔ اور اس نے ہندوستان میں اپنی حکومت قائم کرنی چاہی۔ اس مقصد کی تکمیل کے لئے اس نے ہندوستان کے راجوں سے ساز باز کی۔ اور فرہندہ کا مضبوط قلعہ اپنا صدر مقام تجویز کیا۔ سلطان ابراہیم کو جب اس امر کی اطلاع ملی۔ تو وہ خود لاؤ لشکر لے کر آیا[3]۔ فرشتہ ہمیں بتاتا ہے۔ کہ سلطان نے اجودھن کا قلعہ جسے آج کل پاک پٹن کہا جاتا ہے فتح کیا۔ اس کے بعد روپال کا قلعہ سر کیا۔ یہ قلعہ ایک پہاڑی کی چوٹی پر واقع تھا۔ اس کی ایک سمت دریا تھا اور دوسری طرف گھنا جنگل۔ روپال کی فتح کے بعد سلطان نے اور بھی فتوحات حاصل کیں[4] اور مسعود لکھتا ہے کہ جب شیبانی نے سرکشی اختیار کی۔ اور فرہندہ میں مقیم ہو گیا۔ تو سلطان کی فوجیں اس کی طرف بڑھیں۔ اور اسے شکست دے کر گرفتار

---

[1] تاریخ فرشتہ۔ نولکشور ایڈیشن۔ ص ۴۸، [2] تاریخ الفی بحوالہ ایلیٹ جلد پنجم ص ۱۶۲، [3] دیوان مسعود ص ۲۷۰۔ ۲۷۳، [4] تاریخ فرشتہ ص ۴۸ تا ۴۹ ❖

کر لیا۔ مسعود فرہندہ کے قلعہ کے علاوہ نور اور سادہ کے قلعوں کا نام لیتا ہے جنہیں ابراہیم نے فتح کیا۔ تاریخ الفی میں ان ناموں کا فرشتہ سے ذرا اختلاف ہے۔ وہاں اجودھن کی بجائے جود اور روپال کی جگہ دبال ہے۔ جیسا کہ تھامس نے ظاہر کیا ہے۔ یہ نور کا قلعہ موجودہ نور پور ضلع کانگڑہ کا قلعہ ہے۔ یقیناً یہی فرشتہ کا روپال اور تاریخ الفی کا دبال ہے۔ کیونکہ محل وقوع کی تفصیلات نہایت موزوں بیٹھتی ہیں۔ اور شاید فرشتہ کے اجودھن، تاریخ الفی کے جود اور مسعود کے فرہندہ میں بھی اسی طرح مطابقت ہو ؛

اس تمام قصیدے میں سیف الدولہ محمود کے متعلق ایک بھی اشارہ نہیں مسعود اسکے متعلق قطعاً چپ ہے۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ خاموشی جان بوجھ کر ہے۔ کیا سیف الدولہ پر شاہی عتاب تو نازل نہیں ہو چکا تھا۔ اور کیا مسعود کی یہ خاموشی شاہی عتاب کے ڈر کے مارے تو نہیں تھی۔ قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ حقیقت یہی ہے۔ محمود کی غیر حاضری اُس کی گرفتاری کی بیّن دلیل ہے۔ کیونکہ یہ ناممکن ہے کہ ہندوستان کے معرکوں میں محمود حصہ نہ لے۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ عتاب کب نازل ہوا۔ یا یہ قصیدہ کب لکھا گیا۔ اس کے متعلق دو ہی تاریخیں ہمارے پاس محفوظ ہیں۔ ایک فرشتہ کی تاریخ ۴۷۲ھ اور دوسری تاریخ الفی کی ۴۸۱ھ۔ گویا سیف الدولہ یا تو ۴۷۲ھ سے کچھ پہلے قید ہو چکا تھا۔ یا ۴۸۱ھ سے کچھ پہلے اب ہمیں جانچنا ہے کہ ان دونوں تاریخوں میں سے کونسی تاریخ صحیح ہو سکتی ہے ؛

نظامی عروضی کے بیان کے مطابق مسعود سعد سلمان، سیف الدولہ محمود کی مصاحبی کے جُرم میں محبوس ہوا تھا۔ اس سے ظاہر ہے کہ تقریباً ساتھ ہی گرفتار ہوا ہوگا یا کچھ عرصہ کے بعد۔ فرض کیا کہ مسعود ۴۷۲ھ کے کچھ عرصہ بعد یعنی یہ قصیدہ لکھنے کے بعد قید ہو گیا۔ قید کا زمانہ بقول مسعود کے دس سال تک رہا۔ گویا اُسے تقریباً ۴۸۲ھ کے آخر تک رہا ہو جانا چاہئے تھا۔ اور پھر وہ لکھتا ہے۔ کہ میری پہلی قید سے رہائی کے بعد کا زمانہ نہایت

---

[1] دیوان مسعود ص ۳۴۰ - ۳۴۳، [2] تاریخ الفی بحوالہ ایلیٹ جلد پنجم ص ۱۶۲ ؛

مختصر تھا۔ ؎ وداع کرد مرا دولت نکردہ سلام
فراقِ جست زمن پیش آنکہ بود وصال[1]

ابراہیم ۴۹۲ھ تک زندہ رہا[2]۔ اور اس کے بعد مسعود ثالث تختِ غزنی پر بیٹھا۔ جس کے عہد میں وہ کم از کم پہلے دو تین سال تک ضرور آزاد رہا۔ کیونکہ اسی زمانہ میں وہ جالندھر کا والی بنایا گیا تھا۔ اب ۴۸۲ھ سے لیکر ۴۹۲ھ تک تقریباً تیرہ چودہ سال کا عرصہ ہو جاتا ہے اور یہ طویل عرصہ ایسا نہیں کہ اسے بالکل مختصر کہا جاسکے۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ مسعود نے سلطان ابراہیم کے ہاتھوں آزاد ہو جانے کے بعد سلطان کی شان میں صرف دو تین قصیدے لکھے ہیں جو ظاہر کرتے ہیں کہ مسعود کو سلطان ابراہیم کی تعریف میں رہائی کے بعد قصیدے لکھنے کا زیادہ موقعہ نہیں ملا۔ لہٰذا یہ سن یعنی ۴۸۲ھ کے کچھ عرصہ بعد گرفتار ہونا قطعاً غلط ہے ۔

اب رہا ۴۸۱ھ تو اس کے قبول کرنے میں کوئی اُلجھن نہیں ہوتی۔ فرض کیا کہ وہ ۴۸۱ھ کے کچھ عرصہ بعد قید ہوا۔ قید کے دس سال گذارنے کے بعد وہ ۴۹۱ھ میں سلطان ابراہیم کے حکم سے آزاد ہوا۔ ۴۹۲ھ میں سلطان ابراہیم وفات پا گیا۔ اور اس طرح مسعود کو اس کی مدح میں شکر گزاری کے قصائد لکھنے کا کم موقعہ ملا۔ مسعود ثالث کی تخت نشینی کے دو تین سال بعد وہ پھر آٹھ سال کے لئے قید ہو گیا اس طرح اُس کی رہائی کا وقفہ تقریباً تین چار سال بنتا ہے۔ جس کے لئے وہ کہہ سکتا ہے ؎

وداع کرد مرا دولت نکردہ سلام
فراقِ جست زمن پیش آنکہ بود وصال

---

[1] دیوانِ مسعود صفحہ ۳۱۲۔ [2] سلطان ابراہیم کی تاریخ وفات میں اختلاف ہے۔ ایک گروہ اُس کا سالِ وفات ۴۸۱ھ بتاتا ہے اور دوسرا گروہ ۴۹۲ھ۔ لیکن جدید تحقیقات سے ثابت ہوا ہے ۔ کہ ۴۹۲ھ ہی درست تاریخ ہے۔ علامہ قزوینی، رشید یاسمی اور دوسرے جدید مؤرخ اسی پر اتفاق رکھتے ہیں۔

اس تجزیہ سے ثابت ہوا۔ کہ سلطان ابراہیم نے ۴۸۱ھ میں لشکر کشی کی۔ اس وقت تک مسعود آزاد تھا۔ اس کے بعد وہ شُبہ میں گرفتار کر لیا گیا اب بقول نظامی عروضی وہ سیف الدولہ محمود کی مصاحبی کے جرم میں گرفتار ہوا تھا۔ اس لئے ضروری ہے کہ وہ دونوں تقریباً ایک ساتھ قید ہوں۔ مسعود اپنی شرح گرفتاری اس طرح بیان کرتا ہے۔ کہ پہلے اس سے اُس کا منصب چھینا گیا۔ منصب و جاگیر چھن جانے کے بعد وہ غزنی میں شکایت کے لئے گیا۔ جہاں بجائے داد رسی کے اُسے قید میں ڈال دیا گیا۔ گویا ان دونوں کی گرفتاری میں ایک وقفہ ضرور ہے۔ اب مسعود ۴۸۱ھ میں جیسا کہ قصیدہ کے انداز سے معلوم ہوتا ہے آزاد تھا۔ اور پھر اس قصیدہ میں سیف الدولہ کا قطعاً کوئی ذکر نہیں۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ سیف الدولہ اُس وقت تک قید ہو چکا تھا۔

ان تمام چیزوں کو پیش نظر رکھ کر میں اس طرح سوچنے پر مائل ہوں کہ ۴۸۱ھ سے کچھ عرصہ پہلے سلطان ابراہیم نے سیف الدولہ کو اس کی غمازی کئے جانے پر قید کر لیا۔ اس کے قید ہونے کے بعد اس نے نجم الدین زریر شیبانی کو جو اس کا پروردہ تھا ہندوستان کی فوجوں کا سپہ سالار بنا کر بھیجا۔ شیبانی نے ہندوستان میں مختلف فتوحات حاصل کیں ان فتوحات کے نشہ سے سرشار ہو کر وہ ہندوستان میں الگ حکومت بنانے کے خواب دیکھنے لگا۔ اس مطلب کیلئے اُس نے ہندوستان کے راجوں سے ساز باز شروع کر دی۔ فضا سازگار تھی۔ اُس نے نہایت قلیل عرصہ میں کافی طاقت حاصل کر لی۔ جب سلطان ابراہیم کو اس بات کا علم ہوا تو وہ ۴۸۱ھ میں خود ہندوستان آیا۔ بقول مسعود کے شیبانی فرہندہ کے قلعہ میں پناہ گزین تھا۔ ایک مختصر سی چپقلش کے بعد شیبانی گرفتار کر لیا گیا۔ اس کے کچھ عرصہ بعد مسعود سعد سلمان بھی محبوس کر دیا گیا۔ دیکھئے۔ واقعات کی کڑیاں کس قدر خود بخود ملتی جاتی ہیں۔ اور ہندوستان اور ہندوستان کی تاریخ کا ایک گمنام باب صاف روشنی میں آتا جاتا ہے۔

روّنی اس واقعہ کا ایک اور تماشائی ہے۔ وہ شیبانی کی فتوحات کا ذکر کرتا ہے سلطان ابراہیم کے آنے پر قصیدہ کہتا ہے لیکن شیبانی کی بغاوت کے متعلق خاموش ہے۔ اسی طرح وہ سیف الدولہ کی گرفتاری کے متعلق قطعاً خاموش ہے۔ اور مصلحت کا تقاضا بھی یہی تھا۔ تاہم وہ سیف الدولہ کے جانشین کا ذکر کرتا ہے۔ یہ شعر مطبوعہ دیوان روّنی میں تو نہیں ملتا۔ لیکن رشید یاسمی دیوان مسعود کے دیباچے میں اس کا ذکر کرتا ہے ؎

مسعود جہاندار چو مسعود ملک
بنشست بحق بجائے محمود ملک[1]

اس سے پتہ چلتا ہے کہ سلطان ابراہیم نے سیف الدولہ کو قید کرنے کے بعد اپنے دوسرے بیٹے مسعود کو ہندوستان کا والی بنا کر بھیجا۔ یہی مسعود آگے چل کر سلطان علاء الدولہ کے نام سے ۴۹۲ھ سے لیکر ۵۰۸ھ تک تخت غزنی پر حکمران رہا ÷

جیسا کہ نظامی عروضی نے لکھا ہے۔ سیف الدولہ کو ایک قلعہ میں قید کر دیا گیا۔ اس قلعہ کا نام کسی تاریخ سے معلوم نہیں ہو سکا۔ لیکن ریورٹی (Raverty) نے طبقات ناصری کے ترجمہ میں حاشیہ پر لکھا ہے کہ "سیف الدولہ محمود کو ۴۷۱ھ میں غزنی کے قلعہ میں نظر بند کر دیا گیا۔"[2] معلوم نہیں ہو سکا کہ ریورٹی (Raverty) کی معلومات کا ماخذ کیا ہے۔ اتنا ظاہر ہے کہ ۴۷۱ کا سنہ درست نہیں۔ اگرچہ غزنی کا قلعہ اغلب ہے ÷

آل سلجوق سلطان محمود غزنوی کے زمانے میں اس کی اجازت سے اس کی سلطنت میں آباد ہو گئے تھے۔ اور سلطان کو بعد ازاں اس اجازت دینے پر پشیمان ہونا پڑا تھا۔ اُس نے جلد ہی اس خطرہ کو بھانپ لیا تھا۔ جس نے آخرکار اُس کی سلطنت کی بنیادیں کھوکھلی کر دیں۔ محمود کے وفات پا جانے کے بعد ۴۳۱ھ میں مسعود کو سلجوقیوں نے دندانقان

---

[1] بحوالہ دیباچہ دیوان مسعود سعد سلمان۔ رشید یاسمی ملا۔

[2] طبقات ناصری ترجمہ ریورٹی (Raverty) جلد اول حاشیہ نمبر ۴ ص۱۰۵

کے مقام پر شکست فاش دی۔ اور بہت سے غزنوی مقبوضات چھین لئے سلجوقی جلد ہی بہت زیادہ طاقت پکڑ گئے۔ حتّٰی کہ اُنھوں نے ایک وسیع سلطنت قائم کر لی۔ ابراہیم اسی لئے اُن سے خائف تھے۔ اسی خوف کو دُور کرنے کے لئے اُس نے اپنے بیٹے مسعود کی شادی ملک شاہ سلجوقی کی بیٹی مہد عراق سے کر ڈالی تھی۔ ایسا کرنے کے باوجود بھی اُسے خطرہ تھا۔ اور اسی لئے جب سیف الدولہ کے متعلق یہ شکایت کی گئی۔ کہ وہ ملک شاہ سے ساز باز کر رہا ہے تو اُسے گوارا نہ ہُوا۔ اگرچہ نظامی عروضی کے اندازِ بیان سے پتہ چلتا ہے۔ کہ یہ محض بہتان تھا۔ لیکن سیف الدولہ کے ندیم مسعود سعد سلمان کے ہاں خراسان جانے کی متواتر خواہش پائی جاتی ہے۔ اور پھر اسے اس چیز پر افسوس بھی ہے۔ کہ اس پر خراسان جانے کا الزام لگایا جاتا ہے ؎

گرخستۂ آفت لہاوورم گر بستۂ تہمت خراسانم [۱]

بہرحال یہ ایک خطرہ تھا۔ درست یا غلط اس کے متعلق کچھ کہا نہیں جا سکتا۔ سیف الدولہ کے محبوس ہو جانے کے بعد تاریخیں تو خیر پہلے ہی سے خاموش تھیں، مسعود اور رونی بھی بالکل خاموش ہو جاتے ہیں ؂

حکومت

تاریخ بیہقی کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے۔ کہ ہندوستان کا انتظام دو حصّوں میں منقسم تھا۔ فوجی اور مالی۔ فوجی سپہ سالار کے سپرد تھا۔ اور مالی قاضی القضاۃ کے سپرد۔ یہ دونوں ایک دُوسرے کے اثر سے آزاد رہ کر ایک وائسرائے کے ماتحت تھے۔ وائسرائے اکثر خود میدان جنگ میں شریک ہوتا تھا۔ اور ایسی حالتوں میں عملاً سپہ سالار وہی ہوتا تھا سیف الدولہ بھی ہندوستان میں اپنے باپ سلطان ابراہیم کی طرف سے وائسرائے مقرر تھا۔ مالی معاملات میں تو اُس کے دخل دینے کا پتہ نہیں چلتا۔ اگرچہ ہم سمجھ سکتے ہیں۔ کہ

---

[۱] دیوان مسعود صفحہ ۳۵۱

کہ انصاف کے معاملے میں وہ آخری عدالت رکھتا ہوگا) لیکن فوجی مہموں میں وہ اکثر شریک تھا۔ اس زمانے میں غزنوی مقبوضات کی وسعت جیسا کہ مسعود کے ایک قصیدہ سے ظاہر ہوتا ہے۔ شمال میں کشمیر سے لیکر جنوب میں سیوستان (سندھ) تک اور مغرب میں مہیارہ سے لیکر مشرق میں آساسرد تک پھیلی ہوئی تھی ؎

ولایتی کہ بدو داد خسرو عالم ۔۔۔ ہزار ماشئے فزوں بود در نواحی آں
بطول بود زمہیارہ تا بآساسرد ۔۔۔ بعرض بود زکشمیر تا بہ سیوستاں[1]

بدقسمتی سے مہیارہ اور آساسرد ہر دو مقامات متعین نہیں کئے جا سکے۔ لیکن مسعود ایک اور قصیدے میں ایک مقام بلہیارہ کا ذکر کرتا ہے۔ جو جہلم سے پرے غزنی کی طرف واقع ہے۔ شاید یہ بلیارہ اور مہیارہ ایک ہی ہوں۔ اور یہ اختلاف طباعت کی غلطی ہو۔ آساسرد کے متعلق کچھ کہا نہیں جا سکتا۔ اور اس لئے مشرقی حدود غیر معلوم ہیں۔ لیکن جیسا کہ ہم جانتے ہیں سیف الدولہ آگرہ تک جا پہنچا تھا۔ اور بعد میں وزیر شیبانی کی فتوحات مالوہ اور کالنجر تک تھیں۔ لیکن ان علاقوں کو سلطنت میں باقاعدہ شامل نہیں سمجھنا چاہئے۔ کیونکہ ان فتوحات کی اہمیت فوجی مہموں سے زیادہ نہ تھی۔ حکومت کی مزید تفصیلات کا علم نہیں ہو سکا۔ لیکن یہ حکومت بیشتر فوجی قسم کی نظر آتی ہے۔ جس میں جاگیرداری نظام کارفرما ہے۔ بادشاہ یا دالسرائے کی موجودگی میں تو امن وامان ہوتا تھا۔ لیکن ادھر انہوں نے پیٹھ موڑی۔ اور ادھر ملک میں بدامنی شروع ہوگئی۔ چنانچہ ایک دفعہ جب سیف الدولہ غزنی گیا۔ اور آٹھ نو ماہ تک قیام کیا۔ تو اس کی غیر حاضری میں ہندوستان سے امن وامان اٹھ گیا۔ اور جب وہ واپس آیا۔ تو پھر امن وامان قائم ہوا۔ چنانچہ رونی لکھتا ہے ؎

زاں پس کہ ایں دیار بہ اسلام ہشت ماہ ۔۔۔ دار القرار بودی دار الفرار شد
نہ ماہ بے فسارہمی تاخت روزگار ۔۔۔ تا سرکش سیاست سیفی فسار شد[2]

---

[1] دیوان مسعود ص ۱۰۱ ، [2] دیوان رونی ص ۳۶ ۔

مسعود اُس کے عدل، انصاف کی تعریف کرتا ہے۔ اور کہتا ہے کہ جس ملک میں تیرے نام کا خطبہ پڑھا جاتا ہے۔ وہاں ہر طرف خوش حالی ہوتی ہے۔ قحط و بلا کا نام نہیں ہوتا ؎

بکشوری کہ بنامت کنند خطبہ ادا درو بینند از قحط واز نیاز نشان[1]

الغرض اس کے عہد میں ہم ایک ایسی شخصی حکومت کا نقشہ دیکھتے ہیں۔

شخصیت۔ قصائد سے جیسا کہ توقع ہے۔ خالی اوصاف و اخلاق کا پتہ لگانا بہت دشوار ہے کیونکہ وہ تو تصویر کا ایک ہی رُخ ظاہر کرتے ہیں اور وہ بھی نہایت مبالغہ آمیزی سے۔ شجاعت، ہمدردی، فیاضی، حلم اور عدل ایسے اوصاف ہیں جو مشرق میں ہمیشہ بادشاہوں کیلئے پسند کئے جاتے ہیں۔ اور اسی لئے شعراء کو یہ اوصاف قصائد میں چاہے ہوں یا نہ ہوں گنوانے پڑتے ہیں۔ اس لئے ان تمام رسمی اوصاف سے قطع نظر ہم اُس کے خاص اخلاق کا پتہ لگانے کی کوشش کرتے ہیں جن کا ذکر صداقت سے خالی نہیں ہو سکتا۔

رُونی اُس کے حسن و جمال کی تعریف کرتا ہے ؎

کس را نبود ملک و جمال از ملوک یار
او را جمال یوسف با ملک یار شد[2]

اور جب وہ والیٔ ہند بن کر آیا۔ تو لکھتا ہے ؎

بہ لاہور در آمد میان موکب خویش
بزینتے کہ برآید شب چہاردہ ماہ[3]

اس کی ذاتی شجاعت اور طاقت کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے۔ کہ وہ طویل سفروں سے نہیں اُکتاتا۔ اور پھر میدان جنگ میں بپھرے ہوئے شیر کی طرح دُوسرے سپاہیوں کے شانہ بشانہ خود تلوار کے جوہر دکھاتا ہے۔ مسعود آگرہ کی فتح کے حال میں لکھتا ہے ؎

خُدایگان را دیدم بگرد رزم اندر چو شرزہ شیر بدست اژدہای مردم خوار

---

[1] دیوان مسعود ص۴۲۵، [2] دیوان رُونی ص۱۳۲، [3] ایضاً ص ۱۱۱-۱۱۲۔

اور جس کی تعریف میں مسعود کہے۔ کہ ؎

اگر ملوک بخوانند کارنامۂ ملک

نخست نام تو بینند بر سر عنوان

زمانے کی گردش سے اس قدر تغافل کا شکار ہو جائے۔ کہ تاریخ اُس کے متعلق قطعاً خاموش ہو۔ اگر اُس نے ان دونوں شعراء کی قدر نہ کی ہوتی۔ تو محمود سبکتگین کی سی ہمت و فطرت رکھنے والا سیف الدولہ محمود جیسے اگر زمانے نے مہلت دی ہوتی تو شاید دُنیا ہر لحاظ سے آسے محمود ثانی کہکر پکارتی آج صفحۂ ہستی سے ہر لحاظ سے ہمیشہ کے لئے محو ہو گیا ہوتا۔ یہ عجیب سماں دیکھ کر مجھے بے اختیار نظامی عروضی کا وہ قطعہ یاد آجاتا ہے جس میں اُس نے شاعروں کی اس دوام بخش قوت کا اعلان کیا ہے ؎

بسا کا خاکہ محمودش بنا کرد
کہ از رفعت سرش را تا سما کرد

نہ بینی زاں ہمہ یک خشت برپا
مدیح عنصری ماندست برجا!

مجھے یقین ہے کہ ان اشعار کا اطلاق اس سے زیادہ صحیح طور پر کبھی نہیں ہو سکیگا!!

مشتاق احمد بھٹی ایم۔ اے
یونیورسٹی ریسرچ سکالر۔ لاہور
(حال پروفیسر اسلامیہ کالج۔ جالندھر)

اعتذار ادارۂ اورینٹل کالج میگزین اپنے محترم ناظرین سے معذرت چاہتا ہے۔ کہ گورنمنٹ سے طباعت کا اجازت نامہ حاصل کرنے میں دیر ہو جانے کی وجہ سے پچھلا اور موجودہ نمبر اپنے وقت پر شائع نہ ہو سکا۔ کاغذ کی مشکلات کی وجہ سے میگزین کا حجم بھی کم کرنا پڑا ہے۔ یہ سب مجبوریاں اختتامِ جنگ تک رہیں گی۔ (اڈیٹر)

[4] العقد ، یا صاحب القصر[5] نعم منزل حاضر ان شئت او بادی ، اغانی وجدنا اھلہ من حاضر بادی ، المرزبانی : فی منزل حاضر ان شئت او باد ، [6] عقد : ترق الخ ، اغانی ترقی قراقیرہ والعیس الخ ، المرزبانی : ترفی بہ السفن والغلمان الخ ، ـــ الظُلْمان جمع الظلیم ،

افخر و كاثر بالقرعية ... إنما فخر المكاثر

واعلم بأن العلم ما ... اوعيت في صحف الضمائر

وقال ابو هلال رحمه الله تعالى لو قال "ما ضمنته صحف الضمائر" كان اجود،

(ديوان المعانی لابی هلال العسكری، قاهره ۱۳۵۲ھ، ۱۴۶:۱)

(۸)

قال ابن المعتز، ومما يستحسن للخليل بن احمد من شعره قوله:

وما هی الا ليلة ثم يومها ... وحول الی حول وشهر الی شهر

مطايا يقربن الجديد الی البلی ... ويدنين اشلاء الكريم الی القبر

ويتركن ازواج الغيور لغيره ... ويقسمن ما يحوی الشحيح من الوفر

(طبقات ابن المعتز ص ۳۹)

(۹)

قال الخوانساری: وله ايضًا اشعار رائقة كثيرة منها قوله:

كتبت بخطی ما تری فی دفاتری ... عن الناس فی عمری وعن كل غابر

ولولا عزائی انه غير مخلد ... علی الارض لاستودعتها فی المقابر

(روضات الجنات للخوانساری ص ۲۷۵)

(۱۰)

قال القتبی: وقال الخليل بن احمد:

۱؎ طبقات: البلاء، شذرات الذهب لابن عماد (۱: ۲۷۶) مثل متن،

۲؎ شذرات، الكرام بجای الكريم،

۳؎ خالد؛ یہ اشعار سوائے روضات کے اور کہیں نظر نہیں آئے۔

اِعمَل بقولی[1] ولا تنظر الی عملی[2] ینفعک قولی ولا یضرُّک تقصیری

(عیون الاخبار ۲ : ۱۲۵)

۱۱

قال السیوطی: هو (ای الخلیل) اول من جمع حروف المعجم فی بیت واحد وهو:

صِف خَلقَ خَودٍ کمثل الشمس اذ بزغت یحظی الضجیعُ بها نَجلاءَ مِعطارِ

(بغیة الوعاة ۲۴۴ وشذرات الذهب ۱ : ۲۷۵)

(۱۲)

قال القالی: انشدنا ابوبکر الاموی عن الحسین بن عبد الرحمن للخلیل ابن احمد:

اِن کُنتَ لستَ معی فالذِکرُ منکَ هُنا یرعاکَ قلبی وان غُیّبتَ عن بَصَری

العینُ تفقِدُ من تَهوی و تُبصِرُہ وناظرُ القلبِ لا یخلو من النَّظَرِ

(کتاب الامالی لابی علی القالی ۲ : ۱۹۹)

(۱۳)

وصنّف (ابوعمرو عیسی بن عمر والثقفی) فی النحو الاکمال والجامع وفیهما یقول تلمیذہ الخلیل:

بطَل النحو جمیعًا کلّہ غیرما احدث عیسی بن عمر

---

[1] کتاب المعارف ص ۲۶۹ و خوانساری: بعلمی (بجای بقولی)، مصراع دوم: علمی (بجای قولی)، [2] فی العقد (۲، ۱۵۱) وان قصرت فی عملی (بجای ولا تنظر الی عملی)، خوانساری نے لکھا ہے کہ الخلیل وعظ کہہ رہا تھا کہ ایک جاہل وہاں سے گزرا۔ اُس نے کہا۔ وغیر تقی یأمر الناس بالتقی۔ طبیب یداوی والطبیب مریض، خلیل نے اسکا جواب متن کے شعر سے دیا، العقد میں ہے کہ یہ شعر زیاد بن ابیہ (م ۵۳ھ) نے اپنے خطبہ میں پڑھا اس صورت میں یہ شعر خلیل کا نہیں ہوسکتا۔ خوانساری ص ۲۷۳: بخلا بقنطار (یہ تصحیف ہے)۔

ذاک الکمال[1] وھذا جامع　　فھما للناس شمسٌ وقمر

(السیرافی ص۵۳ والفہرست ص۴۲ وروضات الجنات للخوانساری ص۲۷۴)

(۱۴)

قال ابو محمد (ای ابن قتیبۃ)، وضربٌ منہ (ای من الشعر) جاد معناہ وقصرت الفاظہ کقول ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ وکقول الخلیل بن احمد العروضی:

انّ الخلیط تصدّعْ　　فطِر بدائک اَو قَعْ

لولا جوارٍ حسانٌ　　حُورُ المدامع اربعْ

امّ البنین واسماءُ　　والربابُ وبوزعْ

لقلتُ للراحلِ ارحَل　　اذا بدا لک اَو دَعْ

وھذا الشعر بیّن التکلّف ردیُ الصنعۃ وکذلک اشعار العلماء لیس فیھا شیٔ جاء عن اسماح وسھولۃ کشعر الاصمعی وشعر ابن المقفّع وشعر الخلیل خلاَ خَلَف الاحمر فانّہ (کان) اجودھم طبعًا واکثرھم شعرا، ولو لم یکن فی ھذا الشعر الّا اُمّ البنین وبوزعِ لکفاہ،

(کتاب الشعر والشعراء طبع یورپ ص۱۰ تا ۱۱)

(۱۵)

قال ابن قتیبۃ، انشدنا[2] عبد الرحمٰن بن ھانی صاحب الاخفش عن

---

[1] سیرافی کے مطبوعہ نسخہ میں الکمال ہے، السیرافی نے ان شعروں کو نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ یہ دو کتابیں ہم تک نہیں پہنچیں اور نہ مجھے کوئی شخص ملا جس نے کہا ہو کہ اس نے یہ کتابیں دیکھی ہیں۔ المزہر ۲: ۲۴۸ پر پہلا شعر یوں ہے ۔ بطل النحو الذی الفتمو۔ غیر ما الف عیسی بن عمر۔ الفہرست میں یہی لکھا ہے کہ طویل مدت سے یہ کتابیں گم ہیں۔ اسی موقع پر سیوطی نے کہا ہے کہ الجامع مبسوط تھی اور المکمل مختصر، اسکے بعد لکھا ہے قال محمد بن یزید قرأت اوراق من احد کتابَی عیسی بن عمر وکان کالاشارۃ الی الاصول، [2] کتاب المعارف ص۲۶۹، وانشد (ابن ہانی) لہ (ای للخلیل ایضًا) (ہجا ی عباسۃ بن ؟) لسان العرب (۱۰: ۲۲۱)؛ وانشد الخلیل یذم رجلا، عقد (۳: ۲۶۹): وقال الخلیل بن احمد،

الاخفش الخلیل[۱]:

کفّاہ لم تُخلَقا للندی ولم یکُ بُخلُهما بِدعَة
فکفٌّ عن الخیر مقبوضةٌ کما نُقِصت مائةٌ[۲] سبعَة
وکفٌّ[۳] ثلاثةُ آلافها وتسعُمئیها[۴] لها شِرعَةٌ[۵]

(عیون الاخبار ۲ : ۳۵)

(۱۶)

قال ابن خلکان: ومن السائر الذی یروی له قوله[۶]:

لوکنت تعلم ما اقول عذرتنی اوکنت تعلم ما تقول عذلتکا
لکن جهلت مقالتی فعذلتنی وعلمت انّک جاهلٌ فعذرتکا

(طبقات ابن المعتز ص۳۰، ونزهة الالباء ص۵۵، ووفیات الاعیان ۱ : ۱۴۳)

(۱۷)

قال القتبی: وقال الخلیل بن احمد[۷]:

اَبلِغ سلیمان انّی عنهُ[۸] فی سَعَةٍ وفی غِنیً غیرَ انّی لستُ ذا مالِ

---

[۱] عقد: یخلقا، معارف مثل متن، [۲] عقد: خلقهما، [۳] معارف (مصحّفا)، نقصت ما به (بجای نُقِصت مائةٌ)، کتاب الشعر (ص ۲۹۶) میں ایک روایت، حطّ عن مائة، [۴] عیون (مصحّفا)، تسعه، تصحیح از روی معارف وکتاب الشعر وعقد ولسان، [۵] کتاب الشعر ولسان واخری (بجای کفٌّ)، [۶] معارف: وتسع ملیئُها شرعه (بجای عبارت متن)، عقد: وتسع میاء لها شرعه، [۷] العقد (۱ : ۱۹۱): وجاء کیسان الی الخلیل بن احمد یسأله عن شیء ففکر فیه الخلیل لیجیب فلما استفتح الکلام قال له لا ادری ما تقول فانشاء الخلیل یقول (بجای عبارت متن)، نزهة الالباء ص ۵۶ ورُوی عنه انه کان یقطع العروض فدخل علیه ولدُه فی تلک الحالة فخرج الی الناس وقال ان ابی قد جنّ فدخل الناس علیه وهو یقطع العروض فاخبروه بما قال ابنه فقال له [illegible] نزهة کا بینا من شعره بجای العروض اول والبیت بجای العروض ثانی، حاشیہ کلام ابن خلکان بھی مثل متن، بغیة ص۲۴۴: وکان یقول الشعر فمنه، [۸] عقد: اعلم (بجای تعلم)، سیرافی: اجهل، بغیة: تجهل، [۹] ان ابیات کا قصہ پہلے آچکا ہے، [۱۰] صرف سیرافی: عنک (بجای عنه)۔

(۱۹)

قال العسکری، واجود شیٔ قیل فی الحلم من الشعر ما اخبرنا به ابو احمد اخبرنا ابن درید اخبرنا ابو عثمان عن الاخفش قال: قال رجل من الخلیل بن احمد واُسمعه فقال الخلیل:

سأُلزمُ نفسی الصفحَ عن کُلِّ مُذْنِبٍ وان کثرت منه علیّ الجرائمُ

وما النّاس الّا واحدٌ من ثلاثةٍ شریفٌ ومشروفٌ ومثلٌ مُقاومُ

فأمّا الذی فوقی فاعرفُ فضلہ وأتبع فیه الحقَّ والحقُّ لازمُ

واما الذی مثلی فان زلّ اوهفا تفضّلتُ اِنّ الفضل بالعزِّ حاکمُ

واما الذی دونی فان قال صُنتُ عن اجابته عرضی وان لام لائمُ

...م هذا الشاعر ثم نثر فاحسن ولم یدع مزیداً ،

(دیوان المعانی لابی هلال العسکری ۱: ۱۴۴)

(۲۰)

قال ابن عبد ربه: مدح قوم من الشعراء جعفر بن سلیمان بن علی ...عبد الله بن عبّاس فما طلهم بالجائزة وکان الخلیل بن احمد صدیقه ...ن وقت مدحهم ایاه غائبا فلمّا قدم الخلیل اتوه فاخبروه فاستعانوا به ...یه فکتب الیه:

لا تقبلنّ الشعر ثمّ تعقّه وتنام والشعراء غیرُ نیامِ

واعلم بأنّهم اذا لم ینصفوا حکموا لانفسهم علی الحکّامِ

وجنایة الجانی علیهم تنقضی وعقابهم باقٍ علی الایّام

...جازهم واحسن الیهم ،

(العقد الفرید ۳: ۱۲)

(۲۱)

قال القتبی: وقال الخلیل بن احمد:

وَذَمَّنَتُ کلّ صدیقٍ وَدَّنی ثمناً ۔۔۔ الّا المؤمّل دولاتی وایّامی

(عیون الاخبار ۳: ۱۵)

(۲۲)

قال ابن المعتز: وأهدى الیه سلیمان من السند هدیة نزرة فرد...
وقال:

وخصلةٍ یکثر الغیظان ان ذکرت ۔۔۔ منها التعجّب جاءت من سلیمانا

لا تعجبنّ لخیرٍ زلّ عن یده ۔۔۔ فالکوکب النحس یسقی الارض احیانا

(طبقات ابن المعتز ص ۳۲)

(۲۳)

قال الخلیل:

انّ الذی شقّ فمی ضامنٌ ۔۔۔ للرزق حتّی یتوفّانی

حرمتنی مالاً قلیلاً فما ۔۔۔ زادک فی مالک حرمانی

(وفیات الاعیان ۱: ۱۷۳)

---

[۱] وفیات (۱: ۱۷۳) میں اس قصّہ کو نظم نمبر ۲۳ کے ساتھ متصل کیا ہے یعنی سلیمان نے راتب بند کیا تو خلیل نے نظم نمبر ۲۳ لکھی جس نے عذر کیا اور راتب دگنا کر دیا تو خلیل نے یہ نظم لکھی، دوسرا شعر دیوان المعانی للعسکری ۱: ۱۸۵ پر بھی ہے، وفیات (۱: ۱۷۳) و روضات، ص ۲۷۵: نزلة (بجای خصلة [۳] روضات (ص ۲۷۵): لم یزدنا وینقص (بجای عبارت متن)، محاضرات راغب (طبع مصر) ص ۲۱۳ میں یہ شعر ایک اعرابی کی طرف منسوب ہوئے ہیں جس نے کہا ہے: واجری بعض الکبار علی اعرابی شیئاً ثم قطعه عنه فقال فیه: ان الذی شق ابی... محاضرات میں بلی الرزق ہے (بجای للرزق)، اور نفعاً (بجای مالاً) اور نفعک (بجای مالک)،
[۴] روضات: خیراً (بجای مالاً)

سے علم حاصل کیا۔ اور اُن کے پاس آتا جاتا رہا ۔

معجم الادبا ر ۷ : ۱۰۷ پر ہے۔ کہ محمد بن مناذر زاہد اور امام لُغت نے خلیل بن احمد اور ابو عبیدہ سے علم ادب اور لغت تحصیل کیا۔ معجم الادبا کی اسی جلد میں ص ۱۵۹ پر مروان بن سعید ابن مروان بن المہلبی کی نسبت کہا ہے۔ کہ وہ متقدمین اور مبرزین نحاۃ میں سے تھا۔ اور اصحاب خلیل میں شامل تھا۔ اور ص ۲۸۹ پر ہے کہ ابو محمد یحیی بن المبارک الیزیدی نے لغت اور عروض خلیل سے حاصل کیا۔ اسی طرح معجم الادبا ر ۴ : ۱۳۵ پر امام حماد بن سلمہ بن دینار ابو سلمہ البصری کی نسبت لکھا ہے۔ کہ وہ نحو میں خلیل کا شاگرد تھا ۔

راجع بہ ص ۴۲ (س) بعض معاصرین سے خلیل کے تعلقات

اس سلسلے میں ایک دو حکایتیں اور بھی نظر آئی ہیں۔ ذیل الامالی والنوادر لابی علی القالی ص ۱۰ پر ایک قصہ دیا ہے۔ جس میں خلیل بن احمد اور اس کا دوست ابو المعلی مولای بنی یشکر ایک عورت کیساتھ باتیں کرتے ہیں جو فصحاء عرب میں سے تھی۔ یہ قصہ فحش ہونے کی وجہ سے یہاں درج نہیں کیا جاتا ۔

صاحب روضات الجنات ۱ : ۲۷۵ پر ایک شخص کا قصہ کسی معتبر شخص سے نقل کیا ہے۔ یہ شخص اپنے لڑکے کو لیکر خلیل کے پاس آیا۔ اور اس سے کہا : اے شیخ! میں دُور سے آپ کے پاس آیا ہُوں۔ میرے لڑکے کو کچھ علم نجوم اور نحو اور طب اور فرائض فقہ پڑھا دیجئے۔ مگر گدھا دروازے پر تیار کھڑا ہے۔ خلیل نے اس لڑکے سے کہا : جان لو کہ ثریا آسمان کے درمیان میں ہے۔ فاعل مرفوع ہوتا ہے۔ ہلیلہ کابلی دافع صفراء ہے۔ اور اگر کوئی آدمی دو بیٹے چھوڑ مرے تو مال متروکہ ان کے درمیان برابر برابر تقسیم ہوگا۔ پھر کہا۔ اُٹھ اے میرے بیٹے! صاحب روضات ہی نے کہا ہے۔ کہ مجمع البیان میں خلیل کی نیک باتوں کے متعلق نضر بن شمیل کی ایک روایت دی ہے۔ وہ کہتا ہے۔ کہ کسی نے خلیل سے قولہ تبارک وتعالی رَبِّ ارْجِعُونِ

---

[1] قرآن مجید ۲۳ (سورۃ المومنین) : ۱۰۱

کے معنی پُوچھے، وہ سوچ سوچ کر کہنے لگا۔ تم مجھ سے ایسی بات پوچھتے ہو۔ جس سے میں بھی واقف نہیں ہوں۔ اسکے معنی مَیں نہیں جانتا۔ لوگوں کو خلیل کی یہ بات پسند آئی۔

راجع بہ صفحہ ۴۴ (ط) مصنّفاتِ خلیل

کتاب العین

سیوطی نے المزهر (۱: ۷۰ بعد) پہ کتاب العین کے متعلق بہت سے اقوال نقل کئے ہیں۔ ان میں سے بعض اقوال اوپر آچکے ہیں۔ بعض اَور باختصار یہاں درج کئے جاتے ہیں:-

امام فخرالدین نے المحصول میں لکھا ہے۔ کہ لغت کی کتابوں کی اصل کتاب العین ہے۔ اور جمہور اہل لغہ اس کی قدح پر متفق ہیں۔

بعض نے کہا کہ کتاب العین خلیل کی نہیں، لیث بن نصر بن سیار خراسانی کی تصنیف ہے[1]

الازہری نے کہا ہے کہ لیث مرد صالح تھا۔ اس نے کتاب العین بنا کر خلیل کی طرف منسوب کردی۔ اس خیال سے کہ کتاب خلیل کے نام کی بدولت رواج پاجائے۔ اور لوگوں کو اس کی طرف رغبت پیدا ہو۔

بعض نے کہا ہے: خلیل نے کتاب العین کو شروع سے حرف العین تک مرتب کیا۔ اور لیث نے کتاب مکمل کی۔ اسی لئے کتاب کے پہلے حصّے اور پچھلے حصّہ میں کوئی مشابہت نہیں۔

ابو الطیب عبدالواحد بن علی اللغوی نے کتاب مراتب النحویین میں لکھا ہے۔ کہ خلیل نے بعض ایسی نئی نئی باتیں نکالیں جو اس سے پہلے کسی کے خیال میں نہ آئی تھیں۔ منجملہ ان باتوں کے یہ ہے کہ اُس نے کلام عرب کو حروف کی بنا پر کتاب العین میں جمع کیا۔ اس لئے کہ اسی نے اس کتاب کے ابواب مرتب کئے۔ گو وُہ ان ابواب کے پُر کرنے سے پہلے فوت ہوگیا۔ ہم کو محمد بن یحییٰ نے بتایا۔ کہ اس نے احمد بن یحییٰ ثعلب کو کہتے سنا۔ کہ کتاب العین میں غلطیاں یوں ہوئیں کہ خلیل نے اس کتاب کا خاکہ تو بنایا۔ مگر اُس کو پُر نہ کرسکا۔

---

[1] قول سیرانی و ابن المعتز۔

اگر اس کو ٹیپ کرنے والا وہ ہوتا تو کتاب میں نقص نہ رہتا۔ اس لئے کہ خلیل بے مثل انسان تھا۔ یوں خاکے کو ٹیپ کرنے والے بھی عالم لوگ تھے۔ مگر کتاب ان لوگوں سے اوروں تک روایت کے ذریعہ نہ پہنچی۔ بلکہ کاتبوں کی نقل ہی سے ملی۔ اس لئے اس میں خلل واقع ہوا ہ

محمد بن عبد الواحد الزاہد نے کہا ہے کہ ایک نوجوان نے جو خراسان سے آیا تھا۔ اور اس (محمد بن عبد الواحد) سے کتاب العین پڑھتا تھا۔ اس کو بتایا کہ اس نوجوان نے اپنے باپ سے اور اس نے اسحٰق بن راہویہ سے سُنا کہ لیث صاحب خلیل بن احمد نیک آدمی تھا۔ خلیل نے کتاب العین میں سے صرف باب العین مرتب کیا۔ لیث نے خلیل کی گرم بازاری کے خیال سے کتاب کو مکمل کیا۔ اور اپنا نام خلیل رکھا (ایک دوسرے موقعہ پر اُس نے کہا: اس نے خلیل کی محبت کی وجہ سے اپنی زبان کا نام خلیل رکھا)، پس جہاں جہاں کتاب میں اُس نے کہا ہے، قال الخلیل بن احمد، وہاں تو اس سے مراد خلیل بن احمد ہی ہے اور جہاں اس نے صرف "وقال الخلیل" کہا ہے۔ وہاں وہ اپنی ذات سے حکایت کر رہا ہے۔ اور کتاب میں جو خلل ہے وہ اس سے ہے (یعنی لیث سے) نہ کہ خلیل سے، انتہی ہ

النووی نے تحریر التنبیہ میں کہا ہے: کتاب العین جو خلیل کی طرف منسوب ہے وہ لیث ہی نے خلیل سے جمع کی ہ

طعن بر کتاب العین

امام فخر الدین کا قول اوپر گذر چکا ہے ابن جنی نے الخصائص میں لکھا ہے: اب رہی کتاب العین سو اس میں تخلیط اور خلل و فساد اس قدر ہے کہ خلیل تو کیا اس کے ادنیٰ شاگرد پر بھی اس کی ذمہ داری عائد کرنا جائز نہ ہوگا،

لا محالہ یہ تخلیط غیر خلیل سے کتاب میں آئی۔ اگر خلیل نے اس کتاب میں کچھ کام کیا ہے۔ تو وہ شاید اس صورت میں ہوا ہو کہ اُس نے اس کتاب کے مرتب کرنے کی طرف اشارہ کیا ہو۔ اور خود اس کا متکفل نہ ہوا ہو۔ نہ اس کا خاکہ بنایا ہو اور نہ اسکو لکھا ہو۔ دلیل اس بات کی کہ

اُس نے اس طرح کیا یہ ہے۔ کہ مجھے اس کتاب میں گہرے مطالب اور فکر کی لطیف جست و خیز اور بعض صورتوں میں مستحکم صیغے نظر آئے ہیں ؛

ابوبکر محمد بن حسن الزبیدی اللغوی مؤلفِ مختصر العین (م ۳۷۹) نے اپنی کتاب استدراک الغلط الواقع فی کتاب العین میں لکھا ہے۔ کہ کتاب العین کا خلیل کی تصنیف ہونا ثابت نہیں اس بارے میں گمان غالب یہ ہے کہ خلیل نے اس کی بنیاد رکھی اور کلام عرب کو ضبط[1] کیا۔ مگر وہ اس کے مکمل ہونے سے پہلے مرگیا۔ اور تکمیل کا کام ایسے لوگوں نے کیا۔ جو اس باب میں اس کی جگہ نہ لے سکتے تھے۔ یہی سبب تھا۔ کہ اس میں خلل پیدا ہوا اور غلطیاں رہ گئیں۔ الزبیدی کہتا ہے۔ کہ یہ رائے اس نے[illegible] قائم کی تھی[2]۔ اس کے بعد ابوالعباس ثعلب کی رائے اس کی نظر سے گزری تو وہ بھی اس کے مطابق تھی۔ (ثعلب کی رائے اوپر[3] سطر آخر پر آچکی ہے۔ ثعلب کی اس رائے کے دلائل کہ لوگوں کے الحاقات کتاب میں [illegible] یہ ہیں :-

(۱) کتاب کے نسخوں کا اختلاف اور اس کی روایتوں کا اضطراب علاوہ اس کے کہ متاخرین کے بیانات اس میں درج ہیں۔ اور محدثین کے نحو[4] اور بیچ اشعار بطور شواہد اس میں لائے گئے ہیں۔ چنانچہ ہم نے قاضی منذر[5] بن سعید (م ۳۵۵) کے نسخہ کا مطالعہ کیا۔ جس کی کتابت قیروان میں ہوئی تھی۔ اور جس کا مقابلہ اس سے پہلے ابن ولاد [illegible] کے ساتھ مصر میں کیا تھا۔ پھر ابن ثابت کے نسخہ کے ساتھ جو مکہ شریف میں نقل ہوا تھا۔ اس نسخہ کے [illegible]

---

[1] اصل: تثقف کلام العرب۔ [2] الزدول۔ [3] کتاب العین کے راویوں کا سلسلہ الزہر ۔۔ ۵ میں یوں دیا ہے۔ ابوعلی غسان عن الحافظ ابی عمر بن عبدالبر عن عبدالوارث بن سفیان عن القاضی منذر بن سعید عن ابی العباس احمد بن محمد بن ولاد النحوی عن ابیہ عن ابی الحسن علی بن مہدی عن ابی معاذ عبدالجبار بن یزید عن اللیث بن المظفر بن نصر بن سیار عن الخلیل،
منذر بن سعید کیلئے ملاحظہ ہو معجم الادباء ۷۔ ۱۷۸۔

ابواب میں آتا تھا" ہم کو المسعری نے ابوعبید کی زبانی بتایا" اور بعض ابواب میں آتا تھا: "ابن اعرابی نے کہا" "الاصمعی نے کہا" اب بتائیے کہ یہ جائز ہے کہ خلیل اصمعی اور ابن الاعرابی یا ابوعبید سے راوی ہو؟ المسعری کا تو ذکر ہی کیا ہے، خلیل ابوعبید سے کیونکر روایت کر سکتا تھا۔ جب کہ اس کا سنہ وفات ۱۷۰ (اور بعض روایات میں ۱۷۵) تھا۔ اور ابوعبید اسوقت ۱۴ برس (یا ایک اَوْر روایت کے مطابق ۲۱ برس) کا تھا۔ اس لئے کہ ابوعبید ۱۵۴ھ میں پیدا ہُوا۔ اور ۲۲۴ھ میں فوت ہُوا۔ اور المسعری سے ابوعبید کے معلومات کا سماع ابوعبید کی موت کے بعد ہی جائز ہو سکتا تھا۔ تو مُردوں کو بحالِ موت کس طرح علم سُنایا جا سکتا تھا! اور کس طرح وہ علم کی نقل ایسوں سے کر سکتے تھے جو اُن کے زمانے کے بعد پیدا ہوئے؟ ابوعلی القالی نے الزبیدی کو بتایا۔ کہ جب کتاب العین خراسان سے آئی۔ تو ابوحاتم (تلمیذ اصمعی) اور اصحاب ابی حاتم نے کتاب کو بہت زور سے رد کیا۔ اور ابوحاتم اگر اسکو خلل سے بری اور لغزش سے خالی پاتا تو اسکو رد نہ کرتا۔ اصحاب خلیل نے مدتوں تک نہ اس کتاب کو پہچانا نہ اسکا ذکر سُنا۔ اس میں ایسے لوگ شامل تھے جیسے النضر بن شمیل، مُؤرج، نصر بن علی، ابوالحسن اخفش اور دُوسرے اسی پائے کے لوگ۔ اگر خلیل یہ کتاب لکھتا تو مذکورین اُس سے کتاب کی روایت کرتے (کیونکہ) یہ لوگ ایک مجہول الحال، علم میں غیر مشہور شخص سے اس روایت کیلئے زیادہ اہل تھے جس نے انفرادی طور پر کتاب کی روایت کی اور اکیلا کتاب کا ناقل بنا، پھر اصحاب خلیل فوت ہو گئے۔ النضر ۲۰۴ھ میں، اخفش ۲۱۵ھ میں، مُؤرج ۱۹۵ھ[1] میں، اور ایک طویل مُدت گزر چکی تب کہیں جا کر ابوحاتم کے آخری زمانے میں جبکہ رئیس علم وہ تھا یہ کتاب ظاہر ہوئی یعنی کوئی ۲۵۰ھ

له صفحہ ۴۰ پر ذکر آیا تھا کہ ابن القفطی صفحہ ۱۷۱ اور ابن ابی اصیبعہ (۱: ۱۸۹) نے لکھا ہے کہ حنین بن اسحٰق نے جو خلیل کا شاگرد تھا کتاب العین بغداد میں داخل کی، ابن القفطی (ص ۱۷۱) نے حنین کا سنہ وفات ۲۶۰ دیا ہے۔ اور ابن ابی اصیبعہ نے ۲۶۴، اس صورت میں حنین کا شاگردِ خلیل ہونا جو ۱۷۰ھ یا ۱۷۵ھ میں فوت ہُوا بعید از قیاس ہے سوائے اس صُورت کے کہ حنین نے تقریباً سو برس عمر پائی ہو مگر یہ بات کہیں نظر نہیں آئی۔ یاقوت نے معجم البلدان (۳: ۷۹ س ۲۱) میں لکھا ہے کہ قاسم بن ثابت بن حزم العوفی السرقسطی (م ۳۰۲) نے کتاب العین کو اندلس میں داخل کیا، یہ ۲۸۸ھ کے بعد کی بات ہوگی جبکہ قاسم اور اسکے باپ ثابت نے مشرق کا سفر کیا۔

کے لگ بھگ۔ اس لئے کہ ابو حاتم ۲۵۵ھ میں فوت ہُوا۔ اس وقت علماء میں سے کسی نے اس کتاب کی طرف توجہ نہ کی۔ اور نہ اس کے ایک حرف کی روایت کو اُنھوں نے جائز سمجھا۔ اگر کتاب خلیل کی ثابت ہوتی۔ تو اصمعی، یزیدی، ابن اعرابی وغیرہم خلیل کی روایت اور اس کے علم کی نقل سے اپنی کتابوں کو سجاتے۔ اور اپنے علم کو زینت بخشتے۔ اور یہی حال ان لوگوں کا ہے جو اُنکے بعد کے دَور کے ہیں مثلاً ابو حاتم ابو عبید، یعقوب، اور اَور مصنفین۔ ہم کو تو ان میں سے ایک بھی معلوم نہیں جس نے اپنی کتاب میں لُغت کے متعلق خلیل سے ایک حرف بھی نقل کیا ہو۔

(۲) نحوی باتیں جو کتاب العین میں درج ہوئی ہیں وہ مذہب بصریین کے خلاف اور مذہب کوفیین کے مطابق درج ہوئی ہیں۔ الزبیدی نے اس کی متعدد مثالیں دی ہیں۔ مثلاً خارج حروف کی تقدیم و تاخیر کا ذکر[۲]، جو سیبویہ کی ترتیب کے خلاف ہے۔ حالانکہ سیبویہ حامل علم خلیل ہے۔ اسی طرح ساری کتاب میں رباعی مضاعف کو ثلاثی مضاعف میں داخل کیا گیا ہے۔ جو خصوصیت کے ساتھ کوفیوں کا مذہب ہے۔

علامہ سیوطی کی رائے

الزبیدی کی تنقید درج کرنے کے بعد سیوطی نے لکھا ہے: مَیں نے کتاب (العین) کا شروع

---

[۱] اصمعی کی ایک تنقید معجم البلدان ۲: ۴۹۰ س ۴ پر دی ہے۔ اصمعی نے خلیل سے خورنق کے معنی پوچھے اور جواب کی نسبت کہا لم یصنع شیئاً مگر ظاہر ہے یہ تنقید کتاب العین سے متعلق نہیں۔ کتاب الکامل للمبرد (طبع یورپ) میں لیڈن کے ایک نسخے سے جو غالباً پانچویں صدی کے ابتدا میں لکھا گیا۔ اکیس لغوی حاشیے منقول ہیں جو غالباً کتاب العین سے لئے گئے ہیں۔ مگر ان حواشی کا سنہ کتابت معلوم نہیں، کتاب معجم البلدان میں تیس مقامات پر صاحب العین کے اقوال نقل ہوئے ہیں جو لغت سے تعلق رکھتے ہیں۔ غرض یہ سب بعد کی صدیوں کے اقتباسات ہیں*۔ [۲] صاحب العین (طبع عراق ص ۱) نے کتاب کو حرف عین سے شروع کرنے کی وجہ یہ بتائی ہے۔ کہ عین مخرج کے اعتبار سے اقصی الحروف ہے۔ مگر سیبویہ نے ہمزہ کو اقصی الحروف بتایا ہے۔ اگر وہ عین سے شروع کرنے کی وجہ یہ بتاتا کہ عین کلام میں سب حرفوں سے زیادہ آنے والا اور دیگر حروف سے زیادہ مختلط ہونے والا حرف ہے تو زیادہ مناسب ہوتا (المفضل بن سلمہ منقول در المزھر ۱: ۵۵) خلیل نے ہمزہ کی بجائے عین سے شروع کرنے کی جو وجہ بتائی ہے المزھر ۱: ۵۶ پر ملاحظہ ہو۔

* کتاب الجماہر للبیرونی میں چار اور اتنے ہی اقتباسات خلیل سے تبریزی شارح حماسہ نے دیئے ہیں۔

سے آخر تک مطالعہ کیا ہے۔ اس میں جو غلطیاں نکالی گئی ہیں ان کا اکثر حصہ تصریف اور اشتقاق سے متعلق ہے۔ مثلاً حرف مزید کا ذکر مادۂ اصلیہ میں کر دیا گیا۔ یا مادۂ ثلاثہ کو مادۂ رباعیہ میں درج کر دیا گیا۔ اور بعض جگہ اس میں تصحیف کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ لیکن یہ بات کہ لغت کے اعتبار سے اس میں غلطی ہو۔ یعنی یہ کہا جائے کہ فلاں لفظ جھوٹ ہے یا غیر معروف ہے۔ تو معاذ اللہ ایسا نہیں ہے۔ اس صورت میں کتاب العین پر طعن نہیں ہو سکتا۔ اس لئے کہ کتاب کے رد کی ابتدا ترتیب اور وضع تالیف سے متعلق ہے اور یہ سہل بات ہے اور اسکا حاصل یہ ہے کہ کہیں کہ اس لفظ کو اس باب سے ہٹا کر اس باب میں رکھنا چاہیئے۔ اور یہ معمولی سی بات ہے گو خلیل کا مقام اس قسم کی غلطیوں سے بالاتر ہے، تاہم یہ بات نقل لغت کے بارے میں وثوق و اعتماد سے مانع نہیں ہے۔ اور اگر مان بھی لیا جائے کہ تصحیف کا جو دعویٰ کیا گیا ہے وہ درست ہے تو جواب وہی ہے جو ائمہ نے دیا ہے۔ اور یوں تصحیف سے بچا ہی کون ہے ..... مع ہذا تصحیف اس کتاب میں ہے بھی بہت کم۔

المفضل بن سلمہ کوفی کا استدراک کتاب العین پر

ابو الطیب لغوی نے کہا ہے۔ کہ مفضل کی کتاب میں کتاب العین کی بہت سی باتوں کو رد کیا گیا ہے۔ مگر اکثر صورتوں میں وہ رد درست نہیں۔ (معجم الادبا ۷: ۱۷۰ و المزہر ۱: ۵۳)

مختصرات و ردود کتاب العین

ابو الحسن الشاری کہتا ہے کہ لوگوں نے زبیدی کی مختصر العین کو بہت پسند کیا۔ کیونکہ اس میں مختلف شواہد اور تصحیف زدہ حروف اور خلل ناک ابنیہ کو حذف کیا گیا ہے۔ علاوہ بریں اسکا حجم بھی کم ہے۔ بعض لوگوں نے مختصر العین کیساتھ ابو علی بغدادی کے زیادات پر کتاب العین کو ملحق کر دیا ہے۔ جس سے کتاب اور بھی زیادہ مفید بن گئی ہے۔ لیکن اس میں یہ نقص ضرور موجود ہو گیا ہے

---

[1] المزہر ج ۲ صفحہ ۲۳ تا ۲۴ میں الزبیدی کی استدراک سے تصنیفات کتاب العین کی فہرست دی گئی ہے۔

کہ قرآن وحدیث اور صحیح اشعار عرب کے شواہد بھی حذف کر دئے گئے ہیں۔ اس نقص کو رفع کرنے کے لئے امام ابو غالب تمام بن غالب المعروف بابن التیانی نے فتح العین لکھی جو بغایت مفید ہے اور اس میں صرف قرآن وحدیث وصحیح اشعار عرب کے شواہد لے لئے گئے ہیں۔ اور باقی چھوڑ دئے گئے ہیں۔ پھر زیادات ابن درید جو جمہرہ میں ہیں اس کتاب میں شامل کر دئے گئے ہیں اور یہ کتاب کتاب العین اور جمہرہ دونوں کو شامل ہوگئی ہے . . . گو ہے قلیل الوجود، انتہی، یاقوت نے معجم الادباء ۷: ۲۹، ۲۲۲ پر اور حاجی خلیفہ نے کشف الظنون (طبع استنبول ۲: ۲۹۱) پر مذکورہ کتابوں کے علاوہ کتب ذیل کا ذکر بھی کیا ہے۔ جو کتاب العین سے متعلق ہیں۔ (۱) مدخل علی کتاب العین للنضر بن شمیل (م۔ ۲۰۴)، (۲) تکملۃ کتاب العین لاحمد بن محمد الخارزنجی (م۔ ۳۴۵) (۳) فائت العین لابی عمر محمد بن عبدالواحد المعروف بغلام ثعلب (۴) کتاب فی غلط العین لمحمد بن عبداللہ الاسکافی الخطیب، ان میں سے مدخل اور فائت کا ذکر یاقوت اور حاجی دونوں نے کیا ہے۔ اور باقی کا صرف حاجی نے، کشف الظنون (۱: ۵۳۷) میں الرد علی الخلیل لابن درستویہ عبداللہ بن جعفر النحوی بھی مذکور ہے ❊

❊ کالظن بہ بعض الناس گویا کتاب العین اور کتاب العروض دونوں پر گویا اثر ہندوستان کا پڑا ❊

کتاب العروض

الزبیدی نے لکھا ہے کہ خلیل نے اختراع وابداع کے طریق پر دو کتابیں الفرش والمثال فی العروض لکھیں۔ اور اس طرح تمام اوزان شعر اکٹھے کر لئے۔ اور شعر کی ہر چیز اسکے محیط میں گھیر لی۔ اور ہر چیز کو اس کی متجانس چیز کے ساتھ ملحق کیا۔ او یہ سب کچھ دوائر کی بنیاد سے اٹھایا جن سے ذہن عاجز، فہم مغلوب اور عقلیں مغفول ہوگئیں۔ (المزہر ۱: ۵۰) اس بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ عروض کی دو کتابیں خلیل نے لکھی تھیں۔ اگرچہ تفصیل ذکر کہیں نظر نہیں آتی۔ ہو سکتا ہے کہ ایک ہی کتاب کے دو حصے تھے جن کو اس مصنف نے دو کتابوں کے نام سے بیان کیا ہے۔ ایجاد عروض کے متعلق کتاب الہند للبیرونی ۳۳ پر ذیل کی عبارت دی ہے جو دلچسپی سے پڑھی جائیگی۔ سنسکرت کے عروض کے ذکر کے بعد بیرونی لکھتا ہے:

ولنا طولت فی الحکایۃ وان نزرت عائدتہا لیشاھد...... ولیعلم بکیفیۃ تراکیبہم وتقطیم ابیاتہم وفیہ ان الخلیل بن احمد کان متوقفاً فی الاقتضابات وان کان ممکناً ان یکون سمع ان للہند موازین فی الاشعار

عبدالرحیم خانِ خاناں کا کتب خانہ

(از محمد شجاع الدین ایم۔اے۔ یونیورسٹی ریسرچ سکالر)

مجھے اے ہمنشیں رہنے دے شغلِ سینہ کاوی میں
کہ میں داغِ محبت کو نمایاں کر کے چھوڑوں گا

دورِ مغلیہ کی تاریخی اہمیت

اکبر اور جہانگیر، شاہجہان اور عالمگیر کے عہدِ حکومت کو ہندوستان کی تاریخ میں جو اہمیت حاصل ہے محتاجِ شرح نہیں۔ تمام جدید و قدیم مؤرخین نے اس عہد کو ملک کی تاریخ کا سُنہری دور قرار دیا ہے۔ اور اس وقت کے درخشاں کارناموں کو مزے لے لے کر بیان کیا ہے۔ اس عہد میں جہانگیر اور شاہجہان کا دور خصوصیت سے قابلِ توجہ ہے۔ اکبرِ اعظم کے زمانے میں ہندوستان کا بہت سا حصہ فتح ہوگیا۔ اور اس زمانے کے حالات اور دیگر ممالک کی کیفیت کا لحاظ رکھتے ہوئے یہ کہنا بے جا معلوم نہیں ہوتا۔ کہ ملک میں ایک عدیم النظیر نظامِ حکومت نافذ کیا گیا تھا۔ جس کے باعث اندرونی امن و امان کی یہ کیفیت تھی۔ کہ کوئی متمرد بھی کسی بیگناہ کو ستا نہ سکتا تھا۔ ملک میں دولت کی افراط تھی۔ اور ہندوستان کا زر و مال ہندوستانیوں کے لئے ہی تھا۔ بلند مرتبت ایرانی اور تُورانی امراء اور ملازمانِ سلطانی کو بھی اجازت نہ تھی۔ کہ اگر وہ ہندوستان سے اپنے ملکوں کو واپس جانا چاہیں تو اس ملک میں کمائی ہوئی دولت کو ساتھ لے جاسکیں۔

اہلِ ہند کے تموّل کا وہ عالم تھا۔ کہ آج ہم اس کا صحیح اندازہ بھی نہیں لگا سکتے۔ ان حالات میں قدرتی طور پر لوگوں کی توجہ علم و حکمت اور تجارت و صنعت کی [illegible]

ہندوستان کے تمام بڑے بڑے شہر تجارت اور صنعت و حرفت کے مرکز بن چکے تھے ہندوستانی مصنوعات کی دُور دُور تک مانگ تھی۔ اور اس کے بازاروں میں دُنیا کی کوئی جنس بھی نایاب نہ تھی۔ امراء و سلاطین کی معارف پروری کے سبب مقامی علماء کے علاوہ خراسان عراق اور فارس تک سے اہلِ علم اس مُلک میں کھنچے آرہے تھے۔ چنانچہ عبدالباقی نہاوندی لکھتا ہے۔ کہ "ایران مکتب[1] خانہ ہندوستان است و مستعدان کسب حیثیات در آنجا می نمائند کہ در ہندوستان در مجلسِ سامیٔ این سپہ سالار (یعنی عبدالرحیم خانخانان) بکار برند"۔ اسی باعث عہدِ جہانگیر و شاہجہان میں اس قدر شعراء واُدباء و فضلاء ہندوستان میں موجود تھے۔ کہ اس کی مثال نہیں ملتی ۔

دورِ مُغلیہ کا تمدّن

آلِ بابر چغتائی تُرک تھے۔ اس لئے لازمی طور پر اُنکا تمدّن خراسان اور ترکستان کے قدیم تمدّن سے متاثر تھا۔ علاوہ ازیں کسی نہ کسی رنگ میں چنگیز خان اور ہلاکو خان کی روایات بھی اُن کی تہذیب میں موجود تھیں۔ اگرچہ یہ لوگ راسخ العقیدہ مسلمان تھے۔ لیکن اسلام ان تک عباسی[2] دور سے گزرنے کے بعد پہنچا تھا۔ اس لئے انکا "اسلامی تمدّن" نیم ایرانی اور نیم اسلامی تھا۔ ہندوستانی مغلوں کے تمدّن پر ایرانی اثرات کے غلبہ کا ایک

---

[1] مآثر رحیمی جلد سوم ص۲۵ ،

[2] اسلامی سطوت کا علمبردار ہونے کی وجہ سے اگرچہ عباسیوں کے تمدّن کی عمارت اسلامی بنیادوں پر قائم کی گئی تھی۔ لیکن اس پر ایرانی تمدّن طرزِ معاشرت اور افکار و خیالات کا اثر اس قدر غالب تھا۔ کہ عباسی امراء اور صحابۂ رسولؐ رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین میں زمین آسمان کا فرق نظر آتا ہے۔ اور ہارون رشید۔ مامون الرشید وغیرہ امام الاشجعین حضرت عمر فارُوق نور اللہ تعالےٰ مضجعۂ اور امیر المومنین حضرت علیِ مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ کی بجائے ساسانی بادشاہوں کے مسند نشین اور اخلاف معلوم ہوتے ہیں ۔

اور سبب یہ بھی تھا۔ کہ ہندوستان کے تختِ حکومت پر ہمایوں کا دوبارہ متمکن ہونا ایرانیوں کی امداد کا مرہونِ منت تھا۔ اس لئے ایرانیوں کی اکبر اور اُس کے جانشینوں کے دربار میں اُن کے ہم وطن اور ہم مذہب تورانیوں سے کم آؤ بھگت نہ ہوتی تھی ؛

ہندوستان میں آباد ہو جانے کے بعد آلِ بابر کا پراچین ہندی تہذیب سے اثر اندوز ہونا بھی ناگزیر تھا۔ بلکہ اکبر کی نئی حکمتِ عملی کے پیشِ نظر تو اُس کی اہمیت اَور بھی بڑھ جاتی ہے۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ ہندی مغلوں کے عہد کے طرزِ تعمیر، نظامِ حکومت۔ اور آدابِ معاشرت وغیرہ غرضیکہ تمام تہذیب و تمدن پر مذکورہ صدر اقوام کے تہذیب و تمدن کا کچھ نہ کچھ اثر ضرور تھا۔ اس مقام پر گنجائش نہیں کہ ہم اسکے ارتقا پر پوری پوری بحث کر سکیں۔ چنانچہ اس خوشگوار فرض کو کسی اَور فرصت پر چھوڑا جاتا ہے ؛

ترویجِ علوم میں مسلمانوں کا حصّہ

ترویجِ علوم میں بہرۂ اسلامیان دُنیا کی کسی قوم سے کم نہیں۔ مسلمان نہ صرف میدان وغا ہی میں تیغ زنی کے جوہر دکھانا جانتے تھے۔ بلکہ علم و ادب کی محفلوں میں بھی سربرآوردہ تھے۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاداتِ عالیہ میں جہاں مسلمانوں کو طاغوتی طاقتوں کے ساتھ ٹکرانے کا حکم ملتا ہے۔ وہاں حصولِ علم کے متعلق اور علمار کی فضیلت میں بھی بیشمار روایات نظر آتی ہیں ؛

اِن ارشادات پر عمل پیرا ہونے ہی کا نتیجہ تھا۔ کہ چند سالوں میں جہاں مسلمانوں نے دُنیاوی سطوت و حکومت کا تاج زیبِ سر کر لیا۔ وہاں سپہر علم و دانش کے بھی مہر و ماہ بن کر اس ارضِ خاکی کے کونے کونے کو منوّر کرنے لگے۔ چنانچہ عباسی دور میں مسلمانوں کے علمی ذوق کا یہ عالم تھا کہ اس کا مختصر سا ذکر کرنے کے لئے بھی ایک دفتر کی ضرورت ہے۔ ملک میں جا بجا تعلیمی ادارے طبّی دار العلوم اور کتب خانے موجود تھے۔ مسلمان علمار کی سب سے اہم خصوصیت یہ تھی۔ کہ وُہ ہر طرح کی امداد سے بے نیاز اور اپنی علمی قابلیت کے

اعتراف سے بے پروا ہو کر محض اللہ کے بھروسے پر علم و حکمت کی خدمت کے لئے کمربستہ رہتے تھے۔ اور ہفت خوان رستم طے کر کے نایاب کتابوں کی نقول حاصل کرتے تھے۔ اور پسِ مرگ اپنی عمر بھر کے اندوختہ کو عام مسلمانوں کے استعمال کے لئے وقف قرار دے دیتے تھے۔

عہدِ مُغلیہ کے نظامِ تعلیم کے اثرات

سطورِ بالا میں بیان ہو چکا ہے کہ مغلوں کے تمدن پر عباسی سلاطین کے دور کی روایات کا بہت اثر تھا۔ چنانچہ جہاں تک کتابوں کی محبت اُن کے جمع کرنے کا شوق اور ترویج علوم کا تعلق ہے۔ تیمور کی اولاد منصور کے اخلاف سے کم نہ تھی۔

آلِ بابر کے دورِ اقتدار میں ہندوستان کے مختلف شہر مثلاً آگرہ۔ لاہور۔ دہلی۔ احمد آباد وغیرہ کوفہ۔ دمشق۔ بغداد اور قرطبہ کی طرح اسلامی علوم کے مرکز بن گئے تھے۔ اور شاہی خاندان کے اثر سے اور ہر طرح کا سامانِ راحت و اطمینان میسر ہونے کے سبب لوگ کسبِ علوم کی طرف متوجہ تھے۔

دورِ مغلیہ کے ہندوستان میں ترویج علوم کا ایک ایسا عظیم الشان نظام رائج تھا۔ کہ جس کی نظیر ہمعصر تاریخ میں مشکل سے ملے گی۔ اس نظامِ تعلیم کی اہم خصوصیات یہ تھیں:-

(۱) تعلیمی اداروں سے ملحق اوقاف ہوا کرتے تھے۔ جن کی آمدنی سے طلباء اور اساتذہ کے سب اخراجات پورے کئے جاتے تھے۔ اور طالبانِ علم ہر قسم کے ذہنی تفکرات سے آزاد ہو کر تحصیلِ علوم میں منہمک رہتے تھے۔ اس لئے اُن کا علم عمیق اور ٹھوس ہوا کرتا تھا۔

(۲) طلباء کا کام محض امتحان پاس کر کے سند حاصل کرنا نہ تھا۔ بلکہ وہ حقیقی معنوں میں تحصیلِ علم کیا کرتے تھے۔ اور جب اساتذہ دیکھتے تھے۔ کہ طالب علم مجوزہ علوم میں پوری طرح ماہر ہو گیا ہے۔ تو وُہ اُسے سندِ فضیلت عطا کر کے رُخصت کرتے تھے۔

(۳) اس دور کے طلباء کی ایک بہت بڑی تعداد رضائے باری تعالیٰ اور خدمت دینِ قیم کی خاطر علم حاصل کرتی تھی۔ اور تحصیلِ علوم کے دوران میں یہ خیال اُن کے ذہنوں پر مستولی نہ رہتا تھا۔ کہ جلد مکتب سے نکلتے ہی اُنہوں نے علم یا سندِ تعلیم کو طلبِ زر کا ذریعہ بنانا ہے۔ بلکہ اُن کے ماحول اور اُن کے تفکرات پر بُلند رُوحانی اور مُخلصانہ جذبات چھائے رہتے تھے۔ اِس لئے علم و دانش سے اُن کی دلچسپی سطحی اور عارضی نہ تھی۔

ان خصوصیات کے سبب تعلیم یافتہ افراد مدرسوں سے کتاب بینی کا بے پایاں شوق لے کر نکلتے تھے۔ اور اپنے لمحاتِ فرصت کے لئے کتاب کو بہترین رفیق خیال کیا کرتے تھے۔

اگرچہ اس دور میں بھی حکومت کے اعلیٰ عُہدوں پر مدرسوں کے فارغ التحصیل افراد ہی فائض کئے جاتے تھے۔ لیکن وہ لوگ اپنے بُلند مراتب کے گونا گوں فرائض کی بجا آوری میں منہمک ہو جانے کے باوجود کتابوں کو فراموش نہیں کرتے تھے۔ اِس سلسلے میں ہم ابوالفضل۔ فیضی۔ وزیر خاں سعداللہ خاں اور ظفر خان احسن وغیرہ سرکاری منصبداروں کے نام پیش کر سکتے ہیں۔

کتابوں کی عسیر الحصُولی

اُس دَور میں چھاپہ خانہ نہ ہونے کی وجہ سے کتابیں بہت محنت سے تیار ہوتی تھیں۔ لیکن مطبع کی عدم موجودگی اُن لوگوں کے علمی ذوق کی راہ میں سنگِ گراں نہ تھی۔ اکثر صاحبِ ثروت حضرات کے ہاں تو کاتب اور صحاف تنخواہ دار ملازم تھے۔ جن کا کام اپنے ولی نعمت کے لئے کتابیں تیار کرنا تھا۔ چنانچہ دورِ اکبری کا ذکر ہے۔ کہ ایک روز شہزادہ سلیم ابوالفضل کے ہاں گیا۔ تو کیا دیکھتا ہے۔ کہ ۴۰ الیس کاتب[1] بیٹھے تحریرِ کُتب میں مصروف ہیں۔

---

[1] مآثر الامرا جلد دوم ص۶۱۰

پیشہ ور کاتب تو الگ رہے۔ اُس دور کے عام تعلیم یافتہ لوگوں کا خط اتنا عمدہ اور پاکیزہ ہوتا تھا۔ کہ اگر آج اُن کے ہاتھ کی لکھی ہوئی چند سطریں بھی مل جائیں۔ تو دل بے اختیار یہ چاہتا ہے کہ اُنہیں آنکھوں سے لگائیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس دور میں ہر طالبعلم کیلئے فنِ خطاطی میں مہارت حاصل کرنا از بس ضروری تھا۔ کیونکہ صاحب مآثر الامرا اکثر لوگوں کے حالات میں[1] بطور اعزاز یہ لکھتا ہے۔ کہ وہ فنِ تحریر کی مختلف اقسام سے آگاہ تھے۔

علاوہ ازیں بڑے بڑے شہروں میں صحافوں کی دکانیں تھیں۔ جو پیشہ ور خطاطوں سے کتابیں لکھوا کر فروخت کیا کرتے تھے۔ کتاب کی قیمت کا انحصار کاغذ کی نوعیت۔ خط کی کیفیت اور صفحات کے حواشی اور سرِلوح کی آرائش و تزئین پر ہوتا تھا۔

لاہور میں کتابوں کی سب سے اہم منڈی نواب وزیر خان کی دلفریب اور دیدہ زیب مسجد کہ جسے ہم سُجان[2] رائے بٹالوی کے بیان کے مطابق رخسارۂ شہر کا "خال زیبا" کہتے ہیں۔ تھی۔ اس کے بانی نے وصیت[3] کی تھی کہ "بیست قطعہ دکاکیں بیرونِ دروازۂ شرقی و بالاخانہائے آنہا محض برائے نشستن صحافانِ کتبِ اسلامیہ بے کرایہ باشد۔ علے سبیل الدوام"۔

چنانچہ دورِ اسلامیہ میں اور اس کے بعد رنجیت سنگھ کے عہد میں بھی اس جگہ دُور دُور سے شیدایانِ علم و دانش کتابوں کی خرید کے لئے آیا کرتے تھے۔ اللہ اللہ کاشی کا دیواروں کے زیرِ سایہ منقش و رنگین کتابوں کی نمائش کس قدر دلکش معلوم ہوتی ہوگی۔

دورِ مغلیہ کے کُتب خانے

دورِ مغلیہ میں چار قسم کے کُتب خانے تھے:-

---

[1] مثلاً ملاحظہ ہو کتاب مذکور جلد اوّل ص۳۳ (حالات محمد اشرف اصغر خاں)

[2] خلاصۃ التواریخ ص۹۵، [3] "لاہور" از سید محمد لطیف ص۲۱۹، تحقیقات چشتی صفحہ ۶۹۹-۷۰۰

(۱) شاہی کتب خانہ ،

(۲) مدرسوں کے ملحقہ کتب خانے ،

(۳) تکیوں خانقاہوں اور مسجدوں کے کتب خانے ،

(۴) امراء کے کتب خانے ،

ان تمام اصناف کے کتب خانوں پہ مدلل و مفصل بحث کرنے کے لئے ایک ضخیم کتاب کی ضرورت ہے۔ اور اگر گردش روزگار اور حوادث و آلام نے فرصت دی تو بہت جلد اس ملی فریضہ کو ادا کرنے کی کوشش کروں گا ۔

مغل امراء کا شوق مطالعہ

بابری سلاطین کے درباری امراء اور فوجی اور ملکی عہدوں پر سرافراز ہونیوالے افراد خاندانی رئیسوں کا گروہ نہ تھے۔ بلکہ سوائے غالباً راجپوت اُمراء کے یا ایک دو مسلمان خاندانوں کے باقی تمام مغل منصب دار وہ لوگ تھے جنہوں نے محض اپنی علمی قابلیت اور ذاتی لیاقت کے بل پر بلند مدارج حاصل کئے تھے۔ ان میں اکثر غریب الوطن باکمال تھے یا سعد اللہ خان اور حکیم علم الدین وزیر خان کی طرح بالکل معمولی خاندانوں کے فرزند تھے اس دور کے نظام تعلیم کے سبب یہ لوگ بلند علمی مذاق رکھتے تھے۔ اور مدرسوں سے کتابوں کی ایک بے پایاں محبت دل میں لے کر نکلتے تھے ۔

مآثر الامراء میں اکثر منصبداروں اور امیروں کے حالات پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اُن کے محلوں میں کتب خانے موجود تھے۔ اور اُن کے روزانہ پروگرام میں کتاب بینی کے لئے اوقات مقرر تھے۔ چنانچہ اکبری دور کا ایک امیر محمد خان نیازی[۱] اشراق کی نماز سے فارغ ہو کر "بمطالعہ کتب تفسیر و سیر" مصروف رہا کرتا تھا۔ اسی طرح دیپالپور کا فوجدار مبارز خان[۲] جو ۱۰۵۶ھ مطابق ۱۶۴۶ء میں فوت ہوا اپنے لمحات فرصت

[۱] مآثر الامراء، جلد سوم صفحہ ۶-۲۷۵ ، [۲] ایضاً صفحہ ۳۴۳ ،

"بمطالعہ کتب تفسیر و فقہ" گزرتا تھا۔ بخوفِ طوالت ان مثالوں پر اکتفا کرتے ہوئے ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں۔ کہ اکثر مغل منصبدار وسیع کتب خانوں کے مالک تھے۔ ان میں ابوالفضل فیضی۔ عبدالرحیم خانخانان۔ منعم خان۔ ظفرخان احسن۔ مرزا امان اللہ خان امانی کے کتب خانے نادرِ زمانہ تھے ⁂

خانِ خاناں کی زندگی پر ایک نظر

عبدالرحیم خانِ خاناں کی لائبریری کا ذکر کرنے سے قبل اس کی زندگی کے بعض واقعات کا بیان ضروری سمجھتا ہوں ⁂

عبدالرحیم بیرم خان کا[1] فرزند تھا۔ جو کہ ہمایوں کا جان نثار مشیرکار تھا۔ بیرم خاں نے ہمایوں اور اکبر کے عہد میں مغلیہ سلطنت کی بنیاد ہندوستان میں مستحکم کرنے کے لئے جو مساعی کیں ہندوستان کی تاریخ میں آبِ زر سے لکھے جانے کے قابل ہیں ⁂

جب ہمایوں نے دوسری بار ہندوستان کو فتح کیا۔ تو اپنے قدم جمانے اور اپنے خاندان کے خلاف تجانب اور بیگانگی کی فضا دور کرنے کے لئے اس نے باہمی شادیوں کے ذریعے شاہی خاندان کا اور اپنے معتبر متوسلین کے خاندانوں کا مقامی رؤسا اور اکابر سے ملاپ و اتحاد کرانا شروع کیا۔ چنانچہ اسی حکمتِ عملی کے پیشِ نظر ہمایوں نے حسین خان میواتی کے عمزاد جمال خاں کی ایک لڑکی سے خود شادی کی۔ اور دوسری کو بیرم خان سے بیاہ دیا۔ اس قسم کی سیاسی شادیاں پہلے پہل صرف مسلمان خاندانوں میں کی گئیں لیکن بعد ازاں اکبر کے عہد میں ہندو راجپوتوں کے ہاں بھی شاہی خاندان کے افراد کی رشتہ داریاں ہونے لگیں ⁂

بیرم خاں کے ہاں صبیۂ جمال خاں کے بطن سے ۹۶۴ھ (۱۵۵۶ء) میں بمقام لاہور عبدالرحیم پیدا ہوا۔ ابھی چار برس ہی کا تھا۔ کہ بیرم خاں بمقام پٹن مارا گیا۔ اس حادثہ[2]

---

[1] مآثر رحیمی جلد دوم صفحہ ۳۲، [2] مآثر الامرا، جلد اوّل صفحہ ۶۹۳ و مابعد،

جاں کاہ کے بعد عبدالرحیم شاہی نگہداشت میں پرورش پانے لگا ۔
اکبر اعظم نے اس کی تعلیم و تربیت کا نہایت اعلیٰ پیمانے پر انتظام کیا۔ اس کے
اُستادوں میں سے ملا محمد امین اندیجانی اور غازی خاں بدخشی کے نام ملتے ہیں۔ عبدالرحیم کو
عربی فارسی ترکی اور ہندی زبانوں کے علاوہ تفسیر۔ حدیث۔ فقہ۔ ریاضی۔ تاریخ۔ ہیئت۔
اور فلسفہ وغیرہ تمام مروجہ علوم پڑھائے گئے۔ فرنگی سفروں اور سیاحوں سے بات چیت
کرنے کے لئے اُس نے پرتگالی زبان بھی سیکھی۔ علاوہ ازیں اس نے جنگی اور فوجی علوم و
فنون میں بھی مہارت حاصل کی۔ خان خانان کی تعلیم و تربیت کا نظام اکبرِ اعظم کے تعلیمی نکتۂ
نظر کی وضاحت کرتا ہے ۔

جب عبدالرحیم سنِ بلوغت کو پہنچا۔ تو بارگاہِ خسروی سے اُسے مرزا خان کا خطاب
عطا ہوا ۔

عبدالرحیم ایک یگانۂ روزگار شخص تھا۔ ہم اُسے حقیقی معنوں میں صاحب سیف و قلم
کہہ سکتے ہیں۔ وہ ایک نبرد آزما جرنیل اور جہاں دیدہ سالار ہونے کے علاوہ فضائے علم و
حکمت کا بلند پرواز شاہباز تھا۔ اکبر اور جہانگیر کے عہد میں اس کی مساعی سے بے شمار
علاقے فتح ہوئے۔ جن میں سندھ۔ خاندیش اور گجرات جیسے اہم صوبے شامل ہیں۔ عربی۔
فارسی۔ ترکی اور ہندی زبان میں رحیم تخلص سے اشعار لکھا کرتا تھا۔ نثر نویسی میں مہارت
کا یہ عالم تھا "کہ در جمیع نوشتہ جات مہام سلطنت و سپہ سالاری از کلی و جزوی بدبیری و
منشی محتاج نیستند۔ و خود بنفسِ نفیس متوجہ تحریر آنہا می گردیدند"[1] بقول نہاوندی "الحال در[2]
ہندوستان مکاتبات و فرامین را بہتر از ایشان کسی نوشتہ و نمی تواند نوشت"[3]۔
علماء و فضلاء کی سرپرستی اور زرپاشی کے معاملے میں خان خاناں کی روایات تاریخ

---

[1] مآثر رحیمی جلد دوم صفحہ ۱۰۴، ۵۳۹،
[2] ایضاً صفحہ ۵۹۰، [3] ایضاً صفحہ ۵۵،

عالم میں اپنی مثال آپ ہیں ؎

آں کس کہ ز شہر آشنا ہست
داند کہ متاعِ ما کجا ہست

کے مصداق فیضِ ازلی کے اس سرچشمے کے گرد دُور دُور سے تشنہ لب آکر جمع ہونے لگے
اس عہد کا کوئی عالم۔ واعظ۔ درویش۔ شاعر اور گویا ایسا نہ ہوگا۔ جو خانِ خاناں کے
خوانِ کرم سے بہرہ ور نہ ہُوا ہو۔ ہندو مسلمان۔ سُنّی۔ شیعہ اور صوفی وغیرہ ہر خیال اور
ہر عقیدے کے انسان کے لئے اس کے دروازے وا تھے۔ حجاز۔ کربلا یا مشہد کے
زائر ہوں یا ہندو جوگی۔ اس کی محفل ہر ایک کا خیر مقدم کرتی تھی۔ اور اس معاملہ میں
وہ حقیقی معنوں میں اسلامی روایات کا نمونہ تھا۔ ان علماء۔ فقراء اور شعراء کے ناموں
کی فہرست بہت طویل ہے۔ لہٰذا اسے ترک کرتا ہوں۔ لیکن اتنا یاد رکھئے کہ دہلی
کی خاکِ پاک میں خوابِ ابدی کے مزے لینے والے خانخاناں کے مداحوں میں نظیری
عرفی۔ فیضی۔ ظہوری اور شکیبی جیسے فارسی زبان کے مایۂ افتخار شعراء شامل ہیں۔ ہند
ایران اور دیگر ممالک سے بے شمار اہلِ کمال اس کے حضور میں کھچے آتے تھے۔ جیسا کہ
عبدالباقی نہاوندی لکھتا ہے:۔

"دربارش از کثرتِ مستعدان طعنہ زنِ یونان گشتہ[1]۔ شعرا جواہر معنی و نقدِ طبیعت
نثارِ خاکِ راہش ساختند و دواوینِ خود را بمدحِ این ممدوحِ عالیان مزین ساختند۔

تا دہر شکوہِ خانِ خانی دید	بر عہد سکندر و سلیمان خندید
ازبس کہ نہاوند بدرگاہش رُو	ایران شد ہند و ہند ایران گردید

---

[1] ماثرِ رحیمی جلد سوم صفحہ ۸۔ ماثر کی اس ضخیم جلد میں ان تمام علماء شعراء اور دیگر اہلِ کمال کے
حالات درج ہیں۔ جو فیضِ خانِ خاناں سے بہرہ ور ہوئے۔ اور مختلف شعراء نے جو قصائد اس کی
مدح میں لکھے وہ بھی درج ہیں ؎

اکبری اور جہانگیری دور میں خان خاناں بلند اور ذمہ دارانہ عہدوں پر فائض رہا۔ اکیسویں سال جلوس میں (سنہ ۱۵۷۶ء) اکبر نے اسے گجرات کا حاکم مقرر کیا۔ حل و عقدِ مہمات کے لیئے وزیر خان کا انتخاب ہوا۔ اٹھائیسویں سالِ جلوس میں اُسے شہزادہ سلیم کا اتالیق بنایا گیا۔ اور اسی سال اس نے سلطان مظفر گجراتی پر فتح پائی۔ جو کہ پانچ سال پہلے قیدِ شاہی سے بھاگ گیا تھا۔ اور اب فتنہ و فساد کا بازار گرم کر رکھا تھا۔ اسی سال اُسے خانِ خانان کا آبائی خطاب[1] اور پنج ہزاری منصب عطا ہوا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس موقع پر جو کوئی بھی اُسے مبارکباد کہنے آیا خالی نہ گیا۔ اور سخاوت کا اس قدر مظاہرہ کیا۔ کہ قلمدان تک بھی باقی نہ رہا *

چھتیسویں سالِ جلوس میں سنہ ۹۹۹ھ (سنہ ۹۱-۱۵۹۰ء) میں اُسے ملتان کا حاکم مقرر کر کے ٹھٹھہ اور سندھ کی تسخیر کا حکم دیا گیا۔ اگلے برس اُس نے سہوان اور ٹھٹھہ مرزا جانی خان ترخان سے فتح کر لیا۔ شکیبی نے بطور تہنیت ایک مثنوی لکھی جس کے صلہ میں خانخانان نے اُسے ایکہزار اشرفی دی *

سنہ ۱۰۰۴ھ (سنہ ۶-۱۵۹۵ء) میں خانخاناں کو دکن روانہ کیا گیا۔ تاکہ مہمات پر اس کی نگرانی رہے۔ اکبری اور جہانگیری دور میں اس کا بہت سا وقت وہیں گزرا۔ اقامت دکن کے زمانے میں اس کا مستقر برہان پور تھا *

جہانگیر کے عہد میں بمقام لاہور بیمار ہوا۔ اور سنہ ۱۰۳۶ھ (سنہ ۱۶۲۶ء) میں دہلی جا کر راہیِ ملکِ بقا ہوا۔ اس کا شکستہ حال مقبرہ ہمایوں کے مقبرہ کے قریب دہلی میں اب بھی موجود ہے۔ اور اربابِ بصیرت اس سے دریوزۂ عبرت کرتے ہیں *

خانخانان کا کتب خانہ

عبدالرحیم خانِ خانان نے کتابوں کی محبت اپنے باپ سے ورثہ میں حاصل کی تھی

---

[1] مآثر رحیمی جلد دوم صفحہ ۱۱۷ *

اس کے باپ بیرم خاں کے پاس بھی ایک کتب خانہ تھا۔ مگر افسوس ہے کہ ہمیں اسکی تفصیلات معلوم نہیں۔ اس کے کتب خانے کی یادگار ایک کتاب اب بھی بوہار لائبریری کلکتہ میں[1] موجود ہے۔ یہ کتاب علامہ محیٰ لاری کی فتوح الحرمین کا ایک نادر نسخہ ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ ہوش سنبھالتے ہی خانِ خاناں نے کتابوں کا ذخیرہ جمع کرنا شروع کیا۔ اگرچہ اس کو مختلف مہموں کے سلسلے میں گجرات سندھ اور دکن وغیرہ کی خاک چھاننی پڑی۔ لیکن خیال ہے کہ اس دور کے دوسرے اہلِ علم کی طرح وُہ بھی دورانِ سفر میں کچھ کتابیں[2] اپنے ہمراہ رکھا کرتا تھا۔

خانخاناں نے احمد آباد۔ گجرات۔ بُرہان پور۔ آگرہ۔ لاہور اور دہلی وغیرہ مختلف مقامات پر عالیشان حویلیاں باغات اور دیگر عمارات تعمیر کرائیں۔ اور وہ مختلف اوقات میں مُلکی اور حکومتی فرائض کی بجاآوری کے سلسلے میں مختلف مقامات پر مقیم رہا۔ اس عہد میں دستور تھا۔ کہ جب ایک منصبدار ایک مقام سے دُوسری جگہ روانہ ہوتا۔ تو اسکا سامان

---

[1] Catalogue of Buhar Library Vol I P. 260)

[2] چنانچہ اس سلسلے میں ہمایوں بادشاہ کی مثال پیش کی جاسکتی ہے۔ جو باوجود ہمیشہ پا برکاب رہنے کے چیدہ چیدہ کتابیں اپنے پاس رکھا کرتا تھا۔ اور فرصت کے لمحات میں اُن سے لطف اندوز ہوتا تھا۔ چنانچہ ایک دفعہ جب کہ وہ بہادر شاہ والئی گجرات کی سرکوبی کے سلسلے میں کنبائت کے علاقے میں مقیم تھا۔ تو رتن داؤد اور ملک احمد والئی گجرات کے دو امیروں نے شاہی لشکر کی کم مائگی کو فرصت شمار کرتے ہوئے شب خون مارنے کا ارادہ کیا۔ ادھر انہیں بھی کسی نہ کسی طرح خبر مل گئی اور بادشاہ چوکس ہوگیا۔ سحر کے قریب پانچ یا چھ ہزار گنوار بھیلوں اور کولیوں کا لشکر شاہی کیمپ پر حملہ آور ہوا۔ بادشاہ خود ایک ٹیلہ پر فروکش تھا۔ شاہی لشکر نے خوب مقابلہ کیا۔ ان گنواروں کی تاخت کے سبب بادشاہ کی کئی کتابیں کہ مصاحبان معنوی بودند و پیوستہ با خود می داشتند تلف شد" تاریخ حقی جلد اوّل صفحہ ۱۱۹۔ اکبرنامہ (فارسی) جلد اوّل صفحہ ۱۳۲ انگریزی ترجمہ بیورج جلد اوّل صفحہ ۲۱۵۔

بھی وہیں منتقل کیا جاتا تھا۔ اعلیٰ پائے کے منصبدار جو کہ اہم اور مرکزی مقامات پر اپنی حویلیاں اور جائداد رکھتے تھے۔ ایک جگہ سے روانگی پر یا علی الخصوص جنگی مہموں پر جاتی دفعہ اپنا سامان یا اسکا بہت سا حصّہ کسی قریبی اہم مقام پر جہاں ان کی ذاتی جائداد ہوتی تھی محفوظ کر جایا کرتے تھے۔ ظاہر ہے کہ جب خانخانان احمد آباد گجرات۔ ملتان یا برہانپور میں بحیثیت صوبہ دار مقیم ہوگا۔ تو اس کا کتب خانہ بھی وہیں ہوگا۔ اور جب دکن یا سندھ کی مہموں کے سلسلے میں اُسے مختلف مقامات پر گھومنا پڑا ہوگا۔ تو اُس کے کتب خانے کا زیادہ حصّہ متعلقین و ملازمین کے برہان پور یا ملتان ہی میں رہا ہوگا۔ اور صرف کچھ دلپسند اور اہم کتابیں اور چند ملازمین اس کے ہمراہ ہونگے۔ ۱۰۲۲ھ مطابق ۱۶۱۳ء میں کتب خانہ آگرے میں تھا۔ کیونکہ اس سال نظیری نے اپنا دیوان اسی جگہ سپرد کتب خانہ کیا۔ (مآثر رحیمی جلد سوم صفحہ ۱۱۸)

اس زمانے کے تمدنی حالات کا بغور مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ شاہی محلات[1] میں اور خانخانان جیسے اوّل درجے کے امراء کے محلات میں کتب خانوں کیلئے علٰحدہ عمارات تھیں۔ ذرا کمتر درجے کے امراء کی حویلیوں میں بھی کتب خانے علٰحدہ کمروں میں تھے جو کہ

---

[1] اس سلسلے میں یہ مثال قابلِ ذکر ہے۔ ہمایوں بادشاہ نے تختِ دہلی دوبارہ حاصل کرنے کے بعد قلعہ دین پناہ میں شیر شاہ کی بنوائی ہوئی عمارت شیر منڈل میں کتب خانہ قائم کیا۔ وہ علم نجوم کا بدرجۂ کمال شائق تھا۔ ایک شام اسی کتب خانے کی چھت پر وہ طلوع زہرا دیکھنے کے لئے چڑھا۔ جب اُترنے لگا تو نماز مغرب کی اذان کی آواز کان میں پڑی۔ احترامِ اذان کے لئے سیڑھیوں میں بیٹھ گیا۔ جب اذان ختم ہوجانے پر اُٹھنے کے لئے عصا پر بوجھ ڈالا تو وہ سیڑھی پر سے پھسل گیا۔ بادشاہ ایسا بے ڈھب گرا کہ بیہوش ہوجانے کے بعد پھر ہوش نہ آیا اور چھٹے روز رہرو ملکِ عدم ہوا۔ ہمایوں کے کتب خانے کی عمارت شیر منڈل دہلی کے پُرانے قلعے میں کھڑی اربابِ بصیرت کو درسِ عبرت دے رہی ہے۔ اس کے قریب ہی شیر شاہ کی بنوائی ہوئی مسجد ہے جس سے بانگِ اذان آئی تھی۔ ہمایوں نامہ مسز بیورج صفحہ ۱۵۴۔ فرشتہ انگریزی ترجمہ جلد دوم صفحہ ۱۷۱۔

ہر طرح کے سامانِ نوشت و خواند سے مزیّن رہتے تھے ۔

کتابوں کی تعداد

اگرچہ عبدالباقی نہاوندی نے اپنی ضخیم کتاب مآثرِ رحیمی میں خانخاناں کے سیاسی اور علمی کارناموں کے متعلق بیش بہا معلومات بہم پہنچائی ہیں ۔ چنانچہ یہ کتاب خان خاناں کی لائبریری کے حالات پر بھی بعید روشنی ڈالتی ہے ۔ اور جس قدر معلومات ہمیں عبدالرحیم کے کتب خانے کے متعلق حاصل ہیں ۔ اتنی اکبر کے کتب خانے کے متعلق بھی حاصل نہیں ۔ لیکن افسوس ہے کہ نہ نہاوندی نے اور نہ کسی اَور مؤرخ نے بتایا ہے ۔ کہ خان خاناں کے کتب خانے میں کس قدر کتابیں تھیں ۔ اس کی ایک وجہ یہ ہو سکتی ہے ۔ کہ کتب خانے میں آئے دن کتابوں کا اضافہ ہوتا رہتا تھا ۔ اور کتب خانہ سے متعلق ملازمین ہمیشہ تیاریٔ کتب میں مصروف رہتے تھے ۔ اس حالت میں کتابوں کی کل تعداد کا اندازہ لگانا شاید مشکل ہو ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ شہنشاہِ اکبر کے کتب[1] خانہ میں ۲۴ ہزار کتابیں تھیں ۔ اور اسی طرح فیضی کے کتب خانہ میں چار ہزار چھ[2] سَو کتابیں تھیں ۔ اگرچہ فیضی بھی ایک علم دوست شخص تھا ۔ تاہم خانخاناں کے تموّل اور اس کے کتب خانے کے اہتمام کے پیشِ نظر خیال ہے کہ اس میں فیضی کے کتب خانہ سے زیادہ کتابیں ہوں گی ۔

میرا خیال ہے کہ خانِ خاناں کی لائبریری کی کتابوں کی تعداد شاہی کتب خانہ کی تعداد کے لگ بھگ ہی ہو گی ۔ اگرچہ اکبر کا جمعِ کُتب کا شوق خانِ خاناں کے شوق سے کم نہ تھا ۔ اور دوسرے اس کے حصولِ کُتب کے ذرائع بہت وسیع تھے ۔ مالِ غنیمت کے

(بقیہ صفحہ ۱۳) اسی طرح قلعہ آگرہ میں مثمن برج کے متصل اور اکبری محل کے قریب ایک بڑا سا کمرہ ہے ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس میں اکبر کا کتب خانہ تھا ۔ (Havell's Handbook to Agra p. 66)

[1] De Laet's Empire of the Great Mogal p. 10[illegible]

[2] منتخب التواریخ بدایونی الیٹ جلد پنجم صفحہ ۵۴۸-۹ ۔

علاوہ نظامِ منصبداری کے ماتحت ہر مرنے والے امیر کا کُتب خانہ بھی اس کے دیگر سامان کے ساتھ ہی ضبط بحق سرکار ہوجاتا تھا۔ لہٰذا اکبر کے کُتب خانے میں اس سے بُہت زیادہ کتابیں ہوتیں۔ لیکن اِس کا دستور تھا۔ کہ وہ اکثر اوقات اچھی اچھی کتابیں درباری امیروں میں تقسیم کردیا کرتا تھا۔ چنانچہ فتحِ گجرات کے بعد جب[1] مالِ غنیمت میں اعتماد خان گجراتی کا کُتب خانہ بھی ہاتھ آیا۔ تو اُس کی بُہت سی کتابیں علماء میں تقسیم کردی گئیں۔ ملا عبدالقادر بدایونی کو انوار المشہود نام ایک کتاب مرحمت ہوئی۔

خانِ خانان کا علمی ذوق

یُوں تو دورِ مغلیہ کے امراء علم و ادب کے شیدائی تھے۔ لیکن خانخاناں کا علمی ذوق اپنی مثال آپ تھا۔ اُسے مطالعۂ کُتب کا بے پایاں شوق تھا۔ اور گوناگوں سرکاری فرائض کی بجا آوری کے باوجود اُس کے لئے وقت نکال لیا کرتا تھا۔ چنانچہ نہاوندی[2] راوی ہے کہ "در خلوت و انجمن بتلاوت کلامِ ملکِ علام و مطالعۂ کتب علمی مشغولی دارند"۔ خانِ خاناں کی کتابوں سے دلچسپی کے بعض بجید دلچسپ کوائف نہاوندی کی وساطت سے ہم تک پہنچے ہیں۔ وہ لکھتا ہے کہ سیر و شکار کے لئے جاتے ہوئے بھی "ہمیشہ در بالائی اسپ[3] جزو در دست ایشاں بودہ مطالعہ می کردہ اند"۔

قارئین کو معلوم ہے کہ خانِ خانان کے ذمّے حکومت کے مختلف نوع کے فرائض تھے۔ اس لیے کئی دفعہ مطالعۂ کتب کے لئے بُہت کم فرصت ملتی ہوگی۔ اس حالت میں خیال فرمائیے۔ کہ خانِ خانان کے حضور ایک نادر و بیش بہا کتاب لائی جاتی ہے۔ ادھر وقت کی تنگی ہے۔ ادھر وہ اس کے تمام مطالب سے آگاہی حاصل کرنے کا مشتاق ہے۔ ایسی حالت میں خانِ خاناں کھانا کھانے کپڑے بدلنے نہانے اور اسی نوعیت

---

[1] تاریخ بدایونی الیٹ جلد پنجم صفحہ ۵۱۲۔ [2] مآثر رحیمی جلد دوم صفحہ ۵۳۹
[3] کتاب مذکور صفحہ ۵۴۰۔

کے دُوسرے کاموں کے دوران میں بھی کتاب سے متمتع اندوز ہونے کی کوشش کیا کرتا ہوگا جیسا کہ نہاوندی لکھتا ہے[1] "ذوق مطالعۂ ایشان بمرتبۂ بودہ کہ در وقت آب در آمدن و غسل نمودن جزو را بدست یکے از ملازمان می دادہ کہ در کنارِ آب می ایستادہ و خود در درونِ آب مطالعہ نمودہ اند"۔

اسلامی تاریخ کے ہر دور میں ایسے علماء گزرے ہیں کہ جن کا شوقِ مطالعہ جنون کی حد تک پہنچا ہُوا تھا۔ چنانچہ بقول ابوالفدا[2] امام ابن شہاب زہری کو مطالعۂ کتب کا اس قدر شوق تھا کہ وہ تمام دُنیاوی امور سے بے نیاز ہوکر شب و روز کتاب بینی میں مصروف رہا کرتے تھے۔ حتیٰ کہ ایکدن تنگ آکر اُن کی زوجہ کو یہ کہنا پڑا۔ کہ بخدا یہ کتابیں مجھ پر تین سوکنوں سے زیادہ بھاری ہیں۔ ہمارے خان خاناں کو کتابوں سے جو شغف اور دل بستگی تھی اس سے قارئینِ کرام بخوبی واقف ہیں۔ معلوم نہیں کہ ان کی بیگمات کی ان کتابوں[3] کے متعلق کیا رائے تھی۔

کُتب خانہ کا افادی پہلو

خانِ خاناں کا کُتب خانہ ایک عجوبۂ روزگار ادارہ تھا۔ یہ کتب خانہ کیا تھا۔ ایک

---

[1] مآثر رحیمی جلد دوم صفحہ ۴۰ ۵ ، [2] تاریخ ابوالفداء جلد اول صفحہ ۲۰۴ ،

[3] خانِ خاناں کی سب سے اہم بیگم ماہ بانو بیگم تھی۔ یہ شمس الدین اتگہ کی لڑکی اور مرزا عزیز کوکلتاش کی ہمشیرہ تھی۔ یہ شادی اکبر اعظم کے حکم سے ہوئی۔ اور اس کی سیاسی اہمیت یہ تھی۔ کہ بادشاہ ان دو حریف خاندانوں میں رفاقت و مودّت پیدا کرکے باہمی تنافر و تجانب دور کرنا چاہتا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ خانِ خاناں کے بیگم کے ساتھ بہت اچھے تعلقات رہے۔ بیرم خان امامیہ مذہب کا پیرو تھا۔ لیکن عبدالرحیم اور اس کی اولاد کے مذہبی عقائد بدل گئے۔ (مآثر الامراء جلد اول ص ۱۰۰) ظاہر ہے کہ یہ تبدیلی بیگم ہی کے اثر سے ہوئی۔ جو کہ کٹر حنفی ترکی الاصل خاندان کی چشم و چراغ تھی۔

عدیم النظیر علمی مرکز تھا۔ ہر شخص اس کی کتابوں سے تمتع اندوز ہو سکتا تھا۔ کئی علماء و فضلاء دُور دراز کے علاقوں سے آکر اس دریا دل درویش صفت رئیس کے ہاں مقیم رہا کرتے تھے۔ یہ لوگ شب و روز مطالعۂ کتب سے علمی تشنگی دُور کرتے اور مایحتاج زندگی خانخانان کے خوانِ کرم سے حاصل کرتے تھے۔ کتب خانہ کا مستقل عملہ ان سے علٰحدہ تھا[1]۔

یہ تمام لوگ مقررہ اوقات پر جمع ہوکر علمی مجالس منعقد کرتے تھے۔ جن میں مشاعروں کے علاوہ مختلف علمی مسائل پر بحث و مباحثہ ہوتا تھا[2]۔ خانِ خانان بھی بنفسِ نفیس ان میں شرکت فرمایا کرتے تھے۔ اور مشاعروں کیلئے طرحی غزلیں لکھا کرتے تھے۔

اکثر لوگ اسی کتب خانے کے سبب مختلف علوم میں ماہر ہوگئے۔ بقول نہاوندی "دانشمنداں در کتاب خانہ اش کہ مکتب خانۂ ہوشمندانست[3] بافادہ واستفادہ شہرۂ عصر شدند" یہی شخص ایک اَور مقام پر لکھتا ہے۔ "بسیاری ازین دانشمندان کہ در خاتمہ[4] ذکر شدہ (مراد از خاتمۂ کتاب مآثر رحیمی است) ...... از فاتحہ تا خاتمہ در کتابخانۂ عالیش درسِ فضل و افضال خواندہ اند۔ و کسب آداب نمودہ شہرۂ شہر و معروفِ عصر گردانیدہ اند" ایک اَور جگہ نہاوندی یُوں گوہر افشاں ہوتا ہے[5] "گم گشتگان بوادئ تربیت واخلاص معمورۂ دانشمندی رسیدہ اند۔ والحال ازیمن تربیتش چراغ افروز محفلِ دانش و بینش اند۔ چوں نشوند کہ ازینا کتابخانہ جواہر معنی اندوختہ اند۔ و درین مجلس راہِ سخنوری یافتہ اند"[6]

مولانا صُوفی کے حالات[7] میں نہاوندی لکھتا ہے۔ کہ "در سلکِ دیگر مستعدان و طالبعلمان کہ در کتابخانۂ عالی می بودہ اند۔ منسلک گشتہ بود" اسی طرح مولانا محب علی سندھی نے کہ بقول نہاوندی "مشاہیر[8] روزگار" میں سے تھا۔ اسی جگہ تربیت حاصل کی۔ علاوہ زرو جواہر

---

[1] مآثر رحیمی جلد سوم صفحہ ۵۹، [2] ایضاً جلد سوم صفحہ ۸۰، [3] ایضاً جلد دوم صفحہ ۵۸۵،
[4] ایضاً صفحہ ۵۹۵، [5] مآثر رحیمی جلد سوم صفحہ ۵۷،
[6] مآثر رحیمی جلد سوم صفحہ ۴۸۹ و جلد دوم صفحہ ۵۸۵،

کے خانِ خاناں کی بارگاہ سے علماء کو کتابیں بھی عطا ہوا کرتی تھیں ⁂

دار الترجمہ

کُتب خانے سے ملحق ایک دار الترجمہ بھی تھا۔ اس کے مہتمم ملا محمد علی کشمیری تھے۔[1] اس ادارہ کے اراکین عربی ترکی سنسکرت وغیرہ مختلف زبانوں کی کتابوں کے فارسی تراجم تیار کیا کرتے تھے۔ خانِ خاناں نے خود بھی تزکِ بابری کا ترجمہ ترکی سے فارسی زبان میں کیا۔ جس کی دلکش عبارت اس کی علمی قابلیت کی آئینہ دار ہے ⁂

کتابوں کی نوعیت

اب سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ اس عظیم الشان کُتب خانے میں کس نوعیت کی کتابیں تھیں۔ ہمعصر ماخذ اس کے متعلق خاموش ہیں۔ مآثرِ رحیمی کے اوراق سے صرف اسقدر معلوم ہوتا ہے کہ تمام ہمعصر شعراء نے جو کہ خانِ خاناں کے جود وسخا سے بہرہ ور ہوئے اپنے اپنے دیوانوں کے خود نوشت نسخے اس کتب خانے میں رکھتے ہوئے تھے۔ علاوہ ازیں معلوم ہوتا ہے کہ عہدِ اکبری اور جہانگیری میں جو کتابیں تالیف یا تصنیف ہوئیں۔ یا دوسری زبانوں سے ترجمہ کی گئیں۔ اس کُتب خانے میں موجود تھیں۔ اس دور میں ہندوستان نے جو علمی ترقی کی اور جو جو کتابیں اس وقت منصۂ شہود پہ جلوہ گر ہوئیں۔ اُن کی تفصیل کو بخوفِ طوالت ترک کرتا ہوں۔ علاوہ ہمعصر کتابوں کے تمام قدیم کُتب کے نسخے کُتب خانے میں موجود تھے۔ خیال ہے کہ کچھ کتابیں وہ ہوں گی جو خانِ خاناں کو[3] اپنے شہید باپ کے ترکے کے طور پر ملی ہوں گی۔ علاوہ ازیں کئی کتابیں شہنشاہ اکبر نے اُسے عطا کی ہونگی۔ بہت سی کتابیں مفتوحہ ممالک سے مالِ غنیمت کے طور پر ہاتھ آئی ہوں گی۔ کئی ایک نایاب

---

[1] مآثرِ رحیمی جلد سوم صفحہ ۳۹ ، [2] ایضاً صفحہ ۹-۵۸ ،

[3] مآثرِ رحیمی جلد دوم صلا ، نہاوندی لکھتا ہے۔ کہ اس نے عبد الرحیم کے کتب خانہ میں بیرم خان خانخاناں کا دیوان دیکھا۔ جس میں ترکی اور فارسی کے دو ہزار بیت تھے ⁂

علمی جواہر خانخاناں نے پانی کی طرح روپیہ بہاکر حاصل کئے ہونگے۔ اور بقیہ کتابیں کُتب خانے کے ملازم کاتبوں اور صحافوں نے تیار کی ہوں گی ؛

